کلیاتِ پریم چند

24

مرتبہ
مدن گوپال

قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان، نئی دہلی

کلیاتِ پریم چند

24

متفرقات

مرتبہ

مدن گوپال

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
وزارتِ ترقی انسانی وسائل (حکومتِ ہند)
ویسٹ بلاک 1، آر.کے.پورم، نئی دہلی 110 066

پیش لفظ

ایک عرصے سے ضرورت محسوس کی جارہی ہے کہ پریم چند کی تمام تصانیف کے مستند اڈیشن منظرِ عام پر آئیں۔ قومی اردو کونسل پریم چند کی تمام تحریروں کو ''کلیاتِ پریم چند'' کے عنوان سے 24 جلدوں میں ایک مکمل سیٹ کی صورت میں شائع کررہی ہے۔ ان میں ان کے ناول، افسانے، ڈرامے، خطوط، تراجم، مضامین اور اداریے بہ اعتبار اصناف یکجا کیے جارہے ہیں جن کی تفصیل حسبِ ذیل ہے :

ناول : جلد 1 سے جلد 8 تک، افسانے : جلد 9 سے جلد 14 تک،

ڈرامے : جلد 15 و جلد 16، خطوط : جلد 17،

تراجم : جلد 18 و جلد 19، متفرقات (مضامین اور اداریے) : جلد 20 سے جلد 24 تک

''کلیاتِ پریم چند'' میں متون کے استناد کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ مواد کی فراہمی کے لیے اہم کتب خانوں سے استفادہ کیا گیا ہے۔ حسبِ ضرورت پریم چند کے ماہرین سے بھی ملاقات کرکے مدد لی گئی ہے۔

کلیات کو زمانی اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے۔ سن اشاعت اور اشاعتی ادارے کا نام شائع کرنے کا التزام بھی رکھا گیا ہے۔

''کلیاتِ پریم چند'' کی یہ جلدیں قومی اردو کونسل کے ایک بڑے منصوبے کا نقش اوّل ہیں۔ اس پروجیکٹ کے تحت اردو ادب کے ان ادبا و شعرا کی کلیات شائع کی جائیں گی جو کلاسیکی حیثیت اختیار کرچکی ہیں۔ پریم چند کی تحریروں کو یکجا کرنے کی اس پہلی کاوش میں کچھ خامیاں اور کوتاہیاں ضرور راہ پاگئی ہوں گی۔ اس

سلسلے میں قارئین کے مفید مشوروں کا خیرمقدم ہے۔

آئندہ اگر پریم چند کی کوئی تحریر/تحریریں دریافت ہوتی ہیں، آئندہ ایڈیشنوں میں ان کو شامل کیا جائے گا۔

اردو کے اہم کلاسیکی ادبی سرمایے کو شائع کرنے کا منصوبہ قومی کونسل براے فروغِ اردو زبان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ان ادبی متون کے انتخاب اور ان کی اشاعت کا فیصلہ قومی اردو کونسل کے ادبی پینل نے پروفیسر شمس الرحمٰن فاروقی کی سربراہی میں کیا۔ ادبی پینل نے اس پروجیکٹ سے متعلق تمام بنیادی امور پر غور کرکے منصوبے کو تکمیل تک پہنچانے میں ہماری رہنمائی کی۔ قومی اردو کونسل ادبی پینل کے تمام ارکان کی شکرگزار ہے۔ ''کلیاتِ پریم چند'' کے مرتب مدن گوپال اور پروجیکٹ اسسٹنٹ ڈاکٹر رحیل صدیقی بھی شکریے کے مستحق ہیں کہ انھوں نے پریم چند کی تحریروں کو یکجا کرنے اور انھیں ترتیب دینے میں بنیادی رول ادا کیا۔

امید ہے کہ قومی کونسل براے فروغِ اردو زبان کی دیگر مطبوعات کی طرح ''کلیاتِ پریم چند'' کی بھی پذیرائی ہوگی۔

ڈاکٹر محمد حمیداللہ بھٹ
ڈائرکٹر
قومی کونسل براے فروغِ اردو زبان
وزارت ترقی انسانی وسائل، حکومتِ ہند،
نئی دہلی

فہرست

دیباچہ

کلیات پریم چند کی آٹھ جلدوں میں (جلد 1 سے جلد 8 تک) کشنا کے علاوہ پریم چند کے تمام ناول شامل ہیں۔ چھ جلدوں میں (جلد 9 سے جلد 14 تک) ان کے تمام افسانے (ہندی اور اردو میں لکھے ہوئے) شامل ہیں۔ دو جلدوں میں (جلد 15 اور 16) ان کے تمام ڈراموں (اور دوسری زبانوں کے ڈرامے جو ترجمے کیے گئے تھے) کو شامل کیا گیا ہے۔ ایک جلد میں (جلد 17) پریم چند کے تمام خطوط تاریخ وار پیش ہیں۔ دو جلدوں میں (جلد 18 اور 19) آزاد کتھا اور بچوں کے لیے لکھی گئی تمام تحریریں پیش ہیں، اور دو جلدوں (جلد 20 اور 21) میں پریم چند کے تمام اردو میں لکھے تبصرے اور مضامین شامل ہیں۔ پریم چند کی دو کتابیں جو انھوں نے ہندی میں ترجمہ کی تھیں، جلد (24) میں شامل ہیں۔ پہلی کتاب اناتول فرانس کی مشہور تصنیف تھائیس کا ترجمہ ہندی میں اہنکار کے نام سے اور جارج برناڈشا کا شرسٹھی کا آرمبھ ہے۔ دوسری کتاب پریم چند کی ادبی خدمات کے ابتدائی دور میں جو مضامین آلیور کرم ویل (1903) (جو ان کی ہی تخلیق تھی) اور شودیشی تحریک (1905) جو بنارس کے آوازۂ خلق میں شائع ہوئے تھے جلد 20 میں اس لیے شامل نہیں کیا گیا کیونکہ ان کا متن دستیاب نہیں ہوسکا۔ ان کو اس جلد میں شامل کیا گیا ہے۔ اس جلد میں وہ خطوط بھی شامل ہیں جو پریم چند کو مختلف ادیبوں نے لکھے تھے۔ اس جلد میں گجراتی کے رسالہ چترپٹ میں اور مراٹھی کے رسالے پرتبھا کے دو شماروں میں پریم چند کا انٹرویو جین آن کے مدیر اور شری ٹلیک نے پریم چند سے ممبئی میں ملاقات کے بعد لکھا تھا ان کو بھی پیش کیا جا رہا ہے۔ اس کے لیے میں ڈاکٹر گوئنکا کا شکر گزار ہوں۔ آخر میں کتابوں کی فہرست شامل ہے۔

اردو کے تمام قارئین اور محققین پریم چند سے گذارش ہے کہ اگر پریم چند کی کوئی تحریر دستیاب ہوتی ہے اور کلیات پریم چند کے متعلق کوئی مفید جانکاری ہے تو ہم اس کا استقبال کریں گے اور آئندہ ایڈیشن میں اس کی تلافی کی جائے گی۔

حرف آخر میں پریم چند کی تمام تصانیف کے بارے میں ضروری تفصیلات دی گئی ہے۔

یہ بھی بتلایا گیا ہے کہ کن کن Sources سے ان کا متن حاصل کیا گیا ہے۔ سو یہ بھی کہ ان کی تصانیف کے مسودے کہاں ہیں۔

آخر میں قومی کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر محمد حمیداللہ بھٹ، پرنسپل پبلی کیشن آفیسر روپ کرشن بھٹ اور دیگر کارکنان خاص طور پر ڈاکٹر رحیل صدیقی کا ممنون ہوں کہ یہ کام پایہ تکمیل تک پہنچانے میں میری معاونت کی۔ شکریہ

مدن گوپال

پریم چند کے تین مضامین

آلیور کروم ویل

یہ دنیا ایک تھیٹر ہے جہاں ایکٹ کرنے والے تو بہت کم اور تماشائیوں کی بھیڑ بہت زیادہ ہے۔ مگر اس تھیٹر کی دلچسپیاں، اس کی کشش انھیں تھوڑے سے ایکٹروں کے جادو بھرے کارناموں اور جادو بھری باتوں پر منحصر ہے۔ یہ چند ایکٹرس اپنے جادو بھری تقریروں اور موہنی اداؤں سے ہمارے دلوں پر قبضہ کیے ہوئے ہیں اور ہم خوشیوں کی ایک عجیب کیفیت سے ان کی کوششوں کی داد دیتے ہیں۔ بیشک انگلستان کے مشہور شاعر اور فلسفی کارلائل کا یہ کہنا صحیح ہے کہ دنیا کا صحیح تعارف صرف ان بڑے لوگوں کے کارنامے ہیں جو وقتاً فوقتاً دنیا میں پیدا ہوئے۔ ہماری تفریح کی چیزیں اور وہ تمام چیزیں جو ہماری تحسین اور احترام کی مستحق ہیں، انھی بڑے آدمیوں کی محنتوں اور غور و فکر کا نتیجہ ہیں۔جس دنیا میں ہم رہتے ہیں وہ انھیں بیدار لوگوں کی اہم کوششوں کا نتیجہ ہیں۔ ہماری روحیں، جن سے ہماری زندگی ہے وہ انھیں کے اشاروں پر چلتی ہیں۔ ہمارے خیالات، ہماری تہذیبی شکل، ہمارے طور طریقے بھی اسی سانچے میں ڈھلتے ہیں، جو وہ شخص ہمارے نظروں کے سامنے پیش کرتا ہے۔ جب ہماری اندرونی آنکھیں اندھی ہوجاتی ہیں، ہمارے خیالات گندے ہوجاتے ہیں، ہمارے بُرے کام بڑھ جاتے ہیں، ہماری خوشحالی ہمارا ساتھ چھوڑ دیتی ہے، ہمارا مذہب پرانا ہوجاتا ہے اور وقت کی طوالانی اس میں بہت سی تبدیلیاں کرکے اسے بناوٹی رسم و رواج کا مجموعہ بنا دیتی ہیں۔ ہمارے علم کا دائرہ سکڑ جاتا ہے اور ہم گمراہی کے سمندر میں ڈبکیاں کھانے لگتے ہیں تو ہم یکا یک چاہتے ہیں کہ کوئی گوتم بدھ، کوئی شنکر اچاریہ، کوئی ارسطو، کوئی محمدؐ، کوئی نیوٹن پیدا ہو، جو اپنی روحانی صلاحیت سے ہماری سوسائٹی کو فائدہ پہنچائے۔ جتنے مہلک عناصر اکٹھے ہوگئے ہیں ان کو دور کردے۔ نئے خیالات کے دریا بہا کر ہماری پیاس کو بجھائے اور ہمارے دماغ کے بجھتے ہوئے چراغ کو پھر سے روشن کردے۔ جب ہماری دعائیں قبول نہیں ہوتیں اور کوئی ایسا شخص سامنے آتا ہے تو ہم اس کی پیروی کرتے ہیں۔ اور جیسے ایک ہوشیار جادوگر اپنے جادو کے زور سے کٹھ پتلیوں کو نچاتا ہے، جس طرف چاہتا ہے، بٹھاتا ہے۔ اسی طرح یہ ہیرو بھی ہم

کو عجیب وغریب طلسم دکھا کر ہماری روح کو اپنے قابو میں کرلیتا ہے۔ خدا ہی جانتا ہے اس کے کردار میں کون سی طاقت ہوتی ہے جو ہمارے دلوں پر اس کی عظمت کا سکہ بٹھاتی ہے۔ اس کی باتوں میں خدا جانے کیا اثر ہوتا ہے جو ہم پر جادو کرتا ہے۔ وہ بڑا زبردست مسمرائزر ہوتا ہے اور محض اس کی آنکھیں ہی نہیں بلکہ اس کی ہر بات اور ہر کام ہم پر مسمرائزم کا اثر ڈالتے ہیں۔

خدا نے انسان کو بہت سی خوبیاں دی ہیں لیکن ایسے لوگ تھوڑے ہی ہیں جنھیں اس نے ایجاد کرنے کی طاقت بخشی ہو۔ اگر عوام کو پیروی کرنے کے بجائے ایجاد کرنے کی طاقت ملی ہوتی تو آج دنیا کا کچھ اور ہی ڈھنگ ہوتا۔ ہر ایک انسان اپنے زعم میں خود ہی بہلول بنا بیٹھا ہوتا۔ یہ سب پیروی کرنے کی طاقت کا نتیجہ ہے کہ ہم ایک بڑے ہیرو کے پیچھے چلتے ہیں اور اس کے غیر مرئی قوتوں کا فائدہ اٹھاتے ہیں۔ مگر یہ سمجھنا غلط فہمی سے خالی نہ ہوگا کہ خدا نے ہماری گھٹی میں ہیرو ورشپ کا مادہ ڈالا تو ہم میں یہ قابلیت بھی پیدا کردی کہ ہم ایک سچے ہیرو کو رنگے ہوئے سیاروں سے الگ کرکے پہچان کرسکیں۔ بہت بار ایسا ہوا کہ معمولی رگ اور پٹھے کے لوگ دنیاوی خواہشات اور ہوش کے قابو میں آکر ہیرو بن بیٹھے۔ عوام نے ان پر بھروسہ کیا، انھیں اپنا ہیرو مانا اور ان کے اشاروں پر چلے۔ مگر جب دانشوروں نے ان بناوٹی ہیروؤں کی باتوں اور کارناموں کو عقل کی کسوٹی پر کسا تو ان کی ساری قلعی کھل گئی۔ اگر ایسا ہیرو اس وقت تک زندہ رہا تو جیتے، جو اور مرا تو مرنے کے بعد لعنتوں کا شکار بنایا گیا۔ یہ نقلی ہیرو دنیا میں اتنے زیادہ ہوئے اور اتنی بار ان کے بھانڈے پھوٹے کہ ہمیں ایک سچے ہیرو کی پیروی کرتے ہوئے بھٹک جانے کا خطرہ لگا رہتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ کبھی کبھی سچے ہیرو نمودار ہوئے، ہماری بری حالت کو سدھارنے کے لیے ماتھا پچی کرتے رہتے۔ ہماری بھلائی کے لیے گلا پھاڑ پھاڑ کر چلائے، ہم کو بھٹکا ہوا پاکر سیدھا راستہ دکھانے کی کوشش کی مگر ہمارے کان پر جوں تک نہ رینگی۔ ہم ان کو بھی نقلی ہیرو سمجھا کیے۔ برابر ناکامیوں نے ان کے دل توڑ دیے اور اپنے مضبوط ارادوں اور بلند ارمانوں کو لیے ہوئے اس دنیا سے سدھار گئے۔ اگر ان کا سچا حال ان کی موت کے بعد عوام کو پتہ چلا تو ہم نے افسوس کے ساتھ ہاتھ ملے اور جن سے زندگی بھر دور دور رہتے تھے، ان کے مرنے کے بعد ان کی سمادھی کی پوجا کی اور مجسمے بنائے تاکہ ان کا نام قائم رہے۔ جولیس سیزر جب تک زندہ رہا لوگ اس پر یہ الزام

لگاتے رہے کہ وہ اپنے حقوق کا ناجائز استعمال کر رہا ہے اور روم کی جمہوریت کو دھول میں ملا کر خود بادشاہی چاہتا ہے۔ آخر بے رحم لوگوں نے اس کو قتل کیا مگر اس کی وفات کے بعد جب اس کی باتیں اور اس کے کارنامے جانچے گئے تو ان میں سچائی اور نیکی کوٹ کوٹ کر بھری پائی گئی اور لوگ اسے ہیرو ماننے لگے۔

کروم ویل، جس کے حالات ہم آگے چل کر مختصر طور پر بتلائیں گے، جب تک زندہ رہا غلط فہمیوں کی بوچھاریں سہتا رہا۔ مرنے کے بعد اس کے دشمنوں نے اس کی مٹی پلید کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ آخر کار انیسوی صدی میں کارلائل نے اس کی عزت کی۔ اس کے خیالات اور کارناموں اور اصولوں کو دنیا کے سامنے پیش کیا۔ اور اس کی محنتوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ آج کروم ویل کا نام عزت سے لیا جاتا ہے اور اب اتنی ہی بات پکی نہیں ہے کہ وہ سچا (واقعی) ہیرو تھا بلکہ سچے ہیروؤں میں اس کو خاص مقام حاصل ہے۔ بازاروں میں کبھی کبھی کھوٹے سکے بھی چالوسکوں کے پردے میں چھپے رہتے ہیں مگر ان کی اصلیت پرکھ لی جاتی ہے اور بڑی بے دردی سے پھینک دئے جاتے ہیں۔ کاش بھگوان ہمیں کوئی ایسی تیز قوت دیتا کہ ہم اس صورت میں بھی کھوٹے کھرے کو پرکھ لیا کرتے۔ کیا خوب کہا ہے ذوق نے۔

گوہر کو جوہری اور صراف زر کو پرکھے
ایسا کوئی نہ دیکھا وہ جو بشر کو پرکھے

کروم ویل کی پیدائش، بچپن اور تعلیم

آلیور کروم ویل 25/اپریل 1599 کو ہنٹینگڈن میں پیدا ہوا۔ اس کے والد کا نام رابرٹ کروم ویل تھا اور اس کی ماں کا نام الزبتھ سٹوارٹ۔ کروم ویل اور سٹورٹ دونوں خاندان کے ٹوٹنے کے بعد ترقی کی سیڑھی پر چڑھے تھے اور قدامت واعلیٰ نسبی کی نظر سے انگلستان کے اونچے سے اونچے خاندانوں کی برابری کر سکتے تھے۔

کروم ویل کا چچا سر آلیور کروم ویل جو اس نووارد کروم ویل کا دھرم پتا بھی تھا ہنچن بروک کا مشہور معزز زمیندار تھا اور امیروں کی طرح بڑے ٹھاٹھ باٹھ سے رہتا تھا۔ وہ اپنے پاس پڑوس میں ہی معزز نہیں گنا جاتا تھا بلکہ شاہی خاندانوں میں بھی اس کی آؤ بھگت تھی۔ مہارانی الزابتھ نے کئی بار اس قصبے کو اپنے قدم مبارک سے عزت بخشی تھی، اور اس کی وفات

کے بعد جیمس کبھی کبھار یہ عزت اس قصبہ کو دیتا رہا۔ جس وقت کروم ویل پانچ سال کا تھا۔ جیمس بڑی شان و شوکت سے وہاں پہنچا تھا اور کئی دن تک محفلیں خوب گرم رہیں۔ شیشہ و شراب کا دور چلا۔

کروم ویل کا باپ اوسط درجے کا آدمی تھا۔ اس کے پاس ہنگڈن کی چھوٹی سی کاشتکاری تھی، جس سے ایک ہزار پاؤنڈ سالانہ کا فائدہ ہوتا تھا۔ کروم ویل کے ماں کے قبضے میں ۲۵۰ پاؤنڈ سالانہ کے منافع کی زمین تھی جو وہ اپنے میکے سے جہیز میں لائی تھی۔ گو موجودہ زمانے کی مالی حیثیت کے لحاظ سے اس آمدنی کا شمار اوسط آمدنیوں کے آخری درجہ میں ہوگا، مگر اس زمانہ میں روز کی ضرورتیں اتنی زیادہ نہ تھیں اور یہ آمدنی ایک شریف خاندان کے گزر بسر کے لیے کافی تھی۔

رابرٹ کروم ویل ایک سلجھا ہوا متین اور سمجھدار انسان تھا۔ وہ تنہائی پسند تھا اور اس عادت نے اسے عام لوگوں کی نگاہ میں مغرور بنا دیا تھا۔ اسے بہت سے علوم میں کافی دخل تھا۔ اور گو آج کے زمانے میں علمی قابلیت کوئی غیر معمولی بات نہیں ہے مگر اس زمانے میں یہ بے شک غیر معمولی بات تھی۔ امیروں اور اونچے گھر والوں کا رجحان علم حاصل کرنے کی طرف نہیں تھا بلکہ اکثر امیر لوگ اس کو نیچی نظر سے دیکھتے تھے۔ اگر انھیں بائبل پڑھنا آ گیا تو بس پنڈت ہوگئے۔ پھر انھیں کچھ اور جاننے کی ضرورت نہیں۔ ہاں ملٹری ٹریننگ ان کو خوب دی جاتی تھی اور جانوروں کا شکار کرنا ان کا پیارا شغل تھا۔

الزابتھ سٹورٹ کروم ویل کی ماں، سر تھامس سٹورٹ کی بہن تھی۔ کیوں کہ سر تھامس کے کوئی اولاد نہیں تھی اس نے آلیور کو گود لے کر اسے اپنا جانشین ہونے کا اعلان کردیا تھا۔ الزابتھ کی شادی ولیم رلن سے ہوئی تھی۔ مگر وہ کچھ ہی دنوں بعد پرلوک سدھار گئے۔ تب اس ودھوا نے رابرٹ کروم ویل سے شادی کی۔ اور خدا نے ان کو دس بچے دیے مگر کئی لڑکے ایک کے بعد ایک اپنے والدین کو داغ مفارقت دے کر دنیا سے رخصت ہوگئے۔ بیٹوں میں صرف کروم ویل جو پانچواں لڑکا تھا۔ جیتا جاگتا بچا تھا، کروم ویل کی ماں بہت نیک متین نیک سیرت اور سادہ زندگی پسند کرنے والی عورت تھی۔ یہ آخری صفت اس زمانے کی عورتوں میں مشکل سے ہی پائی جاتی تھی۔ چاروں طرف ٹیم ٹام کا زور تھا، اور بناوٹ اور دکھاوا عام بیماری تھی۔

رابرٹ اور الزابتھ دونوں ہنگڈن کے دیہاتی مکان میں بہت اطمینان سے زندگی بسر کرتے تھے اور اپنی سمجھداری کفایت شعاری اور سادگی سے ایک لمبے چوڑے خاندان کی جس میں دس بچے تھے، بخوبی پرورش کرتے تھے۔ یہ ان کے خوش اسلوبی کی خوبی تھی کہ انھیں غربت یا محتاجی کی تکلیفیں نہ اٹھانی پڑتی تھیں۔ یہ نیک بیوی اپنے پیارے شوہر کی موت کے بعد ۳۷ سال زندہ رہی اور اپنی لڑکیوں کی شادیاں اچھے خاندانوں میں کیں۔ بہت کم مائیں ایسے بچے جنتی ہیں جو اپنے مضبوط ارادوں سے ان کی بے انتہا تکلیفیں دور کرتے ہیں۔ جب اس کی زندگی کے دن پورے ہونے کو آئے تو اس نے کروم ویل سے درخواست کی کہ مجھے میرے خاندان کے قبرستان میں دفن کرنا، مگر کروم ویل کو یہ کب گوارہ ہوسکتا تھا کہ اسے ایک گمنام جگہ پر دفن کرے۔ چنانچہ بادشاہوں سی آن بان سے اس کی اَنتم کریا کی گئی۔ اور وہ بیسٹ مسٹر میں ہی دفن ہوئی۔ جب شاہی طاقت ایک بار پھر نئے سرے سے واپس آئی تو دشمنوں اور جاسوسوں سے یہ بھی نہ دیکھا گیا کہ اسے اس کی زمین کے ایک کونے میں خاموش پڑا رہنے دیں۔ بیچاری کی ہڈیاں کھدوا کر بڑی ذلت کے ساتھ ایک گڑھے میں پھینک دی گئیں۔

کروم ویل اپنے ماں باپ کا ہونہار بچہ تھا۔ اس کے بچپن کے حالات بہت کم معلوم ہیں۔ ہاں اس زمانے کی کچھ عوامی باتیں البتہ مشہور ہوگئی ہیں۔ یہ ایک عام قاعدہ ہے کہ مشہور لوگوں کے بارے میں کچھ باتیں عوام میں مشہور ہوجایا کرتی ہیں۔ اس کی وجہ یا تو یہ ہے کہ بچپن ہی سے مستقبل میں عظمت کے نشان دکھائی پڑنے لگتے ہیں یا ناسمجھ عوام ان کی عجیب و غریب معجزاتی کارنامے کو دیکھ کر بھوچک رہ جاتی ہے اور ان کے بارے میں کچھ افواہیں گڑھ کر اپنی تسکین کر لیا کرتی ہیں۔ ہم بڑے لوگوں کے کرداروں میں معجزاتی باتوں کے دیکھنے کے اتنے عادی ہوگئے ہیں کہ ہماری آنکھیں شروع سے ہی ان کی تلاش کرنے لگتی ہیں۔ یہ شاید انسان کے نیچر میں شامل ہے کہ وہ ہر ایک عظیم کارنامے کو غیر معمولی باتوں سے جوڑ لیتا ہے۔ اور یہ ایک حد تک صحیح بھی ہے کیوں کہ کوئی عظیم کارنامہ غیر معمولی قابلیت کے بغیر نہیں کیا جاسکتا۔

کہتے ہیں کہ ایک بار آلیور کروم ویل کو خواب میں یہ پکار سنائی پڑی کہ تو انگلستان کا سے بڑا آدمی ہوگا۔ جب اس نے اپنے والد سے یہ قصہ کہا تو اس نے اس کا خوب

کان گرم کیے۔

دوسری بات یوں ہے کہ جب شہزادہ چارلس اپنے شاندار باپ جیمس کے ساتھ نارتھ بروک آیا تھا تو اس کی اور کروم ویل کی کسی بات پر ان بن ہوگئی۔ تو بات ہاتھا پائی تک پہنچی اور آخر کار کروم ویل میر رہا۔ ایک اور بات یوں مشہور ہے کہ وہ آس پاس کے انگورستانوں پر بڑی آزادی سے حملے کیا کرتا تھا، اور باغ بانوں نے اس کی لوٹ پاٹ سے تنگ آکر اسے سیبوں کا شیطان کہہ کر پکارنا شروع کردیا تھا۔

کروم ویل کی ابتدائی تعلیم ہنٹگڈن کے فری سکول میں ہوئی۔ اس وقت اس اسکول کے ہیڈ ماسٹر ٹامس بیرڈ تھے اور اس نئے طالب علم کی پیدائشی خصوصیات کو دیکھ کر اس کا دوست ہوگئے۔ بیرڈ اپنے آخری وقت تک اس اسکول کا پرنسپل رہا اور ہنٹگڈن میں لیکچر دیتا رہا۔ کروم ویل بھی اس کو عزت دینے میں اپنی طرف سے کچھ کسر نہ اٹھا رکھتا تھا۔ فری اسکول کا کورس ختم کرنے کے بعد کروم ویل ہنٹگڈن کے گرامر اسکول میں بھیجا گیا اور یہاں اس نے اپنی تعلیمی دور کا بڑا حصہ ختم کیا۔ سترہویں سال میں اس نے یہاں اپنی تعلیم پوری کی اور کیمبرج یونیورسٹی میں داخل ہوا۔ اس بات کا کوئی ثبوت نہیں ہے کہ وہ کتنے دن وہاں پڑھتا رہا مگر یہ معلوم ہے کہ اس نے کوئی بڑی سند حاصل نہیں کی۔ اس کی تقریر اور اس کے خطوط سے البتہ پتہ چلتا ہے کہ وہ انگریزی اور لاطینی زبانوں کا ماہر تھا۔ کچھ مورخ کہتے ہیں کہ وہ یونان اور روم کی تاریخ بہت اچھی طرح جانتا تھا۔ کروم ویل کے کالج کے زمانے کی زندگی کے حالات بھی مشکوک ہیں۔ مورخوں کے بیانات بھی ایک دوسرے سے متضاد ہیں۔ کچھ کہتے ہیں کہ وہ آزاد اور اڑیل طالب علم تھا اور اپنا وقت کھیل اور تماشوں میں کاٹتا تھا۔ دوسرے لوگ کہتے ہیں کہ وہ بہت محنتی طالب علم تھا۔ کروم ویل کا من چاہے تعلیم کی طرف رجحان رہا ہو یا نہ رہا ہو، مگر اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ وہ قدرت کے صفحات کو جی لگا کر پڑھتا تھا۔ بجائے اس کے کہ وہ شیکسپیئر کے تخیلی کرداروں کا مطالعہ کرے وہ قدرت کے جیتے جاگتے کرداروں کومطالعہ کرتا تھا۔ زمانے کی تبدیلی کو بڑے غور سے دیکھتا تھا اور انسانی دل و دماغ کے الٹ پھیر کو خوب جانتا تھا۔ اس کے زمانے میں ایسے حادثات ہوئے جو کسی عظیم خیالات والے دل و دماغ پر اثر ڈالے بغیر نہیں رہ سکتے تھے۔ سولہویں صدی کے ساتھ شاندار ٹیوڈر خاندان کا خاتمہ ہوا اور سٹورٹ خاندان کے ظالم بادشاہ ان کے جانشین ہوئے۔ جب کروم ویل چھ

سال کا تھا۔ گن پاؤڈر پلاٹ نے تمام ملک میں ہلچل مچادی تھی۔ گیارہ ہی سال کا ہوا تھا کہ فرانس کے بادشاہ ہنری چہارم کو اپنی رعایا کے ہاتھوں قتل ہوتے دیکھا۔ مذہبی لڑائیاں بھی بڑی سرگرمی سے لڑی جا رہی تھیں۔ پیورِٹن دَل کے لوگوں نے جن کا پارلیمنٹ میں اس وقت بڑا زور تھا، جیمس کو مذہبی معاملوں میں یہاں تک تنگ کیا کہ آخر کار اس کو ہمپڑن کورٹ میں ایک اجلاس بلانا پڑا۔ جیمس دینی معاملات کو کافی حد تک سمجھتا تھا اور تعلیم بھی اعلیٰ درجے کی پائی تھی۔ اس نے اس اجلاس میں پیورٹن دَل کے مضبوط دلائل کو ایسے منہ توڑ جواب دیے۔ مگر نتیجہ اتنا ہوا کہ بائبل کا ترجمہ عبرانی سے انگریزی زبان میں کیاجانے لگا۔وہ انیسویں سال میں تھا جب سروالٹر ریلے 13 سال لندن ٹاور (جیل خانہ) میں قید رہنے کے بعد پھانسی پر چڑھایا گیا اور اسی زمانے میں تیس سالہ جنگ کی شروعات آسٹریا میں ہوا جس نے تمام یورپ میں تہلکہ مچا دیا۔

کروم ویل مشکل سے کیمبرج میں ایک سال رہا ہوگا کہ یتیم ہوگیا۔ مجبور ہوکر اپنے تعلیم کو خدا حافظ کہا، کیونکہ اس کی موروثی جائداد کا انتظام کرنے والا کوئی نہ تھا۔ وہ ہنگڈن واپس آیا اور بڑی محنت سے اپنی جائداد کا انتظام کرنا شروع کیا۔

کرم ویل کی شادی

ٹھیک جوانی کے وقت والد کا سایہ سر سے اٹھ جانا اکثر گھر کی بربادی کی وجہ ہوتی ہے۔ اور خوشحال طبقہ کے آزاد نوجوانوں کے لیے تو ماں باپ کی وفات گمراہی اورعیاشی کی ابتدا ہوتی ہے۔ کروم ویل بھی اسی طبقہ کا نوجوان تھا اور چونکہ اس کو اپنے اعلی کردار ہونے پر پورا بھروسہ نہ تھا۔ اس لیے اسے یہ ڈر لگا رہتا تھا کہ کہیں بری واسنائیں اس کو سیدھے راستے سے دور نہ کردیں۔ اسے معلوم ہوگیا کہ ان خطروں کی بنیاد آزادی ہے۔ لہٰذا اس نے اپنی آزادی ہی پر ہاتھ صاف کرنے کا پکا ارادہ کیا۔ انگلستان میں عموماً مردوں کی شادیاں پچیسویں سال کے بعد ہوا کرتی تھیں مگر کروم ویل نے اپنے اکیسویں ہی سال میں یہ طوق اپنے گلے میں لا ڈالا۔ 22اگست 1620 کو اس کی شادی الیزابیتھ بور چیر سے ہوئی۔ جو بہت سمجھدار، ارادے کی پکی دکھاوے سے دور اور پیاری عورت تھی۔ اپنے جیتے جی اس نے کروم ویل کے ساتھ محبت قائم رکھی، یہاں تک کہ شادی ہونے کے پچیس سال بعد جب اگر میاں بیوی میں ایک طرح

کی مایوسی آ جایا کرتی ہے جو خط کروم ویل نے اپنی بیوی کو لکھا ہے وہ محبت کی امنگ میں لپٹے ہوئے الفاظ سے ایسا بھرا ہوا ہے کہ جیسے کسی نوجوان خاوند کی قلم سے نکلا ہو۔

کروم ویل اپنی بیوی کو لے کر ہنٹگڈن آیا اور زور شور سے اپنی کھیتی باڑی میں لگ گیا۔ ایسا بہت کم ہوا ہے کہ ایک معمولی عام امن پسند کسان کے روزانہ حالات تفصیل کے ساتھ لکھے ہوئے مل سکتے ہوں یا ان میں قصوں کی سی دلچسپی اور عجیب انوکھی باتیں پائی جاتی ہوں۔ کروم ویل کی زندگی یہاں کچھ ایسی سادگی اور خموشی سے بسر ہوتی تھی کہ اس کے بہت کم حالات معلوم ہوتے ہیں۔ یہ البتہ معلوم ہے کہ اسے اپنے خاندان کے ساتھ سچی اور بے لوث محبت تھی اس کے خاندان کا ہر ایک ممبر (رکن) اس کی آنکھوں کو تارا تھا، اور اس کے بدلے میں کروم ویل بھی تمام کنبے کی محبت اور عزت کے مزے لیتا تھا۔ اس آپسی میل محبت اور بے لوث رہن سہن نے بے شک اس کی زندگی کو پیار کے لائق بنا دیا ہے۔ وہ عوام سے بڑی بے تکلفی اور سادگی سے پیش آتا تھا اور آس پاس کے تمام لوگ اس کی عزت کرتے تھے۔ ہنٹگڈن میں وہ گیارہ سال رہا۔اس دوران وہ صرف ایک بار 1628 میں اپنے قصبے سے چناؤ جیت کر پارلیمنٹ میں شریک ہوا تھا۔ جب وہ معین وقت یعنی ایک سال کے بعد لوٹا تو پھر وہی سادھوؤں جیسی زندگی بسر کرنے لگا۔

1632 میں اس نے ہنٹگڈن کو بیچ دیا اور سینٹ آیولیس میں آ کر رہنے لگا۔ یہاں بھی اس نے کاشتکاری کا نقشہ جمایا۔ مگر شاید اس کی طبیعت یہاں سے اچاٹ ہوگئی کیوں کہ اس نے چار ہی سال بعد اس کھیتی کو بھی بیچ دیا اور اپنے ماموں کے گھر کو جو ایلائی نام کے قصبہ میں تھا، اپنا مسکن بنایا۔ اس قصبہ میں وہ امن چین سے 1642 تک رہا۔ کھیتی کرواتا تھا اور اس کی آمدنی سے اپنے بڑے خاندان کی پرورش کرتا تھا۔ کروم ویل کی فراخ دلی صرف اپنے خاندان تک ہی محدود نہ تھی وہ اکثر مصیبت کے مارے غریبوں کی تکلیف اور مصیبت میں شریک ہوتا تھا۔ جو کچھ وہ روز مرہ سے بچا سکتا تھا وہ مصیبت کے مارے لوگوں میں خرچ کرتا تھا۔ خدا نے اس کو ہمدرد اور نرم دل بنایا تھا۔ کہتے ہیں کہ وہ دن بھر میں دو بار اپنے کھیتوں کے تمام مزدوروں کو اپنے چاروں طرف جمع کرکے بائبل سے دعا پڑھتا تھا گو مذہب پرستی سے اس کو مالی نقصان پہنچتا تھا مگر وہ اپنے مذہب اور اس کے پرچار کے لیے جان و مال کو کچھ نہ سمجھتا تھا۔ کروم ویل پیورٹن دھرم کا ماننے والا تھا۔ دنیا میں جتنی چیزیں ہیں سبھی میں

اچھی اور بری دونوں باتیں پائی جاتی تھی۔ پیورٹن بھی اس اصول سے الگ نہ تھے۔ ان کے مذہب میں نیک سیرت اور محبت آزادی ہمدردی،اور نفس کو روکنے کی تعلیم، سب کچھ تھا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ مذہبی کٹرتا اور مذہبی جنون اکثر ان کی اور سب خوبیوں کو دبا لیتے تھے۔ پیورٹنوں کو اگر لڑائی کے میدان میں دیکھیے تو مضبوط ارادے، حوصلہ اور بہادری کی زندہ تصویر پایئے گا اور اگر حکومت کے دربار میں دیکھیے تو سمجھداری دور اندیشی اور سچائی کا اعلیٰ نمونہ پایئے گا۔ مگر لڑائی کے میدان میں ان کا دل حد سے بڑھا ہوا ہے۔ مذہبی کٹرپن ہزاروں گھروں کو بے چراغ کردیتا ہے اور دربار حکومت میں پارلیمنٹ کے اقتدار اور قدیم حقوق پر سفاکانہ حملہ کرتا ہے۔

پیورٹین دھرم واضح طور پر سبھی دکھاوے کی چیزوں سے نفرت کرتا تھا۔ اس کا مندر اس کا کلیسا جو کچھ تھا بائبل تھی۔ کہا جاچکا ہے کہ جیمس کے دورِ حکومت میں اس مقدس کتاب کا ترجمہ عبرانی سے انگریزی زبان میں کیا گیا۔ اس کے مترجم اعلیٰ درجہ کے ذہین، پرماتما سے ڈرنے والے اور عالم لوگ تھے۔ کئی ہفتے تک برابر محنت کرنے کے بعد یہ ترجمہ پورا ہوا تھا۔ ایک ایسے وقت میں جب تجارت کی دن دونی رات چوگنی ترقی نے سب کا دھیان رو پیہ حاصل کرنے کی طرف کھینچ لیا تھا اور عیسائی دھرم وقت کے پھیر میں پڑ کر بناوٹی اور نمائشی رسموں کا ڈھیر ہوگیا تھا۔ اس کتاب کا شائع ہونا عوام کے لیے امرت کا کام کرگیا۔ ان کی مذہبیت روحانی محافظ بن گئی۔ یہ تو ظاہر ہے کہ عبرانی زبان پر اتنا عبور ہونا کہ انجیل سمجھنے کی قابلیت ہوجائے عوام کے بس کی بات نہیں تھی۔ اس لیے کل آبادی کا بڑا حصہ خدا کی پرستش کرنے سے مجبور تھا۔ بیشک ویکلف ترجمہ موجود تھا، مگر انگریزی زبان کی تبدیلیوں نے اسے عوام کی سمجھ کے قابل نہ رکھا تھا۔ جس جوش سے اس مذہبی کتاب کا خیر مقدم کیا گیا وہ اس بات کا گواہ ہے کہ لوگ اس کی امید لگائے تھے اور اس کا انتظار کر رہے تھے۔ یہ کتاب بہت جلد عوام میں مقبول ہوگئی اور انگریزی خیالات کو جتنا اس کتاب نے سدھارا اتنا شاید ہی کسی دوسری کتاب نے نہ کیا ہو۔ اس وقت نہ کہیں شعر و شاعری کا ذکر تھا اور نہ ہی شاعروں اور نثر نگاری کا زور تھا۔ اگر خوبصورت نثر تھی تو یہی بائبل، اور اگر شاعری تھی تو یہی بائبل۔ بیشک شیکسپیئر کی لاجواب تصانیف موجود تھی مگر اس وقت یہ عوام میں مقبول نہ تھیں۔ صرف تھیٹروں اور نمائش گاہوں میں ہی ان کا نام سنا جاتا تھا یا فیشنیبل شریفوں کے حلقوں میں۔ عوام تو عام

طور پر لکھنے پڑھنے سے محروم تھے۔ کروم ویل اس کتاب کا بہت بڑا عاشق تھا۔ اس نے اپنے دل، زبان اور عمل کو اسی کتاب کے سانچے میں ڈھالا تھا۔ اس کی زبان بھی بالکل بائبل کی زبان سے ملتی تھی۔

پیورٹسن دھرم کے لوگ بائبل پر اندھا اعتقاد رکھتے تھے۔ اس وقت تک ان بڑے لوگوں کا نام و نشان نہ تھا جنھوں نے انجیل کو دماغ اور عقل کی کسوٹی پر کسا ہو۔ ہر ایک پیورٹن کا پورا اعتقاد تھا کہ مرنے کے بعد انھیں خدا کی عدالت میں جانا پڑے گا اور وہاں اپنے کرموں کے لیے انعام ملے گا یا سزا بھگتنی پڑے گی۔ جب وہ کہتا تھا کہ ہے خدا میری مدد کر۔ تب وہ اپنے خدا کے تصور کو اپنی آنکھوں کے سامنے کھڑا پاتا تھا۔ جب اس کو کامیابی حاصل ہوتی تھی تو سمجھتا تھا کہ شیطان اس پر حاوی ہوگیا ہے۔ جتنے اچھے کام وہ کرتا تھا ان سب کی تحریک کا محرک خدا تھا، جتنے برے کام ہوتے تھے ان سب کا تحریک شیطان تھا۔ یہ ان کا اعتقاد تھا اور اس اعتقاد سے جتنی بھلائی یا برائی ہوسکتی تھی ان سبھوں کا عامل کروم ویل تھا۔ کیوں کہ وہ محض ایک پیورٹن نہ تھا بلکہ یورٹنوں کا بیورٹن تھا۔

الزابتھ سے کروم ویل کے جو بچے پیدا ہوئے، ان میں سے ایک تو بچپن میں ہی جاتا رہا، چار لڑکی اور چار لڑکیاں جوانی کی عمر تک پہنچے۔

کروم ویل کی زندگی کا سب سے بڑا اور یاد رکھنے کے قابل کارنامہ 1640 کی سول جنگ میں شریک ہونا تھا، اور صرف شریک ہونا ہی نہیں بلکہ اس کے نتیجوں کے حاصل کرنے میں دل و جان سے ڈوب جاتا تھا۔ یہ تو ظاہر ہے کہ اس نے عوام کا ساتھ دیا، اور بادشاہ کی طاقت کے خلاف کمر باندھی۔ مگر اس کی وجہ یہ نہیں کہ اسے ذاتی طور پر شاہی حکومت سے کوئی شکایت یا نفرت تھی یا یہ کہ وہ اتنا مضبوط اور اونچے خیالات کا سیاست داں تھا کہ جمہوریت کی بنیاد ڈالنا چاہتا تھا۔ اس کے برعکس وہ شاہی حکومت کا حمایتی تھا اور جب اتفاقات اور واقعات نے حکومت کی باگ ڈور اس کے ہاتھوں میں دے دی تو جس حکومت پر اس نے زور دیا، وہ عملاً شاہی حکومت تھی۔ ہاں، اس نام کو چھوڑ دیا گیا تھا ۔ کچھ نقادوں نے لکھا ہے کہ جنگ کے زمانے میں اس نے عوام کے لیے تلوار اٹھائی تھی مگر جب اس نے حالات کو پلٹتے دیکھا تو صرف اپنا ہی خیال کر کے شاہی حکومت قائم کرنا چاہا۔ اس بات کا اندازہ کرنا کہ یہ بات کہاں تک سچ ہے ناممکن ہے۔ مگر یہ بات سورج کی طرح روشن ہے کہ وہ اعلیٰ درجہ کا پاک اور بے

لوث انسان تھا اور اس نے عوامی فلاح کو اپنے اقتدار کی بیڑی پر نہ چڑھایا ہوگا۔

اس نے شاہی حکومت کی مخالفت کیوں کی اس کی وجہ ظاہر ہے۔ اس زمانے میں رعایا پر بیجا ظلموں کی بھرمار تھی۔ بادشاہ چاروں طرف ظلم ڈھا رہا تھا۔ لہٰذا ہر فرد خاص و عام چھوٹا بڑا، برا بھلا گورنمنٹ کی سختیوں اور ظلم سے دہائی مانگ رہا تھا۔ صرف انھیں لوگ کو چھوٹ تھی جن پر بادشاہ کی نظر عنایت تھی۔ کروم ویل کا وطن سے محبت اور ہمدردی ان ظلموں کو نہ دیکھ سکتی تھی۔ قوم کے ہر ہمدرد کی طبیعت کا وہی تقاضہ ہونا چاہیے جو کروم ویل کا تھا۔ جب وہ غور کرتا تھا کہ اس بدانتظامی کی اصل وجہ کیا ہے تو اس کو عام طور پر یہی جواب ملتا تھا کہ چارلس کی سلطنت اور اس کا علاج۔ اس کی سمجھ میں یہ تھا کہ یا تو ظلم وستم ایک سرے سے دور کردیے جائیں۔ یا چارلس کی حکومت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکی جائے۔ پہلی صورت ضرور زیادہ اچھی تھی مگر چارلس غضب کی من مانی کرنے والا انسان تھا۔ یہ ممکن نہ تھا کہ اس کے پتھر دل پر کسی کے لبھانے کا کچھ بھی اثر پڑتا۔ لہٰذا مجبور ہوکر دوسرا راستہ اختیار کرنا پڑا۔ جس طرح بُروٹس نے کہا تھا کہ مجھے قیصر سے ضرور محبت تھی، مگر روم کی محبت اس سے کئی گنا زیادہ تھی۔ اس طرح کروم ویل کے بارے میں بھی کہا جاسکتا ہے کہ اس کو شاہی حکومت ضرور پسند تھی مگر عوام کی تکلیف اس کے دل پر ایک بھاری پتھر تھی۔

کارلائل کا کہنا ہے کہ یہ سول وار اصلیت میں نیکی اور بدی کی لڑائی تھی۔ اس زمانے میں عیسائی دھرم بگڑ کر ملحدانہ حدود تک پہنچ گیا تھا۔ پکے مذہبی بہت کم رہ گئے تھے، پیورٹن فرقہ اپنے اعتقاد پر قائم تھا اور کیوں کہ پیورٹنوں کے نزدیک جتنے برے کام ہوتے تھے ان سب کا محرک شیطان ہوا کرتا تھا۔ اس لیے ان کو انگلستان کی خستہ حالت دیکھ کر قدرتاً یہ خیال ہوگیا تھا کہ یہاں شیطانیت کا زور ہے، اور وہ شیطان کو پچھاڑنے کے لیے دل و جان سے لڑے۔ دنیا کی تاریخ ایسی شاندارلڑائیوں سے بھری پڑی ہے۔ فرنچ انقلاب تو ایک معمولی مثال ہے۔

جیمس کے بعد مارچ 1625 میں چارلس تخت نشین ہوا۔ اور مئی میں اس کی شادی ہنری چہارم کی لڑکی یعنی لوئی تیرھویں کی بہن ہنریٹا سے ہوئی۔ عوام نے اس کا خیر مقدم بڑے جوش کے ساتھ کیا۔ کئی دن تک خوشیاں منائی گئیں۔ کیوں کہ لوگ جیمس کی حکومت سے تنگ آگئے تھے۔ اور ان کو امید تھی کہ نیا بادشاہ ضرور ان کی گردن کا بوجھ ہلکا کرے گا۔ اگر ان کو واقعی ایسی امید تھی تو وہ پوری نہ ہوئی کیوں کہ یہ بادشاہ ڈیوائن رائٹ اور بغیر کان پونچھ

ہلائے حکم منوانے کے معاملے میں اپنے باپ سے بھی آگے بڑھا ہوا تھا۔ اپنے جیتے جی وہ برابر کوشش کرتا رہا کہ ساری حکومت بے روک ٹوک اسی کے ہاتھوں میں رہے۔ اس کی بیوی جو اس کی صلاح کار تھی اس کی آنکھوں کے سامنے فرانس کے بادشاہ کے اقتدار کا نقشہ کھینچتی تھی اور چارلس کو بھی بادشاہت کا وہی طریقہ اپنانے پر زور دیتی تھی۔

چارلس کا دوسرا صلاح کار ویلیرس ڈیوک آف بکنگھم تھا۔ اس آدمی سے چارلس کو بچپن سے ہی پیار تھا۔ چنانچہ اس وقت وہ اس کا جگری دوست بھی تھا اور صلاح کار بھی۔ مگر چارلس اور بکنگھم دونوں ضدی تھے، مغرور تھے۔ انتظامی امور میں دونوں کمزور تھے۔ خدا نے ایک کو بھی نظر کی گہرائی، دور اندیشی اور ارادے کی پائیداری نہیں دی تھی جو کسی ملک کے انتظام کرنے والوں میں خاص طور سے پائی جاتی ہے۔ ایک کو بھی آنکھوں کی وہ تیزی حاصل نہ تھی جو عوام کے خیالات کی حرکت کو ٹھیک دیکھ سکتی، پرکھ سکتی۔ جیمس نے بہت سے ظلم کیے مگر اس کے نظام میں رعایا کے دلوں میں بغاوت نہیں بھڑکی۔ کیوں کہ جب وہ چاروں طرف سے گھر جاتا تھا تو ہمیشہ بیچ کا راستہ اختیار کر کے اپنا کام نکال لیا کرتا تھا۔ مگر چارلس کی گرفت اونٹ کی گرفت سے بھی بڑھی ہوئی تھی۔ وہ جس بات پر اڑ جاتا تھا اسے چھوڑنا سیکھا ہی نہ تھا۔

چارلس نے گدی پر بیٹھنے کے تھوڑے ہی دنوں بعد روپے کی ضرورت سے مجبور ہو کر پارلیمنٹ بلائی اور اپنا ارادہ ظاہر کیا۔ پارلیمنٹ نے اس وقت تک مالی امداد دینے سے انکار کیا جب تک نظام کی تمام گڑبڑی دور نہ کر دیں جائیں۔ اگر خاموش فرمانبرداری اور دیوی حقوق چارلس کا قانون تھا، تو جب تک حالات میں سدھار نہیں ہوتا تب تک مالی امداد نہیں' رعایا کا۔ آخر مداخلت سے جسے وہ غیر ضروری سمجھتا تھا خفا ہو کر چارلس نے پارلیمنٹ کو برخاست کر دیا اور تقریباً ایک سال تک پارلیمنٹ کی مدد کے بغیر بادشاہی کی۔ مگر مالی امداد کے بغیر حکومت کیسے ممکن ہوتی، مجبور ہو کر 1626 میں دوسری پارلیمنٹ بیٹھی۔ ان دونوں پارلیمنٹوں میں ایسے ایسے عقلمند اور حوصلہ والے ہمدرد موجود تھے جن کا نام آج تک جگمگاتے ہوئے تاروں کی طرح روشن ہے۔ قوم کے ہمدردوں کا ایک جھرمٹ تھا جس میں ایلیٹ، پم، سلڈن، کوک، ہمبرون سٹورٹ، جیسے مشہور لوگ موجود تھے۔ اور ایسا ہمت ور جھرمٹ دوبارہ انگلستان میں نہ دکھائی دیا۔ اس پارلیمنٹ نے جمع ہوتے ہی انتظامی امور پر حملے کرنے شروع کیے۔ عوام کے سامنے بکنگھم کی مذمت کی، اور جب تک کہ ان کے تکالیف کی سنوائی نہیں ہوتی، مالی امداد

دینے سے انکار کیا۔ آخر چارلس نے غصے میں آکر اس پارلیمنٹ کو بھی برخاست کیا۔ تقریباً دو سال تک چارلس نے کوئی پارلیمنٹ نہیں بلائی۔ مالی ضرورتوں کو غیر واجب اور غیر منصفانہ طریقہ سے پورا کرتا رہا۔ زبردستی قرض لیے جاتے تھے جن کے ادا کرنے کا وعدہ کیا جاتا تھا مگر جھوٹا وعدہ کون پورا کرتا ہے۔ عدالتوں میں جتنے مجرم آتے تھے ان کو قید بامشقت کی بجائے جرمانے کی سزا دی جاتی تھی۔ ٹیکس بہت سی چیزوں پر بڑھا دیا تھا۔ لگ بھگ تمام روز مرّہ کی ضرورتوں کا ٹھیکہ دے رکھا تھا اور یہ ٹھیکیدار ان چیزوں کو اناپ شناپ داموں پر دیتے تھے۔ کوئی پکا اور ٹکاؤ ڈھنگ تھا تو وہ پارلیمنٹ کی منظوری تھی۔ چارلس پارلیمنٹ بلانے سے پہلو بچاتا رہتا تھا۔ اس کا کہنا تھا کہ پارلیمنٹ کا کام صرف یہ ہے کہ اپنے بادشاہ کی جان مال سے مدد کرے مگر حکومت کے معاملوں میں دخل اندازی نہ کرے۔ مشکل سے دو سال بیتنے پائے تھے کہ ایک زبردست مشکل آڑے آئی۔

فرانس کے پروٹسٹنٹ فرقہ کے پیروکار جو ہیوگنوں کہلاتے تھے، بسکے کی کھاڑی پر لاروشیل میں پناہ لیے ہوئے تھے۔ رشلو نے جو بکنگھم کی طرح فرانس کے بادشاہ کا ناک کا بال بنا ہوا تھا۔ ایک زبردست فوج سے ان کو گھیر لیا۔ انگلستان نے دخل اندازی کی مگر کسی نے اس پر دھیان نہ دیا۔ آخر اس نے گھرے ہوئے لوگوں کا ساتھ دیا۔ اور بکنگھم ایک بڑی فوج لے کر لاروشیل کی طرف چلا مگر وہاں اسے زبردست ہار کھانی پڑی۔ جب بکنگھم اس طرح شکست کھا کر اپنے وطن کو واپس آیا تو یہاں اس کی بڑی ذلت ہوئی۔ رعایا نے شور مچانا شروع کیا کہ ان کے تمام مصیبتوں کی وجہ بکنگھم ہے۔ اور اس کی گردن اڑا دینی چاہیئے۔ آخر 17 مارچ 1682 کو چارلس کی تیسری پارلیمنٹ جمع ہوئی اسی پارلیمنٹ میں ہمارا کروم ویل بھی ہنٹگڈن کا نمائندہ ہوکر آیا۔

پہلا کام جو اس پارلیمنٹ نے کیا وہ یہ تھا کہ کئی جلسوں میں مذہبی، تجارتی، عدالتی معاملوں پر غور و خوض کیا اور بہت بحث مباحثہ اور زبانی لڑائی جھگڑے کے بعد ایک پٹیشن آف رائٹس تیار کیا گیا اور اس کی منظوری کے لیے چارلس پر زور ڈالا گیا۔ عہد نامہ یا معاہدہ انگریزی آزاد کی چھت کا دوسرا کھمبا ہے۔ اس میں چار شرطیں شامل تھیں۔

(۱) کوئی آدمی پارلیمنٹ کی مرضی کے بغیر کسی قسم کی مالی امداد دینے پر مجبور نہ کیا جائے۔

(۲) کوئی آدمی عدالت کے سامنے پیش نہ کیا جائے جب تک کہ اس کی گرفتاری کی کافی

وجہ عوام کے سامنے پیش نہ کردی جائے۔

(۳) رعایا کی مرضی کے خلاف فوجوں کی تعداد نہ بڑھائی جائے

(۴) ملک میں امن کے وقت کسی کو فوجی قانون کے مطابق سزا نہ دی جائے۔

یہ دیکھنا آسان ہے اس پٹیشن آف رائٹس نے پارلیمنٹ کے حقوق کو بہت کردئے۔ حکومت کے حقوق کا بڑا حصہ اس کی طرف آیا، بادشاہ کی طاقت محدود ہوگئی۔ چارلس بہت اڑیل مزاج کا انسان تھا مگر اس وقت اس کو مجبوراً جھکنا پڑا۔ چنانچہ اس نے اس عہد نامہ کو منظور کیا تب پارلیمنٹ نے اس کو چار لاکھ پاؤنڈ دیے۔

وینٹورتھ اور لارڈ جنھوں نے شروع میں بڑی سرگرمی دکھلائی تھی اب پارلیمنٹ کی اونچی اڑانوں سے اتنا ڈرے کہ بادشاہ سے جاملے اور ایلیٹ کو پارلیمنٹ کا باعزت خاص رکن اعلان کیا گیا۔ حالانکہ کروم ویل نے ان معاملوں میں شرکت کی تھی مگر ظاہری طور پر وہ اب کوئی کام نہ کرتا تھا۔ اس پارلیمنٹ نے چارلس کو ایسا سبق سکھایا کہ اس کو پھر پارلیمنٹ بلانے کی ہمت نہ پڑی اور گیارہ سال تک وہ پارلیمنٹ کے بغیر حکومت کرتا رہا۔ جب روپے کی ضرورت محسوس ہوتی تو ناجائز طریقوں کو استعمال کرتا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ایسا کرنے سے وہ Petiton of Right کی شرطوں سے نافرمانی کرتا تھا مگر یہ تو اس کے بائیں ہاتھ کا کھیل تھا۔ وہ بڑا چالاک اور دھوکہ باز آدمی تھا۔ وعدہ کرنا جانتا تھا مگر اس کو پورا کرنا اس نے سیکھا ہی نہ تھا۔ اس نے چارلس کے کسی یار دوست سے پیشکش کی کہ 'شپ منی' یعنی جہازی ٹیکس (جو پرانے زمانے میں ساحل کے کنارے رہنے والوں سے لڑائی کے وقت وصول کیا جاتا تھا) پھر سے جاری کیا جائے۔ یہ روپیہ سمندری قوت کے بڑھانے اور ساحل کی حفاظت کے لیے خرچ کیا جاتا تھا۔ گو اس وقت نہ تو کوئی سمندری لڑائی تھی اور نہ ہی زمینی مگر چارلس نے یہ ٹیکس لگا ہی دیا۔ اور اس طرح اپنی فضول خرچیوں کے بھٹے کے لیے ایندھن جما کرتا رہا۔ کیوں کہ یہ ٹیکس سراسر ناجائز تھا۔ بہت لوگوں نے اسے دینے سے انکار کیا کروم ویل بھی اسی جماعت میں تھا۔ ویٹورتھ اور لارڈ جو چارلس کے طرفدار ہوگئے تھے بڑے سمجھ دار اور اچھی رائے دینے والے لوگ تھے۔ کہتے تھے کہ بیڑا ہرگز نہ پار لگے گا اگر وہ کفایت شعاری سے کام نہ لے گا۔ لہٰذا کفایت اور صلح گیارہ سال تک بادشاہ کا اصول رہا۔ مگر حالات کچھ ایسے ہوئے کہ اسے مجبوراً پارلیمنٹ دوبارہ بلانی پڑی۔ 1638 میں اسکاٹ لینڈ والوں نے گورنمنٹ

کی سختیوں اور بے جا خرچوں سے تنگ آ کر بغاوت کا جھنڈا بلند کیا۔ لہٰذا اس بغاوت کو کچلنے کے لیے روپے کی ضرور ہوئی اور پارلیمنٹ کی رضامندی کے بغیر کوئی ڈھنگ کی مدد ملنا ممکن نہ تھا۔ چنانچہ وینٹورتھ (جواب اول آف سینٹرز مشہور تھا) آیرلینڈ سے بلایا گیا اور چارلس کی چوتھی پارلیمنٹ جمع ہوئی۔ 13اپریل 1640 کو باقاعدہ طور پر اس کے اجلاس شروع ہوئے۔ کروم ویل بھی کیمبرج سے تیار ہوکر آیا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ پارلیمنٹ نے مالی امداد دینے سے کُلی انکار کیا اور چارلس نے اسے صرف تیئس (23) دن کے بعد برخاست کردیا۔

شاید بادشاہ کی قسمت میں لکھا ہوا تھا کہ وہ ایک پارلیمنٹ بلائے جو آخر میں اسی کی جان کی پھانسی ہوجائے۔ اسکاٹ لینڈ نے دوبارہ حملہ کیا۔ اور پارلیمنٹ پانچویں بار جمع ہوئی۔ کروم ویل بھی اس کے ممبروں میں تھا۔ پارلیمنٹ تیرہ (13) سال تک جاری رہی جب کہ کروم ویل ہی کے ہاتھوں اس کا خاتمہ ہوا۔

یہ پارلیمنٹ شروع ہی سے سدھار کرنے پر تلی ہوئی تھی۔ لہٰذا ہر ایک ممبر نے اپنے اپنے صوبہ کی تکلیفوں کی ایک فہرست تیار کی اور وہ فہرست پارلیمنٹ میں پڑھی گئی۔ ان کا اثر یہ ہوا کہ پارلیمنٹ نے پچاس قابل آدمیوں کو تعینات کیا کہ وہ ہر ایک صوبہ میں جاکر اصل حالات کا جائزہ لیں، اور جو کچھ اپنی تحقیق سے حاصل کریں وہ پارلیمنٹ کے سامنے پیش کریں تاکہ انھیں کے مطابق سے سدھار کیے جائیں اس پیشکش نے سرکاری نوکروں کو حد سے زیادہ ڈرا دیا کیوں کہ سارے ملک میں ان کی زیادتیوں سے دہائی مچ رہی تھی۔

لانگ پارلیمنٹ

ہم یہ بیان کرچکے ہیں کہ اسکاٹ لینڈ نے بغاوت کی اور اس بغاوت کو دبانے کے لیے روپے کی ضرورت محسوس ہوئی اور چارلس کو مجبوراً پانچویں پارلیمنٹ بلانی پڑی۔ یہ پارلیمنٹ تمام انگریزی پارلیمنٹوں سے زیادہ مشہور ہے اور چونکہ وہ تیرہ سال جاری رہی اسے لانگ پارلیمنٹ کا نام ملا۔ اس نے بڑے بڑے کام کیے اور بادشاہی کا ورق پلٹ کر پارلیمنٹ کی حکومت کی بنیاد ڈالی۔ یہ آج جو ہم انگریزی حکومت دیکھتے ہیں وہ قریب قریب اسی نمونے پر بنائی گئی ہے جو اسی پارلیمنٹ نے قائم کیا۔ گو کچھ ہیر پھیر کردیا گیا۔ اس پارلیمنٹ میں وہ نمائندے جمع ہوئے جو حکومت کا سدھار کرنے پر دل و جان سے تلے ہوئے تھے۔ کروم ویل

بھی اس جماعت میں تھا۔ ہر ایک ممبر اپنے ساتھ ایک ایسا کھریتا لایا جس میں اس صوبہ کے آدمیوں کی تکلیفیں درج کی تھیں۔ اور یہ کھریتے عام طور پر پڑھے گئے۔ وہ تمام ظلم جو شاہی ملازموں کے ہاتھ رعایا کو اٹھانے پڑتے تھے۔ وہ تمام قرض جو رعایا سے جبراً وصول کیے گئے تھے، وہ تمام ٹیکس جو رعایا پر لگائے گئے تھے۔ وہ تمام سزائیں جو شاہی عدالتوں کی بدولت رعایا کو سہنی پڑی تھیں۔ اور ہزاروں طرح طرح کی شکایتیں ان کھریتوں میں درج تھیں اور ان کے پرچار نے رعایا کے دلوں میں ایک بغاوت کا جوش پیدا کردیا۔ پارلیمنٹ نے اتنے ہی پر بس نہ کیا، پچاس لائق آدمی کی ایک کمیٹی تیار کی گئی جس کو یہ کام سپرد کی گیا کہ وہ ایک کے بعد دوسرے صوبہ کا دورہ کرکے پتہ لگائے کہ رعایا کے خیالات کیا ہیں اور سرکار کے ظلموں سے کس حد تک رعایا کو تکلیف پہنچتی ہے۔

یہ تو ظاہر ہی ہے کہ جو کچھ زیادتیاں کی تھیں وہ سراسر اپنی ہی مرضی سے نہیں کی تھیں۔ کچھ تو ملکہ ہنریٹا کی صلاح اور اشارے سے ہوئی تھیں اور کچھ خودغرض خوشامدی درباریوں کی امداد سے۔ لہٰذا عوام ان لوگوں کے خون کی پیاسی ہو رہی تھی ، پارلیمنٹ موقع ڈھونڈ رہی تھی کہ کب قوم کے ان برا چاہنے والوں کو شکنجے میں دھر سکے۔ چونکہ ارل آف اسٹفرڈ چارلس کا خاص دوست اور صلاح کار تھا، پہلے اس کی گردن اڑانے کا فیصلہ کیا گیا۔ (ادھورا)

آوازۂ خلق بنارس

(1 مئی 1903 سے 24 مئی 1903 تک)

سودیشی تحریک

ہندوستان کے لگ بھگ سارے اخبارات و رسائل نے اس حب الوطنی تحریک کی حمایت کی ہے۔ اور جو پہلے تھوڑا ہچکچا رہے تھے ان کا بھی یقین پختہ ہوتا جاتا ہے۔ مگر ابھی بھی اکثر خیر خواہوں کی زبان سے سننے میں آتا ہے کہ وہ ان مشکلوں کا سامنا کرنے کے قابل نہیں ہیں جو تحریک کے راستے میں ضروری آئیں گی۔ مثلاً کپڑا جتنا ہندوستان میں بنتا ہے اس کا چوگنا ولایت سے آتا ہے۔ تب جاکر اس ملک کی ضرورتیں پوری ہوتی ہیں۔ پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ ملک بغیر مسلسل اور جگر توڑ کوشش کے ودیشی کپڑا بالکل روک دے۔ ملیں جتنی درکار ہوں گی اس کی تخمینہ ایک صاحب نے چالیس کروڑ روپے بتلایا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ کیونکہ ایک دوسرے پرچے میں یہ تخمینہ تیس ہی کروڑ کیا گیا ہے۔ کون کہہ سکتا ہے کہ یہ ملک اتنی پونجی لگانے کے لیے تیار ہے۔ اگر یہ مان لیا جائے کہ پونجی مل جائے گی تو پھر سوال ہوتا ہے کیا کیا جائے گا۔ روئی یہاں اتنی پیدا ہوتی ہے، اس میں سے دو حصے تو جاپان لے لیتا ہے اور ایک حصہ ہندوستان کے ہاتھ لگتا ہے۔ ولایت یہاں کی روئی بہت کم خریدتا ہے۔ اگر مان لیجیے سب روئی جو اس وقت پیدا ہوتی ہے یہیں روک لی جائے تو بھی ہماری ضرورتیں زیادہ سے زیادہ آدھی پوری ہوں گی۔ یعنی 105 کروڑ گز کپڑوں کے لیے ہم پھر بھی ولایت کے محتاج رہیں گے۔ یہ امید کرنا کہ دو چار سال میں کسان روئی کی کھیتی کو بڑھا کر یہ مشکل بھی آسان کردیں گے۔ ایک حد تک خواب معلوم ہوتا ہے۔ پھر یہاں کی روئی سے کپڑا نہیں بنا جاسکتا اور ہندوستان میں شریف لوگ زیادہ تر مہین کپڑے استعمال کرتے ہیں۔ ان کے پہناوے کے ڈھنگ میں ایک دم انقلاب پیدا کردینا بھی مشکل ہے۔ یہ چند باتیں ایسی ہیں جو ابھی کچھ عرصے تک ہمارے ارادوں میں اڑچنیں ڈالیں گی۔ مگر تصویر کا دوسرا پہلو زیادہ روشن ہے۔ مغربی ہندوستان میں زیادہ تر کپڑا وہی استعمال کیا جاتا ہے۔ ولایتی کپڑے کا خرچ بنگال اور ہمارے صوبہ میں سب سے زیادہ ہے۔ ہم مہین کپڑوں کے بہت زیادہ شوقین نہیں ہیں۔ ہاں بنگال والے کیا مرد کیا عورت ایسے کپڑوں پر جان دیتے ہیں۔ ان میں بھی خاص طور پر وہی

حضرات جو تعلیم یافتہ ہیں۔ مگر جب یہ طبقہ اپنے جوش میں ہر طرح کا بلیدان کرنے کے لیے تیار ہے تو کیا مہین کی جگہ موٹے کپڑے نہ پہنے گا۔ قاعدہ کی بات ہے کہ شہر کے چھوٹے لوگ بڑے لوگوں کے کپڑوں اور رہن سہن کی نقل کرتے ہیں۔ جب بنگال کے بڑے لوگ اپنا ڈھنگ بدل دیں گے تو ممکن نہیں کہ دوسرے لوگ بھی ویسا ہی کریں۔ ہمارے صوبہ میں تن زیب اور ململ کا استعمال کچھ دنوں سے اٹھتا جاتا ہے اور اس کے قدرداں یا تو کچھ پرانے زمانے کے شوقین مزاج بوڑھے ہیں یا بازاری بے فکری۔ ہاں شریفوں کی عورتیں ابھی انھیں پر جان دیتی ہیں مگر امید ہے کہ اپنے مردوں کے مقابلے میں بہت پچھڑی نہ رہیں گی۔ بالخصوص جب مردوں کی طرف سے اس کا تقاضہ ہوگا۔ اس طرح مہین کپڑے کا خرچ کم ہوجائے گا اور جب موٹا کپڑا استعمال میں آئے گا تو سال میں بجائے چار جوڑوں کے دو سے ہی کام چلے گا۔ اگر شہروں میں بدیشی چیزوں کا رواج کم ہونے لگے تو دیہاتوں میں آپ سے آپ کم ہوجائے گا۔ ہم اپنے صوبہ کے تجربے سے کہہ سکتے ہیں کہ یہاں دیہاتی اکثر جولاہوں کا بنا ہوا کپڑا استعمال کرتے ہیں اور جاڑے میں گاڑھے کی دوہری چادریں۔ ان کو ودیشی کپڑوں کی ضرورت ہی نہیں محسوس ہوگی۔

گو اس میں کوئی شک نہیں کہ کچھ دنوں سے وہاں جاجا کر بدیشی چیزوں کا روج بڑھانا شروع کر دیا ہے۔ یہ موقع ہے کہ تعلیم یافتہ اصحاب جن میں اکثر دیہاتی ہوتے ہیں جب اپنے مکان کو جائیں تو اپنے پڑوسیوں کو بھلا برا سمجھا کر سیدھے راستے پر لے آئیں اور جیسی ضرورت دیکھیں روئی کی کھیتی کو بڑھانے کے لیے کہیں۔

روئی کے بعد چینی یا شکر دوسری جنس ہے جو ہم پانچ کروڑ روپے سالانہ کی باہر سے منگاتے ہیں۔ یہ افسوس کی بات ہے۔ ہمارے ملک کے کارخانے ٹوٹتے جاتے ہیں مگر اس کا سبب صرف تعلیم یافتہ طبقہ ہے۔ دیہاتی بیچارے تو ولایتی شکر کو ہاتھ بھی نہیں لگاتے اور اکثر لوگوں نے تو بازار کی مٹھائی کھانا چھوڑ دیا اور شکر ایسی چیز ہے جس کی پیداوار کو آسانی سے بڑھایا جاسکتا ہے۔ ذرا بھی مانگ زیادہ ہوجائے تو دیکھیے اوکھ کی کھیتی زیادہ ہونے لگتی ہے۔ کسان منھ کھولے بیٹھے ہیں۔ یہی تو ایک چیز ہے جس سے وہ اپنی زمین کا لگان ادا کرتے ہیں۔ کپڑوں کے روکنے میں چاہے کتنی ہی دقتیں ہوں مگر شکر کا بند ہونا تو ذرا بھی مشکل نہیں۔ ہم ان لوگوں پر ہنسا کرتے تھے جو ہم لوگوں کو ولایتی شکر کھاتے دیکھ کر منھ بناتے تھے۔ ہماری

نظروں میں وہ لوگ غیر مہذب معلوم ہوتے تھے۔ اب ہم کو تجربہ ہوتا ہے کہ وہ ٹھیک راستے پر تھے اور ہم غلطی پر۔ بدیشی چیزوں کا رواج مہذب لوگوں کا ڈالا ہوا ہے اور اگر سودیشی تحریک کو کامیابی ہوگی تو انھیں کے لیے ہوگی۔

''آوازۂ خلق'' 16 نومبر 1905

بنارس

بنارس جس کا دوسرا نام کاشی ہے، شمالی ہند کا وہ شہر ہے جو اپنی قدامت، عظمت اور تاریخی شکوہ کے اعتبار سے اپنی مثال نہیں رکھتا اور آج بھی اس کی پیچیدہ اور تنگ گلیوں میں، اس کے پختہ گھاٹوں پر، اس کی سر بفلک عمارتوں میں اور اس کے باشندوں کے وضع قطع طور و طریق میں وہ پرانی ہندو تہذیب جس کا روشن پہلو اس کا علمی اور مذہبی ذوق اور تجسس اور تاریک پہلو اُس کی تنگ نظری اور رسم پرستی ہے، جھلک رہا ہے۔ دہلی نے چولا بدلا، لکھنؤ کی کایا پلٹ ہوگئی، الہ آباد بھی تناسخ کے دور سے گزر رہا ہے، پٹنہ نے بھی داستانِ ماضی کو فراموش کردیا مگر کاشی آج بھی اپنی روایاتِ قدیمہ کو سینے میں چھپائے گنگا کی گود سے لپٹا ہوا ہے۔

کاشی دریائے گنگا کے کنارے پر ایک ہلال کی شکل میں آباد ہے۔ مغل سرائے سے جب ریل گاڑی دریائے گنگا کے پُل پر پہنچتی ہے تو کاشی کا دلفریب منظر سامنے آتا ہے۔ مادھو داس کے دھریرے کے سر بفلک مینار، مندروں کے سنہرے کلس اور دھجائیں، شاندار محلات، وسیع اور پختہ گھاٹ سب مل کر مناظر کے دل پر تقدس اور احترام کا جادو سا کردیتے ہیں۔ سامنے گنگا اپنا غیرفانی نغمہ سنا رہی ہے۔ چھوٹی چھوٹی کشتیاں، ڈونگے، بجرے، دریائی طیور کی طرح اس کی متلاطم گود میں خوش فعلیاں کررہے ہیں۔ ایک طرف ریت کی زرد گوٹ کے سبزہ زار کی وسیع چادر ہے اور دوسری طرف اونچے کراروں پر کاشی کے مندر اور مینار عالمانہ سکوت کی تصویر بنے کھڑے ہیں۔ اگر ہندو تہذیب کی جیتی جاگتی تصویر دیکھنی ہو یا اُس کی قدامت کی، اس کی وسعت کی، اس کے عمق کی، اس کی فطرت پرستی کی تصویر دیکھنی ہو تو کاشی میں دریا کے کنارے جاکے دیکھو، موت سے ہم دوش بوڑھے اور بادۂ شباب میں مخمور نوجوان، خاک آلود سادھو اور لباس فاخرہ میں ملبوس دنیا پرست، ضعف کے کندھے پر سوار بوڑھیاں اور حسن و جوانی کے آغوش میں کھیلتی ہوئی دیویاں، سب شانہ بشانہ گنگا کے گھاٹوں پر اشنان، دھیان میں محو نظر آئیں گے اور آپ کے دل پر ایک ایسا غیرفانی اثر چھوڑ جائیں گے جو

تا زیست قائم رہے گا۔

موجودہ شہر بہت قدیم نہیں کہا جاسکتا۔ قدیم کاشی تقریباً چار سو میل شمال کی جانب برنا ندی کے اس پار واقع تھی۔ وہاں اب سار ناتھ کا ایک موضع ہے اور بدھ زمانے کے دو یادگار ستون۔ ایک ستون خالص پتھر کا ہے جسے راجہ اشوک نے نصب کیا تھا۔ دوسرا اینٹ کا ہے۔ قرب و جوار میں کھدائی کرنے سے زمانۂ قدیم کی اور بھی کتنی ہی مورتیں برآمد ہوئی ہیں جو وہاں محفوظ ہیں۔ اسی جگہ ایک درخت کے سائے میں بدھ نے نروان کا پہلا اپدیش دیا تھا۔

بنارس کے دو حصے کیے جاسکتے ہیں۔ ایک وہ جو گنگا کے کنارے آباد ہے۔ دوسرا وہ جو اس کے عقب میں ہے۔ ایک پختہ سڑک گویا ان دونوں حصوں میں خط فاصل ہے گنگا کے کنارے اصلی کاشی ہے جس کی خصوصیات میں اونچے سنگین مکانات، قدم قدم پر مندر، تاریک پیچیدہ اور دشوار گزار گلیاں، گلیوں میں عابدانہ شکوہ سے ٹہلتے ہوئے سانڈ بڑی بڑی کوٹھیاں اور ایک کراہت خیز عفونت۔ دوسرے حصے میں کوئی خصوصیت نہیں وہ الہ آباد، کانپور یا آگرے کے کسی محلے سے مختلف نہیں۔

کاشی میں سب سے زیادہ قابلِ دید چیز وہاں کے پختہ گھاٹ ہیں۔ سب سے پرفضا وساہمیدہ گھاٹ ہے۔ روایت ہے کہ یہاں کسی زمانے میں دس اسومیدہ یگ کیے گئے تھے۔ منکرن کا گھاٹ اس لیے بہت مقدس سمجھا جاتا ہے کہ یہاں اشنان کرنے سے خاص طور پر ثواب ہوتا ہے۔ سندھیا گھاٹ، گائے گھاٹ، پنچ گنگا گھاٹ وغیرہ بھی مشہور ہیں۔ بعض بعض گھاٹ تو سطحِ آب سے اتنے اونچے ہیں کہ لبِ دریا سے اوپر تک جانے میں دم پھول جاتا ہے۔

کاشی کی ایک دوسری خصوصیت یہ ہے کہ ہندوستان کا شاید ہی کوئی ایسا ہندو فرمانروا ہو جس نے یہاں اپنی قیام گاہ نہ تعمیر کی ہو۔ جے پور، اودے پور، گوالیار، بڑودہ، بیکانیر، کشمیر، وجے نگر، سبھی فرمانرواؤں کے مکانات موجود ہیں۔ دہلی کو یہ امتیاز اُس کے دنیاوی اقتدار کے باعث ہے اور کاشی کو اس کے روحانی اقتدار کے باعث۔ یہی نہیں ہندو قوم کا ہر ایک فرد خواہ وہ بنگالی ہو یا نیپالی، پنجابی ہو یا مرہٹی، دکھنی ہو یا بہاری، اپنی تہذیب اور معاشرت کی خصوصیات کے ساتھ علاحدہ علاحدہ محلوں میں آباد ہے۔ گویا ہندو دارالخلافت میں اُس کی باج

گزار ریاستوں نے سفارت خانے قائم کردیے ہیں۔

کاشی میں کئی عمارتیں اور مندر قابلِ دید ہیں۔ مادھو داس کا دھریرہ جو دراصل اورنگ زیب کی تعمیر کردہ ایک مسجد ہے گویا گردن اٹھائے سارے شہر کا جائزہ لے رہا ہے۔ اس کے دونوں میناروں کی اونچائی فرشِ مسجد سے 147 فٹ ہے۔ حالانکہ اسے تعمیر ہوئے ڈیڑھ سو سال سے زائد ہوئے مگر ابھی عمارت میں کسی قسم کا ضعف نظر نہیں آتا۔ وشوناتھ کا مندر کاشی کی خاصی پرستش گاہ ہے۔ وشوناتھ کاشی کے روحانی راجا اور بھیروناتھ کوتوال ہیں۔ وشوناتھ مندر کے گنبد پر سونے کا خول چڑھا ہوا ہے جو مہاراجہ رنجیت سنگھ کی فیاضی کی یادگار ہے۔ درگا کلندر، ان پورنا کا مندر، گیانی باپی وغیرہ یہاں کے مقدس مقامات ہیں۔ وشوناتھ کے مندر سے ملحق ایک مسجد ہے۔ وشوناتھ کا پرانا مندر پہلے یہیں تھا۔

کاشی نے بُدھ مذہب کا نشان تو مٹا دیا مگر اس کی یادگاریں اب تک قائم ہیں۔ سارناتھ کا ذکر ہم کرچکے ہیں۔ راج گھاٹ کے قلعے میں ایک بدھ وہار اب تک موجود ہے جو نقاشی اور سنگ تراشی کے اعتبار سے کاشی میں بہترین تعمیر کہی جاسکتی ہے۔ بعض ستونوں کی نقاشی تو سانچی کے ستونوں سے لگا کھاتی ہے۔

مان مندر بھی کاشی کی ایک قابل یادگار چیز ہے۔ یہ اس راجہ کے علم و کمال کی یادگار ہے جس نے فرائضِ فرمانروائی کے ساتھ آستانۂ علم کی جبہ سائی بھی کی۔ اس راجہ کا نام جے سنگھ تھا۔ شہنشاہ دہلی کے ایما سے اس نے تقویم کی اصلاح کی تکمیل کی اور دہلی، متھرا، اجّین، جے پور اور کاشی میں رصدگاہیں قائم کیں۔

جدید تعمیرات میں کوئنس کالج، پرنس آف ویلز کالج، شفاخانہ اور ٹاؤن ہال ہے۔ کوئنس کالج اس صوبے کا سب سے پرانا ادارہ ہے جو انگریزی عہد میں قائم ہوا۔ پہلے اس کا نام سنسکرت کالج تھا بعد ازاں کوئنس کالج رکھا گیا۔ اس کالج نے سنسکرت علوم کے نشوونما میں نمایاں حصہ لیا۔ اس کے کتب خانے میں صدہا نادر و نایاب سنسکرت قلمی نسخے محفوظ ہیں۔

کاشی کسی زمانے میں بہت دولت مند شہر تھا مگر اب ملک کے روزافزوں افلاس اور عوام مذاق تبدیل ہوجانے کے باعث یہاں کی تجارت مٹتی چلی جاتی ہے۔ یہاں کمخواب اور زربفت کے تھان بہت اچھے بنتے ہیں۔ فرانسیسی ریشمی مصنوعات نے یہاں کی تجارت کو بہت نقصان

پہنچایا ہے۔ اور ٹین اور ربر کے کھلونے جو غیر ممالک سے آتے ہیں اب زیادہ مقبول ہوتے جاتے ہیں۔ شہر سے تقریباً دو میل کے فاصلے پر ہندو یونیورسٹی ہے۔ دس سال قبل یہاں ہرے ہرے کھیت لہراتے تھے۔ اب ہندو یونیورسٹی کی شاندار عمارتیں ہیں۔ اس یونیورسٹی میں قریب قریب ڈھائی ہزار طلبا تعلیم پاتے ہیں۔ ادبیات اور نظریات کے علاوہ انجینیئرنگ کا ایک اول درجہ کا کالج ہے۔ آیورویدک، فنِ علاج کے احیا کے لیے ایک آیورویدک کالج بھی کھول دیا گیا ہے اور لڑکیوں کے لیے بھی ایک کالج کی تعمیر ہوگئی ہے۔ کئی بڑے بڑے بورڈنگ ہاؤس ہیں جو تعلیم گاہ ہندوؤں کے نام سے موسوم ہو اس کے لیے کاشی سے زیادہ موزوں مقام نہیں ہوسکتا کیونکہ کاشی ہندو تہذیب اور علمی روایات کا مرکز ہے۔ سنسکرت کے کئی قدیم طرز کے پاٹ شالے بھی شہر میں ہیں۔

کاشی میں یوں تو بارہوں ماس جاتریوں کا آنا جانا ہوتا رہتا ہے مگر سورج یا چندر گرہن کے موقعوں پر یہاں اطراف و اکناف سے لاکھوں کی تعداد میں زائرین جمع ہوجاتے ہیں۔ کتنے ہی لوگ تو سب کچھ ترک کرکے کاشی میں اپنی زندگی کے باقی ایام کاٹنے کے لیے چلے آتے ہیں۔ اس لیے یہاں ہمیشہ چہل پہل رہتی ہے۔

کاشی کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ چاہے جس طرف سے شہر میں جایئے، آپ کو باغیچوں کے سلسلے نظر آئیں گے۔ اُن کی چہاردیواری پختہ اور بہت اونچی ہوتی ہے اور اس چہار دیواری کے ایک حصے کو اونچا کرکے شاہراہ کے مقابل اُس پر مکانات تعمیر کردیے جاتے ہیں۔ انگریزی طرز کے بنگلوں کی طرح وسط میں مکانات نہیں ہوتے۔ یہاں شام کو روٗسا تفریح کے لیے اپنے اپنے باغیچوں میں آتے ہیں اور گھنٹے دو گھنٹے قیام کرکے واپس جاتے ہیں۔ یہ خصوصیت کاشی کے سوا شمالی ہند کے اور کسی شہر میں نظر نہیں آتی۔ مگر عام سیرگاہیں کاشی میں بہت کم ہیں۔ ابھی تک یہاں شہر کی توسیع کی کوشش نہیں کی گئی کیونکہ جہاں توسیع کی سب سے زیادہ ضرورت ہے وہاں آبادی اتنی گنجان ہے اور عمارتیں ایسی پختہ کہ وہاں گلیوں کو چوڑا کرنے یا سیرگاہیں قائم کرنے کی کوشش قبولیت کی نگاہ سے نہ دیکھی جائے گی۔

کاشی کی علمی اور ادبی زندگی کے ضمن میں ناگری پرچارنی سبھا کا ذکر کرنا ضروری ہے۔ یہ ادارہ ہندی زبان اور ناگری رسم خط کی ترویج اور اشاعت کے لیے بیس پچیس سال قبل قائم

کیا گیا تھا۔ مسلسل سعی اور تنظیم کی بدولت اب وہ صوبے کا ہندی مرکز بن گیا ہے۔ اس کی ایک نج کی شاندار عمارت ہے۔ اس کا سب سے نمایاں کام وہ مبسوط اور جامع لغت ہے جو ابھی حال میں مکمل ہوا ہے اور جس کا نام ''سبدساگر'' ہے۔ اس کے علاوہ اس نے ہزارہا قلمی اور نایاب نسخوں کی تلاش کی ہے۔ اس کا ایک سہ ماہی رسالہ بھی شائع ہوتا ہے۔

(سہ ماہی 'روشن' بدایوں۔ جنوری تا مارچ 1984،
ج 71، شمارہ 1)

نوٹ : یہ مضمون پہلی بار ایک درسی کتاب نیرنگ ادب میں شائع ہوا تھا۔ پھر سہ ماہی 'روشن'، بدایوں (فروری 1943) میں شائع ہوا۔ اس مضمون کے لیے میں شمس بدایونی کا شکرگزار ہوں۔

اهنكار

بھومیکا

یورپ میں فرانس کا سرس ساہتیہ سرؤتم ہے۔ فرنچ ساہتیہ میں اناتول فرانس کا نام اگر سرؤچّہ نہیں تو کسی سے کم بھی نہیں، اور تھالیس انھیں مہودے کی ایک ادبھت رچنا ہے۔ ہاں، ایسی وِلکشن ساہتِک رِکرتی کو یہاں ایسا انوپم ساولیش ہوگیا ہے کہ ایک انگریز سمالوچک کے شبدوں میں وہ ''ساہتِک انگ وِنیاس'' کا آدرش ہے۔ کتھا بہت پرانی ہے عیسیٰ کی دوسری شتابدی کی۔ گھٹنا اتہاسک ہے۔ پراچین سمے کے ناموں سے کوئی پستک اتہاسک نہیں ہوتی۔ پرانے شِلا لیکھ اور تامرپتر بھی اتہاس نہیں ہیں۔ اتہاس ہے کسی سمے کی بھاشا اور وچار کو ویکت کرنا اور اس وشے میں اناتول فرانس نے کمال کر دکھایا ہے۔ وہ 1800 ورش پہلے کی دنیا کی آپ کو سیر کرادیتا ہے۔ پستک کے پاتر پراچین وستروں میں ورتمان کال کے منُشیہ نہیں ہیں بلکہ اسی زمانے کے لوگ ہیں، ان کی بھاشا شیلی وہی ہے، وچار بھی اتنے ہی پراچین۔ اس سمے کی عیسائی دنیا کا آپ کو اتنا اسپشٹ اور سجیو گیان ہوجاتا ہے جتنا سینکڑوں اتیہاسوں کے پڑھنے بھی الٹنے سے نہ ہوسکتا۔ عیسائی دھرم اپنی پرارمبھک دشا کی کٹھنائیوں میں پڑا ہوا تھا۔ اس کے انویائی ادھیکانش دین دربل پرانی تھے، جنھیں امیروں کے ہاتھوں نتیہ کشٹ پہنچا کرتا تھا۔ اُچّے شرینی کے لوگ بھوگ ولاس میں ڈوبے ہوئے تھے۔ دارشنِکتا کی پردھانتا تھی بھانتی بھانتی کے وادوں کا زور شور تھا۔ کوئی پرکرتی وادی تھا، کوئی سکھ وادی، کوئی دکھ وادی، کوئی ویراگ وادی، کوئی شنکا وادی، کوئی مایا وادی۔ عیسائی مت کو وِدّوان تتھا شکچھت سمودائے تچّھ سمجھتا تھا۔ عیسائی لوگ بھی بھوت پریت، ٹونا، نظر کے قائل تھے۔ آپ کو سبھی وادوں کے ماننے والے ملیں گے جن کا ایک ایک واکیہ آپ کو مگدھ کردے گا۔ ڈما کلیز، نسیاس، کوٹا، ہرموڈورس، جینا تھیمیز، یوکرامیٹر، یتھارتھ میں بھنّ بھنّ وادوں کے ہی نام ہیں۔ عیسائی مت سویم کئی سمپر دایوں میں وِبھگت ہوگیا ہے۔ ان کے سدھانتوں میں بھید ہے، ایک دوسرے کے دشمن ہیں۔ لیکھک کی کلا چاتری اس میں ہے کہ ایک ہی ملاقات میں آپ اس کے چرتروں سے سدا کے لیے پریچت ہوجاتے ہیں۔ پالم کی تصویر کبھی آپ کے چت سے نہ نہیں اترے گی۔ کتنا سرل

پرسن مکھ دیالو پرانی ہے، اسے آپ اپنے باغیچے میں پیڑوں کو سینچتے ہوئے پائیں گے۔ اہنسا کا ایسا بھگت کہ اپنے کندھوں پر بیٹھے ہوئے پنچھیوں کو بھی نہیں اڑاتا۔ سنبھل سنبھل کر چلتا ہے کہ کہیں اس کے سر پر بیٹھا ہوا کبوتر چونک کر اڑ نہ جائے۔ تیماکلیز کو دیکھیے شنکا واد کی سجیو مورتی ہے۔ پر اتنے وادوں کے ہوتے ہوئے بھی تاتوکتا میں ہوتے ہوئے بھی عیسائی مت سے کہیں بڑھے ہوئے تھے۔ عیسائی دھرم کو جو اتنی سپھلتا پراپت ہوئی، اس کا ہیتو وہ ولاساندھتا تھی جس کی ایک جھلک آپ ''بھوج'' کے پرکرن میں پائیں گے۔ واستو میں یہ بھوج ساہتیہ سنسار میں ایک انوٹھی وستو ہے۔ دیکھیے، وِدوانوں اور دارشنکوں کے آچرن کتنے بھرشٹ ہیں، یہاں تک کہ ساری سبھا نشے میں مست ہوجاتی ہے، لوگ ویشیاؤں سے گلے مل کر سونے میں لیش ماتر بھی سنکوچ نہیں کرتے۔ اسی بھرشٹاچرن نے عیسائی مت کا بول بالا کیا۔ تھیوڈور ایک حبشی غلام ہے، لیکن اس کا چرتر کتنا اتول ہے۔ سنت اینٹونی کا چرتر ہمارے یہاں کے رشیوں سے ملتا ہے۔ کتنا شانت، کتنا سومیہ روپ ہے۔ عیسائیوں کی یہی دھرم پرائنتا اور سچرترتا تھی جو اس کی وجے کا مکھیہ کارن ہوئی۔

اس سمے کے کھان پان، رہن سہن، آچار ویوہار کا بھی پستک میں بہت ہی مارمک اُلیکھ کیا گیا ہے۔ پاپ ناشی نے جس ستمبھ کے شِکھر پر تپ کیا تھا اس کے نیچے جو نگر بس گیا تھا اور وہاں جو اتسو ہوتے تھے، ان کا ورنانت اس کال کا یتھارت چتر ہے: دیش دیش کے یاتریوں کے بھنّ بھنّ وستروں کو دیکھیے۔ کہیں مداری کا تماشا ہے، کہیں سپیرا سانپ کو نچا رہا ہے، کہیں کوئی مہیلا گدھے پر سوار میلے میں سے نکل جاتی ہے، پھیری والے چلّا رہے ہیں، فقیر گا گاکر بھیک مانگ رہے ہیں۔ سوچیے یہ وِشد چتر کھینچنے کے لیے لیکھک کو اس سمے کا کتنا گیان پراپت کرنا پڑا ہوگا۔

دربان نے چکت ہو کر من میں کہا۔ یہ تو وچتر آدمی ہے جو مار سے بھی نہیں ڈرتا اور ترنت اپنے سوامی سے پاپ ناشی کا سندیشا کہہ سنایا۔ نسیاس ابھی اسنان گار سے نکلا تھا۔ دو یوتیاں اس کے دیہہ پر تیل کی مالش کر رہی تھیں وہ روپ وان پرش تھا، بہت ہی پرسن چت۔ اس کے مکھ پر کومل ویِنگ کی آبھا تھی۔ یوگی کو دیکھتے ہی وہ اٹھ کھڑا ہوا اور ہاتھ پھیلائے ہوئے اس کی اور بڑھا۔ آؤ میرے متر، میرے بندھو، میرے سہ پاٹھی، آؤ۔ میں تمھیں پہچان گیا، یدیپی تمھاری صورت اس سے آدمیوں کی سی نہیں، پشوؤں کی سی ہے۔ آؤ میرے گلے لگ جاؤ۔ تمھیں وہ دن یاد ہے جب ہم ویاکرن، النکار اور درشن ساتھ پڑھتے تھے؟ تم اس سے بھی تیور اور اپنڈ پرکرتی کے منشیہ تھے، پر پورن ستیاوادی۔ تمھاری ترپتی ایک چٹکی بھر نمک میں ہو جاتی تھی تمھاری دان شیلتا کا وارا پار نہ تھا۔ تم اپنے جیون کی بھانتی اپنے

دھن کی بھی کچھ پرواہ نہ کرتے تھے۔ تم میں اس سے بھی تھوڑی سی جھک تھی جو بدھی کی کشلتا کا لکشن ہے۔ تمھارے چرتر کی وچترتا مجھے بہت بھلی معلوم ہوتی تھی۔ آج تم نے دس ورشوں کے بعد درشن دیئے ہیں۔ ہردے سے میں تمھارا سواگت کرتا ہوں۔ تم نے ونیہ جیون کو تیاگ دیا اور عیسائیوں کی دُرمتی کو تلانجلی دے کر پھر اپنے سناتن دھرم پر آروڑھ ہو گئے، اس کے لیے تمھیں بدھائی دیتا ہوں۔ سفید پتھر پر اس دن کا سمارک بناؤں گا۔

یہ کہہ کر اس نے ان دونوں یووتی سندریوں کو آدیش دیا میرے پیارے مہمان کے ہاتھوں پیروں اور داڑھی میں سگندھ لگاؤ۔

یووتیاں ہنسی اور ترنت ایک تھال، سگندھ کی شیشی اور آئینہ لائیں۔ لیکن پاپ ناشی نے کٹھور سور سے انھیں منع کیا اور آنکھیں نیچے کرلیں کہ ان پر نگاہ نہ پڑ جائے، کیوں کہ دونوں نگن تھیں۔ نسیاس نے تب اس کے لیے گاؤ تکیے اور بستر منگائے اور نانا پرکار کے بھوجن اور اتم شراب اس کے سامنے رکھی۔ پر اس نے گھرنا کے ساتھ سب وستوؤں کو سامنے سے ہٹا دیا۔ تب بولا۔ نسیاس، میں نے اس ست پتھ کا پریتیاگ نہیں کیا، جسے تم نے غلطی سے ''عیسائیوں کی دُرمتی'' کہا ہے۔ وہی تو ستیہ کی آتما اور گیان کا پران ہے۔ آدی میں کیول شبد تھا اور شبد کے ساتھ ایشور تھا، اور شبد ہی ایشور تھا۔ اسی نے سمست برہمانڈ کی رچنا کی۔ وہی جیون کا سُروت ہے اور جیون مانو جاتی کا پرکاش ہے۔

نِسیاس نے اتر دیا۔ پر یہ پاپ ناشی، کیا تمھیں آشا ہے کہ میں ارتھ ہین شبدوں کے جھنکار سے چکِت ہو جاؤں گا؟ کیا تم بھول گئے کہ میں سویم چھوٹا موٹا دارشنک ہوں۔ کیا تم سمجھتے ہو کہ میری شانتی ان چیتھڑوں سے ہوجائے گی جو کچھ نربدھی منشیوں نے املی لیس کے وستروں سے پھاڑ لیا ہے، جب املی لیس، فلاطوں اور انیہ تتوا گیانیوں سے میری شانتی نہ ہوئی؟ رشیوں کے نکالے ہوئے سدھانت کیول کلپت کتھائیں ہیں جو مانو سرل ہردیتا کے منورنجن کے نیمت کہی گئی ہیں۔ ان کو پڑھ کر ہمارا منورنجن اسی بھانتی ہوتا ہے جیسے انیہ کتھاؤں کو پڑھ کر۔

اس کے بعد اپنے مہمان کا ہاتھ پکڑ کر وہ اسے ایک کمرے میں لے گیا جہاں ہزاروں لپیٹے ہوئے بھوج پتر ٹوکروں میں رکھے ہوئے تھے۔ اِنھیں دکھا کر بولا یہی میری پستکالیہ ہے۔ اس میں ان سدھانتوں میں سے کتنوں ہی کا سنگرہ ہے جو گیانیوں نے سرشٹی

ے رہنے یں ن ویا کھیا کرنے کے لیے آوشکرت کیے ہیں۔ یہ اپیم میں بھی اٹل دھن کے ہوتے ہوئے سب سدھانتوں کا سنگرہ نہیں ہے! لیکن شوک! یہ سب کیول روگ پیڑت منشیوں کے سوپن ہیں!

اس نے تب اپنے مہمان کو ہاتھی دانت کی کرسی پر زبردستی بیٹھایا اور خود بھی بیٹھ گیا۔ پاپ ناشی نے ان پستکوں کو دیکھ کر تیوریاں چڑھائیں اور بولا۔ ان سب کو اگنی کی بھینٹ کر دینا چاہیے۔

نسیاس بولا۔ نہیں پر یہ متر، یہ گھور انرتھ ہوگا؛ کیونکہ رُگن پروشوں کے سوپن کبھی کبھی بڑے منورنجک ہوتے ہیں! پھر یدی ہم ان کلپناؤں اور سوپنوں کو مٹا دیں تو سنسار شُشک اور نیرس ہو جائے گا اور ہم سب وچار شے تھلیہ کے گڑھے میں جا پڑیں گے۔

پاپ ناشی نے اسی دھونی میں کہا۔ یہ ستیہ ہے کہ مورتی وادیوں کے سدھانت متھیا اور بھرانتی کارک ہیں۔ کنتو ایشور نے، جو ستیہ کا روپ ہے، مانو شریر دھارن کیا اور آلوکِک وبھوتییوں دوارا اپنے کو پرکٹ کیا اور ہمارے ساتھ رہ کر ہمارا کلیان کرتا رہا۔

نسیاس نے اتر دیا۔ پریہ پاپ ناشی، تم نے یہ بات اچھی کہی کہ ایشور نے مانو شریر دھارن کیا۔ تب تو وہ منشیہ ہی ہو گیا۔ لیکن تم ایشور اور اس کے روپانتروں کا سمرتھن کرنے تو نہیں آئے؟ بتلاؤ تمھیں میری سہایتا تو نہ چاہیے؟ میں تمھاری کیا مدد کر سکتا ہوں؟

پاپ ناشی بولا۔ بہت کچھ! مجھے ایسا ہی سگندھت ایک وستر دے دو جیسا تم پہنے ہوئے ہو۔ اس کے ساتھ سنہرے کھڑاؤں اور ایک پیالہ تیل بھی دے دو کہ میں اپنی داڑھی اور بالوں میں چپڑ لوں۔ مجھے ایک ہزار سورن مدراؤں کی ایک تھیلی بھی چاہیے نسیاس! میں ایشور کے نام پر اور پرانی مترتا کے ناتے تم سے مانگنے آیا ہوں۔

نسیاس نے اپنا سراوتّم وستر منگوا دیا۔ اس پر کمخواب کے بوٹوں میں پھولوں اور پشوؤں کے چتر بنے ہوئے تھے۔ دونوں یوتیوں نے اسے کھول کر اس کا بھڑکیلا رنگ دکھایا اور پرتکشھا کرنے لگیں کہ پاپ ناشی اپنا اونی لبادہ اتارے تو پہنائے۔ لیکن پاپ ناشی نے زور دے کر کہا کہ یہ کداپی نہیں ہو سکتا۔ میری کھال چاہے اتر جائے پر یہ اونی لبادہ نہیں اتر سکتا۔ ووش ہو کر انھوں نے اس بہومولیہ وستر کو لبادے کے اوپر ہی پہنا دیا۔ دونوں یوتیاں سندری تھیں، اور وہ پروشوں سے شرماتی نہ تھیں۔ وہ پاپ ناشی کو اس دو رنگے بھیش میں دیکھ کر خوب

ہنستی۔ ایک نے اسے اپنا پیارا سامنت کہا، دوسری نے اس کی داڑھی کھینچ لی۔ لیکن پاپ ناشی نے ان پر درشٹی پات تک نہیں کیا۔ سنہری کھڑاؤں پیروں میں پہن کر اور تھیلی کمر میں باندھ کر اس نے نسیاس سے کہا جو ونود بھاؤ سے اس کی اور دیکھ رہا تھا نسیاس۔ ان وستوؤں کے وشے میں کچھ سندیہہ مت کرنا کیونکہ میں ان کا سدپیوگ کروں گا۔

نسیاس بولا، پر یہ متر مجھے کوئی سندیہہ نہیں ہے کیوں کہ میرا وشواس ہے کہ منشیہ میں نہ بھلے کام کرنے کی چھمتا ہے نہ برے۔ بھلائی کا آدھار کیول پرتھا پر ہے۔ میں ان سب کنست بیوہاروں کا پالن کرتا ہوں جو اس نگر میں پرچلت ہیں۔ اس لیے میری گنتی سجن پروشوں میں ہے۔ اچھا متر، اب جاؤ اور چین کرو۔

لیکن پاپ ناشی نے اس سے اپنا اُدیشہ پرکٹ کرنا آویشک سمجھا۔ بولا— تم تھالیس کو جانتے ہو جو یہاں کی رنگ شالاؤں کا سنگار ہے؟ نسیاس نے کہا— وہ پرم سندری ہے اور کسی سمے میں اس کے پریمیوں میں تھا۔ اس کی خاطر میں نے ایک کارخانہ اور دو اناج کے کھیت بیچ ڈالے اور اس کے وِرہ ورنن میں نکرِشٹ کویتاؤں سے بھرے ہوئے تین گرنتھ لکھ ڈالے۔ یہ نرویواد ہے کہ روپ لالِتیہ سنسار کی سب سے پربل شکتی ہے، اور یدی ہمارے شریر کی رچنا ایسی ہوتی کہ ہم یاوج جیون اس پر ادھی کرت رہ سکتے تو ہم دارشنکوں کے جیو اور بھرم، مایا اور موہ، پُرش اور پرکرتی کی ذرا بھی پرواہ نہ کرتے۔ لیکن متر، مجھے یہ دیکھ کر آشچریہ ہوتا ہے کہ تم اپنی کٹی چھوڑ کر کیول تھالیس کی چرچا کرنے کے لیے آئے ہو۔

یہ کہہ کر نسیاس نے ایک ٹھنڈی سانس کھینچی۔ پاپ ناشی نے اسے بھیت نیتروں سے دیکھا۔ اس کی یہ کلپنا ہی اسمبھو معلوم ہوتی تھی کہ کوئی منشیہ اتنی ساودھانی سے اپنے پاپوں کو پرکٹ کر سکتا ہے۔ اسے ذرا بھی آشچریہ نہ ہوتا، اگر زمین پھٹ جاتی اور اس میں سے اگنی جوالا نکل کر اسے نگل جاتی۔ لیکن زمین استھر بنی رہی، اور نسیاس ہاتھ پر مستک رکھے چپ چاپ بیٹھا ہوا اپنے پورو جیون کی سمرتیوں پر ملان مکھ سے مسکراتا رہا۔ یوگی تب اٹھا اور گمبھیر سور میں بولا۔

نہیں نسیاس، میں اپنا ایکانتواس چھوڑ کر اس پشاچ نگری میں تھالیس کی چرچا کرنے نہیں آیا ہوں۔ بلکہ، ایشور کی سہایتا سے میں اس رمنی کو اپوتر ولاس کے بندھنوں سے مُکت کردوں گا، اور اسے پربھو مسیح کی سیوائیں بھینٹ کروں گا۔ اگر نراکار جیوتی نے میرا ساتھ نہ

چھوڑا تو تھالیس اوشیہ اس نگر کو تیاگ کر کسی ونیتا دھرم آشرم میں پرویش کرے گی۔

نسیاس نے اتر دیا۔ مدھر کلاؤں اور الالتیہ کی دیوی وینس کو روشٹ کرتے ہو تو ساودھان رہنا !اس کی شکتی آپار ہے اور یدی تم اس کی پردھان اپاسِکا کو لے جاؤ گے تو وہ تمھارے اوپر اوشیہ بجز گھات کرے گی۔

پاپ ناشی بولا۔ پربھو مسیح میری رکھشا کریں گے۔ میری ان سے یہ بھی پراتھنا ہے کہ وہ تمھارے ہردے میں بھی دھرم کی جیوتی پرکاشت کریں اور تم اس اندھکار مے کوٗاپ میں سے نکل آؤ جس میں پڑے ہوئے ایڑیاں رگڑ رہے ہو۔

یہ کہہ کر وہ گرو سے مستک اٹھائے باہر نکلا۔ لیکن نسیاس بھی اس کے پیچھے چلا۔ دوار پر آتے آتے اسے پا لیا اور تب اپنا ہاتھ اس کے کندھے پر رکھ کر اس کے کان میں بولا۔ دیکھو وینس کو کرودھ مت کرنا۔ اس کا پرتیاگھات اتینت بھیشن ہوتا ہے۔

کنتو پاپ ناشی نے اس چیتاونی کو تچھ سمجھا، سر پھیر کر بھی نہ دیکھا۔ وہ نسیاس کو پتت سمجھتا تھا، لیکن جس بات سے اسے جلن ہوتی تھی وہ یہ تھی کہ میرا پرانا متر تھالیس کا پریم ماتر رہ چکا ہے۔ اسے ایسا انوبھو ہوتا تھا کہ اس سے گھور اپرادھ ہو ہی نہیں سکتا۔ اب سے وہ نسیاس کو سنسار کا سب سے ادھم، سب سے گھرنت پرانی سمجھنے لگا۔ اس نے بھرشٹا چار سے سدیو نفرت کی تھی، لیکن آج کے پہلے یہ پاپ اسے اتنا نارکیہ کبھی نہ پرتیت ہوا تھا اس کی سمجھ میں پربھو مسیح کے کرودھ اور سورگ دوتوں کے ترسکار کا اس سے نیندھ اور کوئی وشے ہی نہ تھا۔

اس کے من میں تھالیس کو ان ولاسیوں سے بچانے کے لیے اب اور بھی تیور آکانشھا جاگرت ہوئی۔ اب بنا ایک چھن ولمب کیے مجھے تھالیس سے بھینٹ کرنا چاہیے۔ لیکن ابھی مدھیاہن کال تھا اور جب تک دوپہر کی گرمی شانت نہ ہوجائے، تھالیس کے گھر جانا اُچت نہ تھا۔ پاپ ناشی شہر کی سڑکوں پر گھومتا رہا۔ آج اس نے کچھ بھوجن نہ کیا تھا، جس میں اس پر ایشور کی دیا درشٹی رہے۔ کبھی وہ دینتا سے آنکھیں زمین کی اور جھکا لیتا تھا، اور کبھی انورکت ہو کر آکاش کی اورتا کنے لگتا تھا۔ کچھ دیر ادھر ادھر نِش پریوجن گھومنے کے بعد وہ بندرگاہ پر جا پہنچا۔ سامنے وسترت بندر گاہ تھا، جس میں اسنکھیہ جل یان اور نوکائیں لنگر ڈالے پڑی ہوئی تھیں، اور ان کے آگے نیلا سمندر، شویت چادر اوڑھے ہنس رہا تھا۔ ایک نوکا نے، جس کی پتوار پر ایک اپسرا کا چِتر بنا ہوا تھا۔ ابھی لنگر کھولا تھا ڈانڈیں پانی میں چلنے لگے، مانجھیوں نے

گانا آرمبھ کیا اور دیکھتے دیکھتے وہ شویت وستر دھارنی جل کنیا یوگی کی درشٹی میں کیول ایک سوپن چت کی بھانتی رہ گئی۔ بندر گاہ سے نکل کر، وہ اپنے پیچھے جگمگاتا ہوا جل مارگ چھوڑتی کھلے سمندر میں پہنچ گئی۔

پاپ ناشی نے سوچا میں بھی کسی سے سنسار ساگر پر گاتے ہوئے یاترا کرنے کو اتسک تھا۔ لیکن مجھے شیگھر ہی اپنی بھول معلوم ہوگئی مجھ پر اپسرا کا جادو نہ چلا۔

انھی وچاروں میں مگن وہ رسیوں کی گنڈلی پر بیٹھ گیا۔ ندرا سے اس کی آنکھیں بند ہوگئیں۔ نیند میں اسے ایک سوپن دکھائی دیا۔ اسے معلوم ہوا کہ کہیں سے تربیوں کی آواز کان میں آرہی ہے، آکاش رکت ورن ہوگیا ہے۔ اسے گیات ہوا کہ دھرما آشرم کے وچار کا دن آپہنچا۔ وہ بڑی تنمیتا سے ایش وندنا کرنے لگا۔ اسی بیچ میں اس نے ایک اتینت بھینکر جنتو کو اپنی اور آتے دیکھا، جس کے ماتھے پر پرکاش کا ایک صلیب لگا ہوا تھا۔ پاپ ناشی نے اسے پہچان لیا۔ سلسلی کی پشاچ مورتی تھی۔

اس جنتو نے اسے دانتوں کے نیچے دبا لیا اور اسے لے کر چلا، جیسے بلّی اپنے بچے کو لے کر چلتی ہے۔ اس بھانتی وہ جنتو پاپ ناشی کو کتنے ہی دیپوں سے ہوتا، ندیوں کو پار کرتا، پہاڑوں کو پھاندتا انت میں ایک نرجن استھان میں پہنچا، جہاں دہکتے ہوئے پہاڑ اور جھلستے راکھ کے ڈھیروں سے سوائے اور کچھ نظر نہ آتا تھا۔ بھومی کتنے ہی استھلوں پر پھٹ گئی تھی اور اس میں سے آگ کی لپٹ نکل رہی تھی۔ جنتو نے پاپ ناشی کو دھیرے سے اتار دیا اور کہا۔ دیکھو!

پاپ ناشی نے ایک کھوہ کے کنارے جھک کر نیچے دیکھا۔ ایک آگ کی ندی پرتھوی کے انتاستھل میں دو کالے کالے پروتوں کے بیچ سے بہہ رہی تھی۔ وہاں دھندلے پرکاش میں نرگ کے دوت پاپ آتماؤں کو کشٹ دے رہے تھے۔ ان آتماؤں پر ان کے مِرت شریر کا ہلکا آورن تھا، یہاں تک کہ وہ کچھ وستر بھی پہنے ہوئے تھی۔ ایسے دارون کشٹوں میں بھی یہ آتمائیں بہت دکھی نہ جان پڑتی تھیں۔ ان میں سے ایک جو لمبی، گور ورن، آنکھیں بند کیے ہوئے تھی، ہاتھ میں ایک تلوار لیے جا رہی تھی اس کے مدھر سوروں سے سمست مرو بھومی گونج رہی تھی۔ وہ دیوتاؤں اور شور ویروں کی ویرودا ولی گا رہی تھی۔ چھوٹے چھوٹے ہرے رنگ کے دیتیہ ان کے ہونٹ اور کنٹھ کو لال لوہے کی سلاخوں سے چھید رہے تھے یہ امر کوی ہومر

کی پرچھایا تھی۔ وہ اتنا کشٹ جھیل کر بھی گانے سے باز نہ آتی تھی۔ اس کے سمیپ ہی ایک گورس، جس کے سر کے بال گر گئے تھے، دھول میں پرکال کے شکلیں بنا رہا تھا۔ ایک دیتیہ اس کے کانوں میں کھولتا ہوا تیل ڈال رہا تھا، پر اس کی ایکاگرتا کو بھنگ نہ کرسکتا تھا۔ اس کے اتیرکت پاپ ناشی کو اور کتنی ہی آتمائیں دکھائی دیں جو جلتی ہوئی ندی کے کنارے بیٹھی ہوئی اسی بھانتی پٹھن پاٹھن، واد پرتیواد، اپاسنا۔ دھیان میں مگن تھیں۔ جیسے یونان کے گروکلوں میں گرو شِشیہ کسی ورکھش کی چھایا میں بیٹھ کر کیا کرتے تھے ورِدھ ٹیماکلیز ہی سب سے الگ تھااور بھرانتی وادیوں کی بھانتی سر ہلا رہا تھا۔ ایک دیتیہ اس کی آنکھوں کے سامنے ایک مشعل ہلا رہا تھا، کنتو ٹیماکلیز آنکھیں ہی نہ کھولتا تھا۔

اس درشیہ سے چکِت ہوکر پاپ ناشی نے اس بھینکر جنتو کی اور دیکھا جواسے یہاں لایا تھا۔ کدا چت اس سے پوچھنا چاہتا تھا کہ یہ کیا رہسیہ ہے؟ پر وہ جنتو ادرشیہ ہوگیا تھا اور اس کی جگہ ایک استری منہ پر نقاب ڈالے کھڑی تھی۔ وہ بولی۔ یوگی، خوب آنکھیں کھول کر دیکھ !ان بھرشٹ آتماؤں کا دراگرہ اتنا جٹل ہے کہ نرک میں بھی ان کی بھرانتی شانت نہیں ہوئی۔ یہاں بھی وہ اسی مایا کے کھلونے بنے ہوئے ہیں۔ مرتیو نے ان کے بھرم جال کو نہیں توڑا کیوں کہ پرتیکھش ہی، کیول مرجانے سے ہی ایشور کے درشن نہیں ہوتے۔ جو لوگ جیون بھر اگیان اندھکار میں پڑے ہوئے تھے، وہ مرنے پر بھی مورکھ ہی بنے رہیں گے یہ دیتیہ گن ایشوریہ نیائے کے ینتر ہی تو ہیں یہی کارن ہی کہ آتمائیں انھیں نہ دیکھتی ہیں نہ اس سے بھے بھیت ہوتی ہیں۔ وہ ستیہ کے گیان سے شونیہ تھے، ات ایو انھیں اپنے اکرموں کا بھی گیان نہ تھا، انھوں نے جو کچھ کیا اگیان کی اوستھا میں کیا۔ ان پر وہ دوشاروپن نہیں کرسکتا پھر وہ انھیں دنڈ بھوگنے پر کیسے مجبور کرسکتا ہے۔؟

پاپ ناشی نے اتیجت ہوکر کہا۔ ایشور سروشکتی مان ہے، وہ سب کچھ کرسکتا ہے۔

نقاب پوش استری نے اتر دیا۔ نہیں، وہ استیہ کو ستیہ نہیں کرسکتا۔ اس کو دنڈ بھوگ کے یوگیہ بنانے کے لیے پہلے ان کو اگیان سے مکت کرنا ہوگا، اور جب وہ اگیان سے مکت ہو جائیں گے تو وہ دھرماتماؤں کی شرینی میں آجائیں گے !

پاپ ناشی اُدّگن اور مرماہت ہوکر پھر کھوہ کے کناروں پر جھکا۔ اس نے نسیاس کی چھایا کو ایک پشپ مالا سر پر ڈالے، اور ایک جھلسے ہوئے مہندی کے ورکھش کے نیچے بیٹھے

دیکھا۔ اس کی بغل میں ایک اتی روپ وتی ویشیا بیٹھی ہوئی تھی اور ایسا ودیت ہوتا تھا کہ وہ پریم کی ویاکھیا کررہے ہیں، ویشیا کی مکھ شری منوہر اور اپرتم تھی۔ ان پر جو اگنی کی ورشا ہو رہی تھی وہ اُوس کی بوندوں کے سامان سکھد اور شیتل تھی، اور وہ جھلستی ہوئی بھومی ان کے پیروں سے کومل ترن کے سامان دب جاتی تھی۔ یہ دیکھ کر پاپ ناشی کی کرودھ اگنی زور سے بھڑک اٹھی۔ اس نے چلا کر کہا ایشور، اس دراچاری پر وجرگھات کر! یہ نِسیاس ہیں اسے ایسا چھل کہ وہ روئے کراہے اور کرودھ سے دانت پیسے۔ اس نے تھالیس کو بھرشٹ کیا ہے۔

سہسا پاپ ناشی کی آنکھیں کھل گئیں۔ وہ ایک بلشٹھ مانجھی کی گود میں تھا۔ مانجھی بولا۔ بس متر، شانت ہو جاؤ۔ جل دیوتا ساکھشی ہے کہ تم نیند میں بری طرح چونک پڑتے ہو۔ اگر میں نے تمھیں سمنبھال نہ لیا ہوتا تو تم اب تک پانی میں ڈوبکیاں کھاتے ہوتے۔ آج میں نے ہی تمھاری جان بچائی۔

پاپ ناشی بولا۔ ایشور کی دیا ہے۔

وہ ترنت اٹھ کھڑا ہوا اور اس سوپن پر وچار کرتا ہوا آگے بڑھا۔ اوشیہ ہی یہ دُسّوپن ہے۔ نرک کو متھیا سمجھنا ایشور یہ نیائے کا اپمان کرنا ہے۔ اس سوپن کا پریشک کوئی پشاچ ہے۔

عیسائی تپسویوں کے من میں نتیہ یہ شنکا اٹھتی رہتی کہ اس سوپن کا ہیتو ایشور ہے یا پشاچ۔ پشاچ آدی انھیں نتیہ گھیرے رہتے تھے۔ منشیوں سے جو منہ موڑتا ہے، اس کا گلا پشاچوں سے نہیں چھوٹ سکتا۔ مرو بھومی پشاچوں کا کیریڑا چھیتر ہے۔ وہاں نتیہ ان کا شور سنائی دیتا ہے۔ تپسویوں کو پرایہ انوبھو سے، یا سوپن کی ویوستھا سے گیان ہو جاتا ہے کہ یہ مرد ایشوریہ پریرنا ہے یا پشاچک پرلوبھن۔ پر کبھی کبھی بہت جتن کرنے پر بھی انھیں بھرم ہو جاتا تھا۔ تپسیوں اور پشاچوں میں نرنتر مہا گھور سنگرام ہوتا رہتا تھا۔ پشاچوں کو سدیو یہ دھن رہتی تھی کہ یوگیوں کو کسی طرح دھوکے میں ڈالیں اور ان سے اپنی آگیا منوا لیں۔ سنت جان ایک پرسدّھ پُرش تھے۔ پشاچوں کے راجا نے ساٹھ ورش تک لگاتار انھیں دھوکہ دینے کی چیشٹا کی، پر سنت جان اس کی چالوں کو تاڑ لیا کرتے تھے۔ ایک دن پشاچ راجا نے ایک ویراگی کا روپ دھارن کیا اور جان کی کٹی میں آکر بولا جان، کل شام تک تمھیں ان شن ورت رکھنا ہوگا جان نے سمجھا، وہ ایشور کا دوت ہے اور دو دن تک نرجل رہا۔ پشاچ نے ان پر کیول یہی ایک وجے پراپت کی، یدیپی اس سے پشاچ راج کا کوئی کُتسِت ادشیہ نہ پورا ہوا، پر سنت جان

کو اپنی پراجے کا بہت شوک ہوا۔ کنتو پاپ ناشی نے جو سوپن دیکھا تھا، اس کا وشے ہی کہہ دیتا تھا کہ اس کا کرتا پشاچ ہے۔

وہ ایشور سے دین شبدوں میں کہہ رہا تھا۔ مجھ سے ایسا کون سا اپرادھ ہوا جس کے دنڈ سوروپ تو نے پشاچ کے پھندے میں ڈال دیا۔ سہسا اسے معلوم ہوا کہ میں منشیوں کے ایک بڑے سموہ میں ادھر ادھر دھکّے کھا رہا ہوں۔ کبھی ادھر جا پڑتا ہوں، کبھی ادھر۔ اسے نگروں کی بھیڑ بھاڑ میں چلنے کا ابھیاس نہ تھا۔ وہ ایک جڑ وستو کی بھانتی ادھر ادھر ٹھوکریں کھاتا پھرتا تھا، اور اپنے کم خواب کے کرتے کے دامن سے الجھ کر وہ کئی بار گرتے گرتے بچا۔ انت میں اس نے ایک منشیہ سے پوچھا۔ تم لوگ سب کے سب ایک ہی دشا میں اتنی ہڑبڑی کے ساتھ کہاں دوڑے جا رہے ہو؟ کیا کسی سنت کا اپدیش ہو رہا ہے؟

اس منشیہ نے اتر دیا۔ یاتری، کیا تمھیں معلوم نہیں کہ شیگھر ہی تماشا شروع ہوگا اور تھالیس رنگ منچ پر اپستھت ہوگی۔ ہم سب اسی تھیٹر میں جا رہے ہیں۔ تمھاری اچھا ہو تو تم بھی ہمارے ساتھ چلو۔ اس اپسرا کے درشن ماتر ہی سے ہم کرتارتھ ہو جائیں گے!

پاپ ناشی نے سوچا کہ تھالیس کو رنگ شالا میں دیکھنا میرے اُدّیشیہ کے انوکول ہوگا۔ وہ اس منشیہ کے ساتھ ہولیا۔ ان کے سامنے تھوڑی دور پر رنگ شالا استھت تھی۔ اس کے مکھیہ دوار پر چمکتے ہوئے پردے پڑے تھے اور اس کی وستِرت ورتا کار دیواریں انیک پرتیماؤں سے سجی ہوئی تھیں۔ انیے منشیوں کے ساتھ یہ دونوں پُرش بھی ایک تنگ گلی میں داخل ہوئے۔ گلی کے دوسرے سرے پر اردھ چندر کے آکار کا رنگ منچ بنا ہوا تھا جو اس سمے پرکاش سے جگمگا رہا تھا وہ درشکوں کے ساتھ ایک جگہ جا بیٹھے۔ وہاں نیچے کی اور کسی تالاب کے گھاٹ کے بھانتی سیڑھیوں کی قطار رنگ شالا تک چلی گئی تھی۔ رنگ شالا میں ابھی کوئی نہ تھا، پر وہ خوب سجی ہوئی تھی۔ بیچ میں کوئی پردا نہ تھا۔ رنگ شالا کے مدھیہ میں قبر کی بھانتی ایک چبوترا سا بنا ہوا تھا۔ چبوترے کے چاروں طرف راوٹیاں تھیں۔ راوٹیوں کے سامنے بھالے رکھے ہوئے تھے اور لمبی لمبی کھونٹیوں پر سنہری ڈالیں لٹک رہی تھیں۔ سٹیج پر سناٹا چھایا ہوا تھا۔ جب درشکوں کا اردھ ورت ٹھساٹھس بھر گیا تو مدھومکھیوں کی بھن بھناہٹ سی دبی ہوئی آواز آنے لگی۔ درشکوں کی آنکھیں انوراگ سے بھری ہوئی ورہد نسبتدھ رنگ منچ کی اور لگی ہوئی تھی۔ استریاں ہنستی تھیں اور نیبوں کھاتی تھیں اور نتیہ پرتی ناٹک دیکھنے والے پُرش اپنی جگہوں سے

دوسروں کو ہنس ہنس پکارتے تھے۔
پاپ ناشی من میں ایشور کی پراتھنا کر رہا تھا اور منہ سے ایک بھی متھیا شبد نہیں نکالتا تھا۔ لیکن اس کا ساتھی ناٹیہ کلا کی اونتی کی چرچا کرنے لگا۔ بھائی، ہماری اس کلا کا گھور پتن ہو گیا ہے اور پراچین سمے میں ابھی نیتا چہرے پہن کر کویوں کی رچنائیں اُنچ سور سے گایا کرتے تھے۔ اب تو وہ گونگوں کے بھانتی ابھینے کرتے ہیں۔ وہ پرانے سامان بھی غائب ہو گئے نہ تو وہ چہرے رہے جن میں آواز کو پھیلانے کے لیے دھاتوں کی جیو بنی رہتی تھی نہ وہ اونچے کھڑاؤ ہی رہ گئے جنھیں پہن کر ابھی نیتا گن دیوتاؤں کی طرح لمبے ہوجاتے تھے۔ نہ وہ اوجسونی کویتائیں رہیں اور نہ مرم اسپرشی ابھینہ چاتُریہ۔ اب تو پروشوں کی جگہ استریوں کا دور دورا ہے جو بنا سنکوچ کے کھلے منہ منچ پر آتی ہیں۔ اس سمے کے یونان نواسی استریوں کا اسٹیج پر دیکھ کر نہ جانے دل میں کیا کہتے۔ استریوں کے لیے جنتا کے سمکھ منچ پر آنا گھور لجا کی بات ہے۔ ہم نے اس پرتھا کو سویکار کر کے اپنے ادھیاتمک پتن کا پریچے دیا ہے۔ یہ نروِواد ہے کہ استری پُرش کا شترو ہے اور مانو جاتی کا کلنک ہے۔
پاپ ناشی نے اس کا سمرتھن کیا۔ بہت ستیہ کہتے ہو۔ استری ہماری پران گھاتیکا ہے اس سے ہمیں کچھ آنند پراپت ہوتا ہے اور اس لیے اس سے سدیو ڈرنا چاہیے۔
اس کے ساتھی نے جس کا نام ڈوِرین تھا کہا۔ سورگ کے دیوتاؤں کی شپتھ کھاتا ہوں، استری سے پُرش کو آنند نہیں پراپت ہوتا بلکہ چنتا دُکھ اور اشانتی۔ پریم ہی ہمارے داروُتم کشٹوں کا کارن ہے۔ سنومتر، جب میری ترونا اوستھا تھی تو میں ایک دیپ کی سیر کرنے گیا تھا، اور وہاں مجھے ایک بہت بڑا مہندی کا ورکھش دکھائی دیا جس کے وشے میں یہ دنت کتھا پرچلِت ہے کہ فیڈرا جن دنوں ہمولائٹ پر عاشق تھی تو وہ برہ دشا میں اسی ورکھش کے نیچے بیٹھی رہتی تھی، اور دل بہلانے کے لیے اپنے بالوں کی سوئیاں نکال کر ان پتیوں میں چُبھایا کرتی تھی۔ سب پتیاں چھد گئیں۔ فیڈرا کی پریم کتھا تو تم جانتے ہی ہوگے اپنے پریمی کا سروناش کرنے کے پشچات وہ سویم گلے میں پھانسی ڈال ایک ہاتھی دانت کی کھونٹی سے لٹک کر مرگئی۔ دیوتاؤں کی ایسی اِچھا ہوئی کہ فیڈرا کی اساھیہ برہ ویدنا کے چنھ سوروپ اس ورکھش کی پتیوں میں نتیہ چھید ہوتے رہے۔ میں نے ایک پتی توڑ لی اور لاکر اسے اپنے پلنگ کے سرہانے لٹکا دیا کہ وہ مجھے پریم کی کٹلِتا کی یاد دلاتی رہے اور میرے گرو امر ایپکیورس

کے سدھانتوں پر اٹل رکھے۔ جس کا اڈشیہ تھا کہ واسنا سے ڈرنا چاہیے۔ لیکن بھارت میں پریم جگر کا ایک روگ ہے اور کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ روگ مجھے نہیں لگ سکتا۔

پاپ ناشی نے پرشن کیا؟ ڈوریَن، تمھارے آنند کے وشے کیا ہیں؟

ڈورین نے کھید سے کہا۔ میرے آنند کا کیول ایک وشے ہے اور وہ بھی بہت آکرشک نہیں۔ وہ دھیان ہے۔ جس کی پاچن شکتی دوشت ہوگئی ہو۔ اس کے لیے آنند کا کیا اور کوئی وشے ہوسکتا ہے؟

پاپ ناشی کو اثر ملا کہ وہ اس آنند وادی کو آدھیاتمک سکھ کی دکشھا دے جوایشور آرادھنا سے پراپت ہوتا ہے۔ بولا۔ متر ڈورین ستیہ پر کان دھرو اور پرکاش گرہن کرو۔

لیکن سہسا اس نے دیکھا کہ سب کی آنکھیں میری طرف اٹھیں اور مجھے چپ رہنے کا سنکیت کررہے ہیں۔ ناٹیہ شالا میں پورن شانتی استھاپت ہوگئی اور ایک چھن میں ویر گان کی دھونی سنائی دی۔

کھیل شروع ہوا ہومر کی اِلیڈ کا ایک دکھانت درشیہ تھا۔ ٹروجن یدھ سماپت ہوچکا تھا۔ یونان کے وجے سورما اپنی چھول داریوں سے نکل کر کوچ کی تیاری کررہے تھے کہ ادبھت گھٹنا ہوئی۔ رنگ بھومی کے مدھیہ اِستھت سمادھی پر بادلوں کا ایک ٹکڑا چھا گیا۔ ایک چھن کے بادل چھٹ گیا اور ایلی لیس کا پریت سونے کے شاستروں سے سجا ہوا۔ پرکٹ ہوا وہ یودھاؤں کی اور ہاتھ پھیلائے مانو کہہ رہا ہے کہ ہیلاس کے سپوتوں کیا تم یہاں سے پرستھان کرنے کو تیار ہو۔ تم اس دیش کو جاتے ہو جہاں جانا مجھے پھر نصیب نہ ہوگا اور میری سمادھی کو بنا کچھ بھینٹ کیے ہی چھوڑ جاتے ہو۔

یونان کے ویر سامنت، جن میں وردھ نیسٹر، اگامیمنن، اولائیسیس آدی تھے۔ سمادھی کے سمیپ آکر اس گھٹنا کو دیکھنے لگے۔ پررس نے جو ایشی لیس کا یووک پتر تھا، بھومی پر مستک جھکا دیا۔ اولیس نے ایسا سنکیت کیا۔ جس سے وِدِت ہوتا تھا وہ ومرت آتما کی اچھا سے سہمت ہے۔ اس نے اگامیمنن سے انورودھ کیا ہم سبوں کو الیشی لیس کا لیش ماننا چاہیے کیوں کہ ایلاس ہی کی مان رکشھا میں اس نے ویر گتی پائی ہے۔ اس کا آدیش ہے کہ پرایم کی پتری کماری پالِک سینا میری سمادھی پر سمرپت کی جائے۔ یونان ویروں اپنے نائیک کا آدیش سویکار کرو۔

کنتو سمراٹ اگامیمنن نے آپتی کی۔ ٹروجن کی کماریوں کی رکشھا کرو۔ پرایم کا یہ یشسوی پریوار بہت دُکھ بھوگ چکا ہے۔

اس کی آپتی کا کارن یہ تھا کہ وہ اولی سیس کے انورودھ سے سہمت ہے۔ نشچے ہوگیا کہ پالک سینا ایشی لیس کو بلی دی جائے مرت آتما اس بھانتی شانت ہوکر یم لوک کو چلی گئی۔ چرتروں کے وارتا لاپ کے بعد کبھی اتیجک اور کبھی کرون سوروں میں گانا ہوتا تھا۔ ابھینے کا ایک بھاگ سماپت ہوتے ہی درشکوں نے تالیاں بجائیں۔

پاپ ناشی نے جو پرتیک وشے میں دھرم سدھانتوں کا ویوھار کیا کرتا تھا بولا۔ ابھینے سے سدھ ہوتا ہے کہ ستا ہین دیوتاؤں کے اپاسک کتنے نردیی ہوتے ہیں۔

ڈورین نے اتر دیا۔ یہ دوش پرایہ سبھی مت وادوں میں پایا جاتا ہے۔ سوبھاگیہ سے مہاتما ایپکیورس نے جنھیں ایشوریہ گیان پراپت تھا، مجھے آدرشیہ کی متھیا شنکاؤں سے مکت کردیا۔

اتنے میں ابھینے پھر شروع ہوا۔ ہیکیوبا، جو پالک سینا کی ماتا تھیں، اس چھول داری سے باہر نکلیں جس میں وہ قید تھیں۔ اس کے شویت کیش بکھرے ہوئے تھے۔ کپڑے پھٹ کر تار تار ہوگئے تھے۔ اس کی شوک مورتی دیکھتے ہی درشکوں آہ بھری۔ ہیکیوبا کو اپنی کنیا کے وشاد مے انت کا ایک سوپن دوارا گیان ہوگیا تھا۔ اپنی اور اپنی پتری کے دربھاگیہ پر وہ سر پیٹنے لگی۔ اولائی سیس نے اس کے سمیپ جاکر کہا پالک سینا پر سے اپنا ماتر اسنیہہ اب اٹھالو۔ وردھا استری نے اپنے بال نوچ لیے، منھ کو ناخوں سے کھسوٹا اور نردیی یودھا اولائی سیس کے ہاتھوں کو چوما، جواب بھی دیا شونیہ شانتی سے کہتا ہوا جان پڑتا تھا۔

ہیکیوبا، دھریے سے کام لو۔ جس وپتی کا نیوارن نہیں ہوسکتا اس کے سامنے سر جھکاؤ، ہمارے دیش میں بھی کتنی ہی ماتائیں اپنے پتروں کے لیے رورہی ہیں۔ جو آج یہاں ورکشھوں کے نیچے موہ نندرا میں مگن ہیں اور ہیکیوبا نے پہلے ایشیا کے سب سے سمردھی شالی راجیہ کی سوامنی تھیں اور اس سمے غلامی کی بیڑیوں میں جکڑی ہوئی تھیں۔ نیراشیہ سے دھرتی پر سر پٹک دیا۔

تب چھول داریوں میں سے ایک کے سامنے کا پردہ اٹھا اور کماری پالک سینا پرکٹ ہوئی۔ درشکوں میں ایک سنسنی سی دوڑ گئی۔ انھوں نے تھائیس کو پہچان لیا۔ پاپ ناشی نے اس

ویشیا کو پھر دیکھا، جس کی کھوج میں وہ آیا تھا، جو اپنے گورے ہاتھ سے بھاری پردے کو اٹھائے ہوئی تھی۔ وہ ایک وشال پرتیما کی بھانتی استھر کھڑی تھی۔ اس کے اپورو لوچنوں سے گرو اور آتم اُتسرگ جھلک رہا تھا اور اس کے پردیپت سوندریہ سے سمست درشک ورند ایک نیروپائے لالسا کے آویگ سے تھرا اٹھے۔

پاپ ناشی کا چت وِگر ہو اٹھا۔ چھاتی کو دونوں ہاتھوں سے دبا کر ایک لمبی سانس لی اور بولا۔ ایشور تو نے ایک پرانی کو کیونکر اتنی شکتی پردان کی ہے؟

کنتو ڈورین ذرا بھی آشانت نہ ہوا بولا۔ واستو میں جن پرماڑوؤں کے ایکترت ہو جانے سے اس استری کی رچنا ہوئی ہے ان کا سنیوگ بہت ہی نیتا بھرام ہے۔ لیکن یہ کیول پرکرتی کی ایک کریڑا ہے، اور پرماڑو جڑ وستو ہے کسی دن وہ سوبھاوک ریتی سے وِچھن ہوجائیں گے۔ جن پرماڑوؤں سے لیلا اور کلیوپیٹرا کی رچنا ہوئی تھی وہ اب کہاں ہیں؟ میں مانتا ہوں کہ استریاں کبھی کبھی بہت روپ وتی ہوتی ہیں، لیکن وہ بھی تو وپتی اور گھرنوتپادک اوستھاؤں کے وشی بھوت ہو جاتی ہیں، بدھی مانوں کو یہ بات معلوم ہے، یدھپی مورکھ لوگ اس پر دھیان نہیں دیتے۔

یوگی نے بھی تھالیس کو دیکھا۔ دارشنک نے بھی دونوں کے من میں بھِن بھِن وچار اتپن ہوئے۔ ایک نے ایشور سے فریاد کی، دوسرے نے اداسینتا سے تتو کا نیروپن کیا۔

اتنے میں رانی ہیکیوبا نے اپنی کنیا کو اشاروں سے سمجھایا مانو کہہ رہی ہوں اس ہردے ہین اولائی سیس پر اپنا جادو ڈال۔ اپنے روپ لاونیہ اپنے یوون اور اپنے اَشر وپرواہ کا آشرے لے۔

تھالیس یا کماری پالک سینا نے چھول داری کا پردا گرا دیا۔ تب اس نے ایک قدم آگے بڑھایا۔ لوگوں کے دل ہاتھ سے نکل گئے اور جب وہ گرو سے تالوں پر قدم اٹھاتی ہوئی اولائی سیس کی اور چلی تو درشکوں کو ایسا معلوم ہوا مانو وہ سوندریہ کا کیندر ہے۔ کوئی آپے میں نہ رہا۔ سب کی آنکھیں اس کی اور لگی ہوئی تھیں۔ انیہ سبھی کا رنگ اس کے سامنے پھیکا پڑ گیا۔ کوئی انھیں دیکھتا بھی نہ تھا۔

اُلائی سیس نے منہ پھیر لیا اور اپنا منہ چادر میں چھپا لیا کہ اس دیا بھکارنی کے نیتر کٹاکھش اور پریم لنگن کا جادو اس پر نہ چلے۔ پالک سینا نے اس سے اشاروں سے کہا۔ مجھ

سے کیوں ڈرتے ہو۔ میں تمھیں پریم پاش میں پھنسانے نہیں آئی ہوں۔ جو انیوار یہ ہے وہ ہوگا۔ اس کے سامنے سر جھکاتی ہوں۔ پرایم کی لڑکی اور ویر ہیکٹر کی بہن، اتنی گئی گزری نہیں ہے کہ اس کا شیا، جس کے لیے بڑے بڑے سمراٹ لالائت رہتے تھے، کسی ودیشی پُرش کا سواگت کرے۔ میں کسی کی شرن آگت نہیں ہونا چاہتیں۔

ہیکیوبا جو ابھی تک بھومی پر اچیت سی پڑی تھی۔ سہسا اٹھی اور اپنی پریہ پتری کو چھاتی سے لگا لیا۔ یہ اس کا انتم نیراشیہ پورن آلنگن تھا۔ پتی ونچت ماتر ہردے کے لیے سنسار میں کوئی اولمب نہ تھا۔ پالک سینا نے دھیرے سے ماتا کے ہاتھوں سے اپنے کو چھڑا لیا مانو کہہ رہی تھی۔

ماتا، دھیریہ سے کام لو اپنی سوامی کی آتما کو دُکھی مت کرو۔ ایسا کیوں کرتی ہو کہ یہ لوگ مجھے نردیتا سے زمین پر گرا کر مجھے الگ کرلیں۔؟

تھالیس کا مکھ چندر شوک اوستھا میں اور بھی مدھر ہوگیا تھا، جیسے میگھ کے ہلکے آورن سے چندر ما۔ درشک ورند کو اس نے جیون کے آویشوں اور بھاوؤں کا کتنا اپورو چتر دکھایا۔ اس سے سبھی مگدھ تھے آتم سمان دھریے ساہس آدی بھاوؤں کا ایسا آلوکیک، ایسا مگدھ کرگ درشن کرانا تھالیس کا ہی کام تھا۔ یہاں تک کہ پاپ ناشی کو بھی اس پر دیا آگئی۔ اس نے سوچا یہ چمک دمک تھوڑے ہی دنوں کے اور مہمان ہیں، پھر تو یہ کسی دھرم آشرم میں تپسیا کرکے اپنے پاپوں کا پراشچت کرے گی۔

ابھینے کا انت نکٹ آگیا۔ ہیکیوبا مورچھت ہو کر گر پڑی، اور پالک سینا اُلائی سیس کی ساتھ سمادھی پر آئی۔ یودھا گن اسے چاروں اور سے گھیرے ہوئے تھے جب وہ بلی ویدی پر چڑھی تو ایشی لیز کے پتر نے ایک سونے کے پیالے میں شراب لے کر سمادھی پر گرادی۔ ماتمی گیت گائے جارہے تھے۔ جب بلی دینے والے پجاریوں نے اس کا ہاتھ پھیلایا تو اس نے سنکیت دوارا بتلایا کے میں سوچھند رہ کر مرنا چاہتی ہوں جیسا کہ راج کنیاؤں کا دھرم ہے۔ تب اپنے وستروں کو اتار کر وہ وجر کو ہردے استھل میں رکھنے کے تیار ہوگئی پر رس نے سر پھیر کر اپنی تلوار اس کے وکھش استھل میں بھونگ دی۔ رودھر کی دھارا بہہ نکلی۔ کوئی لاگ رکھی گئی تھی۔ تھالیس کا سر پیچھے کو لٹک گیا اس کی آنکھیں تلملانے لگیں اور ایک چھن میں وہ گر پڑی۔

یودھا گن تو بلی کو کفن پہنا رہے تھے۔ پشپ ورشا کی جا رہی تھی۔ درشکوں کی آتر دھونی سے ہوا گونج رہی تھی۔ پاپ ناشی اٹھ کھڑا ہوا تو اوچ سور سے اس نے یہ بھوشیے وانی کی۔ متھیہ وادیوں اور پریتوں کی پوجنے والوں یہ کیا بھرم ہوگیا ہے۔ تم نے جو ابھی درشیہ دیکھا ہے وہ کیول ایک روپک ہے۔ اس کتھا کا آدھیاتمک ارتھ کچھ اور ہے اور یہ استری کچھ ہی دنوں میں اپنی اچھا اور انوراگ سے ایشور کے چرنوں میں سمرپت ہو جائے گی۔

اس کے ایک گھنٹے کے بعد پاپ ناشی نے تھائیس کے دوار پر زنجیر کھٹ کھٹائی۔

تھائیس اس سمے رئیسوں کے محلے میں سکندر کے سمادھی کے نکٹ رہتی تھی۔ اس کے وشال بھون کے چاروں اور سائے دار ورکھش تھے، جن میں سے ایک جل دھارا پری تم چٹانوں کے بیچ سے ہو کر بہتی تھی۔ ایک بڑھیا حبشن داسی نے جو مُندریوں سے لدی ہوئی تھی آکر دوار کھول دیا اور پوچھا۔ کیا آگیا ہے؟

پاپ ناشی نے کہا۔ میں تھائیس سے بھینٹ کرنا چاہتا ہوں۔ ایشور ساکشی ہے کہ میں یہاں اسی کام کے لیے آیا ہوں۔

وہ امیروں کے سے وستر پہنے ہوئے تھا۔ اس کی باتوں سے رعب ٹپکتا تھا۔ ات ایو داسی اسے اندر لے گئی اور بولی۔ تھائیس پریوں کے کنج میں وراج مان ہے۔

۲

تھائیس نے سوادھین، لیکن نردھن اور مورتی پوجک ماتا پتا کے گھر جنم لیا تھا۔ جب وہ بہت چھوٹی سی لڑکی تھی اس کا باپ ایک سرائے کا بھٹیارا تھا۔ اس سرائے میں پرائے ملاح بہت آتے تھے۔ بالیہ کال کی اشرنکھل کنتو سجیوا سمرتیاں اس کے من میں اب بھی سنچت تھیں۔ اسے اپنے باپ کی یاد آتی تھی۔ جو پیر پر پیر رکھے انگیٹھی کے سامنے بیٹھا رہتا تھا۔ لمبا، بھاری بھرکم، شانتی پرکرتی کا منُشیہ تھا، اس فرعونوں کی بھانتی جن کی کیرتی سڑک کے نکڑوں پر بھانٹوں کے مکھ سے نتیہ امر ہوتی رہتی تھی۔ اسے اپنی دربل ماتا کی بھی یاد آتی تھی۔ جو بھوکی بلّی کی بھانتی گھر میں چاروں اور چکر لگاتی رہتی تھی۔ سارا گھر اس کے تیکھے کنٹھ سور میں گونجتا اور اس کے اُدّیپت نیتروں کی جیوتی چمکتا رہتا تھا۔ پڑوس والے کہتے تھے، یہ ڈائین ہے رات کو الّو بن جاتی ہے اور رات کو اپنے پریمیوں کے پاس اڑ جاتی ہے۔ یہ افیچیوں کی گپ تھی۔

تھالیس اپنی ماں سے بھلی بھانتی پریچت تھی اور جانتی تھی کہ وہ جادو ٹونا نہیں کرتی۔ ہاں اسے لوبھ کا روگ تھا۔ اور دن کی کمائی کو رات بھر گنتی رہتی تھی۔ آلسی پتا اور لوبھنی ماتا تھالیس کے لالن پالن کی اور وشیش دھیان نہ دیتے تھے۔ وہ کسی جنگلی پودھے کے سمان اپنی باڑھ سے بڑھتی جاتی تھی۔ وہ متوالے ملاحوں کے کمر بند سے ایک ایک کر کے پیسے نکالنے میں نپن ہوگئی۔ وہ اپنے اشلیل واکیوں اور بازاری گیتوں سے ان کا منورنجن کرتی تھی، یدیپی وہ سویم ان کا آشیے نہ جانتی تھی۔ گھر شراب کی مہک سے بھرا رہتا تھا۔ جہاں تہاں شراب کے چمڑے کے پیپے رکھے رہتے تھے اور وہ ملاحوں کی گود میں بیٹھتی پھرتی تھی۔ تب منہ سے شراب کا لسکا لگائے وہ پیسے لے کر گھر سے نکلتی اور ایک بڑھیا سے گل گلے لے کر کھاتی۔ نتیہ پرتی ایک ہی ابھینے ہوتا رہتا تھا۔ ملاح اپنی جان جوکھم یاتراؤں کی کتھا کہتے اور چوسر کھیلتے، دیوتاؤں کو گالی دیتے اور ان مت ہو کر شراب شراب سب سے اتّم شراب۔ کی رٹ لگاتے۔ نتیہ پرتی رات کو ملاحوں کے ہلڑ سے بالیکا کی نیند اچٹ جاتی تھی۔ ایک دوسرے کو وہ گھونگے پھینک کر مارتے، جس سے مانس کٹ جاتا تھا، اور بھینکر کولاہل مچتا تھا۔ کبھی تلواریں بھی نکل پڑتیں تھیں اور رکت پات ہوجاتا تھا۔

تھالیس کو یہ یاد کر کے بہت دکھ ہوتا تھا کہ بالیہ وستھا میں یدی کسی کو مجھ سے اسنیہہ تھا تو وہ سرل، سہردے احمد تھا۔ احمد اس گھر کا حبشی غلام تھا۔ توے سے بھی کالا، لیکن بڑا سجن، بہت نیک جیسے رات کی میٹھی نیند۔ وہ بہودا تھالیس کو گھٹنوں پر بٹھا لیتا اور پرانے زمانے کے تہہ خانوں کی ادھ بدھ کہانیاں سناتا۔ جو دھن لولپ راجا مہاراجا بنواتے تھے اور بنوا کر شلپی کاروں اور کاری گروں کا ودھ کر ڈالتے تھے کہ کسی کو بتا نہ دے۔ کبھی کبھی ایسے چتر چوروں کی کہانیاں سناتا جنھوں نے راجا کی کنیاؤں سے ویواہ کیا اور مینار بنوائے۔ بالیکا تھالیس کے لیے احمد باپ بھی تھا، ماں بھی تھا، دائی اور کتا بھی تھا۔ وہ احمد کے پیچھے پیچھے پھرا کرتی۔ جہاں وہ جاتا پرچھائی کی طرح ساتھ لگی رہتی۔ احمد بھی اس پر جان دیتا تھا۔ بہت رات کو اپنے پوال کے گدے پر سونے کے بدلے وہ اسے بیٹھا ہوا اس کے لیے کاغذ کے غبارے اور نوکائیں بنایا کرتا۔

احمد کے ساتھ اس کے سوامیوں نے گھور نردیتا کا برتاؤ کیا تھا۔ ایک کان کٹا ہوا تھا۔ اور دیہہ پر کوڑوں کے داغ ہی داغ تھے۔ کنتو اس کے مکھ پر نرتیہ سکھ مے شانتی کھیلا کرتی

تھی۔ اور کوئی اس سے نہ پوچھتا تھا کہ اس آتما کی شانتی اور ہردے کے سنتوش کا سروت کہاں تھا۔ وہ بالک کی طرح بھولا تھا۔ کام کرتے کرتے تھک جاتا تو اپنے بھدے سور میں دھارمک بھجن گانے لگتا۔ جنھیں سن کر بالیکا کانپ اٹھتی اور وہی باتیں سوپن میں بھی دیکھتی۔

ہم سے بتا میری بیٹی، تو کہاں گئی تھی اور کیا دیکھا تھا۔ ؟

میں نے کفن اور سفید کپڑے دیکھے۔ سورگ دوت قبر پر بیٹھے ہوئے تھے اور میں نے پربھو مسیح کی جیوتی دیکھی تھی۔

تھالیس اس سے پوچھتی۔ دادا تم قبر میں بیٹھے ہوئے دوتوں کا بھجن کیوں گاتے ہو۔؟

احمد جواب دیتا۔ میری آنکھوں کی ننھی پتلی میں سورگ دوتوں کے بھجن اس لیے گاتا ہوں کہ ہمارے پربھو مسیح سورگ لوک کو اڑ گئے ہیں۔

احمد عیسائی تھا۔ اس کی یتھوچت ریتی سے دکھشا ہو چکی تھی اور عیسائیوں کے سماج میں اس کا نام بھی ہیوڈور پرسدھ تھا۔ وہ راتوں کو چھپ کر اپنے سونے کے سمے میں ان کی سنکیتوں میں شامل ہوا کرتا تھا۔

اس سمے عیسائی دھرم پر وپتی کی گھٹنائیں چھائی ہوئیں تھیں۔ روس کے بادشاہ کی آگیا سے عیسائیوں کے گرجے کھود کر پھینک دیئے گئے تھے۔ پوتر پستکیں جلا ڈالی گئیں تھیں اور پوجا کی سامگریاں لوٹ لی گئی تھیں۔ عیسائیوں کے سمان پد چھین لیے گئے تھے، اور چاروں اور انھیں موت ہی موت دکھائی دیتی تھی۔ اسکندریہ میں رہنے والے سمست عیسائی سماج کے لوگ سنکٹ میں تھے۔ جس کے وشئے میں عیساولمبی ہونے کا ذرا بھی سندیہہ ہوتا تو اسے تُرنت قید میں ڈال دیتا۔ سارے دیش میں ان خبروں سے ہاہا کار مچا ہوا تھا، کہ سیام، عرب، ایران آدی استھانوں میں عیسائی بشپوں کو اور ورت دھارنی کماریوں کو کوڑے مارے گئے ہیں، سولی دی گئی ہے اور جنگل کے جانوروں کے سامنے ڈال دیا گیا ہے۔ اس دارون وپتی کے سمے جب ایسا نشچے ہورہا تھا کہ عیسائیوں کا نام ونشان بھی نہ رہے گا۔ اینٹونی نے اپنے ایکانت واس سے نکل کر مانو مرجھائے ہوئے دھان میں پانی ڈال دیا۔ اینتھونی مصر نواسی عیسائیوں کا نیتا ودھوان سدھ پُرش تھا جس کے آلوکیک کیرتیوں کی خبریں دور دور تک پھیلی ہوئی تھیں۔ وہ آتم گیانی اور تپسوی تھا۔ اس نے سمست دیش میں بھر مڑ کر کے عیسائی سمپردائے ماتر کو شردھا اور دھرم اتساہ سے پلاوِت کردیا۔ ودھرمیوں سے گپت رہ کر وہ ایک سمے میں عیسائیوں کی

سمست سبھاؤں میں پہنچ جاتا تھا اور سبھی میں اس شکتی اور وچار شیلتا کا سنچار کر دیتا تھا۔ جو اس کے روم روم میں ویاپت تھی۔ غلاموں کے ساتھ اسادھارن کٹھورتا کا ویوہار کیا گیا تھا۔ اس سے بھے بیت ہو کر کتنے ہی دھرم ویمکھ ہو گئے اور ادھی کانش جنگل کو بھاگ گئے۔ وہاں یا تو یہ سادھو ہو جائیں گے یا ڈاکے مار کر نرواہ کریں گے۔ لیکن احمد پوروت ان سبھاؤں میں سمّلت ہوتا، قیدیوں سے بھینٹ کرتا، اہات پروشوں کا کریہ کرم کرتا اور نربھے ہوکر عیسائی دھرم کی گھوشنا کرتا تھا۔ پرتیبھا شالی اینتھونی احمد کی یہ دررڑتا اور نشچلتا دیکھ کر اتنا پرسنیہ ہوا کہ چلتے سمے اسے چھاتی سے لگا لیا اور اسے پریم سے آشیرواد دیا۔

جب تھالیس سات ورش کی ہوئی تو احمد نے اس سے ایشور چرچا کرنا شروع کی۔ ان کی کتھا ستیہ اور استیہ کا وچتر مشرن، لیکن بالیہ ہردے کے انوکول تھی۔

ایشور فرعون کی بھانتی سورگ میں، اپنے حرم کے خیموں اور اپنے باغ کے ورکھشوں کی چھایا میں رہتا تھا۔ وہ بہت پراچین کال سے وہاں رہتا تھا۔ اور دنیا سے بھی پرانا ہے۔ اس کے کیول ایک ہی بیٹا ہے، جس کا نام پربھو عیسو ہے۔ وہ سورگ کے دوتوں سے اور رمنی یوتیوں سے بھی سندر ہے۔ ایشور اسے ہردے سے پیار کرتا ہے۔ اس نے ایک دن پربھو مسیح سے کہا۔ میرے بھون اور حرم، میرے چھوہارے کے ورکھشوں اور میٹھے پانی کی ندیوں کو چھوڑ کر پرتھوی پر جاؤ اور دین دکھی پرانیوں کا کلیان کرو۔ وہاں تجھے چھوٹے بالک کی بھانتی رہنا ہوگا۔ وہاں دُکھ ہی تیرا بھوجن ہوگا اور تجھے اتنا رونا ہوگا کہ تیرے آنسوؤں سے ندیاں بہہ نکلیں، جن میں دین دکھی نہا کر اپنی تھکن کو بھول جائیں۔ جاؤ پیارے پتر۔

پربھو مسیح نے اپنے پوجیہ پتا کی آگیا مان لی اور آکر بیت اللحم نگر میں اوتار لیا۔ وہ کھیتوں اور جنگلوں میں پھرتے تھے اور اپنے ساتھیوں سے کہتے رہتے تھے۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو بھوکے رہتے ہیں، کیوں کہ میں انھیں اپنے پتا کی میز پر کھانا کھلاؤں گا۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو پیاسے رہتے ہیں۔ کیوں کہ وہ سورگ کی نرمل ندیوں کا جل پئیں گے۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو روتے ہیں۔ کیوں کہ میں اپنے دامن سے ان کے آنسو پونچھوں گا۔

یہی کارن ہے کہ دین ہین پرانی انھیں پیار کرتے ہیں اور ان پر وشواس کرتے ہیں لیکن دھنی لوگ ان سے ڈرتے ہیں کہ کہیں یہ غریب لوگوں کو ان سے زیادہ دھنی نہ بنا دیں۔ اس سمے کلیوپیٹرا اور سیزر پرتھوی پر سب سے بلوان تھے۔ وہ دونوں ہی مسیح سے جلتے تھے۔ اس

لیے پجاریوں اور نیائے دھیشوں کو حکم دیا کہ پربھو مسیح کو مار ڈالو۔ ان کی آگیاں سے لوگوں نے ایک صلیب کھڑی کی اور پربھو کو سولی پر چڑھا دیا۔ کنتو پربھو مسیح نے قبر کے دوار کو توڑ ڈالا۔ اور پھر اپنے پتا ایشور کے پاس چلے گئے۔

اسی سمے سے پربھو مسیح کے بھگت سورگ کو جاتے ہیں۔ ایشور پریم سے ان کا سواگت کرتا ہے اور ان سے کہتا ہے آؤ میں تمھارا سواگت کرتا ہوں۔ کیوں کہ تم میرے بیٹے کو پیار کرتے ہو۔ ہاتھ دھو کر میز پر بیٹھ جاؤ تب سورگ کی اپسرائیں گاتی ہیں۔ اور جب تک مہمان بھوجن کرتے ہیں۔ ناچ ہوتا رہتا ہے۔ انھیں ایشور اپنی اور آنکھوں کی جیوتی سے ادھیک پیار کرتا ہے۔ کیوں کہ وہ اس کے مہمان ہوتے ہیں اور ان کے وشرام کے لیے اپنے بھون کے غالیچے اور ان کے سودان کے لیے اپنے باغ کا انار پردان کرتا ہے

احمد اس پرکار تھالیس سے ایشور چرچا کرتا تھا۔ وہ وِسمِت ہو کر کہتی تھی۔ مجھے ایشور کے باغ سے انار ملے تو خوب کھاؤں۔

احمد کہتا تھا۔ سورگ کے پھل وہی پرانی کھاسکتے ہیں جو بپتسمہ لے لیتے ہیں۔

تب تھالیس بپتسمہ لے لینے کی آشنکا پرکٹ کی۔ پربھو مسیح میں اس کی بھگتی دیکھ کر احمد نے اسے اور بھی دھرم کتھائیں سنانی شروع کیں۔

اس پرکار ایک ورش بیت گیا۔ ایسٹر کا شبھ سپتاہ آیا اور عیسائیوں نے دھرم اتساہ منانے کی تیاری کی۔ اسی سپتاہ میں ایک رات کو تھالیس نیند سے چوکی تو دیکھا کہ احمد اسے گود میں اٹھا رہا ہے۔ اس کی آنکھوں میں اس سمے ادھ بدھ چمک تھی۔ وہ اور دنوں کی بھانتی پھٹے ہوئے پاجامے نہیں بلکہ ایک شویت ڈھیلا ڈھالا چوغا پہنے ہوئے تھا۔ اس نے تھالیس کو اسی چوغے میں چھپا لیا، اور اس کے کان میں بولا آمیری آنکھوں کی پتلی آ، اور بپتسمہ کے پوتر وستر دھارن کر۔

وہ لڑکی کو چھاتی سے لگائے چلا۔ تھالیس کچھ ڈری، کنتو اتسک بھی تھی، اس نے سر چوغے سے باہر نکال لیا اور اپنے دونوں ہاتھ احمد کی گردن میں ڈال دیئے۔ احمد اسے لیے دیگ سے دوڑا چلا جاتا تھا۔ وہ ایک تنگ گلی سے ہوکر گزرا تب یہودیوں کے محلّے کو پار کیا۔ پھر ایک قبرستان کے گرد گھومتے ہوئے ایک کھلے ہوئے میدان میں پہنچا، جہاں عیسائی دھرم ہتوں کی لاشیں صلیبوں پر لٹکی ہوئی تھیں۔ تھالیس نے اپنا سر چوغے میں چھپا لیا اور پھر

راستے بھر اسے منہ باہر نکالنے کا ساہس نہیں ہوا۔ اسے شیگھر ہی یہ گیات ہوا کہ ہم لوگ کسی تہہ خانے میں چلے جا رہے ہیں۔ جب اس نے پھر آنکھیں کھولیں تو اپنے کو ایک تنگ کھوہ میں پایا۔ رال کی مشعلیں جل رہی تھیں۔ کھوہ کی دیواروں پر عیسائی سدھ مہاتماؤں کے چتر بنے ہوئے تھے جو مشعلوں کے استھر پرکاش میں چلتے پھرتے سجیو معلوم ہوتے تھے۔ ان کے ہاتھوں میں کھجور کی ڈالیں تھیں، اور ان کے ارد گرد میمنے، کبوتر، فاختے اور انگور کی بیلیں چترت تھیں۔ انھی چتروں میں تھالیس نے عیسو کو پہچانا، جن کے پیروں کے پاس پھولوں کا ڈھیر لگا ہوا تھا۔

کھوہ کے مدھیہ میں ایک پتھر کے جل کنڈ کے پاس ایک وردھ پُرش لال رنگ کا ڈھیلا کرتا پہنے کھڑا تھا۔ یدیپی اس کے وستر بہومولیہ تھے پر وہ اتینت دین اور سرل جان پڑتا تھا۔ اس کا نام بشپ جیون تھا۔ جسے بادشاہ نے دیش سے نکال دیا تھا۔ اب وہ بھیڑ کا اون کاٹ کر اپنا نرواہ کرتا تھا۔ اس کے سمیپ دو لڑکے کھڑے تھے۔ نکٹ ہی ایک بڑھیا حبشن ایک چھوٹا سا کپڑا لیے کھڑی تھی۔ تھالیس کو زمین پر بٹھا دیا اور بھشک کے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھ کر بولا۔ پوجیہ پتا یہی وہ چھوٹی لڑکی ہے جسے میں پرانوں سے بھی ادھک چاہتا ہوں۔ میں اسے آپ کی سیوا میں لایا ہوں کہ آپ اسے اپنے وچن انوسار یدی اچھا ہو تو اسے بپتسمہ پردان کیجیے۔

یہ سن کر بشپ نے ہاتھ پھیلایا۔ ان کی انگلیوں کے ناخن اکھاڑ لیے گئے تھے کیوں کہ آپتی کے دنوں میں وہ راج آگیاں کا پرواہ نہ کرکے اپنے دھرم میں آروڑھ رہے تھے، تھالیس ڈر گئی اور احمد کی گود میں چھپ گئی، کنتو بشپ کے ان اسنیہہ مے شبدوں نے اسے آشوست کردیا۔ پر یہ پتری ڈرو مت۔ احمد تیرا دھرم پتا ہے جسے ہم لوگ تھیوڈورا کہتے ہیں۔ اور وردھا استری تیری ماتا ہے جس نے اپنے ہاتھوں سے تیرے لیے ایک سفید وستر تیار کیا ہے اس کا نام نیتی دا ہے۔ یہ اس جنم میں غلام ہے۔ پر سورگ میں یہ پربھو مسیح کی پریسی بنے گی۔

تب اس نے تھالیس سے پوچھا۔ تھالیس، کیا تو ایشور پر، جو ہم سب کا پرم پتا ہے۔ اس کے اکلوتے پتر پربھو مسیح پر جس نے ہماری مکتی کے پران آرپن کیے اور مسیح کے شیشوں پر وشواس کرتی ہے؟

حبشی اور حبشن ایک سور میں کہا۔ ہاں۔

تب بشپ کے آدیش سے نیتی دا نے تھالیس کے کپڑے اتارے۔ وہ نگن ہوگئی۔ اس کے گلے میں کیول ایک ینتر تھا۔ بشپ نے اسے تین بار جل کنڈ میں غوطہ دیا اور تب نیتی دا نے دیہہ کا پانی پونچھ کر اپنا سفید وستر پہنا دیا۔ اس پرکار وہ بالیکا عیسیٰ شرن میں آئی جو کتنی پریکشھاؤں اور پرلوبھنوں کے بعد جیون پراپت کرنے والی تھی۔

جب یہ سنسکار سماپت ہوگیا اور سب لوگ کھوہ کے باہر نکلے تو احمد نے بشپ سے کہا۔ پوجیے پتا، ہمیں آج آنند منانا چاہیے کیونکہ ہم نے ایک آتما کو پربھو مسیح کے چرنوں میں سمرپت کیا۔ آگیا ہو تو ہم آپ کے شبھ استھان پر چلیں اور شیش راتری اتسو منانے میں کاٹیں۔

بشپ نے پرسنتا سے اس پرستاؤ کو سویکار کیا۔ لوگ بشپ کے گھر آئے۔ ان میں کیول ایک کمرہ تھا۔ دو چرخے رکھے ہوئے تھے اور ایک پھٹی ہوئی دری بچھی تھی۔ جب یہ لوگ اندر پہنچے تو بشپ نے نیتی دا سے کہا۔ چولہا اور تیل کی بوتل لاؤ۔ بھوجن بنائیں۔

یہ کہہ کر اس نے کچھ مچھلیاں نکالیں، انھیں تیل میں بھونا، تب سب کے سب فرش پر بیٹھ کر بھوجن کرنے لگے۔ بشپ نے اپنی ینتراؤں کا ورتانت کہا اور عیسائیوں کی وجے پر وشواس پرکٹ کیا۔ اس کی بھاشا بہت ہی پیچ دار، النکرت، الجھی ہوئی تھی۔ تتوکم، شبداڈمبر بہت تھا۔ تھالیس منتر مگدھ سی بیٹھی سنتی رہی۔

بھوجن سماپت ہو جانے پر بشپ نے مہمانوں کو تھوڑی سی شراب پلائی۔ نشہ چڑھا تو وہ بہک بہک کر باتیں کرنے لگے۔ ایک چھن کے بعد احمد اور نیتی دا نے ناچنا شروع کیا۔ یہ پریت نرتیہ تھا۔ دونوں ہاتھ ہلا ہلا کر کبھی ایک دوسرے کی طرف لپکتے، کبھی دور ہٹ جاتے جب سویرا ہونے میں تھوڑی دیر رہ گئی تو احمد نے تھالیس کو پھر گود میں اٹھایا اور گھر چلا آیا۔

انیہ بالکوں کی بھانتی تھالیس بھی آمود پریہ تھی۔ دن بھر وہ گلیوں میں بالکوں کے ساتھ ناچتی گاتی رہتی تھی۔ رات گھر آتی تب وہ بھی وہ گیت گایا کرتی، جن کا سر پیر کچھ نہ ہوتا۔

اب اسے احمد جیسے شانت سیدھے سادھے آدمی کی اپیکشھا لڑکے لڑکیوں کی سنگتی ادھک روچی کر معلوم ہوتی۔! احمد بھی اس کے ساتھ کم دکھائی دیتا تھا۔ عیسائیوں پر اب

بادشاہ کی کر وردرشٹی نہ تھی۔ اس لیے وہ ابادھ روپ سے دھرم -سبھائیں کرنے لگے تھے۔ دھرم نشٹھ احمد ان -سبھاؤں میں سمّیلت ہونے سے کبھی نہ چوکتا۔ اس کا دھرم اتساہ دنوں دن بڑھنے لگا۔ کبھی کبھی وہ بازار میں عیسائیوں کو جمع کر کے انھیں آنے والے سکھوں کی شبھ سوچنا دیتا۔ اس کی صورت دیکھتے ہی شہر کے بھکاری مزدور، غلام، جن کا کوئی آشریے نہ تھا۔ جو راتوں میں سڑک پر سوتے تھے، ایکترت ہوجاتے اور وہ ان سے کہتا۔ غلاموں کے مکت ہونے کے دن نکٹ ہیں، نیائے جلد آنے والا ہے، دھن کے متوالے چین کی نیند نہ سوسکیں گے، اور دھنی لوگ کتّے کی بھانتی دبکے ہوئے میز کے نیچے بیٹھے رہیں گے اور ان کا جھوٹن کھائیں گے۔

یہ شبھ سندیش شہر کے کونے کونے میں گونجنے لگتا اور دھنی سوامیوں کو شنکا ہوتی کہ کہیں ان کے غلام اتیجت ہوکر بغاوت نہ کر بیٹھے۔ تھالیس کا پتا بھی اس سے جلا کرتا تھا۔ وہ کُتسِت بھاؤں کو گپت رکھتا۔

ایک دن چاندی کا ایک نمک دان جو دیوتاؤں کے یکیہ کے لیے الگ رکھا ہوا تھا، چوری ہوگیا۔ احمد ہی اپرادھی ٹھہرایا گیا۔ اوشیہ اپنے سوامی کو ہانی پہچانے اور دیوتاؤں کا اپمان کرنے کے لیے اس نے یہ ادھرم کیا ہے ! چوری کو ثابت کرنے کے لیے کوئی پرمان نہ تھا اور احمد پکار پکار کر کہتا تھا۔ مجھ پر ویرتھ ہی یہ دوشروپن کیا جاتا ہے۔تس پر بھی وہ عدالت میں کھڑا کیا گیا۔ تھالیس کے پتا نے کہا، یہ کبھی من لگا کر کام نہیں کرتا۔ نیائے دھیش نے اسے پران دنڈ کا حکم دے دیا۔ جب احمد عدالت سے چلنے لگا تو نیائے دھیش نے کہا۔ اپنے ہاتھوں سے اچھی طرح کام نہیں لیا اس لیے اب یہ صلیب میں ٹھونک دیے جائیں گے۔

احمد نے شانتی پُوروک فیصلہ سنا، دیغتا سے نیائے دھیش کو پرنام کیا اور تب کاراگار میں بند کر دیا گیا۔ اس کے جیون کے کیول تین دن اور تھے اور تینوں دن یہ قیدیوں کو اپدیش دیتا رہا۔ کہتے ہیں اس کے اپدیشوں کا ایسا اثر پڑا کہ سارے قیدی اور جیل کے کرمچاری مسیح کی شرن میں آگئے۔ یہ اس کے اوی چل دھرم انوراگ کا پھل تھا۔

چوتھے دن وہ اسی استھان پر پہنچایا گیا جہاں سے دو سال پہلے تھالیس کو گود میں لیے وہ بڑے آنند سے نکلا تھا۔ جب اس کے ہاتھ صلیب پر ٹھونک دیئے گئے، تو اس نے ''اُف'' تک نہ کیا اور ایک بھی اپشبد اس کے منہ سے نہ نکلا! انت میں بولا۔ میں پیاسا ہوں !

تین دن اور تین رات سے اسہائے پران پیڑا بھوگنی پڑی۔ مانو شریر اتنا دوسہ انگ

وِچھید سہ سکتا ہے، اسمبھو سا پرتیت ہوتا تھا۔ بار بار لوگوں کو خیال ہوتا تھا کہ وہ مر گیا، مکھیاں آنکھوں پر جمع ہو جاتیں، کنتو سہسا اس کے رکت ورن نیتر کھل جاتے تھے۔ چوتھے دن پراتہ کال اس نے بالکوں کے سے سرل اور مردوسور میں گانا شروع کیا۔ مریم بتا تو کہاں گئی تھی اور وہاں کیا دیکھا ؟تب اس نے مسکرا کر کہا۔

وہ سورگ کے دوت تجھے لینے کو آرہے ہیں، ان کا مکھ کتنا تیجسوی ہے۔ وہ اپنے ساتھ پھل اور شراب لیے آتے ہیں۔ ان کے پَروں سے کیسی نرمل، سکھد وایو چل رہی ہے۔

اور یہ کہتے کہتے اس کا پران انت ہوگیا۔

مرنے پر بھی اس کا مکھ منڈل آتم الآس سے اودیپت ہو رہا تھا۔ یہاں تک کہ وہ سپاہی بھی جو صلیب کی رکھشا کر رہے تھے، وسمت ہو گئے۔ بشپ جیون نے آکرشو کا مرتک سنسکار کیا اور عیسائی سمودائے نے مہاتما تھیوڈور کی کیرتی کو پرموجول اکشروں میں انکِت کیا۔

احمد کے پران دنڈ کے سے تھالیس کا گیارہواں ورش پورا ہو چکا تھا۔ اس گھٹنا سے اس کے ہردے کو گہرا صدمہ پہنچا۔ اس کی آتما ابھی اتنی پوتر نہ تھی کہ وہ احمد کی مرتیو کو اس کے جیون کے سمان ہی مبارک سمجھتی، اس کی مرتیو کو اُدھار سمجھ کر پرسنیہ ہوتی۔ اس کے ابھود من میں یہ بھرانت بیج اُتپنّ ہوا کہ اس سنسار میں وہی پرانی دیا دھرم کا پالن کر سکتا ہے جو کٹھن سے کٹھن یاتنائیں سہنے کے لیے تیار رہے یہاں تجتنا کا دنڈ اوشیہ ملتا ہے اسے ستکرم سے بھے ہوتا تھا۔ کہیں میری بھی یہی دشا نہ ہو۔ اس کا کومل شریر پیڑا سہنے سے اسمرتھ تھا۔

وہ چھوٹی ہی عمر میں بادشاہ کے یووکوں کے ساتھ کیریڑا کرنے لگی۔ سندھیا سمے وہ بوڑھے آدمیوں کے پیچھے لگ جاتی اور ان سے کچھ نہ کچھ لے مرتی تھی۔ اس بھانتی جو کچھ ملتا اس سے مٹھائیاں اور کھلونے مول لیتی۔ پر اس کی لوبھنی ماتا چاہتی تھی کہ وہ جو کچھ پائے وہ مجھے دے۔ ماتا کی مار سے بچنے کے لیے وہ بہودا گھر سے بھاگ جاتی اور شہر پناہ کی دیوار کی دراروں میں ونیہ جنتوؤں کے ساتھ چھپی رہتی۔

ایک دن اس کی ماتا نے اسے اتنی نردیتا سے پیٹا کہ وہ گھر سے بھاگی اور شہر کے پھاٹک کے پاس چپ چاپ پڑی سسک رہی تھی کہ ایک بڑھیا اس کے سامنے جاکر کھڑی ہو گئی۔ وہ تھوڑی دیر تک مگدھ بھاو سے اس کی اور تاکتی رہی اور تب بولی۔ او میری گلاب،

میری گلاب، میری پھول سی بچی! دھنیہ ہے تیرا پتا، جس نے تجھے پیدا کیا اور دھنیہ ہے تیری ماتا جس نے تجھے پالا۔

تھالیس چپ چاپ بیٹھی زمین کی اور دیکھتی رہی۔ اس کی آنکھیں لال تھی، وہ رو رہی تھی۔

بڑھیا نے پھر کہا۔ میری آنکھوں کی پتلی، منّی، کیا تیری ماتا تجھ جیسی دیوکنیا کو پال پوس کر آنند سے پھول نہیں جاتی، اور تیرا پتا تجھے دیکھ کر گورو سے انمت نہیں ہوجاتا؟

تھالیس نے اس طرح بھن بھنا کر اتر دیا، مانو من ہی میں کہہ رہی ہے۔ میرا باپ شراب سے پھولا ہوا پیپا ہے اور ماتا رکت چوسنے والی جونک ہیں۔

بڑھیا نے دائیں بائیں دیکھا کہ کوئی سن تو نہیں رہا ہے، تب نِشّنک ہوکر اتینت مِردُو کنٹھ سے بولی— ارے میری پیاسی آنکھوں کی جیوتی، او میری کھلی ہوئی گلاب کی کلی میرے ساتھ چلو، کیوں اتنا کشٹ سہتی ہو؟ ایسے ماں باپ کو جھاڑ مارو، میرے یہاں تمھیں ناچنے اور ہنسنے کی سوائے اور کچھ نہ کرنا پڑے گا۔ میں تمھیں شہد کے رس گلّے کھلاؤں گی اور میرا بیٹا تمھیں آنکھوں کی پتلی بنا کر رکھے گا، وہ بڑا سندر سجیلا جوان ہے، اس کی داڑھی پر ابھی بال بھی نہیں نکلے، گورے رنگ کا کومل سوبھاؤ کا پیارا لڑکا ہے۔

تھالیس نے کہا۔ میں شوق سے تمھارے ساتھ چلوں گی اور اٹھ کر بڑھیا کے پیچھے شہر کے باہر چلی گئی۔

بڑھیا کا نام میرا تھا۔ اس کے پاس کئی لڑکے لڑکیوں کی ایک منڈلی تھی۔ انھیں اس نے ناچنا، گانا، نقلیں کرنا سکھایا تھا۔ اس منڈلی کو لے کر وہ نگر نگر گھومتی تھی، اور امیروں کے جلسوں میں اب ان کا ناچ گانا کرا کے اچھا پُرسکار لیا کرتی تھی۔

اس کی چتر آنکھوں نے دیکھ لیا کہ یہ کوئی سادھارن لڑکی نہیں ہے۔ اس کا اٹھان کہہ دیتا تھا کہ آگے چل کر وہ اتینت روپ وتی رمنی ہوگی، اس نے اسے کوڑے مار کر سنگیت اور پنگل کی شکھشا دی۔ جب ستار کے تالوں کے ساتھ اس کے پیر نہ اٹھتے تو وہ اس کی کومل پنڈلیوں میں چمڑے کے تسمے سے مارتی۔ اس کا پتر جو ہجڑا تھا، تھالیس سے دویش رکھتا تھا، جو اسے استری ماتر سے تھا۔ پر وہ ناچنے میں نقل کرنے میں، منوگت بھاووں کو سنکیت سین، آکریتی دوارا ویکت کرنے میں، پریم کی کھاتوں کے درشانے میں، اتینت کُشل تھا۔ ہجڑوں

میں یہ گن پرایہ ایشور دت ہوتے ہیں۔ اس نے تھالیس کو یہ وِدیا سکھائی، خوشی سے نہیں، بلکہ اس لیے اس ترکیب سے وہ جی بھر کر تھالیس کو گالیاں دے سکتا تھا۔ جب اس نے دیکھا کہ تھالیس ناچنے گانے میں نپورن ہوتی جاتی ہے اور رسک لوگ اس کے نرتیہ گان سے جتنے مگدھ ہوتے ہیں۔ اتنا میرے نرتیہ کوشل سے نہیں ہوتے تو اس کی چھاتی پر سانپ کاٹنے لگا۔ وہ اس کے گالوں کو نوچ لیتا، اس کے ہاتھ پیر میں چٹکیاں کاٹتا۔ پر اس کی جلن سے تھالیس کو لیش ماتر بھی دُکھ نہ ہوتا تھا۔ نردیے ویوہار کا اسے ابھیاس ہو گیا تھا۔ اَنتی یوکس اس سمے بہت آباد شہر تھا۔ میرا جب اس شہر میں آئی تو اس نے رئیسوں سے تھالیس کی خوب پرشنسا کی۔ تھالیس کا روپ لاونیہ دیکھ کر لوگوں نے بڑے چاو سے اسے اپنی راگ رنگ کی مجلسوں میں نیمنترت کیا، اور اس کے نرتیہ گان پر موہت ہو گئے۔ شنے شنے یہی اس کا نتیہ کا کام ہو گیا۔ نرتیہ گان سماپت ہونے پر وہ پرایہ سیٹھ ساہوکاروں کے ساتھ ندی کے کنارے، گھنے کنجوں میں وہار کرتی۔ اس سمے تک اسے پریم کے مولیہ کا گیان نہ تھا۔ جو کوئی بلاتا اس کے پاس جاتی، مانو کوئی جوہری کا لڑکا دھن راشی کو کوڑیوں کی بھانتی لٹا رہا ہو۔ اس کا ایک ایک کٹا کچھ ہردے کو کتنا اُدّگن کر دیتا ہے، اس کا ایک ایک کر اسپرش کتنا رومانچ کاری ہوتا ہے، یہ اس کے اگیات یوون کو ودِت نہ تھا۔

ایک رات کو اس کا مجرا نگر کے سب سے دھنی رسیک یووکوں کے سامنے ہوا۔ جب نرتیہ بند ہوا تو نگر کے پردھان راجیہ کرم چاری کا بیٹا، جوانی کی امنگ اور کام چیتنا سے وہیول ہو کر اس کے پاس آیا اور ایسے مدھر سور میں بولا جو پریم رس میں سنی ہوئی تھی۔

تھالیس یہ میرا پرم سوبھاگیہ ہوتا۔ یدی تیرے الکوں میں گونتھی ہوئی پشپ مالا یا تیرے کومل شریر کا آبھوشن، اتھوا تیرے چرنوں کی پاؤکا میں ہوتا۔ یہ میری پرم لالسا ہے کہ پاؤکا کے بھانتی تیرے سندر چرنوں سے کچلا جاتا، میرا پریم آلنگن تیرے سکومل شریر کا آبھوشن اور تیری الک راشی کا پشپ ہوتا۔ سندری رمنی، میں پرانوں کو ہاتھ میں لیے تیری بھینٹ کرنے کو اتسک ہو رہا ہوں۔ میرے ساتھ چل اور ہم دونوں پریم میں مگن ہو کر سنسار کو بھول جائیں۔

جب تک وہ بولتا رہا، تھالیس اس کی اور وِسمِت ہو کر تاکتی رہی۔ اسے گیات ہوا کہ اس کا روپ منوہر ہے۔ اکسمات اسے اپنے ماتھے پر ٹھنڈا پسینہ بہتا ہوا جان پڑا۔ وہ ہری گھاس کی بھانتی آدر ہو گئی۔ اس کے سر میں چکر آنے لگے، آنکھوں کے سامنے میگھ گھٹا سی اٹھتی

ہوئی جان پڑی۔ یووک نے پھر وہی پریم آکانکشھا پرکٹ کی، لیکن تھالیس نے پھر انکار کیا۔ اس کے آنٹر نیتر، اس کی پریم یاچنا سب نشپھل ہوئی، اور جب اس نے ادھیر ہو کر اسے اپنی گود میں لے لیا اور بلات کھینچ لے جانا چاہا تو اس نے نشٹھرتا سے اسے ہٹا دیا۔ تب وہ اس کے سامنے بیٹھ کر رونے لگا۔ پر اس کے ہردے میں ایک نوین، اگیات اور الکشھت چیتنیتا اُدِت ہوگئی تھی۔ وہ اب بھی دُراگرہ کرتی رہی۔

مہمانوں نے سنا تو بولے۔ یہ کیسی پگلی ہے؟لولس کولین، روپ وان، دھنی ہے، اور یہ ناچنے والی یووتی اس کا اپمان کرتی ہے!

لولس اس رات گھر لوٹا تو پریم مد سے متوالا ہو رہا تھا۔ پراتہ کال وہ پھر تھالیس کے گھر آیا، تو اس کا مُکھ وِورن اور آنکھیں لال تھیں، اس نے تھالیس کے دوار پر پھولوں کی مالا چڑھائی۔ لیکن تھالیس بھے بھِت اور اشانت تھی، اور لولس سے منہ چھپاتی رہتی تھی۔ پھر بھی لولس کی سمرتی ایک چھن کے لیے بھی اس کی آنکھوں سے نہ اترتی۔ اسے ویدنا ہوتی تھی پر وہ اس کا کارن نہ جانتی تھی۔ اسے آشچر یہ ہوتا تھا کہ میں اتنی کھِن اور انیہ منسک کیوں ہو گئی ہوں۔ یہ انیہ سب پریمیوں سے دور بھاگتی تھی۔ ان سے اسے گھرنا ہوتی تھی۔ اسے دن کا پرکاش اچھا نہ لگتا، سارے دن اکیلے بچھاون پر پڑی، تکیے میں منہ چھپائے رویا کرتی۔ لولس کئی بار کسی نہ کسی یکتی سے اس کے پاس پہنچا، پر اس کا پریما گرہ، رونا دھونا، ایک بھی اسے نہ پگھلا سکا۔ اس کے سامنے وہ تاک نہ سکتی، کیول یہی کہتی۔نہیں، نہیں۔

لیکن ایک پکھش کے بعد اس کی ضد جاتی رہی۔ اسے گیات ہوا کہ میں لولس کے پریم پاش میں پھنس گئی ہوں۔ وہ اس کے گھر گئی اور اس کے ساتھ رہنے لگی۔ اب ان کے آنند کی سیما نہ تھی۔ دن بھر ایک دوسرے سے آنکھیں ملائے بیٹھے پریمالاپ کیا کرتے تھے۔ سندھیا کو ندی کے نیرونرجن تٹ پر ہاتھ میں ہاتھ ڈالے ٹہلتے۔ کبھی کبھی آرون اُدے کے سمے اٹھ کر پہاڑیوں پر سنبل کے پھول بٹورنے چلے جاتے۔ ان کی تھالی ایک تھی۔ پیالہ ایک تھا، میز ایک تھی۔ لولس اس کے منہ کے انگور نکال کر اپنے منہ میں کھا جاتا۔

تب میرا لولس کے پاس آکر رونے پیٹنے لگی کہ میری تھالیس کو چھوڑ دو۔ وہ میری بیٹی ہے، میری آنکھوں کی پتلی! میں نے اسی اودر سے اسے نکالا، اس گود میں اس کا لالن پالن کیا اور اب تو اسے میری گود سے چھین لینا چاہتا ہے۔

لولس نے اسے پرچُر دھن دے کر ودا کیا، لیکن جب وہ دھن ترشنا سے لولُپ ہو کر پھر آئی تو لولس نے اسے قید کرا دیا۔ نیائے ادھیکاریوں کو گیات ہوا کہ وہ کٹنی ہے، بھولی لڑکیوں کو بہکا لے جانا ہی اس کا ادھم ہے تو اسے پران دنڈ دے دیا اور وہ جنگلی جانوروں کے سامنے پھینک دی گئی۔

لولس اپنی اکھنڈ سمپورن کامنا سے تھالیس کو پیار کرتا تھا۔ اس کی پریم کلپنا نے ویراٹ روپ دھارن کر لیا تھا، جس سے اس کی کشور چیتنا سنشک ہو جاتی تھی۔ تھالیس انتہ کرن سے کہتی، 'میں نے تمھارے سوائے اور کسی سے پریم نہیں کیا۔'

لولس جواب دیتا۔ تم سنسار میں ادوتیہ ہو۔ دونوں پر چھ مہینے تک یہ نشہ سوار رہا۔ انت میں ٹوٹ گیا۔ تھالیس کو ایسا جان پڑتا کہ میرا ہردے شونیہ اور نرجن ہے۔ وہاں سے کوئی چیز غائب ہو گئی ہے۔ لولس اس کی درشٹی میں کچھ اور معلوم ہوتا تھا۔ وہ سوچتی۔ مجھ میں سہسا یہ انتر کیوں ہو گیا؟ یہ کیا بات ہے کہ لولس اب اور منشیوں کا سا ہو گیا ہے۔ اپنا سا نہیں رہا؟ مجھے کیا ہو گیا ہے؟

ڈالنے کے لیے مندبدھی آدم کونہیں ؛ بلکہ چنچنے شیل حوّا کو پسند کیا، جو پنچھتروں سے اجول اور دودھ سے اسنگدھ تھی۔ حوّا نے سرپ کے اپدیش کو سہرش سنا اور گیان ورکھش کے سمیپ جانے پر تیار ہو گئی، جس کی شاکھائیں سورگ تک سر اٹھائے ہوئے تھیں اور جو ایشور یہ دیا سے اس بھانتی آچھا دِت تھا، مانو اوس کی بوندوں میں نہایا ہوا ہو۔ اس ورکھش کی پتیاں سمست سنسار کے پرانیوں کی بولیاں بولتی تھیں اور ان کے شبدوں کے سم مشرن سے اتینت مدھر سنگیت کی دھونی نکلتی تھی۔ جو پرانی اس کا پھل کھاتا تھا، اسے کھنج پدارھاتوں کا، پتھروں کا، ونپستیوں کا، پراکرتِک اور نیتک نیموں کا سمپورن گیان پراپت ہو جاتا تھا، لیکن اس کے پھل اگنی کے سمّان تھے اور سنشیا تما بھیرو پرانی بھے وش اسے اپنے ہونٹوں پر رکھنے کا ساہس نہ کر سکتے تھے۔ پر حوا نے تو سرپ کے اپدیشوں کو بڑے دھیان سے سنا تھا اس لیے اس نے ان نرمول شنکاؤں کو تچھ سمجھا اور اس پھل کو چکھنے پر ادھسیت ہو گئی، جس سے ایشور گیان پراپت ہو جاتا تھا۔ لیکن آدم کے پریم سوتر میں بندھے ہونے کے کارن اسے یہ کب سویکار ہو سکتا تھا کہ اس کا پتی اس سے ہین دشا میں رہے۔ اگیان کے اندھکار میں پڑا رہے۔ اس نے پتی کا ہاتھ پکڑا اور گیان ورکھش کے پاس آئیں۔ تب اس نے یا یک تپتا ہوا پھل اٹھایا، اسے تھوڑا سا کاٹ کر کھایا اور شیش اپنے جیونگی کو دے دیا۔ مصیبت وہ ہوئی کہ آئی دے اسی سمے باغیچے میں ٹہل رہا تھا جیوں ہی حوا نے پھل اٹھایا، وہ اچانک ان کے سر پر آپہنچا اور جب اسے گیات ہوا کہ ان پرانیوں کے گیان چکچھو کھل گئے ہیں تو اس کے کرودھ کی جوالا دہک اٹھی۔ اپنی سمگر سینا کو بلا کر اس نے پرتھوی کے گربھ میں ایسا بھینکر اتپات مچایا کہ یہ دونوں شکتی ہین پرانی تھر تھر کانپنے لگے۔ پھل آدم کے ہاتھ سے چھوٹ پڑا اور حوا نے اپنے پتی کی گردن میں ہاتھ ڈال کر کہا۔ میں بھی اگیانی بنی رہوں گی اور اپنے پتی کی وپتی میں اس کا ساتھ دوں گی۔ وجئی آئی دے آدم اور حوا اور ان کی بھوشیہ سنتانوں کو بھے اور کاپوروشتا کی دشا میں رکھنے لگا۔ وہ بڑا کلانیدھی تھا۔ وہ بڑے ورہدآکار آکاش وجروں کے بنانے میں سدھ ہست تھا۔ اس کے کلا نپُن نے سرپ کے شاستر کو پراست کر دیا ات ایو اس نے پرانیوں کو مورکھ، انیایائی، نردے بنا دیا اور سنسار میں نکرم کا سکہ چلا دیا۔ تب سے لاکھوں ورش ویتیت ہو جانے پر بھی منشیہ نے دھرم پتہ نہیں پایا۔ یونان کے کتپیہ ودوانوں تتھا مہاتماؤں نے اپنے بدھی بل سے اس مارگ کو کھوج نکالنے کا پریتن کیا۔ پیتھاگورس، پلیٹو آدی تتو گیانیوں کے ہم

سدیو رِنی رہیں گے، لیکن وہ اپنے پریتن میں سپھلی بھوت نہیں ہوئے، یہاں تک کہ تھوڑے دن ہوئے ناصرہ کے عیسو نے اس پتھ کو منشیہ ماتر کے لیے کھوج نکالا۔

ڈورین۔ اگر میں آپ کا آشیے ٹھیک سمجھ رہا ہوں تو آپ نے یہ کہا ہے کہ جس مارگ کو کھوج نکالنے میں یونان کے تتوگیانیوں کو سپھلتا نہیں ہوئی، اسے عیسو نے کن سادھنوں دوارا پا لیا؟ کن سادھنوں کے دوارا وہ مکتی گیان پراپت کر لیا جو پلیٹو آدی آتم درشی مہاپروشوں کو نہ پراپت ہو سکا۔؟

جینا تھیمز۔ مہاشیے ڈورین کیا وہ بار بار بتلانا پڑے گا کہ بدھی اور ترک ودھیا پراپتی کے سادھن ہیں، کنتو پراودھیا آتمولا س دوارا ہی پراپت ہوسکتی ہے۔پلیٹو، پیتھا گورس، ارسطو آدی مہاتماؤں میں اپار بدھی شکتی تھی، پر وہ ایشور کی اس اننیہ بھکتی سے ونچت تھے۔جس میں عیسو سرابور تھے۔ان میں وہ تمیتا نہ تھی جو پربھو مسیح میں تھی۔

ہرموڈورس۔ جینا تھیمز، تمھارا یہ کتھن سرورتھا ستیہ ہے کہ جیسے دوب اوس پی کر جیتی اور پھیلتی ہے، اسی پرکار جیو آتما کا پوشن پرم آنند دوارا ہوتا ہے۔لیکن ہم اس کے آگے بھی جا سکتے ہیں اور کہہ سکتے ہیں کہ کیول بدھی ہی میں پرم آنند بھوگنے کی چھمتا ہے۔منشیہ میں سروپردھان بدھی ہی ہے۔ پنچ بھوتوں کا بنا ہوا شریر تو جڑ ہے،جیو آتما ادھِک سوکچھم ہے،پر وہ بھی بھوتک ہے،کیول بدھی ہی نرویکار اور اکھنڈ ہے۔جب یہ بھون روپی شریر سے پرستھان کر کے، جو اکسمات نرجن اور شونیے ہوگیا ہو۔آتما کے رمنک اودھان میں وچرن کرتی ہوئی ایشور میں ساویشٹ ہو جاتی ہے تو وہ پورونشچت مرتیو یا پونرجنم کے آنند اٹھاتی ہے، کیونکہ جیون اور مرتیو میں کوئی انترنہیں، اور اس اوستھا میں اسے سورگیے پاوتریہ میں مگن ہو کر پرم آنند اور سنپورن گیان پراپت ہوجاتا ہے۔ وہ اس میں ایکہ پرِوشٹ ہو جاتی ہے جو سرووياپی ہے۔ اسے پرم پد یا سدھی پراپت ہو جاتی ہے۔

نسیاس۔ بڑی ہی سندر ییکتی ہے۔لیکن ہرموڈورس، سچی بات تو یہ ہے کہ مجھے ''استی'' اور ''ناسیت'' میں کوئی بھنیتا نہیں دکھتی۔ شبدوں میں اس بھنیتا کو ویکت کرنے کی سامتھر یہ نہیں ہے۔''اننت'' اور ''شونیہ'' کی سامانتا کتنی بھیاوہ ہے۔ دونوں میں سے ایک بھی بدھی گراہ نہیں ہے۔ مستشک ان دونوں ہی کی کلپنا میں اسمرتھ ہے۔میرے وچار میں تو جس پرم پد یا موکھش کی آپ نے چرچا کی ہے وہ بہت ہی مہنگی وستو ہے۔ اس کا مولیہ ہمارا سمست جیون، نہیں،

ہمارا استتو ہے۔ اسے پراپت کرنے کے لیے ہمیں پہلے اپنے استتو کو مٹا دینا چاہئے۔ یہ ایک ایسی وپتی ہے جس سے پرمیشور بھی مکت نہیں، کیوں کہ درشنوں کے گیاتا اور بھکت اسے سمپورن اور سدھ پرمانت کرنے میں ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں۔ سارانش یہ ہے کہ یدی ہمیں، 'اِست،' کا کچھ بودھ نہیں تو، 'ناستی' سے بھی ہم اتنے ہی انبھگیہ ہیں۔ ہم کچھ جانتے ہی نہیں۔

کوٹا۔ مجھے بھی درشن سے پریم ہے اور اوکاش کے سمے اس کا ادھیین کیا کرتا ہوں۔لیکن اس کی باتیں میری سمجھ میں نہیں آتیں۔ ہاں، سسروں کے گرنتھوں میں اودشیہ اسے خوب سمجھ لیتا ہوں، راسو، کہاں مر گئے، مدھومشرت وستو پیالوں میں بھرو۔

کلی کرانت۔ یہ ایک وچتر بات ہے، لیکن نہ جانے کیوں جب میں چھدھاتر ہوتا ہوں تو مجھے ان ناٹک رچنے والے کویوں کی یاد آتی ہے جو بادشاہوں کی میز پر بھوجن کیا کرتے تھے اور میرے منہ میں پانی بھر آتا ہے۔لیکن جب میں وہ سدھارس پان کر کے ترپت ہو جاتا ہوں، جس کی مہاشیہ کوٹا کے یہاں کوئی کمی نہیں معلوم ہوتی، اور جس کے پلانے میں وہ اتنے اُدّار ہیں،تو میری کلپنا ویررس میں مگن ہو جاتی ہے، یودھاؤں کے ویرچریتر آنکھوں میں پھرنے لگتے ہیں،گھوڑوں کی ٹاپوں اور تلوار کی جھنکاروں کی دھونی کان میں آنے لگتی ہے۔ مجھے لجّا اور کھید ہے کہ میرا جنم ایسی ادھوگتی کے سمے ہوا۔وِوش ہوکر میں بھاونا کے ہی دوارا اس رس کا آنند اٹھاتا ہوں، سودھینتا۔ دیوی کی ارادھنا کرتا ہوں اور ویروں کے ساتھ سویم ویرگتی پراپت کر لیتا ہوں۔

کوٹا۔ روم کے پرجاستاتمک راجیہ کے سمئے میرے پرکھوں نے بروٹس کے ساتھ اپنے پران سوادھینتا دیوی کی بھینٹ کیے تھے۔لیکن یہ انومان کرنے کے لیے پرمانوں کی کمی نہیں ہے کہ روم نیواسیوں جسے سوادھینتا کہتے تھے، وہ کیول اپنی ویوستھا آپ کرنے کا۔ اپنے اوپر آپ شاسن کرنے کا ادھیکار تھا۔میں سویکار کرتا ہوں کہ سوادھینتا سروتم وستو ہے،جس پر کسی راشٹر کو گورو ہو سکتا ہے۔ لیکن جیوں جیوں میری آیو گزرتی جاتی ہے اور انوبھو بڑھتا جاتا ہے، مجھے وشواس ہوتا ہے کہ ایک سشکت اور سوویوستھت شاسن ہی پرجا کو یہ گورو پردان کر سکتا ہے۔گت چالیس ورشوں سے میں بھن بھن اُچ پدوں پر راجیہ کی سیوا کر رہا ہوں اور میرے دیرگھ انوبھو نے سدھ کر دیا ہے کہ جب شاسک شکتی نربل ہوتی ہے،تو پرجا کو انیائیوں کا شکار

ہونا پڑتا ہے۔ات ایو وہ وانی کُشل، زمین اور آسمان کے قلابے ملانے والے ویاکھیاتا جو شاسن کو نربل اور اپنگ بنانے کی چیشٹھا کرتے ہیں، اتینت نندنیہ کاریے کرتے ہیں۔ ایک سوتچھا چاری شاسک جو اپنی ہی اِچھا کے انوسار راجیہ کا سنچالن کرتا ہے، سمبھوتہ کبھی کبھی پرجا کو گھور سنکٹ میں ڈال دیتا ہے، لیکن اگر وہ پرجامت کے انوسار شاسن کرتا ہے تو پھر اس کے وِش کا منتر نہیں وہ ایسا روگ ہے۔ جس کی اوشدھی نہیں،روم راجیہ کے شستر بل دوارا سنسار میں شانتی استھاپت ہونے سے پہلے، وہی راشٹر سکھی اور سمرِدھ تھے۔جن کا ادھیکار کُسل وچارشیل سوتچھا چاری راجاؤں کے ہاتھ میں تھا۔

ہرموڈورس۔ مہاشیے کوٹا، میرا تو وچار ہے کہ سوویوستھت شاسن پدیتی کیول ایک کلپت وستو ہے اور ہم اسے پراپت کرنے میں سپھل نہیں ہو سکتے، کیوں کہ یونان کے لوگ بھی، جو سبھی وشیوں میں اتنے نپورن اور دکھش تھے، نردوش شاسن پرنالی کا اوِر بھاؤ نہ کرسکے۔ ات ایو اس وشے میں ہمیں سپھل ہونے کی کوئی آشا بھی نہیں۔ ہم اتی دور بھوشیے میں اس کی کلپنا نہیں کرسکتے۔ نربھرانت لکشنوں سے پرکٹ ہو رہا ہے کہ سنسار شیگھر ہی مورکھتا اور بربرتا کے اندھکار میں مگن ہوا چاہتا ہے۔کوٹاہمیں اپنے جیون میں انھی آنکھوں سے بڑی بڑی بھینکر درگھٹنائیں دیکھنی پڑی ہیں۔وِدیا، بدھی اور سداچرن سے جتنی مانسک سانتو نائیں اپلبدھ ہو سکتی ہیں،ان میں اب جوشیش رہ گیا ہے وہ یہی ہے کہ اُدھہ پتن کا شوک درشیہ دیکھیں۔

کوٹا۔ مِترور، یہ ستیہ ہے کہ جنتا کی سوارتھ پرتا اور اسبھیہ ملیچھوں کی اُدنڈتا، نِتانت بھینکر سمبھاونائیں ہیں، لیکن یدی ہمارے پاس سدڑھ سینا، سوسنگھٹ ناوِک شکتی اور پرچر دھن بل ہو تو۔

ہرموڈورس۔ وتس، کیوں اپنے کوبھرم میں ڈالتے ہو؟ یہ مرناسنّ سامراجیہ ملیچھوں کے پشو بل کا سامنا نہیں کرسکتا۔ ان کا پتن اب دور نہیں ہے۔ آہ! وہ نگر جنھیں یونان کی وِلکشن بدھی یا رومن واسیوں کے انوپم دھیریے نے نرمت کیا تھا۔شیگھر ہی مدونمت نرپشوؤں کے پیروں تلے روندیں جائیں گے، لوٹیں گے اور ڈھائے جائیں گے۔ پرتھوی پر نہ کلا کوشل کا چنہہ رہ جائے گا، نہ درشن کا، نہ وگیان کا۔ دیوتاؤں کی منوہر پرتی مائیں دیوالیوں میں تہس نہس کر دی جائیں گی۔ مانو ہردے میں بھی ان کی سمرتی نہ رہے گی۔ بدھی پر اندھکار چھا جائے گا اور یہ بھومنڈل اسی اندھکار میں ولین ہو جائے گا۔ کیا ہمیں یہ آشا ہو سکتی ہے کہ ملیچھ

جاتیاں سنسار میں سوبدھی اور سنیتی کا پرسار کریں گی؟ کیا جرمن جاتی سنگیت اور وگیان کی اپاسنا کرے گی؟ کیا عرب کے پشو امر دیوتاؤں کا سمان کریں گے؟ کداپی نہیں۔ ہم وناش کی اور بھینکر گتی سے پھسلتے چلے جارہے ہیں۔ ہمارا پیارا متر جو کسی سے سنسار کا جیون داتا تھا، جو بھومنڈل میں پرکاش پھیلاتا تھا، اس کا ساذھی استوپ بن جائے گا۔ وہ سویم اندھکار میں لیپت ہو جائے گا۔ مرتیو دیوراسے پیز مانو بھکتی کی انتم بھینٹ پائے گا اور میں انتم دیوتا کا انتم پجاری سِدّھ ہوں گا۔

اتنے میں ایک وچتر مورتی نے پردا اٹھایا اور مہمانوں کے سمّکھ ایک کبڑا، ناٹا منشیہ اپستھت ہوا جس کی چاند پر ایک بال بھی نہ تھا۔وہ ایشیا نیواسیوں کی بھانتی ایک لال چوغا اور اسبھیہ جاتیوں کی بھانتی لال پاجاما پہنے ہوئے تھا جس پر سنہرے بوٹے بنے ہوئے تھے۔ پاپ ناشی اسے دیکھتے ہی پہچان گیا اور ایسا بھے بھیت ہوا مانو آکاش سے وجر گر پڑے گا۔ اس نے ترنت سر پر ہاتھ رکھ لیے اور تھرتھر کانپنے لگا۔ یہ پرانی مارکس ارین تھا جس نے عیسائی دھرم میں نوین وچار کا پرچار کیا تھا۔وہ عیسو کے اناد تیو پر وشواس نہیں کرتا تھا۔ اس کا کتھن تھا کہ جس نے جنم لیا، وہ کداپی انادی نہیں ہوسکتا۔ پرانے وچار کے عیسائی، جن کا مکھ پاتر نیسا تھا، کہتے ہیں کہ یدیپی مسیح نے دیہہ دھارن کی کنتو وہ اننت کال سے ودِمان ہے۔ ات ایو نیسا کے بھکت ارین کو ودھرمی کہتے تھے۔ اور ارین کے انویائی نیسا کو مورکھ، مند بدّھی پاگل آدی اپادھی دیتے تھے۔ پاپ ناشی نیسا کا بھکت تھا۔ اس کی درشٹی میں ایسے ودھرمی کو دیکھنا بھی پاپ تھا۔ اس سبھا کو وہ پشاچوں کی سبھا سمجھتا تھا۔لیکن اس پشاچ سبھا میں پرکرت وادیوں کے اپواد اور وگیانیوں کا دوشکلپناؤں سے بھی وہ اتنا سنشک اور چنچل نہ ہوا تھا۔لیکن اس ودھرمی کی اُپستھتی ماتر نے اس کے پران ہر لیے۔ وہ بھاگنے ہی والا تھا کہ سہسا اس کی نگاہ تھالیس پر جا پڑی اور اس کی ہمت بندھ گئی۔ اس نے اس کے لمبے، لہراتے ہوئے، لہنگے کا کنارا پکڑ لیا اور من میں پربھو مسیح کی وندنا کرنے لگا۔

اپستھت جنوں نے اس پرتیبھا شالی وِدّوان پُرش کا بڑے سمّان سے سواگت کیا، جسے لوگ عیسائی دھرم کا پلیٹو کہتے تھے ہرموڈورس سب سے پہلے بولا۔

'پرم آدرنیہ مارکس، ہم آپ کو اس سبھا میں پدآرپن کرنے کے لیے ہردے سے دھنے واد دیتے ہیں۔آپ کا شبھ آگمن بڑے ہی شبھ اوسر پر ہوا ہے۔ہمیں عیسائی دھرم کا اس

سے ادھک گیان نہیں ہے، جتنا پرکٹ روپ سے پاٹھ شالاؤں کے پاٹھیہ کرم میں رکھا ہوا ہے۔ آپ گیانی پُرش ہیں، آپ کی وچار شیلی سادھارن جنتا کی وچار شیلی سے اوشیہ بھن ہوگی۔ ہم آپ کے مکھ سے اس دھرم کے رہسیوں کی میمانسہ سننے کے لیے اتسک ہیں جن کے آپ انویائی ہیں۔آپ جانتے ہیں کہ ہمارے متر جینا تھمیز کو نیتے روپکوں اور درشٹانتوں کی دھن سوار رہتی ہے،اور انھوں نے ابھی پاپ ناشی مہودے سے یہودی گرنتھوں کے وشیے میں کچھ جگیاسا کی تھی۔ لیکن اُکت مہودے نے کوئی اتر نہیں دیا اور ہمیں اس کا کوئی اشچریہ نہ ہونا چاہیے کیوں کہ انھوں نے مون ورت دھارن کیا ہے۔لیکن آپ نے عیسائی دھرم سبھاؤں میں ویا کھیان دیے ہیں۔ بادشاہ کانسٹین ٹائن کی سبھا کو بھی آپ نے اپنی امرت وانی سے کرتارتھ کیا ہے۔آپ چاہیں تو عیسائی دھرم کا تاتیوک ویوچن اور ان گپت آشاؤں کا اسپشٹی کرن کر کے، جو عیسائی دنت کتھاؤں میں نہیت ہیں،ہمیں سنتشٹ کر سکتے ہیں۔ کیا عیسائیوں کا مکھیہ سدھانت توحید (ادویت واد) نہیں ہے، جس پر میرا وشواس ہوگا۔؟

مارکس۔ ہاں، سووگیہ متروں، میں ادویت وادی ہوں!میں اس ایشور کو مانتا ہوں جو نہ جنم لیتا ہے،نہ مرتا ہے جو انت ہے، انادی ہے،سرشٹی کا کرتا ہے۔

نسیاس۔ مہاشیے مارکس، آپ ایک ایشور کو مانتے ہیں،وہ سن کر ہرش ہوا۔ اسی نے سرشٹی کی رچنا کی، یہ وکٹ سمسیا ہے۔ یہ اس کے جیون میں بڑا کرانتی کاری سے ہوگا۔سرشٹی رچنا کے پہلے بھی وہ انت کال سے وِدّیہ مان تھا۔بہت سوچ وچار کے بعد اس نے سرشٹی کو رچنے کا نشچے کیا۔ اوشیے ہی اس سے اس کی اوستھا اتینت شوچنیہ رہی ہوگی۔ اگر سرشٹی کی اُتپتی کرتا ہے تو اس کی اکھنڈتا، سمپورنتا میں بادھا پڑتی ہے، اکرمنیہ بنا بیٹھا رہتا ہے تو اسے اپنے استتو ہی پر بھرم ہونے لگتا ہے، کسی کو اس کی خبر ہی نہیں ہوتی، کوئی اس کی چرچا ہی نہیں کرتا آپ کہتے ہیں، اس نے انت میں سنسار کی رچنا کو ہی آویشک سمجھا۔ میں آپ کی بات مان لیتا ہوں،یدھپی ایک سروشکتی مان ایشور کے لیے اتنا کیرتی لولُپ ہونا شوبھا نہیں دیتا۔لیکن یہ تو بتایئے اس نے کیوں کر سرشٹی کی رچنا کی۔؟

مارکس۔ جو لوگ عیسائی نہ ہونے پر بھی، ہرموڈورس اور جینا تھیمز کی بھانتی گیان کے سدھانتوں سے پری چت ہیں،وہ جانتے ہیں کہ ایشور نے اکیلے بنا سہایتا کے سرشٹی نہیں کی۔ اس نے ایک پتر کو جنم دیا اور اسی کے ہاتھوں سرشٹی کا بیجاروپن ہوا۔

ہرموڈورس۔ مارکس، یہ سروتھا ستیہ ہے۔ یہ پتر بھن بھن ناموں سے پرسدھ ہے جیسے ہیرمیز، اپولواور عیسو۔

مارکس۔ یہ میرے لیے کلنک کی بات ہوگی اگر میں اسے کرائیسٹ، عیسو اور اڈھارک کے سوائے اور کسی نام سے یاد کروں۔وہی ایشور کا سچا بیٹا ہے۔لیکن وہ انادی نہیں ہے۔ کیوں کہ اس نے جنم دھارن کیا۔یہ ترک کرنا کہ جنم سے پوروبھی اس کا استیتو تھا،متھیا وادی نیسائی گدھوں کا کام ہے۔

یہ کٹھن سن کر پاپ ناشی انت ویدنا سے وکل ہو اٹھا۔ اس کے ماتھے پر پسینے کی بوندیں آگئیں۔ اس نے صلیب کا آکار بنا کر اپنے چت کو شانت کیا۔کنتو مکھ سے ایک شبد بھی نہ نکلا۔

مارکس نے کہا۔ یہ نرویواد سدھ ہے کہ بدھی ہین نیسائیوں نے سروشکتی مان ایشور کو اپنے کراولمب کا لپھک بنا کر عیسائی دھرم کوکلنکت اور اپمانت کیاہے۔وہ ایک ہے، اکھنڈ ہے۔ پتر کے سہیوگ کا آشرت بن جانے سے اس کے یہ گن کہاں رہ جاتے ہیں؟ نسی یاس عیسائیوں کے سچے ایشور کا پری ہاس نہ کرو۔ وہ ساگر کے سپت دلوں کے سدرش کیول اپنے وکاس کی منوہرتا پردرشت کرتا ہے، کدال نہیں چلاتا، سوت نہیں کاتتا۔ سرشٹی رچنا کا شرم اس نے نہیں اٹھایا۔ یہ اس کے پتر عیسو کا کرتیہ تھا۔ اسی نے اس وسترت بھومنڈل کو اُتپن کیا اور تب اپنے شرم پھل کا پنرسنسکار کرنے کے نمت پھر سنسار میں اوترت ہوا، کیوں کہ سرشٹی نردوش نہیں تھی، پُن کے ساتھ پاپ بھی ملا ہوا تھا، دھرم کے ساتھ ادھرم بھی، بھلائی کے ساتھ برائی بھی۔

نسیاس۔ بھلائی اور برائی میں کیا انتر ہے۔

ایک شن کے لیے سبھی وچار میں مگن ہوگئے۔ سہسا ہرموڈورس نے میز پر اپنا ایک ہاتھ پھیلا کر ایک گدھے کا چتر دکھایا جس پر دو ٹوکریں لدے ہوئے تھے۔ایک میں شویت زیتون کے پھول تھے؛ دوسرے میں شیام زیتون کے۔

ان ٹوکروں کی اور سنکیت کرکے اس نے کہا۔ دیکھو رنگوں کی وبھننتا آنکھوں کو کتنی پریے لگتی ہے۔ہمیں یہی پسند ہے کہ ایک شویت ہو،دوسرا شیام۔ دونوں ایک ہی رنگ کے ہوتے تو ان کا میل اتنا سندر نہ معلوم ہوتا۔لیکن یدی ان پھولوں میں وچار اور گیان ہوتا تو

شویت پُشپ کہتے۔ زیتون کے لیے شویت ہونا ہی سرواتّم ہے۔ اسی طرح کالے پھول سفید پھولوں سے گھرنا کرتے۔ ہم ان کے گن اوگن کی پرکھ نرپیکھش بھاو سے کر سکتے ہیں، کیوں کہ ہم ان سے اتنے ہی اونچے ہیں جتنے دیوتا گن ہم سے۔منشیہ کے لیے، جو وستوؤں کا ایک ہی بھاگ دیکھ سکتا ہے، برائی برائی ہے۔ایشور کی آنکھوں میں، جو سروگیہ ہے، برائی بھلائی ہے۔ نس سندیہہ ہی کُروپتا کروپ ہوتی ہے، سندر نہیں ہوتی، کنتو یدی سبھی وستوئیں سندر ہو جائیں تو سندرتا کا لوپ ہو جائے گا اس لیے پرماوشیک ہے کی برائی کا ناش نہ ہو ؛نہیں تو سنسار رہنے کے یوگیہ نہ رہ جائے گا۔

یوکرائیٹیز۔ اس وشیہ پر دھارمک بھاو سے وچار کرنا چاہیے۔ برائی برائی ہے لیکن سنسار کے لیے نہیں، کیونکہ اس کا مادھریہ ان شور اور استھائی ہیں؛ بلکہ اس پرانی کے لیے جو کرتا ہے اور بنا کیے رہ نہیں سکتا۔

کوٹا۔ زو پیٹر ساکھشی ہے، یہ بڑی سندر یکتی ہے۔

یوکرائیٹیز۔ ایک مرمگیہ کوی نے کہا ہے کہ سنسار ایک رنگ بھومی ہے۔ اس کے نرماتا ایشور نے ہم میں سے پرتیک کے لیے کوئی نہ کوئی ابھینے بھاگ دے رکھا ہے۔ یدی اس کی اِچھا ہے کہ تم بھکشک، راجا یا اپنگ ہو، تو ویرتھ رو رو کر دن مت کاٹو، ورن تمھیں جو کام سونپا گیا ہے، اسے یتھا سادھیے اتّم ریتی سے پورا کرو۔

نسیاس۔ تب کوئی جھنجھٹ ہی نہیں رہا۔ لنگڑے کو چاہیے کہ لنگڑائے، پاگل کو چاہیے کہ خوب دھوندھ مچائے؛جتنا اتپات کر سکے، کرے۔ کلٹا کو چاہیے جتنے گھر گھالتے بنے گھالے جتنے گھاٹوں کا پانی پی سکے، پیئے ؛جتنے ہردیوں کا سروناش کرسکے، کرے۔ دیش دروہی کو چاہیے کہ دیش میں آگ لگا دے، اپنے بھائیوں کا گلا کٹوا دے، جھوٹے کو جھوٹ کا اوڑھنا۔ بچھونا بنوانا چاہیے، ہتھیارے کو چاہیے کہ رکت کی ندی بہا دے، اور ابھینے سماپت ہو جانے پر سبھی کھلاڑی، راجا ہو یا رنک، نیائی ہو یا انیائی، خونی، ظالم، ستی کامنیاں، کل کلنکنی استریاں، سجّن، درجن، چور، ساہو سب کے سب ان کوی مہودے کے پرشنسا پاتر بن جائیں، سبھی سمان روپ سے سراہے جائیں۔ کیا کہنا!

یوکرائیٹیز۔ نسیاس، تم نے میرے وچار کو بالکل وکرت کردیا، ایک ترون یووتی سندری کو بھینکر پشاچینی بنا دیا۔ یدی تم دیوتاؤں کی پرکرتی، نیائے اور سرودیاپی نیموں سے اتنے

اپریکچت ہو تو تمھاری دشا پر جتنا کھید کیا جائے، اتنا کم ہے۔

جینا تھیمز۔ مترو، میرا تو بھلائی اور برائی، سُوکرم اور کُوکرم دونوں ہی کا ستہ پر اٹل وشواس ہے لیکن مجھے بھی وشواس ہے کہ منُشیہ کا ایک بھی ایسا کام نہیں ہے۔ چاہے وہ جودا کا کپٹ ویوہار ہی کیوں نہ ہو۔ جس میں مکتی کا سادھن بیج روپ میں، پرستوت نہ ہو۔ ادھرم مانو جاتی کے اڈّھار کا کارن ہو سکتا ہے، اور اس ہیتو سے، وہ دھرم کا ایک انش ہے اور دھرم کے پھل کا بھاگی ہے۔ عیسائی دھرم گرنتھوں میں اس وشے کی بڑی سندر ویاکھیا کی گئی ہے۔ عیسو کے ایک ششیہ ہی نے ان کا شانتی چمبن کر کے انھیں پکڑا دیا۔ کنتو عیسو کے پکڑے جانے کا پھل کیا ہوا؟ وہ صلیب پر کھینچے گئے اور پران ماتر کے اڈّھار کی ویوستھا نشچت کردی، اپنے رکت سے منُشیہ ماتر کے پاپوں کا پریائشچت کردیا۔ ات ایو میری نگاہ میں وہ ترسکار اور گھرنا سروتھا انیائے پورن اور نندنیہ ہے جو سینٹ پال کے ششیہ کے پرتی لوگ بھوشیہ وانی کی تھی جو انھی کی سدھانتوں کے انوسار مانو جاتی کے اڈّھار کے لیے آوشیک تھا اور یدی جودا تمیں مدرائیں نہ لیا ہوتا تو ایشوریے ویوستھا میں بادھا پڑتی، پورونشچت گھٹناؤں کی شرنکھلا ٹوٹ جاتی ؛دیوی ودھانوں میں ویتی کرم اپستھت ہو جاتا اور سنسار میں اوڈّیا، اگیان اور ادھرم کی توتی بولنے لگتی۔

مارکس۔ پرم آتما کو ودیت تھا کہ جودا، بنا کسی کے دباؤں کے کپٹ کر جائے گا، ات ایو اس نے جودا کے پاپ کو مکتی کے وشال بھون کا ایک مکھیہ ستمبھ بنا لیا۔

جینا تھیمز۔ مارکس مہودے، میں نے ابھی جو کتھن کیا ہے، وہ اس بھاو سے کیا ہے مانو مسیح کے صلیب پر چڑھنے سے مانو جاتی کا اڈّھار پورن ہو گیا۔ اس کا کارن ہے کہ میں عیسائیوں ہی کے گرنتھوں اور سدّھانتوں سے ان لوگوں کی بھرانتی سدھ کرنا چاہتا تھا، جو جودا کو دھکارنے سے باز نہیں آتے ! لیکن واستو میں عیسیٰ میری نگاہ میں تین مکتی داتاؤں میں سے کیول ایک تھا۔ مکتی کے رہسیے کے وشیے میں یدی آپ لوگ جاننے کے لیے اتسک ہوں تو میں بتاؤں کہ سنسار میں اس سمسیا کی پورتی کیوں کر ہوئی۔؟

اپستھت جنوں نے چاروں اور سے ''ہاں، ہاں کی۔ اتنے میں بارہ، یووتی بالیکائیں، انار، انگور، سیب آدی سے بھرے ہوئے ٹوکرے سر پر رکھے ہوئے، ایک انترہت وینا کے تالوں پر پیر رکھتی ہوئی، مندگتی سے سبھا میں آئیں اور ٹوکروں کو میز پر رکھ کر الٹے پاؤں لوٹ

گئیں، وینا بند ہوگئی اور جینا تھیمز نے یہ کتھا کہنی شروع کی۔''جب ایشور کی وچار شکتی نے جس کا نام یونیاں ہے،سنسار کی رچنا سماپت کر لی تو اس نے اس کا شاسن ادھیکار سورگ دوتوں کو دے دیا۔لیکن ان شاسکوں میں یہ وی ویک نہ تھا جو سوامیوں میں ہونا چاہیے، جب انھوں نے منشیوں کی روپ وتی کنیائیں دیکھیں تو کاماتُر ہو گئے، سندھیا سے کنوئیں پر اچانک آکر انھیں گھیر لیا، اور اپنی کام واسنا پوری کی۔اس سنیوگ سے ایک اپرڈ جاتی اتپنیہ ہوئی۔ جس نے سنسار میں انیائے اورکرورتا سے ہاہا کار مچا دیا، پرتھوی نر پرادھیوں کے رکت سے تر ہوگئی، بے گناہوں کی لاشوں سے سڑکیں پٹ گئیں اور اپنی سرشٹی کی یہ دردشا دیکھ کر یونیا اتینت شوکا تُر ہوئی۔

اس نے ویراگیہ سے بھرے ہوئے نیتروں سے سنسار پر درشٹی پات کیا۔اور لمبی سانس لے کر کہا۔یہ سب میری کرنی ہے۔میرے پتر وپتّی۔ ساگر میں ڈوبے ہوئے ہیں اور میرے ہی اوِیچار سے انھیں میرے پاپوں کا پھل بھوگنا پڑ رہا ہے اور میں اس کا پراشچت کروں گی۔ سویم ایشور، جو میرے ہی دوارا وچار کرتا ہے،ان میں آدِم ستیانشٹھا کا سنچار نہیں کر سکتا۔ جو کچھ ہو گیا، ہو گیا، یہ سرشٹی اننت کال تک دوشت رہے گی۔لیکن کم سے کم میں اپنے بالکوں کو اس دشا میں نہ چھوڑوں گی۔ ان کی رکشھا کرنا میرا کرتویہ ہے۔ یدی میں انھیں اپنے سمان سکھی نہیں بنا سکتی تو اپنے کو ان کے سمان دکھی تو بنا سکتی ہوں۔ میں نے ہی دیہہ دھاری بنایا ہے۔ جس سے ان کا اپکار ہوتا ہے؛ات ایو میں سویم انھی کی سی دیہہ دھارن کروں گی اور انھی کے ساتھ جاکر رہوں گی۔

یہ نشچے کرکے یونیاں آکاش سے اتری اور یونان کی ایک استری کے گربھ میں پروشٹھ ہوئی۔جنم کے سمے وہ ننھی۔ سی دربل پران ہین شِشو تھی۔اس کا نام ہیلن رکھا گیا۔ اس کی بالیہ اوستھا بڑی تکلیف سے کٹی، لیکن یووتی ہوکر وہ اتیو سندری رمنی ہوئی، جس کی روپ شوبھا انوپم تھی۔یہی اس کی اِچھا تھی، کیوں کہ وہ چاہتی تھی کہ اس کا نشور شریر گھورتم لپساؤں کی پریکشھا اگنی میں جلے۔ کام لولپ اور اودنڈ منشیوں سے اپہرت ہوکر اس نے سمست سنسار کے وے بھیچار، بلاتکار اور دوشٹتا کے دنڈسوروپ، سبھی پرکار کی امانوشیہ یاتنائیں سہی؛ اور اپنے سوندریہ دوارا راشٹروں کا سنہار کردیا،جس میں ایشور بھومنڈل کے کُکرموں کو چھما کر دے، اور وہ ایشوریے وچار شکتی، وہ یونیاں، کبھی اتنی سہار گیے شوبھا کو پراپت نہ ہوئی تھی۔اب وہ ناری

روپ دھارن کر کے، یودھاؤں اور گوالوں کو یتھاوسر اپنی شیا پر استھان دیتی تھی۔کویجنوں نے اس سے دیوی مہتو کا انوبھو کر کے ہی اس کے چریتر کا اتنا شانت، اتنا سندر، اتنا گھاتک چترن کیا ہے اور ان شبدوں میں اس کا سمبودھن کیا ہے۔تیری آتما نشچل ساگر کی بھانتی شانت ہے!

اس پرکار پشچاتاپ اور دیا نے یونیاں سے نیچ سے نیچ کرم کرائے، اور دارون دکھ جھیلوایا۔ انت میں اس کی مرتیو ہوگئی اور اس کی جنم بھومی میں ابھی تک اس کی قبر موجود ہے۔اس کا مرنا اوشیک تھا، جس میں وہ بھوگ ولاس کے پشچات مرتیو کی پیڑا کا انوبھو کرے اور اپنے لگائے ہوئے ورکھش کے کڑوے پھل چکھے۔لیکن ہیلن کے شریر کو تیاگ کرنے کے بعد اس نے پھر استری کا جنم لیا اور پھر نانا پرکار کے اپمان اور کلنک سہے۔ اسی بھانتی جنم جنمانتروں سے وہ پرتھوی کا پاپ بھار اپنے اوپر لیتی چلی آتی ہے۔اور اس کا یہ انت آتما سمپرن نشپھل نہ ہوگا!ہمارے پریم سوتر میں بندھی ہوئی وہ ہماری دشا پر روتی ہے،ہمارے کشٹوں سے پیڑیت ہوتی ہے،اور انت میں وہ اپنا اور اپنے ساتھ ہمارا اڈھار کرے گی اور ہمیں اپنے اجول، اودار دیامے ہردے سے لگائے ہوئے سورگ کے شانتی بھون میں پہنچا دے گی۔

ہرموڈورس۔ یہ کتھا مجھے معلوم تھی۔میں نے کہیں پڑھا یا سنا ہے کہ اپنے ایک جنم میں یہ سیمن جادوگر کے ساتھ رہی۔میں نے وچار کیا تھا کہ ایشور نے اسے یہ دنڈ دیا ہوگا۔

جینا تھمیز۔ یہ ستیہ ہے۔ ہرموڈرس،کہ جو لوگ ان رہسیوں کا متھن نہیں کرتے، ان کو بھرم ہوتا ہے کہ یونیا نے سوئچھا سے یہ یںترنا نہیں جھیلی، ورن اپنے کرموں کا دنڈ بھوگا۔ پرنتو یتھارتھ میں ایسا نہیں ہے۔

کلی کرانت۔ مہاراج جینا تھمیز،کوئی بتلا سکتا ہے کہ وہ بار بار جنم لینے والی ہیلن اس سمے کس دیش میں، کس ویش میں،کس نام سے رہتی ہیں؟

جینا تھمیز۔ اس بھید کو کھولنے کے لیے اسادھارن بدھی چاہیے، اور ناراض نہ ہونا کلی کرانت،کویوں کے حصّے میں بدّھی نہیں آتی۔ انھیں بدّھی لے کر کرنا ہی کیا ہے۔ وہ تو روپ کے سنسار میں رہتے ہیں اور بالکوں کی بھانتی سبدوں اور کھلونوں سے اپنا منورنجن کرتے ہیں۔

کلی کرانت۔ جینا تھمیز، ذرا زبان سنبھال کر باتیں کرو۔ جانتے ہو دیوگن کویوں سے کتنا پریم کرتے ہیں ؟ان کے بھکتوں کی نندا کروگے تو وہ روشٹ ہو کر تمھاری درگتی کر

ڈالیں گے۔ امر دیوتاؤں نے سویم آدِم نیتی پدوں ہی میں گھوشت کی اور ان کی آکاش وانیوں پدوں ہی میں اوِترت ہوتی ہے۔ بھجن ان کے کانوں کو کتنے پریے ہیں۔ کون نہیں جانتا کہ کوی جن ہی آتم گیانی ہوتے ہیں، ان سے کوئی بات چھپی نہیں رہتی؟ کون نبی، کون پیغمبر، کون اوتار تھا جو کوی نہ رہا ہو؟ میں سویم کوی ہوں اور کوی دیو اپولو کا بھکت ہوں۔ اس لیے میں یونیاں کے ورتمان روپ کا رہسیہ بتلا سکتا ہوں۔ ہیلن ہمارے سمیپ ہی بیٹھی ہوئی ہے۔ ہم سب اسے دیکھ رہے ہیں۔ تم لوگ اسی رمنی کو دیکھ رہے ہو جو اپنی کرسی پر تکیہ لگائے بیٹھی ہوئی ہے۔ آنکھوں میں آنسو کی بوندیں موتیوں کی طرح جھلک رہی ہیں اور ادھروں پر اترِپت پریم کی اِچھا جیوتسنا کی بھانتی چھائی ہوئی ہے۔ یہ وہی استری ہے۔ وہی انوپم سوندریہ والی یونیاں، وہی وشال روپ دھارنی ہیلن، اس جنم میں من موہنی تھالیس ہے۔

فیلینا۔ کیسی باتیں کرتے ہو کلی کرانت؟ تھالیس ٹروجن کی لڑائی میں؟ کیوں تھالیس، تم نے اشیلیز آجکس، پیرس آدی شورویروں کو دیکھا تھا؟ اس سمے کے گھوڑے بڑے ہوتے تھے؟

اریسٹا بولس۔ گھوڑوں کی بات چیت کون کرتا ہے۔ مجھ سے کرو۔ میں اس ودیا کا ادوتیہ گیاتا ہوں۔

چیریباس نے کہا۔ میں بہت پی گیا۔ اور وہ میز کے نیچے گر پڑا۔ کلی کرانت نے پیالہ بھر کر کہا۔ جو پی کر گر پڑے ان پر دیوتاؤں کا کوپ ہو!

وردھ کوٹا نندرا میں مگن تھے۔

ڈورین تھوڑی دیر سے بہت ویگر ہو رہے تھے۔ آنکھیں چڑھ گئیں تھیں اور نتھنے پھول گئے تھے۔ وہ لڑکھڑاتے ہوئے تھالیس کی کرسی کے پاس آکر بولے۔ تھالیس، میں تم سے پریم کرتا ہوں، یدھپی پریماسکت ہونا بڑی نندا کی بات ہے۔

تھالیس۔ تم نے پہلے کیوں مجھ پر پریم نہیں کیا۔؟

ڈورین تب تو پیا ہی نہ تھا۔

تھالیس۔ میں نے تو اب تک نہیں پیا، پھر تم سے پریم کیسے کروں؟

ڈورین اس کے پاس سے ڈروسیا کے پاس پہنچا، جس نے اسے اشارے سے اپنے پاس بلایا تھا۔ اس کے پاس جاتے ہی اس کے استھان پر جینا تھمیز آپہنچا اور تھالیس کے کپولوں پر اپنا پریم انکِت کر دیا۔ تھالیس نے کردھ ہو کر کہا۔ میں تمھیں اس سے ادھِک دھرم آتما سمجھتی تھی!

جینا تھمیز۔ میں سدھ ہوں اور سدھ گن کسی نیم کا پالن نہیں کرتے۔

تھالیس۔ لیکن تمھیں یہ بھے نہیں ہے کہ استری کے آلنگن سے تمھاری آتما اپوتر ہو جائے گی؟

جینا تھمیز دیہہ کے بھرشٹ ہونے سے آتما بھرشٹ نہیں ہوتی۔ آتما کو پرتھک رکھ کر وشے بھوگ کا سکھ اٹھایا جاسکتا ہے۔

تھالیس۔ تو آپ یہاں سے کھسک جایئے۔ میں چاہتی ہوں کہ جو مجھے پیار کرے وہ تن من سے پیار کرے۔ فلاسفر سبھی بڈھے بکرے ہوتے ہیں۔ ایک ایک کرکے سبھی دیپک بجھ گئے۔ اوشا کی پیلی کرنیں جو پردوں کی دراروں سے بھیتر آرہی تھیں، مہمانوں کی چڑھی ہوئی آنکھوں اور سنولائے ہوئے چہروں پر پڑ رہی تھیں۔ اریسٹوبولس چیریاس کی بغل میں پڑا خراٹے لے رہا تھا۔ جینا تھمیز مہودے، جودھرم اور ادھرم کی ستا کے قائل تھے،فلیپا کو ہردے سے لگائے پڑے ہوئے تھے سنسار سے ویرکت ڈورین مہاشیے ڈروسیا کے آورن ہین وکھش پر شراب کی بوندیں ٹپکاتے تھے جو گوری چھاتی پرلالوں کی بھانتی ناچ رہی تھیں اور وہ ویراگی پُرش ان بوندوں کو اپنے ہونٹ سے پکڑنے کی چیشٹھا کر رہا تھا۔ ڈروسیا کھلکھلا رہی تھی اور بوندیں گدگدے وکھش پر آیا کی بھانتی ڈورین کے اہوٹوں کے سامنے سے بھاگتی تھیں۔

سہسا یوکرٹی ٹیز اٹھا اور نسیاس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے دوسرے کمرے کے دوسرے سرے پر لے گیا۔

اس نے مسکراتے ہوئے کہا۔ متر، اس سمے کس وچار میں ہو،اگرتم میں اب بھی وچار کرنے کی سامرتھیہ ہے۔

نسیاس نے کہا۔ میں سوچ رہا ہوں کہ استریوں کا پریم انڈانس کی واٹیکا کے سمان ہے۔

اس سے تمھارا کیا آشیے ہیں؟

نسیاس۔ کیوں، تمھیں معلوم نہیں کہ استریاں اپنے آنگن میں وینس کے پریمی کے اسمرتی سوروپ،مٹی کے گملوں میں چھوٹے چھوٹے پودھے لگاتی ہیں؟ یہ پودھے کچھ دن ہرے رہتے ہیں، پھر مرجھا جاتے ہیں۔

اس کا کیا مطلب ہے نسیاس ؟یہی کہ مرجھانے والی نشور وستوؤں پر پریم کرنا مورکھتا ہے۔

نسیاس نے گمبھیر سور میں اتر دیا۔ متر، یدی سوندریہ کیول چھایا ماتر ہے، تو واسنا بھی دامنی کی دمک سے ادھک استھر نہیں۔

سوندریہ کی اِچھا کرنا پاگل پن نہیں تو کیا ہے؟ یہ بدھی سنگت نہیں ہے۔ جو سویہ استھائی نہیں ہے اس کا بھی اسی کے ساتھ انت ہو جانا استھر ہے۔ دامنی کھسکتی ہوئی چھانہہ کو نگل جائے، یہی اچھا ہے۔

یوکرائٹیز نے ٹھنڈی سانس کھینچ کر کہا— نسیاس، تم مجھے اس بالک کے سمان جان پڑتے ہو جو گھٹنوں کے بل چل رہا ہو۔ میری بات مانو— سوادھین ہو جاؤ۔ سوادھین ہو کر تم منشیہ بن جاتے ہو۔

'یہ کیوں کر ہوسکتا ہے یوکرائٹیز، کہ شریر کے رہتے ہوئے منشیہ مُکت ہو جائے؟'

'پریہ پتر، تمھیں یہ سیگھر ہی گیات ہو جائے گا۔ ایک شن میں تم کہوگے یوکرائٹیز مُکت ہو گیا'

بدھ پُرش ایک سنگ مرمر کے استمبھ سے پیٹھ لگائے یہ باتیں کر رہا تھا اور سوریہ اُدے کی پرتھم جیوتی ریکھائیں اس کے مُکھ کو آلوکت کر رہی تھیں۔ ہرموڈورس اور مارکس بھی اس کے سمیپ آکر نسیاس کی بغل میں کھڑے تھے اور چاروں پرانی، مدِراسیویوں کے ہنسی ٹھٹے کی پرواہ نہ کرکے گیان چرچا میں مگن ہو رہے تھے۔ یوکرائٹیز کا کتھن اتنا وچارپورن اور مدُھر تھا کہ مارکس نے کہا— تم سچے پرماتما کو جاننے کے یوگیہ ہو۔

یوکرائٹیز نے کہا— سچا پرماتما سچے منُشیہ کے ہردیہ میں رہتا ہے۔

تب وہ لوگ مرتیو کی چرچا کرنے لگے۔

یوکرائٹیز نے کہا— میں چاہتا ہوں کہ جب وہ آئے تو مجھے اپنے دوشوں کو سدھارنے اور کرتبیوں کا پالن کرنے میں لگا ہوا دیکھے۔ اس کے سمکھ میں اپنے نرمل ہاتھوں کو آکاش کی اُور اٹھاؤں گا اور دیوتاؤں سے کہوں گا— پوجیہ دیوں، میں نے تمھاری پرتیماؤں کا لیش ماتر بھی اپمان نہیں کیا جو تم نے میری آتما کے مندر میں پرتشٹھ کر دی ہے۔ میں نے وہیں اپنے وچاروں کو، پشپ مالاؤں کو، دیپکوں کو، سگندھ کو تمھاری بھینٹ کیا ہے۔ میں نے تمھارے ہی اپدیشوں کے انوسار جیون ویتت کیا ہے، اور اب جیون سے اکتا گیا ہوں۔

وینس یونان کی للت کلاؤں کی دیوی ہے اور اڑانس اس کا پریمی ہے۔ (مترجم)

یہ کہہ کر اس نے اپنے ہاتھوں کو اوپر کی طرف اٹھایا اور ایک پل وچار میں مگن رہا۔
تب وہ آنند سے اُلِست ہو کر بولا — یوکرائٹیز، اپنے کو جیون کے پرتھک کر لے، اس پکے پھل کی بھانتی جو ورکچھ سے الگ ہو کر زمین پر گر پڑتا ہے، اس ورکچھ کو دھنیہ واد دے جس نے تجھے پیدا کیا اور اس بھومی کو دھنیہ واد دے جس نے تیرا پالن کیا۔
یہ کہنے کے ساتھ ہی اس نے اپنے وستروں کے نیچے سے ننگی کٹار نکالی اور اپنی چھاتی میں چبھا لی۔

جو لوگ اس کے سمکھ کھڑے تھے، ترنت اس کا ہاتھ پکڑنے دوڑے، لیکن فولادی نوک پہلے ہی ہردیہ کے پار ہو چکی تھی۔ یوکرائٹیز نروان پد پراپت کر چکا تھا۔ ہرموڈورس اور نسیاس نے رکت میں سنی ہوئی دیہہ کو ایک پلنگ پر لٹا دیا۔ استریاں چیخنے لگیں، نیند سے چونکے ہوئے مہمان گرّانے لگے۔ وَیو وردھ کوٹا: جو پرانے سپاہیوں کی بھانتی کُگر نیند سوتا تھا، جاگ پڑا، شو کے سمیپ آیا، گھاؤ کو دیکھا اور بولا — میرے وَیدھ کو بلاؤ۔
نیساس نے نراشا سے سر ہلا کر کہا — یوکرائٹیز کا پران انت ہوگیا، اور لوگوں کو جیون سے جتنا پریم ہوتا ہے، اتنا ہی پریم انھیں مرتیو سے تھا۔ ہم سبھوں کی بھانتی انھوں نے بھی اپنی پرم اِچھا کے آگے سر جھکا دیا، اور اب وہ دیوتاؤں کے تُلیہ ہے جنھیں کوئی اِچھا نہیں ہوتی۔

کوٹا نے سر پیٹ لیا اور بولا — مرنے کی اتنی جلدی! ابھی تو وہ بہت دنوں تک سمراجیہ کی سیوا کر سکتے تھے۔ کیسی وِڈمبنا ہے!
پاپ ناشی اور تھامس پاس پاس استمبھیت اور اواکیہ بیٹھے رہے۔ ان کے انتہ کرن گھرنا، بھے اور آشا سے اچھادِت ہو رہے تھے۔
سہسا پاپ ناشی نے تھامس کا ہاتھ پکڑ لیا اور شرابیوں کو پھاندتے ہوئے، جو وِش بھوگیوں کے پاس ہی پڑے ہوئے تھے، اور اس مدرا اور رکت کو پیروں سے کچلتے ہوئے جو فرش پر بہا ہوا تھا، وہ اسے پُریوں کے کنج کی اُور لے چلا۔

۴

نگر میں سوریہ کا پرکاش پھیل چکا تھا۔ گلیاں ابھی خالی پڑی ہوئی تھیں۔ گلی کے دونوں

طرف سکندر کی قبر تک بھونوں کے اونچے اونچے ستون دکھائی دیتے تھے۔ گلی کے سنگین فرش پر جہاں تہاں ٹوٹے ہوئے ہار اور بجھی ہوئی مشالوں کے ٹکڑے پڑے ہوئے تھے۔ سمندر کی طرف سے ہوا کے تیز جھونکے آ رہے تھے۔ پاپ ناشنی نے گھرنا سے اپنے بھڑکیلے وستر اتار پھینکے اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کرکے پیروں تلے کچل دیا۔

تب اس نے تھالیس سے کہا۔ پیاری تھالیس، تو نے ان کو کؤ مانشوں کی باتیں سنیں؟ ایسے کون سے دروچن اور اپشبد ہیں جو ان کے منہ سے نہ نکلے ہوں۔ جیسے موری سے میلا پانی نکلتا ہے۔ ان لوگوں نے جگت کے کرتا پرمیشور کو نرک کی سیڑھیوں پر گھسیٹا، دھرم اور ادھرم کی ستا پرشدکا کی، پربھو مسیح کا اپمان کیا، اور جودا کا لیش گایا، اور وہ اندھکار کا گیدڑ وہ درگندھ مے راکشس، جو ان سبھی درتماؤں کا گرو گھنٹال تھا، وہ پاپی مارکس ایرین کھودی ہوئی قبر کی بھانتی منہ کھول رہا تھا۔ پریہ، تو نے ان وشٹھامے گوبریلوں کو اپنی اور رینگ کر آتے اور اپنے کو ان کے گندے اسپرش سے اپوتر کرتے دیکھا ہے تو نے اوروں کا پشوؤں کی بھانتی اپنے غلاموں کے پیروں کے پاس سوتے دیکھا ہے۔ تو نے انھیں پشوؤں کی بھانتی اسی فرش پر سنبھوگ کرتے دیکھا ہے جس پر وہ مدرا سے انمت ہوکر قے کر چکے تھے۔ تو نے ایک مند بدھی، سٹھیمائے ہوئے بڈھے کو اپنا رکت بہاتے دیکھا ہے جو اس شراب سے بھی گندہ تھا جو ان بھرشٹاچاریوں نے بہائی تھی۔ ایشور کو دھنیے ہے! تو نے کوواسناؤں کا درشیے دیکھا اور تجھے ودیت ہوگیا کہ یہ کتنی گھرنوتپادک وستو ہے؟ تھالیس، تھالیس ان کو مارگی دارشنیکوں کی بھرشٹا تاؤں کو یاد کر، اور تب سوچ کہ تو بھی انھی کے ساتھ اپنے کو بھرشٹ کرے گی؟ ان دونوں کلٹاؤں کے کٹاکشوں کو، ہاؤ بھاؤ کو، گھرنیت سنکیتوں کو یاد کر، وہ کتنی نرلجتا سے ہنستی تھیں، کتنی بے حیائی سے لوگوں کو اپنے پاس بلاتی تھی اور تب نرنے کر کہ تو بھی انھی کے سدرش اپنے جیون کا سروناش کرتی رہے گی؟ یہ دارشنیک پُرش تھے جو اپنے کو سبھے کہتے ہیں، جو اپنے وچاروں پر گرو کرتے ہیں، پر ان ویشیاؤں پر ایسے گرے پڑتے تھے جیسے کتے ہڈیوں پر گریں!'

تھالیس نے رات کو جو کچھ دیکھا اور سنا تھا اس سے اس کا ہردے غلانت اور لجّیت ہو رہا تھا۔ ایسے درشیہ دیکھنے کا اسے یہ پہلا ہی اوسر نہ تھا، پر آج کا سا اثر اس کے من پر کبھی نہ

ہوا تھا۔ پاپ ناشی کی سنت تیجناؤں نے اس کے سدبھاؤ کو جگا دیا تھا۔ کیسے ہردے شونیے لوگ ہیں جو استری کو اپنی واسناؤں کا کھلونا ماتر سمجھتے ہیں! کیسی استریاں ہیں جو اپنے دیہہ سمرپن کا مولیے ایک پیالیہ شراب سے ادھیک نہیں سمجھتیں۔ میں یہ سب جانتے اور دیکھتے ہوئے بھی اِسی اندھکار میں پڑی ہوئی ہوں۔ میرے جیون کو دھکار ہے۔

اس نے پاپ ناشی کو جواب دیا۔ 'پریے پتا، مجھ میں اب ذرا بھی دم نہیں ہے۔ میں ایسی آشکت ہو رہی ہوں مانو دم نکل رہا ہو۔ کہاں وشرام ملے گا، کہاں ایک گھڑی شانتی سے لیٹوں؟ میرا چہرہ جل رہا ہے، آنکھوں سے آنچ سی نکل رہی ہے، سر میں چکر آر ہا ہے، اور میرے ہاتھ اتنے تھک گئے ہیں، کہ یدی آنند اور شانتی میرے ہاتھوں کی پہنچ میں بھی آجائے تو مجھ میں اس کے لینے کی شکتی نہ ہوگی۔'

پاپ ناشی نے اسے اسنیہہ کرونا سے دیکھ کر کہا۔ پریے بھاگینی! دھریہ اور ساہس ہی سے تیرا اڈھار ہوگا۔ تیری سکھ شانتی کا اتول اور نرمل پرکاش اس بھانتی نکل رہا ہے جیسے ساگر اور ون سے بھاپ نکلتی ہے۔

یہ باتیں کرتے ہوئے دونوں گھر کے سمیپ آپہنچے۔ سروں اور صنوبر کے ورکھش جو ''پریوں کے کنج '' کو گھیرے ہوئے تھے، دیوار کے اوپر سر اٹھائے پربھات سمیر سے کانپ رہے تھے۔ ان کے سامنے ایک میدان تھا۔ اس سمے سناٹا چھایا ہوا تھا۔ میدان کے چاروں طرف یودھاؤں کی مورتیاں بنی ہوئی تھیں اور چاروں سروں پر اردھ چندراکار سنگ مرمر کی چوکیاں بنی ہوئی تھیں، جو دیتیوں کی مورتیوں پر استھت تھیں۔ تھالیس ایک چوکی پر گر پڑی۔ ایک چھن وشرام لینے کے بعد اس نے سچنت نیتروں سے پاپ ناشی کی اور دیکھ کر پوچھا۔ اب میں کہاں جاؤں؟

پاپ ناشی نے اتر دیا۔ تجھے اس کے ساتھ جانا چاہیے جو تیری کھوج میں کتنی ہی منزلیں مار کر آیا ہے۔ وہ تجھے اس بھرشٹ جیون سے پرتھک کر دے گا جیسے انگور بٹورنے والا مالی ان گچھوں کو توڑ لیتا ہے۔ جو پیڑ میں لگے لگے سڑ جاتے ہیں اور انھیں کولہو میں لے جا کر سوگندھ پورن شراب کے روپ میں پرنیت کردیتا ہے۔ سن، اسکندریہ سے کیول بارہ گھنٹے کی راہ پر، سمندر تٹ کے سمیپ ویراگیوں کا ایک آشرم ہے جس کے نیم اتنے سندر، بدھی متا سے اتنے پری پورن ہے کہ ان کو پگھ کا روپ دے کر ستار اور تمنبورے پر گانا چاہئے۔ یہ کہنا لیش

ماتر بھی آتیکتی نہیں ہے کہ جو استریاں وہاں پر رہ کر اُن نیموں کا پالن کرتی ہیں ان کے پیر دھرتی پر رہتے ہیں اور سر آکاش پر۔ وہ دھن سے گھرنا کرتی ہیں جس میں پربھو مسیح ان پر پریم کریں،لجا شیل رہتی ہیں کہ وہ ان پر کرپا درشٹی پات کریں،ستی رہتی ہیں کہ وہ انھیں پریسی بنائیں۔ پربھو مسیح مالی کا ویش دھارن کر کے، ننگے پاؤں، اپنے وشال باھوں کو پھیلائے، نتیہ درشن دیتے ہیں۔اسی طرح انھوں نے ماتا مریم کی قبر کے دوار پر درشن دیے تھے۔ میں آج تجھے اس آشرم میں لے جاؤں گا، اور تھوڑے ہی دن پیچھے، تجھے ان پوتر دیویوں کے سہواس میں ان کی امرت وانی سننے کا آنند پراپت ہوگا۔ وہ بہنوں کی بھانتی تیرا سواگت کرنے کو اُتسک ہیں۔آشرم کے دوار پر اس کی ادھیکشٹھنی ماتا البینا تیرا مکھ چومے گی اور تجھ سے سپریم سور سے کہیں گی، بیٹی، آ تجھے گود میں لے لوں، میں تیرے لیے بہت وکل تھی۔

تھالیس چکِت ہو کر بولی۔ ارے البینا ! قیصر کی بیٹی، سمراٹ کیرس کی بھتیجی !وہ بھوگ ولاس چھوڑ کر آشرم میں تپ کررہی ہے؟

پاپ ناشی نے کہا۔ ہاں،ہاں وہی ! البینا، جو محل میں پیدا ہوئی اور سنہرے وستر دھارن کرتی رہی، جو سنسار کے سب سے بڑے نریش کی پتری ہیں، اسے مسیح کی داسی کا اوچ پد پراپت ہوا ہے۔ وہ اب جھونپڑے میں رہتی ہے،موٹے وستر پہنتی ہے اور کئی دن تک اپواس کرتی ہیں۔وہ اب تیری ماتا ہوگی اور تجھے اپنی گود میں آشریے دے گی۔

تھالیس چوکی پر سے اٹھ بیٹھی اور بولی۔ مجھے اسی چھن البینا کے آشرم میں لے چلو۔

پاپ ناشی نے اپنی سپھلتا پر مگدھ ہو کر کہا۔ تجھے وہاں اوشیے لے چلوں گا اور وہاں تجھے ایک کٹی میں رکھ دوں گا جہاں تو اپنے پاپوں کا رو رو کر پرآشچت کرے گی، کیوں کہ جب تک تیرے پاپ آنسوؤں سے دھل نہ جائیں، تو البینا کی انیے پتریوں سے مل جل نہیں سکتی اور نہ ملنا اچت ہی ہے۔ میں دوار پر تالا ڈال دوں گا،اور تو وہاں آنسوؤں سے آدر ہو کر پربھو مسیح کی پرتیکشھا کرے گی، یہاں تک کہ وہ تیرے پاپوں کو چھما کرنے کے لیے سویم آئیں گے اور دوار کا تالا کھولیں گے، اور تھالیس، اس میں آنو ماتر بھی سندیہہ نہ کر کہ وہ آئیں گے۔ آہ ! جب وہ اپنی کومل، پرکاش مے انگلیاں تیری آنکھوں پر رکھ کر تیرے آنسو پوچھیں گے، اس سمے تیری آتما آنند سے کیسی پلکت ہوگی !ان کے سپرش ماتر سے تجھے ایسا انوبھو ہوگا کہ کوئی پریم کے ہنڈولے میں جھلا رہا ہے۔

تھالیس نے پھر کہا۔ پر یے پتا، مجھے البینا کے گھر لے چلو۔

پاپ ناشی کا ہردیے آنند سے اتھل پتھل ہوگیا۔ اس نے چاروں طرف گرو سے دیکھا مانو کوئی کنگال کبیر کا خزانہ پا گیا ہو۔ نرشنک ہو کر سرشٹی کی انوپم سشما کا اس نے آسوادن کیا۔اس کی آنکھیں ایشور کے دیئے ہوئے پرکاش کو پرسنیہ ہو کر پی رہی تھیں۔ اس کے گالوں پر ہوا کے جھونکے نہ جانے کدھر سے آکر لگتے تھے۔ سہسا میدان کے ایک کونے پر تھالیس کے مکان کا چھوٹا سا دوار دیکھ کر اور یہ یاد کرکے کہ جن پتیوں کی شوبھا کا وہ آنند اٹھا رہا تھا وہ تھالیس کے باغ کے پیڑوں کی ہیں۔ اسے ان سب اپاون وستوؤں کی یاد آگئی جو وہاں کی وایو کو، جو آج اتنی نرمل اور پوتر تھی، دوشت کر رہی تھی، اور اس کی آتما کو اتنی ویدنا ہوئی کہ اس کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔

اس نے کہا۔ تھالیس، ہمیں یہاں سے بنا پیچھے، مڑ کر دیکھے ہوئے بھاگنا چاہیے۔لیکن ہمیں اپنے پیچھے تیرے سنسکار کے سادھنوں، ساکچھیوں اور سہ یوگیوں کو بھی نہ چھوڑنا چاہیے۔ وہ بھاری پردے، وہ سندر پلنگ، وہ قالینیں، وہ منوہر چتر اور مورتیاں، وہ دھوپ آدی جلانے کے سورن کنڈ یہ سب چلا چلا کر تیرے پاپاچرن کی گھوشنا کریں گے۔ کیا تیری اچھا ہے کہ یہ گھرنت سامگریاں، جن میں پریتوں کا نیواس ہے،جن میں پاپاتمائیں کیریڑا کرتی ہیں مروبھومی میں بھی تیرا پیچھا کریں، یہی سنسکار وہاں تیری بھی آتما کو چنچل کرتے رہیں؟ یہ نری کلپنا نہیں ہے کہ میزیں پران گھاتک ہوتی ہیں،کرسیاں اور گدے پریتوں کے ینتر بن کر بولتے ہیں، چلتے پھرتے ہیں ہوا میں اڑتے ہیں، گاتے ہیں۔ ان سمگر وستوؤں کو،جو تیری ولاس لولپتا کے ساتھی ہیں،مٹا دے، سروناش کردے۔ تھالیس ایک چھن بھی ولمب نہ کر ابھی سارا نگر سو رہا ہے۔،کوئی ہلچل نہ مچے گی، اپنے غلاموں کو حکم دے کہ وہ استھان کے مدھیہ میں ایک چتا بنائے، جس پرہم تیرے بھون کی ساری سمپردا کی آہوتی کردیں۔اسی اگنی راشی میں تیرے کوسنسکار جل کر بھسمی بھوت ہوجائیں!

تھالیس نے سہمت ہو کر کہا۔ پوجیے پتا،آپ کی جیسی اچھا ہو،وہ کیجیے۔ میں بھی جانتی ہوں کہ بہودھا پریت گن نرجیو وستوؤں میں رہتے ہیں۔ رات سجاوٹ کی کوئی کوئی وستو باتیں کرنے لگتی ہیں، کنتو شبدوں میں نہیں، یا تو تھوڑی تھوڑی دیر میں کھٹ کھٹ کی آواز سے یا پرکاش کی ریکھائیں، پرس فِت کرکے، اورایک وچتربات سنیے پوجیے پتا،آپ نے پریوں کے

کنج کے دوار پر، داہنی اور ایک نگن استری کی مورتی کودھیان سے دیکھاہے؟ایک دن میں نے آنکھوں سے دیکھاہے کہ اس مورتی نے جیوت پرانی کے سمان اپنا سر پھر لیا، اور پھر ایک پل میں اپنی پورو دشا میں آ گئی، میں بھے بھیت ہوگئی۔ جب میں نے نسیاس سے یہ ادھ بھت لیلا بیان کی تو وہ میری ہنسی اڑانے لگا۔لیکن اس مورتی میں کوئی جادو اوشیے ہے؛ کیوں کہ اس نے ایک ودیشی منشیہ کو،جس پر میرے سوندریہ کا جادو کچھ اثر نہ کر سکا تھا،اتینت پربل اپھاؤں سے پری پوریت کردیا۔ اس میں کوئی سندیہہ نہیں ہے کہ گھر کی سبھی وستوؤں میں پریتوں کا بسیرا ہے اور میرے لیے یہاں رہنا جان جوکھم تھا، کیوں کہ کئی آدمی ایک پیتل کی مورتی سے آلنگن کرتے ہوئے پران کھوبیٹھے ہیں۔، تو بھی ان وستوں کو نشٹ کرنا جو اُدوتیہ کلانے پونیے پردرشت کررہی ہیںاور میری قالینوں اور پردوں کو جلانا گھور انیائے ہوگا۔ یہ ادھ بھت وستوئیں سدیو کے لیے سنسار سے لپت ہو جائیں گی۔ ان میں سے کئی اتنے سندر رنگوں سے سشوبھت ہیں کہ ان کی شوبھا اورنیہ ہے، اور لوگوں نے انھیں مجھے اپہار دینے کے لیے اتُل دھن ویے کیا تھا۔ میرے پاس امولیہ پیالے، مورتیاں اور چتر ہیں۔ میرے وچار میں ان کو جلانا بھی انوچت ہوگا۔ لیکن میں اس وشیے میں کوئی آگرہ نہیں کرتی۔ پوجیے پتا، آپ کی جیسی اچھاہو کیجیے۔

یہ کہہ کر وہ پاپ ناشی کے پیچھے پیچھے اپنے گرہ دوار پر پہنچی جس پر اگنیت منشیوں کے ہاتھوں سے ہاروں اور پشپ ملاؤں کی بھینٹ پا چکی تھی،اور جب دوار کھلا تو اس نے دوار پال سے کہا کہ گھر کے سمست سیوکوں کو بلاؤ۔ پہلے چار بھارت واسی آئے جو رسوئی کا کام کرتے تھے۔وہ سب سانولے رنگ کے اور کانے تھے۔ تھالیس کو ایک ہی جاتی کے چار غلام، اور چاروں کانے، بڑی مشکل سے ملے، پر یہ اس کی ایک دل لگی تھی اور جب تک چاروں مل نہ گئے تھے، اسے چین نہ آتا تھا۔ جب وہ میز پر بھوجیے پدارتھ چنتے تھے۔تو مہمانوں کو انھیں دیکھ کر بڑا کوتوہل ہوتا تھا۔ تھالیس پرتیک کا ورتانت اس کے مکھ سے کہلا کر مہمانوں کا منورنجن کرتی تھی۔ ان چاروں کے بعد ان کے سہائک آئے۔ تب باری باری سے سائس، شکاری، پالکی اٹھانے والے، ہرکارے جن کی مانس پیشیاں اتینت سودرڑ تھیں، دو کُسل مالی، چھ: بھینکر روپ کے حبشی اور تین یونانی غلام، جن میں ایک ویاکرن تھا، دوسرا کوی اور تیسرا گائیک سب آ کر ایک لمبی قطار میں کھڑے ہوگئے۔ ان کے پیچھے حبشنیں آئیں جن کی بڑی بڑی گول

آنکھوں میں شنکا، آتسکتا اور ادگنیتا جھلک رہی تھی، اور جن کے مکھ کانوں تک پھٹے ہوئے تھے۔سب کے پیچھے چھ تروتی روپ وتی داسیاں،اپنی نقابوں کوسنبھالتی اور دھیرے دھیرے بیڑیوں سے جکڑے ہوئے پاؤں اٹھاتی آکر اداسین بھاؤ سے کھڑی ہوئی۔

جب سب کے سب جمع ہوگئے تو تھالیس نے پاپ ناشی کی اور انگلی اٹھا کر کہا۔ دیکھو، تمھیں یہ مہاتما جو آگیاں دے اس کا پالن کرو۔یہ ایشور کے بھکت ہیں۔جو ان کی اوگیاں کرے گا وہ کھڑے کھڑے مر جائے گا۔

اس نے سنا تھا اور اس پر وشواس کرتی تھی کہ دھرم آشرم کے سنت جس ابھاگے پُرش پر کوپ کر کے چھڑی سے مارتے تھے،اسے نگلنے کے لیے پرتھوی اپنا منہ کھول دیتی تھی۔

پاپ ناشی نے یونانی داسوں اورداسیوں کو سامنے سے ہٹا دیا۔ وہ اپنے اوپر ان کا سایہ بھی نہ پڑنے دینا چاہتا تھا اور شیش سیوکوں سے کہا۔'یہاں بہت سی لکڑی جمع کرو،اس میں آگ لگا دو اور جب اگنی کی جوالا اٹھنے لگے تو اس گھر کے سب ساز سامان مٹی کے برتن سے لے کر سونے کے تھالوں تک،ٹاٹ کے ٹکڑے سے لے کر، بہو مولیہ، قالینوں تک، سبھی مورتیاں چتر، گملے، گڈمڈ کر کے اسی چتا میں ڈال دو،کوئی چیز باقی نہ بچے۔'

یہ وچتر آگیا سن کر سب کے سب وسمت ہوگئے۔اور اپنی سوامنی کی اور کاتر نیتروں سے تاکتے ہوئے مورتیوت کھڑے رہ گئے۔ وہ ابھی اسی اکریینہ دشا میں اواک اورنشچل کھڑے تھے، اور ایک دوسرے کو کہنیاں گڑاتے تھے،مانو وہ اس حکم کو دل لگی سمجھ رہے ہیں کہ پاپ ناشی نے رودرروپ دھارن کر کے کہا۔ کیوں ولمب ہو رہا ہے؟

اسی سمے تھالیس ننگے پیر، چھٹکے ہوئے کیش کندھوں پر لہراتی گھر میں سے نکلی۔ وہ بھدے موٹے وستر دھارن کئے ہوئے تھی،جو اس کے دیہہ اسپرش ماتر سے سورگیہ، کا موتیجک سگندھت سے پرپیورت جان پڑتے تھے۔ اس کے پیچھے ایک مالی ایک چھوٹی سی ہاتھی دانت کی مورتی چھاتی سے لگائے لیے آتا تھا۔

پاپ ناشی کے پاس آکر تھالیس نے مورتی اسے دکھائی اور کہا۔ پوجیے پتا، کیا اسے بھی آگ میں ڈال دوں؟ پراچین سمے کی ادھ بھت کاریگری کا نمونہ ہے اور اس کا مولیہ شتگن سَورن سے کم نہیں۔ اس چھتی کی پورتی کسی بھانتی نہ ہو سکے گی، کیوں کہ سنسار میں ایک بھی ایسا نپورن مورتی کار نہیں ہے۔جو اتنی سندر ایراس کی مورتی بنا سکے۔پتا، یہ بھی اسمرن

رکھیے کہ یہ پریم کا دیوتا ہے؛ اس کے ساتھ نردیتا کرنا اچت نہیں۔ پتا، میں آپ کو وشواس دلاتی ہوں کہ پریم کا ادھرم سے کوئی سمبندھ نہیں، اور اگر میں وشے بھوگ میں لپت ہوئی تو پریم کی پریرنا سے نہیں، بلکہ اس کی اوہیلنا کر کے، اس کی اِچھا کے وِرُدھ بیوہار کر کے۔ مجھے ان باتوں کے لیے کبھی پشچاتاپ نہ ہوگا جو میں نے اس کے آدیش کا اُلنگھن کر کے کی ہے۔ اس کی کداپی یہ اچھا نہیں ہے کہ استریاں ان پروشوں کا سواگت کریں جو اس کے نام پر نہیں آتے۔ اس کارن اس دیوتا کی پرتیشٹھا کرنی چاہیے دیکھیے پتا جی، یہ چھوٹا سا ایراس کتنا منوہر ہے۔ایک دن نسیاس نے، جو ان دنوں مجھ پر پریم کرتا تھا۔ اسے میرے پاس لا کر کہا۔ آج تو یہ دیوتا یہیں رہے گا اور تمھیں میری یاد دلائے گا۔ پر اس نٹ کھٹ بالک نے مجھے نسیاس کی یاد تو کبھی نہیں دلائی؛ ہاں ایک یووک کی یاد نتیہ دلاتا رہا۔ جو اینٹی اوک میں رہتا تھا اور جس کے ساتھ میں نے جیون کا واستوِک آنند اٹھایا۔ پھر ویسا پُرش نہیں ملا۔ یدھپی میں سدیو اس کی کھوج میں تتپر رہی۔ اب اس اگنی کو شانت ہونے دیجیے، پتا جی! اتل دھن اس کی بھینٹ ہو چکا۔ اس بال مورتی کو آشرے دیجیے اور اسے سورکشِت کسی دھرم شالا میں استھان دلا دیجیے۔ اسے دیکھ کر لوگوں کے چت ایشور کی اور پرورتت ہوں گے، کیوں کہ پریم سوبھاوتہ من میں اتکِرشٹ اور پوتر وچاروں کو جاگرت کرتا ہے۔

تھائیس من میں سوچ رہی تھی کہ اس کی وکالت کا اوشیہ اثر ہوگا اور کم سے کم یہ مورتی تو بچ جائے گی۔ لیکن پاپ ناشی باز کی بھانتی جھپٹا، مالی کے ہاتھ سے مورتی چھین لی، ترنت اسے چتا میں ڈال دیا اور نردیے سور میں بولا۔ جب یہ نسیاس کی چیز ہے اور اس نے اسے اسپرش کیا ہے تو مجھ سے اس کی سفارش کرنا ویرتھ ہے۔اس پاپی کا اسپرش ماتر سمست وکاروں سے پری پوریت کر دینے کے لیے کافی ہے۔

تب اس نے چمکتے ہوئے وستر، بھانتی بھانتی کے آبھوشن، سونے کی پادوکائیں، رتن جٹیت کنگھیاں، بہو مولیے آئینے، بھانتی بھانتی کے گانے بجانے کی وستوئیں سرود، ستار، وینا، نانا پرکار کے فانوس انگاروں میں اٹھا اٹھا کر جھونکنا شروع کیا۔اس پرکار کتنا دھن نشٹ ہوا۔اس کا انومان کرنا ہے۔ادھر تو جوالا اٹھ رہی تھی، چنگاریاں اڑ رہی تھیں۔ چٹاک پٹاک کی زنتر دھونی سنائی دیتی تھی، ادھر حبشی غلام اس وناشک درشیے سے انمت ہو تالیاں بجا بجا کر اور بھوشن ناد سے چلا چلا کر ناچ رہے تھے۔ وچتر درشیے تھا، دھرم اتساہ کا کتنا بھینکر روپ!

ان غلاموں میں سے کئی عیسائی تھے۔انھوں نے شیگھر ہی اس پرکار کا آشیے سمجھ لیا اور گھر میں ایندھن اور آگ لانے گئے۔اوروں نے بھی ان کا انوکرن کیا، کیوں کہ یہ سب دریدر تھے اور دھن سے گھرنا کرتے تھے اور دھن سے بدلا لینے کی ان میں سوابھویک پرورتی تھی۔ جو دھن ہمارے کام نہیں آتا، اسے نشٹ ہی کیوں نہ کر ڈالیں! جو وستر ہمیں پہننے کو نہیں مل سکتے، انھیں جلا ہی، کیوں نہ ڈالیں! انھیں اس پرورتی کو شانت کرنے کا یہ اچھا اوسر ملا۔ جن وستوؤں نے ہمیں اتنے دنوں تک جلایا ہے انھیں آج جلا دیں گے۔ چتا تیار ہو رہی تھی اور گھر کی وستوئیں باہر لائی جا رہی تھیں کہ پاپ ناشی نے تھالیس سے کہا۔ پہلے میرے من میں یہ وچار ہوا کہ اسکندریہ کے کسی چرچ کے کوشادھیکش کو لاؤں (یدی ابھی کوئی، ایسا استھان ہے جسے چرچ کہا جاسکے، اور جسے ایرین کے بھرشٹا چرن نے بھرشٹ نہ کردیا) اور اسے تیری سمپورن سمپتی دے دوں کہ وہ انھیں اناتھ ودھواؤں اور بالکوں کو پردان کردے اور اس بھانتی پاپوپارجت دھن کا پونیت اپیوگ ہو جائے لیکن ایک چھن میں یہ وچار جاتا رہا؛ کیوں کہ ایشور نے اس کی پررینا نہ کی تھی۔ میں سمجھ گیا کہ ایشور کو کبھی منظور نہ ہوگا کہ تیرے پاپ کی کمائی عیسو کے پریے بھکتوں کو دی جائے۔ اس سے ان کی آتما کو گھور دکھ ہوگا۔ جو سویم دریدر رہنا چاہتے ہیں، سویم کشٹ بھوگنا چاہتے ہیں، اس لیے کہ اس سے ان کی آتما شدھ ہوگی، انھیں یہ کُلشِت دھن دے کر ان کی آتم شدھی کے پریتن کو وِپھل کرنا ان کے ساتھ بڑا انیائے ہوگا۔اس لیے میں نشچے کر چکا ہوں کہ تیرا سروسو اگنی کا بھوجن بن جائے، ایک دھاگہ بھی باقی نہ رہے! ایشور کو کوٹی دھنے واد دیتا ہوں کہ تیری نقابیں اور چولیاں اور کرتیاں جنھوں نے سمندر کی لہروں سے بھی اگنیے چمبنوں کا آسوادن کیا ہے، آج جوالا کے مکھ اور چنچھ کا انوبھو کریں گی۔ غلاموں، دوڑو، اور لکڑی لاؤ، اور آگ لاؤ، تیل کے کپے لاکر لڑھکا دو، اگر اور کپور اور لوبان چھڑک دو جس میں جوالا اور بھی پرچنڈ ہو جائے! اور تھالیس، تو گھر میں جا، اپنے گھرِت وستروں کو اتار دے، آبھوشنوں کو پیروں تلے کچل دے، اور اپنے سب سے دین غلام سے پراتھنا کر کہ وہ تجھے اپنا موٹا کرتا دے دے؛ یدیپی تو اس دان کو پانے یوگیہ نہیں ہے، جسے پہن کر وہ تیرے فرش پر جھاڑو لگاتا ہے۔

تھالیس نے کہا۔ میں نے اس آگیاں کو شرودھاریے کیا۔

جب تک چاروں بھارتیہ کانے بیٹھ کر آگ جھونک رہے تھے، حبشی غلاموں نے چتا

میں بڑے بڑے ہاتھی دانت، آبنوس تتھا ساگون کے صندوق ڈال دیئے جو دھماکے سے ٹوٹ گئے اور ان میں سے بہو مولیے اور رتن جٹیت آبھوشن نکل پڑے۔ الاو میں سے دھوئیں کے کالے کالے بادل اٹھ رہے تھے۔ تب اگنی جو ابھی تک سلگ رہی تھی، اتنا بھیشن شبد کر کے ددھک اٹھی، مانو کوئی بھینکر بن پشو گرج اٹھا، اور جوالا چنھ جو سوریے کے پرکاش میں بہت دھندلی دکھائی دیتی تھی، کسی راکشھس کی بھانتی اپنے شکار کو نگلنے لگی۔ جوالا نے اتیجت ہوکر غلاموں کو بھی اتیجت کیا۔ وہ دوڑ دوڑکر بھیتر سے چیزیں باہر لانے لگے۔ کوئی موٹی موٹی قالینیں گھسیٹے چلا آتا تھا، کوئی وستر کے گٹھر لیے دوڑا آتا تھا۔ جن نقابوں پر سنہرا کام کیا ہوا تھا، جن پردوں پر سندر بیل بوٹے بنے ہوئے تھے، سبھی آگ میں جھونک دیے گئے۔ اگنی منھ پر نقاب نہیں ڈالنا چاہتی اور نہ اسے پردوں سے پریم ہے۔ وہ بھیشن اور نگن رہنا چاہتی ہے۔ تب لکڑی کے سامانوں کی باری آئی۔ بھاری میز، کرسیاں، موٹے موٹے گدے، سونے کی پریوں سے سشوبھت پلنگ غلاموں سے اٹھتے ہی نہ تھے۔ تین بالشتھ حبشی پریوں کی مورتیاں چھاتی سے لگائے ہوئے لائے۔ ان مورتیوں میں ایک اتنی سندر تھی کہ لوگ اس سے استری کا سا پریم کرتے تھے۔ ایسا جان پڑتا تھا کہ تین جنگلی بندر تین استریوں کو اٹھائے بھاگے جاتے ہیں !اور جب یہ تینوں سندر نگن مورتیاں، ان دیتیوں کے ہاتھ سے چھوٹ کر گریں اور ٹکڑے ٹکڑے ہو گئیں، تو گہری شوک دھونی کانوں میں آئی۔

یہ شور سن کر پڑوسی ایک ایک کر کے جاگنے لگے اور آنکھیں مل مل کر کھڑکیوں سے دیکھنے لگے کہ یہ دھواں کہاں سے آرہا ہے۔ تب اسی اردھ نگن دشا میں باہر نکل پڑے اور الاؤ کے چاروں اور جما ہوگئے۔

یہ ماجرہ کیا ہے ؟ یہی پرشن ایک دوسرے سے کرتا تھا۔

ان لوگوں میں وہ ویاپاری تھے۔ جن سے تھالیس عطر، تیل، کپڑے آدی لیا کرتی تھیں، اور وہ سچنت بھاو سے منھ لٹکائے تاک رہے تھے۔ ان کی سمجھ میں کچھ نہ آتا تھا کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ کئی وشیے بھوگی پُرش جو رات بھر کے ولاس کے بعد سر پر ہار لپٹے، کرتے پہنے غلاموں کے پیچھے جاتے ہوئے ادھر سے نکلے تو یہ درشیے دیکھ کر ٹھٹھک گئے اور زور زور سے تالیاں بجا کر چلّانے لگے۔ دھیرے دھیرے کوتوہل وش اور لوگ آگئے اور بڑی بھیڑ جمع ہوگئی۔ تب لوگوں کو گیات ہوا کہ تھالیس دھرم آشرم کے تپسوی پاپ ناشی کے آدیش سے اپنی سمست سمپتی

جلا کر کسی آشرم میں پروشٹھ ہونے آرہی ہیں۔

دکانداروں نے وچار کیا۔ تھالیس یہ نگر چھوڑ کر چلی جارہی ہے۔اب ہم کس کے ہاتھ اپنی چیزیں بیچیں گے ؟کون ہمیں منھ مانگے دام دے گا۔ یہ بڑا گھور انرتھ ہے۔تھالیس پاگل ہو گئی ہے کیا؟ اس یوگی نے اوشیے اس پر کوئی منتر ڈال دیا ہے،نہیں تو اتنا سکھ ولاس چھوڑ کر تپسونی بن جانا سہج نہیں ہے۔ اس کے بنا ہمارا نرواہ کیوں کر ہوگا !وہ ہمارا سروناش کیے ڈالتی ہیں۔یوگی کو کیوں ایسا کرنے دیا جائے؟ آخر قانون کس لیے ہے؟ کیا اسکندریہ میں کوئی نگر کا شاسک نہیں؟ تھالیس کو ہمارے بال بچوں کی ذرا بھی چنتا نہیں ہے۔ اسے شہر میں رہنے کے لیے مجبور کرنا چاہیے۔ دھنی لوگ اسی بھانتی نگر چھوڑ کر چلے جائیں گے تو ہم رہ چکے۔ہم راجیہ کر کہاں سے دیں گے۔؟

'یوک گن کو دوسرے پرکار کی چنتا تھی۔ اگر تھالیس اس بھانتی نردیتا سے نگر سے جائے گی تو ناٹیہ شالاؤں کو جیوت کون رکھے گا؟ شیگھر ہی ان میں سناٹا چھا جائے گا،ہمارے منورنجن کی مکھ سامگری غائب ہو جائے گی، ہمارا جیون شسک اور نیرس ہو جائے گا۔ وہ رنگ بھومی کا دیپک، آنند، سمان، پرتیبھا اور پران تھی۔ جنھوں نے اس کے پریم کا آنند نہیں اٹھایا تھا،وہ اس کے درشن ماتر ہی سے کرتارتھ ہو جاتے تھے۔انیہ استریوں سے پریم کرتے ہوئے بھی وہ ہمارے نیتروں کے سامنے اپستھت رہتی تھی۔ہم ولاسیوں کی تو جیون دھارا تھی۔ کیول یہ وچار کہ وہ اس نگر میں اپستھت ہیں،ہماری واسناؤں کو اودیپت کیا کرتا تھا۔ جیسے جل کی دیوی ورشٹی کرتی ہیں،اگنی کی دیوی جلاتی ہے،اسی بھانتی یہ آنند کی دیوی ہردیے میں آنند کا سنچار کرتی تھی۔

سمست نگر میں ہلچل مچی ہوئی تھی۔کوئی پاپ ناشی کو گالیاں دیتا تھا،کوئی عیسائی دھرم کو اور کوئی سویم پربھو مسیح کو صلواتیں سناتا تھا۔اور تھالیس کے تیاگ کی بھی بڑی تیور آلوچنا ہو رہی تھی۔ ایسا کوئی سماج نہ تھا جہاں کہرام نہ مچا ہو۔

'یوں منھ چھپا کر جانا لجا اسپد ہے۔!'

'یہ کوئی بھلمنساہت نہیں ہے!'

'اجی، یہ تو ہمارے پیٹ کی روٹیاں چھینے لیتی ہے!'

'وہ آنے والی سنتان کو ارسیک بنائے دیتی ہے۔ اب انھیں رسکتا کا اپدیش کون

دے گا؟'

'اجی، اس نے تو ابھی ہمارے ہاروں کے دام بھی نہیں دیے۔'

'میرے بھی پچاس جوڑوں کے دام آتے ہیں۔'

'سبھی کا کچھ نہ کچھ اس پر آتا ہے۔'

'جب وہ چلی جائے گی تو نایکاؤں کا پارٹ کون کھیلے گا؟'

'اس چھتی کی پورتی نہیں ہوسکتی۔'

'اس کا استھان سدیو رکت رہے گا۔'

'اس کے دوار بند ہو جائیں گے تو جیون کا آنند ہی جاتا رہے گا۔'

'وہ اسکندریہ کے گگن کا سوریہ تھی۔'

اتنی دیر میں نگر بھر کے بھکشھک، اپنگ، لولے لنگڑے، کوڑھی، اندھے سب اس استھان پر جمع ہو گئے اور جلی ہوئی وستوں کو ٹٹولتے ہوئے بولے۔اب ہمارا پالن کون کرے گا؟ اس کی میز کا جوٹھن کھا کر دوسو آبھاگوں کے پیٹ بھر جاتے تھے۔ اس کے پریمی گن چلتے سے ہمیں مٹھیاں بھر پیسے روپے دان کر دیتے تھے۔

چور چکاروں کی بھی بن آئی۔ وہ بھی آکر اس بھیڑ میں مل گئے اور شور مچا مچا کر اپنے پاس کے آدمیوں کو ڈھکیلنے لگے کہ دنگا ہوجائے اور اس گول مال میں ہم بھی کسی وستو پر ہاتھ صاف کریں۔ یدیپی بہت کچھ جل چکا تھا، پھر بھی اتنا شیش تھا کہ نگر کے سارے چور چنڈال آیاچی ہو جاتے!

اس ہل چل میں کیول ایک وردھ منشیہ استھرچت دکھائی دیتا تھا۔ وہ تھالیس کے ہاتھوں دور دیشوں سے بہو مولیہ وستو لالا کر بیچتا تھا اور تھالیس پر اس کے بہت روپے آتے تھے۔ وہ سب کی باتیں سنتا تھا، دیکھتا تھا کہ لوگ کیا کرتے ہیں، رہ رہ کر داڑھی پر ہاتھ پھیرتا تھا،اور من میں کچھ سوچ رہا تھا۔ ایکا ایک اس نے ایک یووک کو سندر وستر پہنے پاس کھڑے دیکھا اس نے یووک سے پوچھا۔تم تھالیس کے پریمیوں میں نہیں ہو!

یووک۔ ہاں، ہوں تو بہت دنوں سے۔

وردھ۔ تو جاں کر اسے روکتے کیوں نہیں؟

یووک۔ اور کیا تم سمجھتے ہو کہ اسے جانے دوں گا؟ من میں یہی نشچے کرکے آیا

ہوں۔شیخی تو نہیں مارتا لیکن اتنا تو مجھے وشواس ہے کہ میں اس کے سامنے جا کر کھڑا ہو جاؤں گا تو وہ اس بندر موہے پادری کی اپیکشا میری باتوں پر ادھک دھیان دے گی۔

وردھ۔تو جلدی جاؤ۔ ایسا نہ ہو کہ تمھارے پہنچتے پہنچتے وہ سوار ہو جائے۔

یووک۔ اس بھیڑ کو ہٹاؤ۔

وردھ ویپاری نے 'ہٹو،جگہ دو' کا گُل مچانا شروع کیا اور یووک گھوسوں اور ٹھوکروں سے آدمیوں کو ہٹاتا، وردھوں کو گراتا، بالکوں کو کچلتا، اندر پہنچ گیا اور تھالیس کا ہاتھ پکڑ کر دھیرے سے بولا۔ پریے،میری اور دیکھوں اتنی نشٹھرتا !یاد کرو،تم نے مجھ سے کیسی کیسی باتیں کی تھیں، کیا کیا وعدے کیے تھے،کیا اپنے وعدوں کو بھول جاؤ گی ؟کیا پریم کا بندھن اتنا ڈھیلا ہو سکتا ہے؟'

تھالیس ابھی کچھ جواب نہ دینے پائی تھی کہ پاپ ناشی لپک کر اس کے اور تھالیس کے بیچ میں کھڑا ہو گیا اور ڈانٹ کر بولا۔'دور ہٹ، پاپی کہیں کا !خبردار جو اس کے دیہہ کو اسپرش کیا وہ اب ایشور کی ہے، منشیہ اسے نہیں چھو سکتا۔'

قابیل— (آدم سے) ابھی تک دھرتی کھودنا سماپت نہیں ہوا؟ تم سدا دھرتی کھودتے رہو گے اور سدا اسی پرانی نالی میں لگے رہے ہوگے۔ کوئی انتی نہیں، کوئی نیا وچار نہیں، کوئی کیرتی نہیں! یدی میں بھی اسی بھومی کھودنے میں لگا رہتا، جیسا کہ تم نے مجھے سکھایا تھا، تو آج میں کچھ نہ ہوتا۔

آدم— تم بھالا اور ڈھال لیے ہوئے اس سے کیا ہو، جبکہ تمھارے بھائی کا رکت دھرتی کے بھیتر سے تمھارے وروده کرندن کر رہا ہے!

قابیل— میں پہلا ودھ کرنے والا ہوں تم کیول پہلے منش ہو! پرتیک ویکتی پہلا منش ہو سکتا ہے یہ ایسا ہی سہج ہے جیسا کہ پہلی گو بھی ہونا۔ کنتو پہلا ہتیارا ہونے کے لیے ساہسی منشیہ کی آویشکتا ہے۔

آدم— یہاں سے چلے جاؤ، ہمارا پیچھا چھوڑ دو۔ ہم کو الگ رکھنے کے لیے سنسار بہت وسترت ہے۔

حوا— تم اس کو کیوں بھگاتے ہو؟ وہ میرا ہے۔ میں نے اس کو اپنے شریر سے بنایا تھا۔ میں اپنی بنائی ہوئی وستو کو کبھی کبھی دیکھنا چاہتی ہوں!

آدم— تم نے تو ہابیل کو بھی بنایا تھا۔ اس نے ہابیل کو مار ڈالا: اس پر بھی کیا تم اس کو دیکھنے کی کامنا کر سکتی ہے۔؟

قابیل— میں نے ہابیل کو مار ڈالا تو یہ کس کا اپرادھ تھا؟ مار ڈالنے کا اوشکار کس نے کیا تھا۔ ؟میں نے ؟نہیں، اسی نے اوشکار کیا تھا۔ میں تو تمھاری شکچھا پر چل رہا تھا۔ میں تو دھرتی کھودا کرتا تھا۔ اور کوڑا کرکٹ صاف کیا کرتا تھا۔ میں پرتھوی کا پھل کھاتا تھا اور تمھاری طرح پرشرم سے جیون نرواہ کرتا تھا۔ میں مورکھ تھا، کنتو ہابیل نئے وچار اور ساہس کا منشیہ تھا۔ وہ کھوجی تھا اور وستوتہہ انتی کرنے والا تھا۔ اس نے رکت کا انوسدھان کیا اور ہتیا کا اوشکار کیا۔ اس نے یہ گیات کیا کہ سوریہ کی اگنی اوس کی بوندوں کے دوارا نیچے لائی جا سکتی ہے۔ اس نے اگنی کو سدیو پرکاشان رکھنے کے لیے ایک بلی کا استھان نرمان کیا۔ جتنے پشوؤں کو مارتا تھا، ان کے مانس کو بلی استھان میں اگنی سے پکاتا تھا۔ وہ اپنے کو مانس کھا کھا کر جیوت رکھتا تھا۔ اس کو اپنا اہار پراپت کرنے کے لیے کیول اس کی آوشکتا تھی کہ اپنا دن آکھیٹ، جیسے سوواستھیہ دایک اور گورو پورن کاریہ میں ویئے کرے اور پھر ایک گھنٹہ اگنی کے ساتھ کھیل کرے۔ تم نے اس سے کچھ بھی نہیں سیکھا۔ تم پرشرم کرتے رہے اور مجھ سے بھی یہی کام کراتے رہے۔ میں ہابیل کے ہرش اور سوادھینتا پر ارشیہ کرتا تھا۔ میں اپنے کو اس لیے تچھ سمجھتا تھا کہ تمھارا انوکرن کرنے کے استھان پر اس کا انوکرن نہیں کرتا تھا۔ وہ ایسا بھاگیہ وان تھا کہ اپنے بھوجن میں اس شبد کو بھی سملت رکھتا تھا، جس نے اس کو انیک نئی باتیں بتائی تھیں۔ وہ کہتا تھا وہ شبد اس اگنی کا شبد ہے جو میرا بھوجن پکاتی ہے اور جو اگنی بھوجن پکا سکتی ہے وہ کھا بھی سکتی ہے۔ یہ سچ تھا کہ میں نے اگنی کو بلی استھان میں بھوجن کو سماپت کر دیتے

ہوئے سوئیم دیکھا، تب میں نے بھی بلی ستھان بنایا اور اس پر بھوجن کی بھینٹ چڑھائی۔انمول اور پھل سب ویرتھ کچھ نہ ہوا۔ ہابیل مجھ پر ہنستا تھا اور تب ایک بڑی بات میں نے سوچی، کیوں نہ ہابیل کو مارڈالیں۔ جس طرح وہ پشوؤں کو مارا کرتا ہے، میں نے وار کیا اور وہ مر گیا، جس پرکار پشو مرا کرتے تھے۔ اس کے بعد میں نے تمھاری مورکھتا اور پرشرم کے جیون کو چھوڑ دیا اور اس کی طرح نرواہ کرنے لگا۔ شکار، رکت بہانا۔ شکار کے دوارا کیا میں تم سے شری شٹ، تم سے ادھک سوادھین نہیں ہوں؟

آدم— تم ادھک بلشٹ نہیں ہو، تم نگنے ہو۔ تمھارا جیون دڑھ ہو سکتا۔ تم نے پشوؤں کو اپنے سے بھے بھیت کر دیا ہے۔سرپ نے اپنے کو تم سے بچانے کے لیے وش اپتن کر لیا ہے۔ میں سوئیم تم سے ڈرتا ہوں۔ یدی تم اپنی ماتا کی اور ایک ایک پگ اور بڑھے تو میں اپنی کدال سے تم کو اسی طرح مار کر گرا دوں گا، جس طرح تم نے ہابیل کو مار کر گرا دیا تھا۔

حوا— وہ مجھ کو مارے گا نہیں، وہ مجھ سے پریم کرتا ہے۔

آدم— وہ ہابیل سے بھی پریم کرتا تھا۔ پرنتو اس کو اس نے مار ڈالا۔

قابیل— میں استریوں کو مارنا نہیں چاہتا، میں اپنی ماں کو نہیں ماروں گا اور اسی کے وچار سے تم کو بھی نہیں ماروں گا۔ یدھپی بنا تمھارے کدال کی دھار میں آئے ہوئے اس بھالے کو تمھارے پار کر سکتا ہوں۔ مجھے یہ دھیان نہ ہوتا، تو میں تمھیں مار ڈالنے کی چیشٹا کیے بنا نہ رہتا، یدھپی ڈرتا ہوں کہ کہیں تم نہ مجھے مار ڈالو۔ میں نے سنگھ اور ونشوکر سے سنگرام کیا ہے، یہ دیکھنے کے لیے کہ کون کس کو مار ڈالتا ہے۔ میں نے منشیہ کے ساتھ بھی یدھ کیا ہے۔ یہ ہے تو بھیانک کام، پر اس سے ادھک آنند بھی کسی اور کام میں نہیں۔ میں اس کو لڑائی کہتا ہوں۔ جو کبھی لڑا نہیں ہے۔ جیون کا آنند وہ نہیں جانتا۔ یہی آوشیکتا مجھ کو ماں کے پاس لے آئی ہے۔

آدم— اب تم کو ایک دوسرے سے کیا پریوجن؟ وہ اتپن کرنے والی ہے اور تم وناش کرنے والے ہو۔

قابیل— میں وناش کیسے کر سکتا ہوں جب تک وہ اتپن نہ کرے؟ میں چاہتا ہوں کہ وہ اور پروش اتپن کرتی رہے اور ہاں استریاں بھی، جس سے وہ سب اپنی اپنی باری سے

اور ادھک پروش اتپن کریں۔ اسنکھیہ پروشوں کی جتنی کہ سہستر برکچھوں میں پتیاں ہوں گی
اُن سے بھی ادھک پروشوں کی ایک بڑی بھاری رچنا کا دھیان میرے مستشک میں ہے۔ میں
ان کو دو بڑے بھاگوں میں وبھاجت کروں گا۔ ایک کا سیناپتی میں ہوں گا، دوسرے کا وہ ویکتی
جس سے میں سب سے ادھک بھے کروں اور جس کو سب سے پہلے مار ڈالنا چاہوں۔ تنک
وچار تو کرو، منش کا یہ سارا دل آپس میں لڑتا مرتا رہے گا۔ جنے کی پکار اُتپنا کے شبد نراشا کا
گان دکھ کی وننے نی سندیہہ انھیں میں جیون ہوگا۔ ایسا جیون جو پورن روپ سے کاریہ میں
لایا گیا ہو۔ ایک پرجولت آگ کا اور آندھی کا جیون، جس نے اس کو نہ دیکھا ہوگا، نہ سنا ہوگا،
نہ انوبھو کیا ہوگا۔ اور نہ پریکچھا کی ہوگی۔ وہ اس آدم کے سمکھ، جس نے یہ سب کچھ کیا ہوگا،
اپنے کو اپدارتھ اور مورکھ سمجھے گا۔

حوّا— اور میں! میں کیول ایک سوگم دوار ہوؤں گی پروشوں کو اتپن کرنے کا، جس سے
تم ان کو مار ڈالو!

آدم— یا وہ تم کو مار ڈالیں!

قابیل— ماتا! پروشوں کا اتپن کرنا تمھارا ادھیکار ہے، تمھارا کام ہے، تمھارے کشٹ
سے تمھارا گورو ہے اور تمھاری وجئے ہے۔ تم میرے پتا کو جیسا کہ تم کہہ رہی ہو اس کے لیے
کیول اپنا ایک دوار بنا لیتی ہو۔ اس کو تمھارے لیے بھومی کھودنی پڑتی ہے۔ پرشرم کرنا پڑتا
ہے، چلنا پڑتا ہے، بالکل اس بیل کی بھانتی جو بھومی کھودنے میں سہایتا دیتا ہے، یا اس گدھے
کی بھانتی جو اس کا بوجھا لادتا ہے۔ کوئی استری مجھ سے میرے پتا کا جیون نہیں ویتت کرا
سکتی۔ میں شکار کروں گا، لڑوں گا اور اپنے نس نس کی شکتی ویئے کروں گا۔ جب اپنے پران
سنکٹ میں ڈال کر جنگلی سور مار کر لاؤں گا۔ تو میں اپنی استری کے سمکھ لا کر ڈال دوں گا کہ
وہ اس کو پکا دے۔ اور اس کے پرشرم کے بدلے میں اس کو بھی ایک کور دے دوں گا۔ اس کو
کوئی دوسرا بھوجن نہیں ملے گا۔ اس سے وہ میری چیری ہو جائے گی اور جو مجھ کو مارڈالے گا
وہ اس استری کو لوٹ کے مال کی طرح لے جائے گا۔ پروش استری کا سوامی ہوگا۔ نہ کہ اس
کا بالک اور مزدور!

(آدم اپنی کدال پھینک دیتا ہے اور دھیان سے حوّا کو دیکھنے لگتا ہے)

حوّا— آدم! کیا تم پریکچھا میں پڑ گئے؟ کیا ہمارے آپس کی پریتی سے تم کو یہ بات

اتّم معلوم ہوتی ہے؟

قابیل— پریت کا حال وہ کیا جانے؟ جب وہ لڑ چکے گا تب بھے اور مرتیو کا سامنا کر لے گا۔ جب اپنی شکتی کا انتم آویش ویئے کر کے آندولن کر چکے گا۔ اس سے اس کو گیات ہوگا کہ واستو میں استری کے آلنگن میں پریم سے شانتی پراپت کرنا کس کو کہتے ہیں۔ اس استری سے پوچھو جس کو تم نے اتپن کیا ہے جو میری پتنی ہے۔ کیا وہ میری پرانی چال پسند کرے گی جب کہ میں آدم کا انوسرن کرتا تھا۔ کرشی اور مزدوری کرتا تھا۔

حوّا— (کرودھ میں چرخا چھوڑ کر) تمھارا منہ کہ تم یہاں آ کر لوا۔ حوّا☆ (وارٹن نے اپنے ناٹک میں قابیل کی استری کا نام آدابتایا تھا۔) پر ابھیمان کرو جو کسی کام کی نہیں جو بے حد بری لڑکی اور سب سے نکمّی پتنی ہے۔ تم اس کے سوامی ہو۔ تم تو آدم کے بیل یا اپنے رکچھک شوان سے بھی کہیں ادھک اس کے داس ہو۔ نی سندیہہ جب تم اپنے پران سنکٹ میں ڈال کر جنگلی سور کا شکار کرو گے۔ تو اس کے پرشرم کے بدلے میں ایک کور اس کے سمکّھ بھی ڈال دو گے۔ آہاہا! دربھاگیہ! کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ میں اس سے یا اس سے ادھک تم سے پریچت نہیں ہوں؟ کیا تمھارا پران اس سے بھی سنکٹ میں ہوتا ہے جب تم گلہری یا نیلی لومڑی کو مارتے ہو۔ جس سے وہ ان کو اپنے شریر سے لٹکا کر استری سے پشو بن جائے؟ جب تم بے بس اور بَل ہین پنچھیوں کو جال میں پھنساتے ہو تو کیول اس لیے کہ لوا کو سادھارن اور حلال کھاد کھانے میں کشٹ ہوتا ہے تو اس سے کیسے سورما معلوم ہوتے ہو؟ تم سنگھ کو مارنے کے لیے اوشیہ اپنی جان سنکٹ میں ڈالتے ہو کنتو اس کا چرم کس کو ملتا ہے، جس کے لیے تم نے بھے کا سامنا کیا! لوا اس کو اپنا بچھونا بنانے کے لیے لے لیتی ہے اور اس کا سڑا ہوا ماس تمھارے آگے پھینک دیتی ہے، جس کو تم کھا بھی نہیں سکتے۔ تم لڑتے ہو، اس کارن کہ سمجھتے ہو کہ وہ اس سے تمھارا آدر کرتی ہے۔ اور تم کو چاہتی ہے۔ مورکھ! وہ تم کو اس پریوجن سے لڑاتی ہے کہ تم اس کو سکھ بھوگ کے سامان اور مارے ہوئے لوگوں کا مال لا کر دیتے ہو۔ اور وہ لوگ جو تم سے ڈرتے ہیں، اس کو سونا چاندی اور دھن دیتے رہتے ہیں۔ تم کہتے ہو کہ میں آدم کو کیول ایک مادھیم بنائے ہوئے ہوں! میں تو چرخہ چلاتی ہوں اور گھر کی دیکھ بھال کرتی ہوں، سنتان اتپن کرتی ہوں اور ان کا پالن کرتی ہوں۔ میں تو ایک استری ہوں اور پروشوں کو لبھانے اور ان کا شکار کرنے کے لیے کوئی پالتو پشو نہیں ہوں! تم کیا ہو؟ ایک

ابھاگیہ داس جو منہ پر ملمّع کیے ہو! یا پشوؤں کے بالوں کی ایک گٹھری ہو! جب میں نے اتپن کیا تھا، تو تم ایک منش کے بالک تھے،اور لوا ایک منش کی بالیکا۔ تم لوگوں نے اب اپنے کو کیا بنا ڈالا ہے؟

قابیل— (بلّم کو ڈھال میں پہنا کر مونچھوں کو اینٹھتا ہوا) منش سے اُتّم تر بھی کوئی وستو ہے، 'شؤز' اور وہی ہے منش شیرومنی۔

حوّا— نرشیرومنی! تم تو نرادھم ہو۔ تمھارا انیہ پروشوں کے ساتھ وہی سمبندھ ہے جو سفید لومڑی کا ششک کے ساتھ ہے، اور لُوا کا تمھارے ساتھ وہ سمبندھ ہے، جو جونک کا سفید لومڑی کے ساتھ ہے۔تم اپنے پتا کو تچھ سمجھتے ہو۔ پرنتو جب وہ مرے گا، تو سنسار اس کے کارن ادھک پورن ہو چکا ہوگا۔ جب تم مرو گے، تو لوگ کہیں گے وہ بڑا لڑکا تھا۔ سنسار کے لیے یہ اتم ہوتا کہ وہ اتپن نہ ہوا ہوتا اور لُوا کے وشے میں وہ کچھ نہ کہیں گے۔ ورنہ جب اس کو اسمرن کریں گے تو اس کے نام پر تھوک دیں گے۔

قابیل— وہ سنگ رکھنے کے لیے تم سے اچھی استری ہے یدی وہ بھی مجھ کو اسی پرکار برا کہتی، جس پرکار تم کہہ رہی ہو یا جس پرکار آدم کو برا کہا کرتی ہو، تو میں مارتے مارتے اس کو نیلا کر دیتا۔ میں نے ایسا کیا بھی ہے اور تم کہتی ہو کہ میں داس ہوں۔

حوّا— اس کارن کہ اس نے دوسرے پروش پر درشٹی ڈالی تھی اور تم اس کے پیروں پر گرے۔ اور رو رو کر چھما مانگنے لگے اور پہلے سے دس گنا اس کے داس ہو گئے۔ اور وہ جب بھلی بھانتی کراہ چکی اور اس کی پیڑا کم ہوئی تو اس نے تم کو چھما کر دیا۔ کیوں سچ ہے کہ نہیں؟

قابیل— وہ مجھ سے پہلے سے ادھک پریم کرنے لگی یہی استری کا واستوک سوبھاؤ ہے۔

حوّا— (ماتا کی بھانتی اس پر کرونا کر کے) پریم! تم اس کو پریم کہتے ہو اس کو استری کا سوبھاؤ کہتے ہو۔ میرے پتر! اہا ہا کا نام نہ پروش ہے نہ استری، نہ اس کو پریم کہتے ہیں، نہ جیون۔ تمھاری آنکھوں میں واستوک بل نہیں اور نہ تمھارے شریر میں خون ہے۔

قابیل— ہاہا! (اپنے بلّم کو پکڑ کر پورے بل سے گھماتا ہے)

حوّا— ہاں! تم کو آپ ہی اپنے بل کا انومان کرنے کے لیے چھڑی گھمانے کی

آوشیکتا ہوتی ہے۔تم بنا کڑوا کیے ہوئے اور بنا کھولائے ہوئے جیون کے سواد کا انوبھو نہیں کر سکتے تم لوا کا پریم، جب تک اس کا مکھ رنگا ہوا نہ ہو انوبھو نہیں کر سکتے۔ جب تک کہ وہ گلہری کے بالوں سے ڈھکی نہ ہو۔تم سوا دکھ کے کچھ نہیں انوبھو کر سکتے اور نہ سوا متھیا کہ کسی وستو کا وشواس کر سکتے ہو۔ تم جیون کے ان درشیوں کے دیکھنے کے لیے مستک بھی نہیں اٹھاؤ گے، جو تمھارے چاروں اور ہے کنتو کوئی لڑائی یا مرتیو دیکھنے کے لیے دس میل دوڑتے چلے جاؤ گے۔

آدم— بس ! بہت کہا جا چکا ہے۔ لڑکے کو چھوڑ دو۔

قابیل— لڑکا! ہا ہا!

حوّا— (آدم سے) تم شاید یہ وچار رہے ہو کہ سمبھو ہے، اس کا جیوکو پائے تمھارے جیوکو پائے سے اتم ہو، تم ابھی تک پریکچھا کرنے میں لگے ہوئے ہو۔ کیا تم بھی میرے ساتھ وہ برتاؤ کرو گے۔ جو وہ اپنی استری کے ساتھ کرتا ہے؟ کیا تم بھی سنگھ اور بھالو کا شکار کرنا چاہتے ہو، جس سے میرے سونے کے لیے چمڑوں کی بہتایت ہو جائے؟ کیا میں بھی اپنا مکھ رنگا کروں اور اپنی بانہوں کو نرم اور کومل بنا کر خراب کر ڈالوں؟ کیا میں بھی پڑکی، بٹیر اور بکری کے بچوں کا ماس کھانے لگوں جن کا دودھ تم میرے لیے چرا کر لے آیا کرو گے؟

آدم— تمھارے ساتھ بسر کرنا یوں ہی ایک پریکچھا ہے۔جیسی ہو، ویسی رہو۔ میں جیسا ہوں، ویسا رہوں گا۔

قابیل— تم میں سے کوئی جیون کو نہیں جانتا تم سیدھے سادھے گرامین منش ہو۔تم ان بیلوں، گدھوں اور کتوں کے داس ہو، جن کو تم نے اپنی آوشیکتاؤں کے لیے پال رکھا ہے۔ میں تم کو ابھار کر اس سے ادھیک اونچائی پر لا سکتا ہوں۔ میں نے ایک اپائے سوچا ہے۔ کیوں نہ ہم اپنی سیوا کے لیے پروش اور استریوں کو پالیں، کیوں نہ بال اویستھا ہی سے ان کا اس ریتی سے پالن کریں کہ ان کو کسی دوسرے پرکار جیون کا گیان نہ ہونے پاوے۔ جس میں وہ سویکار کر لیں کہ ہم دیوتا ہیں اور وہ یہاں کیول اس لیے ہے کہ ہمارے جیون کو گورو شالی بنائے رہیں؟

آدم— (پربھاوت ہو کر) وہ تو نی سندیہہ ایک بہت بڑا وچار ہے۔

حوّا— (گھرنا پوروک) بہت بڑا وچار ہے!

آدم— ہاں، جیسا کہ سانپ کہا کرتا تھا، 'کیوں نہیں'؟

حوّا— کیوں کہ ایسے نیچوں کو میں اپنے گھر میں نہیں رہنے دوں گی، کیوں کہ ایسے پشوؤں سے مجھ کو گھرنا ہے جن کے دو سر ہوں یا جن کے انگ سوکھے ہوں یا جو کروپ، ہٹھی، اور پرکرتی وردھ ہوں میں نے پہلے ہی قابیل سے کہہ دیا کہ وہ پروش نہیں ہے اور نہ لوا استری ہے۔ دونوں راکشس ہیں، اور اب تم ان سے بھی ادھیک پرکرتی کے وردھ راکشس اتپن کرنا چاہتے ہو، جس میں تم کیول ست اور بیکار ہو جاؤ اور تمھارے پالے ہوئے 'مانوی پشو' پرشرم کو ایک جھلنے والی ویادھی سمجھیں۔اچھا سوپن ہے،کیا کہنا!(قابیل سے) تمھارا پتا تو کیول سادھارن ہی مورکھ ہے، کنتو تمھارے روم روم میں مورکھتا ویاپت ہے۔اور تمھاری استری تم سے بھی ادھک مورکھا ہے۔

آدم— میں کیوں مورکھ ہوں؟ میں تم سے ادھیک مورکھ کیسے ہوسکتا ہوں۔

حوّا— تم نے کہا تھا کہ بدھ کبھی نہ ہوگا، اس لیے کہ 'شبد' ہماری سنتان کو اس سے روکے گا۔اس نے قابیل کو کیوں نہیں روکا؟

قابیل— اس نے منع تو کیا تھا کنتو میں کوئی بچہ نہیں ہوں کہ ایک شبد سے ڈر جاؤں۔'شبد' نے سمجھا تھا کہ میں اپنے بھائی کا رکچھک ہونے کے سوا اور کچھ نہیں ہوں۔اس کو گیات ہو گیا کہ میں 'میں' ہوں اور ہابیل کو بھی وہی ہونا چاہیے اور اپنی دیکھ بھال آپ کرنی چاہیے۔جس پرکار کہ میں اس کا رکشک تھا، اس سے ادھک وہ میرا رکچھک نہیں تھا، پھر اس نے تجھ کو کیوں نہیں مار ڈالا؟ یدی مجھ کو کوئی روکنے والا نہیں تھا، تو اس کو بھی کوئی روکنے والا نہ تھا۔اور میں جیت گیا۔ میں پہلا وجیتا تھا۔

آدم— جب تم نے یہ سب سوچا تھا تو 'شبد' نے تم سے کیا کہا تھا؟

قابیل— کیوں؟ اس نے مجھ کو ادھیکار دے دیا اور کہا کہ میرا یہ کرتیہ مجھ پر ایک دھبّہ ہے، ایک جلا ہوا دھبّہ،جس میں کوئی مجھ کو ودھ نہ کر سکے، جیسا کہ ہابیل اپنے بھیڑوں پر لگا دیتا تھا۔ میں یہاں ٹھیکم ٹھیک کھڑا ہوں جن کائروں نے کبھی ودھ نہیں کیا، جو اپنے بھائیوں کے رکچھک بننے سے سنتشٹ ہیں، وہ ترسکرت سمجھ کر چھوڑ دیئے جاتے ہیں، اور شششکوں کی طرح مار دیے جاتے ہیں۔ جو قابیل کے گیان پر چلے گا وہ سنسار پر شاسن کرے گا۔ اور وہ یدی ہار کر گر جائے گا،تو اس کا سات گنا بدلا لیا جائے گا۔' شبد' نے یہ کہہ دیا ہے،

اتھہ تم کو اور دوسروں کو مجھ سے وڈّروہ کرتے سمے ساودھان رہنا چاہیے۔

آدم ــــ ڈینگ مارنا اور ڈھٹائی چھوڑو اور سچ سچ بتاؤ، کیا شبد یہ نہیں کہتا کہ یدی کوئی دوسرا تم کو تمھارے بھائی کے ودھ کے لیے مار ڈالنے کا ساہس نہیں کرسکتا تو تم سوئیم اپنے کو مار ڈالو؟

قابیل ــــ نہیں۔

آدم ــــ یدی تم جھوٹ نہیں بولتے، تو پھر ایشوریے نیائے کوئی وستو نہیں۔

قابیل ــــ میں جھوٹ نہیں بولتا، ایشوریہ نیائے اوشیہ ایک وستو ہے، کیوں کہ 'شبد' مجھ سے کہتا ہے کہ میں اپنے کو پرتیک ویکتی کے آگے اوپستھ کروں، جس میں یدی وہ مجھے مارڈال سکے، تو مار ڈالے۔ بنا جوکھم کے میں مہتوشالی نہیں ہوسکتا۔ ہابیل کا خون بہانا میں اسی روپ میں دیکھ رہا ہوں۔ جوکھم اور بھے پگ پگ پر میرے پیچھے ہیں۔ بنا اس کے ساہس کا کوئی ارتھ نہیں ہوتا اور ساہس ہی وہ وستو ہے، جو رکت کو گرما کر لال اور تیج پورن بنا دیتا ہے۔

آدم ــــ (اپنی کدال اٹھا کر پھر کھودنے کی تیاری کرتا ہے) اچھا اب چلے جاؤ۔ تمھارا یہ تیج پورن جیون ایک سہستر ورش تک نہیں رہے گا، اور مجھے ایک سہستر ورش تک رہنا ہے۔ تم سب یدی پرسپر یا ہنسک پشوؤں کے ساتھ لڑنے سے نہیں مروگے تو اس ویادھی سے مر جاؤگے، جو سوئیم تمھارے بھیتر ودھمان ہے۔ تمھارا شریر منش کے شریر کے سدرش نہیں، ورنہ اس 'چھتر پھین'...... کے سدرش پری پالت ہوتا ہے۔ جو ورکچھوں پر انکورت ہوتی ہے۔ سانس لینے کے استھان پر تم چھینکتے ہو اور کھانستے ہو اور انتتہہ مورچھا کر نشٹ ہو جاتے ہو۔ تمھاری آنتیں سڑ جاتی ہیں، تمھارے سر کے کیش جھڑ جاتے ہیں، تمھارے دانت میلے ہو جاتے ہیں اور گر جاتے ہیں اور تم سمے سے پہلے مر جاتے ہو۔ اس لیے نہیں کہ تم مرنا چاہتے ہو، بلکہ اس لیے کہ تم کو مرنا پڑتا ہے۔ میں کھیتی کروں گا اور جیوت رہوں گا۔

قابیل ــــ اور تمھارا یہ سہستر ورش کا جیون تمھارے کس کام کا ہے، تم پرانی گھاس ہو، سو ورش تک دھرتی کھودتے رہنے سے کیا اب تم بڑھیا کھودنے لگے ہو؟ میں اتنے سمے تک نہیں جیوت رہا ہوں، جتنے سمے تک تم جی چکے ہو۔ کنتو کھیتی کی کلا سے سمبندھ رکھنے والی جتنی باتیں ہوسکتیں تھیں، ان کو میں جانتا ہوں اور اب اس کو چھوڑ کر اس سے اُتّم کلاؤں کے

جاننے میں تتپر ہوں۔ میں لڑنا اور شکار کرنا، ارتھات مارڈالنے کی وِدھا جانتا ہوں۔ تم کو اپنے سہستر ورش کا نشچے کیسے ہو سکتا ہے؟ میں ابھی تم دونوں کو مار ڈال سکتا ہوں اور تم دو بھیڑوں سے ادھک اپنی رکشا نہیں کر سکتے۔ میں تم کو چھوڑ دیتا ہوں۔ پرنتو دوسرے تم کو مار ڈال سکتے ہیں۔ کیوں نہ ویرتا کے ساتھ جیون نرواہ کرو اور شیگھر مر کر دوسروں کے لیے استھان رکت کردو؟ میں سوئیم جو تم دونوں کی اپیکشا کہیں ادھک ودھاؤں کو جانتا ہوں، اپنے آپ سے ورکت ہو جاؤں، یدی لڑنا یا شکار کھیلنا نہ ہو۔ ایسے سہستر ورش بتانے سے پہلے ہی میں اپنے کو مارڈالوں، جیسا کہ پرایہ 'شبد' کی اور سے آندولن ہوا کرتا ہے۔

آدم— چھوٹے، ابھی تم کہہ رہے تھے کہ 'شبد' کی ہابیل کی جان کے بدلے تمھاری جان کا سامنا نہیں کرتا۔

قابیل— 'شبد' اس پرکار سنکھ نہیں ہوتا، جس پرکار تم سے ہوا کرتا ہے۔ میں ایک یودا پروش ہوں اور تم ایک بوڑھے بچے۔ کوئی بچے اور یودا سے ایک سی باتیں نہیں کرتا اور یودا سن کر چپ چاپ کانپنے نہیں لگتا ورنہ اتر دیتا اور وہ 'شبد' سے اپنا مان کراتا ہے اور انتہ جو چاہتا ہے اس سے کہلانے لگتا ہے۔

آدم— اس بڑے بول پر تمھاری جیبھ نشٹ ہو!

حوا— اپنی جیبھ کو وش میں رکھو اور میرے بچے کو کوسو مت! للس کی یہ بھول تھی کہ اس نے اتپن کرنے کی پرتی کو استری اور پروش کے بیچ میں اسمان بھاگوں میں وبھاجت کیا۔ قابیل! یدی ہابیل کے اتپن کرنے کی پیڑا تم کو سہن کرنی پڑتی یا اس کے مرجانے پر دوسرا ملش اتپن کرنا پڑتا۔ تو تم اس کا ودھ نہ کرتے۔ ورنہ اس کی جان کو بچانے کے لیے اپنی جان سنکٹ میں ڈالتے۔ یہی کارن ہے کہ ایسی نرمل بات چیت، جس نے ابھی آدم کو بھی لبھا لیا تھا جب کہ وہ اپنی کدال پھینک کر تھوڑی دیر کے لیے تمھاری اور آکرشت ہو گیا تھا، مجھ کو ایک ویتت ہو جانے والی آیو گیات ہوئی، جو کسی شُو پر سے بہہ گئی ہو! یہی کارن ہے کہ اتپن ہونے والی استری اور ناش کرنے والے پروش کے مدھ شترتا ہے میں تم کو جانتی ہوں۔ تم سکھ ابھیلاشی اور اندریوں کے داس ہو۔ جیون کو اتپن کرنا پرشرم اور کٹھنتا کا کام ہے۔ جس کے لیے ادھک سمے کی اوشیکتا ہے۔ دوسروں کے اتپن کیے ہوئے جیون کو چرالے جانا سوگم ہے اور تھوڑی دیر کا کام ہے۔ جب تک تم کرشی کرتے رہے، تم سنسار کو جیوت اور اتپن کرنے

کے یوگیہ بنائے ہوئے تھے، جس پرکار میں جیوت ہوں اور اتپن کرتی ہوں۔ لِلس نے تم کو اسی لیے استریوں کے پرشرم سے سوتنتر رکھا تھا۔ چوری اور ودھ کے لیے نہیں!

قابیل— شیطان اس کا کرتگ ہو، میں اپنے پاؤں تلے کی مٹی کے ساتھ پتی کا کھیل کھیلنے سے ادھک اتم اپنے سمے کا سدوپیوگ نکال سکتا ہوں۔

آدم— 'شیطان' یہ کون سا نیا شبد ہے؟

قابیل— سنو جب کبھی تم نے شبد کی چرچا کی، جو تم کو باتیں بتایا کرتا ہے۔ تو میں نے کبھی چت لگا کر تمھاری بات نہیں سنی ہے۔ دو شبد ہوں گے۔ ایک تو وہ جو تم کو برا کہتا ہے اور تچھ سمجھتا ہے اور دوسرا وہ جو میرا مان کرتا ہے، اور مجھ پر بھروسا رکھتا ہے۔ میں تمھارے شبد کو 'شیطان کا شبد' کہتا ہوں اور اپنے شبد کو 'ایشور کا شبد'۔

آدم— میرا شبد جیون کا شبد ہے اور تمھارا شبد مرتیو کا!

قابیل— اچھا تو یہی سہی، کیوں کہ وہ مجھ سے کہتا ہے کہ مرتیو واستو میں مرتیو نہیں ہے۔ ورن دوسرے جیون کا ایک دوار ہے۔ ایسا جیون جو ادھک شکتی شالی اور تیج پورن ہے، جو کیول آتما کا جیون ہے جس میں مٹی کے ڈھیلے اور بسولے یا بھوک اور تھکان نہیں۔

حوّا— اندریہ ولاس اور آلسیہ کا جیون، قابیل! میں بھلی پرکار جانتی ہوں۔

قابیل— اندریہ ولاس کا جیون! ہاں! کیوں نہیں، ایسا جیون جس میں کوئی اپنے بھائی کی رکچھا نہیں کرتا، اس لیے کہ اس کا بھائی اپنی رکچھا سوئیم کرسکتا ہے۔ پرنتو کیا میں آلسی ہوں، تمھارے پرشرم کے جیون کو چھوڑ کر کیا مجھے ان سنکٹوں اور وپتیوں کا سامنا کرنا نہیں پڑتا ہے۔ جن کا تم کو کوئی انوبھو نہیں؟ تیر ہاتھ میں بسولے سے ہلکا جان پڑتا ہے۔ کنتو جو شکتی تیر کو لڑنے والے کے ہردئے میں اتار دیتی ہے، اور جو شکتی بسولے کو اکھت اور استھولمٹی کے بھیتر پروشٹ کر دیتی ہے، ان دونوں میں اگنی اور جل کا سمبندھ ہے۔ میری شکتی اس کی شکتی کے سمان ہے اس لیے کہ میرا من پوتر ہے۔

آدم— یہ کیا شبد ہے؟ پوتر کا کیا ارتھ؟

قابیل— جو مٹی سے وِمکھ ہو کر اوپر سورج اور سُوچھ آکاش کی اور آکرشت ہو۔

آدم— بچے! آکاش تو شونیہ ہے، کنتو بھومی پھلوں سے پورن ہے۔ بھومی ہم کو بھوجن دیتی ہے اور ہم کو وہ شکتی پردان کرتی ہے اس سے ہم نے تم کو اور سمست منش جاتی کو اتپن کیا۔

آج اس مٹی سے سمبندھ رہت ہو جاؤ جس کو تم تچھ سمجھتے ہو تو تم بری طرح نشٹ ہو جاؤ گے۔

قابیل— مجھ کو مٹی سے گھرنا ہے مجھ کو بھوجن سے گھرنا ہے تم کہتے ہو کہ بھومی ہم کو شکتی پردان کرتی ہے، کنتو کیا یہی بھومی وِشٹا ہو کر ہم کو روگوں کا شکار نہیں بناتی؟ مجھ کو اسے اتپن کرنے سے گھرنا ہے جس پر تم کو اور ماتا کو گرو ہے اور جو ہم کو پچھاڑ کر پشوؤں کے تلیہ کر دیتا ہے۔ پرینام بھی یدی یہی ہوتا ہے جیسا کہ آرمبھ رہا ہے تو منش جاتی کا مٹ جانا اچھا۔ یدی مجھ کو بھالو کی بھانتی اُدر بھرنا ہے، یدی لوا کو بھالو کی بھانتی پلّے جننا ہے تو میں منش کے بدلے بھالو ہی ہونا پسند کروں گا۔ کیوں کہ بھالو اپنے سے لجاتا نہیں، اس کو اپنے سے اتم وستو کا گیان نہیں ہوتا۔ یدی تم بھالو کی بھانتی ترپت ہو تو میں نہیں ہوں۔ تم اس استری کے ساتھ رہو، جو تم کو بچے دے۔ میں اس استری کے پاس جاؤں گا جو مجھے 'سوپن' دے۔ تم اپنے بھوجن کے لیے بھومی ٹٹولتے رہو، میں اپنا بھوجن اپنے تیر کے دوارا یا تو آکاش سے لے آؤں گا۔ یا اس سے اس کو گرا دوں گا جب کہ وہ اپنے جیون کے بل سے بھومی پر چلتی پھرتی ہوگی۔ یدی میرے لیے بس یہی دو اُپائے ہیں کہ بھوجن پراپت کروں یا مر جاؤں، تو اپنے بھوجن کو بھومی سے جہاں تک سمبھو ہو دوری پر سے پراپت کروں گا۔ بیل، اس کے پہلے کہ وہ مجھے ملے، گھاس سے بڑھ کر بھوجن پراپت کرے گا۔ اور چونکہ منش بیل سے ادھک چنا ہوا ہے اس لیے کسی دن میں اپنے شترو کو بیل کھانے کے لیے دوں گا۔ اور پھر اس کو مار کر آپ ہی کھا جاؤں گا۔

آدم— راکچھس! سنتی ہو حوّا؟

حوّا— تو اپنے منہ کو سووچھ نرمل آکاش کی اور آکرشت کرنے سے یہی تاتپریہ ہے! منش بھکچھن! بچوں کو کھا جانا! اس کا تو بالکل یہی پرینام ہوگا کہ جو میمنوں اور بکری کے بچوں کا ہوا تھا، جب کہ ہابیل نے بھیڑ اور بکری سے پرارمبھ کیا تھا۔ انتتہ، تم بیچارے مورکھ ہی رہے۔ کیا تم سمجھتے ہو کہ میں نے اس باتوں پر وچار نہیں کیا ہے، جس کو بچہ جننے کی پیڑا سہنی پڑتی ہے اور اس کو بھوجن تیار کرنے کا پرشرم کرنا ہوتا ہے؟ مجھے بھی اپنے بچے کے سمبندھ میں یہ وچار تھا کہ شاید میرا شور اور ویر پُتر کسی اُتّم وستو کا دھیان کرے اور اس کی اِچھا کرے اور سمبھو ہے اس کا سنکلپ بھی کرے یہاں تک کہ اس کو اتپن کر لے اور پرینام یہ ہوا کہ وہ بھالو ہونا اور بچوں کو کھا جانا چاہتا ہے۔ ریچھ بھی آدمی کو نہ کھائے یدی اس کو شہد ملتا رہے۔

قابیل— میں ریچھ ہونا نہیں چاہتا اور نہ بچوں کو کھانا چاہتا ہوں۔ میں آپ ہی نہیں جانتا کہ میں کیا چاہتا ہوں، سوائے اس کے کہ اس بوڑھے کرشک سے کچھ اچھا ہونا چاہتا ہوں، جس کو للس نے اس لیے بنایا تھا کہ مجھ کو اتپن کرنے میں تمھاری سہایتا کرے اور جس کو تم اب تچھ سمجھتی ہو، اس لیے کہ وہ تمھاری اوشیکتا پوری کر چکا ہے۔

آدم— (کرودھ سے اُتیجت ہو کر) جی چاہتا ہے کہ تم کو ابھی دکھا دوں کہ میرا کدال تمھارے بلّم کے ہوتے ہوئے تمھارے اوگیا پورن سر کے دو ٹکڑے کر سکتا ہے!

قابیل— اوگیا پورن! ہا ہا! (اپنے بلّم کو گھما کر) آؤ سب کے بوڑھے باپ! پریچھا کر لو۔ لڑائی کا تنک سواد چکھ لو۔

حوّا— بس، سب مورکھوں! بیٹھ جاؤ اور چپ ہو کر میری بات سنو (آدم اداس ہو کر اپنے شستروں کو ہلا کر بسولا پھینک دیتا ہے۔ قابیل بھی ہنستا ہوا بلّم اور ڈھال کو بھومی پر ڈال دیتا ہے۔ دونوں بیٹھ جاتے ہیں) میں نہیں کہہ سکتی کہ تم میں سے کون تنک بھی مجھ کو ترتپ کر رہا ہے۔ تم اپنی کھیتی سے یا وہ اپنی گندی ہنسا سے۔ میں سمجھتی رہوں کہ للس نے تم کو جیون کے ان سوگم اُپائیوں سے کسی کے لیے بھی سوتنتر نہیں کیا تھا (آدم سے) تم ورکشوں کے بھیتر سے انّ نکالتے ہو، آکاش سے کوئی ایشور پردت بھوجن کیوں نہیں اتارتے؟ وہ اپنے بھوجن کے لیے چوری اور ودھ کرتا ہے مرتیو کے پشچات آیو پر ویرتھ کویتا کرتا ہے اور اپنے بھیانک جیون کو سندر شبدوں میں اور اپنے روئیں دار شریر کو اچھے وستروں میں، جس سے لوگ چور اور ہتھیارا سمجھ کر کوسنے کے بدلے اس کی مان پرتشٹھا کریں، چھپائے ہوئے ہے۔ آدم کے سوا تم سب منش میری سنتان اور میری سنتان کی سنتان ہو۔ تم لوگ میرے پاس آتے ہو اور اپنی پردرشنی کرنا چاہتے ہو، پرنتو تمھاری ساری بدّھی اور یوگیتا تمھاری ماتا حوّا کے سمّکھ لپت ہو جاتی ہے۔

کسان آتے ہیں، لڑنے مرنے والے آتے ہیں، کنتو دونوں سے میں، ایک سمان اوب جاتی ہوں، کیوں کہ وہ یا تو پچھلی فصل کی شکایت کرتے ہیں یا اپنی پچھلی لڑائی پر گھمنڈ کرتے ہیں، یدھپی پچھلی فصل بالکل پہلی فصل کے سمان ہی ہوتی ہے اور پچھلی لڑائی کیول پہلی لڑائی کی شتروتا ہوتی ہے۔ میں یہ سب ہزاروں بار سن چکی ہوں۔ کل لوگ آ کر اپنے سب سے چھوٹے بچے کی چرچا کرتے ہیں کہ میرے سب سے سمجھدار اور پیارے بچے نے 'کل' کہا

ہے یا یہ کہ وہ اور بچوں سے ادھک انوکھا اور ہنس مکھ ہے۔ اور مجھ کو آشچریہ پرنتا اور روچی کو پرکٹ کرنا پڑتا ہے۔ یدھپی پچھلا لڑکا بالکل پہلے لڑکے کے سمان ہی ہوتا ہے اور وہ کوئی ایسی نئی بات نہیں کہتا جس کو تمھارے اور ہابیل کے منہ سے سن کر میں نے اور آدم نے آنند نہ اٹھایا ہو، اس لیے کہ تم دونوں سنسار میں سب سے پہلے بچے تھے اور ہم کو اس آشچریہ اور آنند سے پورن کرتے تھے جس کو، جب تک سنسار کی استھتی رہے گی، پھر کوئی دو ویکتی انوبھو نہیں کر سکتے۔ جب میں اتپن کرنے کے یوگیہ نہ رہوں گی، تو اپنے پرانے باغ میں جو کوڑا کرکٹ کا ڈھیر ہو رہا ہے، چلی جاؤں گی اس وچار سے کہ کداچت بات کرنے کے لیے پھر سرپ مل جائے، کنتو سرپ کو تم نے ہمارا شترو بنا دیا ہے۔ اس نے باغ چھوڑ دیا ہے، یا مر گیا ہے، میں اس کو کبھی نہیں دیکھتی۔ اس لیے مجھے لوٹ آنا پڑتا ہے اور آدم کی انھیں باتوں کو سننا پڑتا ہے جو دس ہزار بار سن چکی ہوں۔ پرپوتے کی سیوا شرشُشا (सुश्रूषा) کرنی پڑتی ہے۔ جو اب یوا ہو چکا ہے اور اپنے بڑپن سے مجھ کو بھے بھیت کرنا چاہتا ہے، آہ! کیسا شتھل کر دینے والا جیون ہے اور ابھی اسی پرکار لگ بھگ سات سو ورش کاٹنے ہوں گے۔

قابیل — وین ماتا! دیکھتی ہو، جیون کتنا وشال ہے! منش پرتیک وستو سے تھک جاتا ہے۔ آکاش کے نیچے کوئی نئی وستو نہیں۔

آدم — (ہوا سے گھرنا پورن بھاؤ میں) یدی تم کو شکایت کرنے کے اترکت کوئی کام نہیں ہے تو تم کیوں جی رہی ہو؟

حوا — اس لیے کہ ابھی آشا شیش ہے۔

قابیل — کس بات کی؟

حوا — تمھارے اور میرے سوپن کے ستیہ سدھ ہونے کی، نئی اور اُتّم وستوؤں کے اتپن ہونے کی۔ میری سنتان اور سنتان کی سنتان کرشک ہیں، نہ کہ لڑاکے۔ ان میں سے کچھ لوگ کھیتی کریں گے نہ کہ لڑائی۔ وہ تم دونوں سے ادھک اپیوگی ہیں۔ وہ دربل ہیں، بھیرو ہیں، اور پردرشن کے اِچھک ہیں۔ پھر بھی وہ میلے کچیلے رہتے ہیں اور بال کاٹنے کا کشٹ بھی سہن نہیں کرتے۔ وہ رین لیتے ہیں۔ اور کبھی پریشودھ نہیں کرتے۔ اس پر بھی ان کو جس وستو کی آوشیکتا ہوتی ہے لوگ ان کو دے دیتے ہیں۔ اس لیے کہ وہ سندر شبدوں میں سندر جھوٹ بولتے ہیں، وہ اپنے سوپن کو اسمرن رکھ سکتے ہیں۔ وہ بنا سوئے ہوئے سوپن دیکھ سکتے ہیں۔

ان کی سنکلپ شکتی ایسی نہیں کہ وہ سوپن دیکھنے کے استھان میں سرجن کر سکیں، کنتو سرپ نے کہا تھا کہ وہ لوگ جو دڑھ وشواس رکھتے ہیں پرتیک سوپن کو اپنے سنکلپ سے اُتپن کر سکتے ہیں۔ کچھ لوگ ایسے ہیں، جو بانسری کے کچھ ٹکرے کاٹ کر ان کو پھونکتے ہیں۔ جن سے وایو میں شبد کے منوہر شور اتپن ہوتے ہیں اور کچھ بھانتی بھانتی کے سُوروں کو پرسپر ملا دیتے ہیں اور تین تین ٹکڑوں سے ایک ہی سمے شبد نکلتے ہیں اور میرے پرانوں کو ابھار کر ان وستوؤں تک پہنچا دیتے ہیں جن کے لیے میرے پاس شبد نہیں ہے۔ اور کچھ مٹی کے پشو بناتے ہیں اور پتھر پر آکرتیاں ٹھونک دیتے ہیں۔ اور مجھ سے کہتے ہیں کہ ان آکرتیوں کی استریاں اتپن کرو۔ میں نے اس آکرتیوں پر وچار کیا ہے اور پھر سنکلپ کیا ہے اور لڑکی اتپن بھی کی ہے، جو اب بڑھ کر ان آکرتیوں سے مل گئی ہے۔اور کچھ لوگ ہیں۔ جو بنا انگلیوں پر گنے ہوئے سنکھیا سوچ لیتے ہیں اور راتری کے سمے آکاش کی اوُر دیکھا کرتے ہیں۔ یہ لوگ تاروں کے نام رکھتے ہیں اور پورن ہی سے یہ بتا سکتے ہیں کہ سوریہ کب کالے توے سے ڈھک جائے گا۔ توبال کو دیکھو جس نے اس چرخے کو بنا کر میرے شرموں کو بہت کچھ گھٹا دیا ہے۔ پھر ہنوک کو دیکھو، جو پہاڑیوں پر پھرا کرتا ہے اور برابر شبد کی باتیں سنا کرتا ہے۔ اس نے اپنی اِچھا کو اس شبد کی اِچھا پوری کرنے کے لیے چھوڑ دیا ہے۔ سوئیم اس میں بہت کچھ شبد کی مہیما آگئی ہے۔ جب یہ لوگ آتے ہیں تو سدیو کوئی نہ کوئی نئی بات یا نئی آشا اوشیہ ہوتی ہے اور جیوت رہنے کے لیے بہانا مل جاتا ہے۔ وہ کبھی نہیں چاہتے۔ کیوں کہ وہ سدیو سیکھتے رہتے ہیں اور کوئی نہ کوئی انیہ وستو یا وِدھا اتپن کرتے رہتے ہیں۔اور اتپن نہیں کرتے تو کم سے کم ان کے سوپن دیکھتے رہتے ہیں۔ اور اس کے بعد بھی قابیل تم اپنی لڑائی اور ناشکاریتا پر مورکھوں کی بھانتی اتراتے ہوئے آتے ہو اور مجھ سے کہتے ہو کہ یہ سب اتینت پربھاوشالی ہے، میں شور ہوں اور مرتیو یا مرتیو کے بھے کے اتِرکت کوئی دوسری وستو جیون کو پریہ نہیں بنا سکی۔ بس، دشٹ بالک! یہاں سے چلے جاؤ اور تم آدم ! اپنا کام دیکھواور اس کی باتیں سننے میں اپنا سمے نہ نشٹ کرو۔

قابیل— میں کداچت بہت بدھیمان تو نہیں ہوں کنتو......

حوا— (بات کاٹ کر) ہاں کداچت نہیں ہو، پرنتو اس پر ابھیمان نہ کرو۔ یہ کوئی پرشنسا یوگیہ بات نہیں ہے۔

قابیل— تو بھی ماتا ! میرے بھیتر ایک نرووادشکتی ہے جو مجھ کو بتاتی ہے کہ مرتیو جیون میں اپنا بھاگ اوشیہ لیتی ہے۔ اچھا مجھے یہ بتاؤ کہ مرتیو کا اوشکار کس نے کیا؟

(آدم چونک پڑتا ہے۔ حوا اپنا چرخہ چھوڑ دیتی ہے۔ دونوں اتینت وسمے کا پردرشن کرتے ہیں)

قابیل— تم دونوں کو کیا ہو گیا ہے؟

آدم— لڑکے تم نے ہم سے ایک بھیانک پرشن کیا ہے۔

حوا— تم نے ودھ اوشکار کیا، بس اتنا کہہ دینا پریاپت سمجھو۔

قابیل— ودھ مرتیو نہیں ہے۔ تم میرا ابھی پرائے سمجھتے ہو؟ جن کو میں ودھ کرتا ہوں، یدی ان کو میں چھوڑ دوں، تو بھی وہ مر جائیں گے۔ یدی میں ودھ نہ کیا جاؤں تو بھی مر جاؤں گا۔ مجھ کو اس میں کس نے پھنسایا؟ میں پوچھتا ہوں کہ مرتیو کا کس نے اوشکار کیا؟

آدم— لڑکے! بدھی کی بات کرو، کیا تم سدیو کا جیون سہن کر سکتے تھے؟ تمھارا وچار ہے کہ تم سہن کر سکتے تھے، چونکہ جانتے ہو کہ اپنے وچار کی پریکھا نہیں کر سکتے۔ پرنتو میں جانتا ہوں کہ انت اور اشیشتا کے روپ میں بیٹھ کر اپنے بھاگیہ کو جھینکھنا کیا ارتھ رکھتا ہے۔ تنک وچار تو کرو، کبھی چھٹکارا نہ ہوتا اور تم ندی کے تٹ پر بالو کے جتنے کن ہیں، ان سے ادھک دنوں تک آدم ہی آدم رہتے اور پھر بھی پرینام سے اتنی دور جتنا کہ پہلے تھے۔ میرے بھیتر بہت کچھ ہے جس سے کہ مجھے گھرنا ہے اور جسے میں نکال کر پھینک دینا چاہتا ہوں۔ اپنے ماتا پتا کے کرتگیہ بنو، جنھوں نے تم کو اس یوگیہ بنایا کہ اپنا بوجھ نئے اور اچھے منشیوں کو سونپ دو اور اس پرکار تمھارے لیے پرتیک استھر شانتی کو اپستھت کیا، کیوں کہ ہم ہی نے مرتیو کا بھی اوشکار کیا تھا۔

قابیل— (اٹھ کر) تم نے اچھا کیا میں بھی سدیو جیوت رہنا نہیں چاہتا، کنتو یدی مرتیو کو تم نے اوشکار کیا تو مجھے دوش نہ لگاؤ کیوں کہ میں مرتیو کا پربندھک ہوں۔

آدم— میں تم کو لانچھن نہیں لگاتا۔ وشواس مان کر چلے جاؤ، مجھے کھیتی کے لیے اور اپنی ماں کو چرخہ کاتنے کے لیے چھوڑ دو۔

قابیل— تم کو اس لیے چھوڑ دیتا ہوں۔ کنتو میں نے تم لوگوں کو ایک اُتم مارگ دکھادیا ہے(ڈھال اور بھالا اٹھا لیتا ہے) میں اپنے شور ویر متروں اور ان کی سندر استریوں

کے پاس چلا جاؤں گا (کانٹوں کی دیوار کی او،ر جاتا ہے) جب آدم دھرتی کھودا کرتا تھا اور حوّا چرخہ چلایا کرتی تھی، اس سمے سبھیہ منش کہاں تھے؟ (ٹھہا کا لگاتا ہوا جاتا ہے اور پھر چپ ہو کر دور سے پکارتا ہے) ماتا! وِدا!

آدم— (بڑبڑاتے ہوئے) پامر سوان! ٹٹی کو پھر بند کر سکتا تھا۔ (وہ سوئیم ٹٹی کو مارگ میں کھڑا کر دیتا ہے) اس کی اور اسی پرکار کے لوگوں کی بدولت مرتیو جیون پر وجے پاتی جاتی ہے۔ اسی سمے دیکھو میرے بہت سے پوتے اور ناتی جیون کو پورن روپ سے جاننے کے پہلے ہی مر جاتے ہیں۔ کچھ پرواہ نہیں۔(اپنے ہاتھ پر تھوکتا ہے اور اپنی کدال اٹھا لیتا ہے) کھیتی سیکھنے کے لیے جیون ابھی یتھیشٹ وشال ہے یدھپی یہ لوگ سنچھپت بنا رہے ہیں۔

حوّا— (سوچتے ہوئے) ہاں کھیتی کے لیے اورلڑنے کے لیے، کنتو کیا دوسرے اتینت اوشیک کاموں کے لیے بھی جیون یتھیشٹ وشال ہے؟ کیا یہ لوگ اتنے سمے تک جیوت ہوں گے کہ 'من' کھا سکیں؟

آدم— من کیا ہے؟

حوّا— وہ آہار، جو آکاش سے لایا جائے، جو وایو سے بنا ہو اور مَلِن ریتی سے دھرتی کھود کر نہ نکالا گیا ہو۔ کیا لوگ اپنی الپایو میں سمست تاروں کی گتی جان لیں گے۔؟ ہنوک کو تو شبد، کا ارتھانتر سیکھنے میں دو سو برس لگ گئے۔ جب وہ کیول اسی برس کا بچا تھا۔ تو اس کے شبد کو سمجھنے کے بال پریتن قابیل کے پرلینکاری کرودھ سے ادھک بھیانک تھے۔ جب ان کی پرمایو الپ ہو جائے گی تو لوگ کھیتی کریں گے،لڑیں گے، ماریں گے اور مریں گے۔ اور ان کے بچے ہنوک ان سے کہیں گے کہ شبد کی اِچھا یہی ہے کہ وہ سدیو یا تو کھیتی کرتے رہیں یا لڑتے رہیں اور مارتے مرتے رہیں۔

آدم— یدی وہ سوئیم آلسی ہیں اور ان کا سنکلپ یہی ہے کہ مر جائیں تو میں ان کو روک نہیں سکتا۔ میں ایک سہستر ورش تک جیتا رہوں گا۔ یدی ان کو یہ سویکار نہیں تو وہ مر جائیں اور دھگار میں پھنسے رہیں۔

حوّا— دھگار؟ یہ کیا ہے؟۔

آدم— یہ ان لوگوں کی دشا ہے جو مرتیو کو جیون سے اچھا کہتے ہیں۔ تم چرخا چلائے جاؤ، بے کار نہ بیٹھی رہو، جب کہ میں تمھارے لیے روم روم کی شکتی دیے کر رہا ہوں۔

حوّا— (دھیرے سے چرخا گھماتے ہوئے) یدی تم مورکھ ہوتے تو ہم دونوں کے لیے کھیتی اور چرخے سے اُتم جیون کا کوئی دوار نکال لیتے۔!

آدم— اپنا کام کرو، انیتھا بنا روٹی کے رہنا پڑے گا۔

حوّا— منش کیول روٹی سے جیوت نہیں رہے گا، اور بھی کوئی وستو ہے۔ ہم ابھی نہیں جانتے کہ وہ کیا ہے، کنتو کسی دن ہم کو گیات ہو جائے گا اور تب ہم اکیلے اس سے جیون نرواہ کریں گے اور پھر نہ کھیتی رہ جائے گی، نہ چرخا، نہ لڑنا ہوگا، نہ مارنا۔

(وہ وِوَش ہو کر چرخہ چلاتی ہے، آدم اُدھیرتا کے ساتھ بھومی کھودتا ہے۔)

خطوط بنام پریم چند

ڈاکٹر اقبال کا خط

سمجھوتہ : جولائی، 1915

......

آپ نے اس کتاب کی اِشاعت سے اُردو لِٹریچر میں ایک نہایت قابلِ قدر اضافہ کیا ہے۔ چھوٹے چھوٹے نتیجہ خیز افسانے جدید لِٹریچر کی اختراع ہے۔ میرے خیال میں آپ پہلے شخص ہیں جس نے اس دقیق راز کو سمجھا ہے اور سمجھ کر اسے اہلِ ملک کو فائدہ پہنچایا ہے۔ ان کہانیوں سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف انسانی فطرت کے اسرار سے خوب واقف ہے اور اپنے مشاہدات ایک دلکش زبان میں ادا کر سکتا ہے۔

سیّد جالِب دہلوی کا خط

دی ''ہمدم''، لکھنؤ

22 ستمبر، 1916

محترمی و مکرمی، بندگی!

افسوس ہے کہ ''ہمدرد'' کی اشاعت اور غیر معین زمانے کے لیے ملتوی ہوجانے کے بعد آپ سے بلواسطہ خط و کتابت کا سلسلہ قائم نہ رہ سکا اور مجھے آپ کے جدید مقام تبادلہ کی اطلاع نہیں ہونے پائی۔ جہاں تک مجھے یاد ہے، آپ کا پہلا مقام، جہاں سے آپ ''ہمدرد'' کے لیے کہانیاں ارسال فرماتے تھے، مہوبا تھا، اور میرے رفیق کار قاضی عبدالغفار صاحب نے وہیں آپ کا آخری افسانے کا نظرانہ آپ کی خدمت میں بھیجا تھا۔ مگر اپریل گزشتہ میں اب دفتر ''صداقت''، کلکتہ سے میں نے افسانے کے لیے آپ کی خدمت میں ایک عرضی ارسال کیا تو کوئی جواب نہیں ملا اور اب لکھنؤ آنے پر بعض احباب کی زبانی یہ معلوم ہوا کہ آپ وہاں سے تبدیل ہو کر گورکھ پور چلے گئے ہیں، مگر صحیح مقام کسی سے نہ معلوم ہو سکا۔اس لیے میں اپنے دیرینہ کرم فرماں منشی دیا نارائن نگم، مالک و مدیر ''زمانہ''، سے اپنا یہ عارضا آپ کی خدمت میں بھیجنے اور مجھے آپ کا پتہ تحریر کرنے میں مدد لیتا ہوں۔ آپ کو تکلیف دینے کی غائت یہ ہے کہ لکھنؤ سے ایک جدید روزانہ اخبار بہ زبان

اردو میری ایڈیٹری میں جاری ہوتا ہے اور اس کے لیے میں نے اپنے تمام قدیم احباب اور خاص کر معاونین و ہمدرد، جس کی ترتیب و چیف سب ایڈیٹری آخری ڈیڑھ سال میں مجھ سے متعلق رہی، قلمی امداد کی استدعا کی ہے۔ ''ہمدم'' معاونین کی خدمت گزاری میں ''ہمدرد'' کی سی فراخ دلی کا تو اظہار نہیں کر سکتا، کیونکہ اتنا سرمایا بہم نہیں پہنچا ہے اور اس وقت اخبار کا خرچ کی کئی پہلوؤں میں بہ مقابلہ سابق بڑھا ہوا ہے، تاہم وہ خاص خاص معاونین کی خدمت میں کسی قدر نظرانہ پیش کرنا چاہتا ہے، جو اگرچہ ان کی دماغ سوزی کے مقابلے میں نہایت حقیر کہا جائے گا، لیکن قومی امید ہے کہ وہ اصحاب اس کی ابتدائی حالات کا لحاظ کر کے اور ملک و زبان کی خدمت کا خیال مدِنظر رکھ کر منظور فرمائیں گے۔
جن حضرات سے اس قسم کی استدعا کی گئی ہے، انھیں اپنی ذاتی دلچسپی کے لحاظ سے میں نے سب سے پہلے آپ کا نام نامی لکھا ہے۔ اور اگر آپ کا پتہ دریافت طلب نہ ہوتا تو یہ عارض کئی روز قبل آپ کو پہنچ جاتا۔ اب یہ بالواسطہ خدمت عالی میں بھیجا جا رہا ہے۔
اور چونکہ ''ہمدم'' کا ابتدائی پرچہ دوشمبہ یا سہ شنبہ کو شائع ہو جانے کی توقع ہے، اس لیے میں التماس کرتا ہوں کہ آپ اس عاریضے کا جواب جلد تحریر فرمائیں اور اگر کوئی کہانی، جو ''ہمدم'' کے ایک صفحے سے نہ بڑھے، جس کی تقسی و ستر ''ہمدم'' کے مانند ہوگا، آپ کے پاس تیار ہو تو میرے پاس بھیج دیں، ورنہ کوئی مختصر سا افسانہ نیا لکھ کر ارسال فرمائیں اور ساتھ ہی اطلاع دیں کہ آپ ''ہمدم'' کی مشکلات کو مدِنظر رکھتے ہوئے کم سے کم کتنا نظرانہ قبول کرنے کو تیار ہیں۔ ''ہمدم'' کی حالت ذرا تقویت پذیر ہوتے ہی انشا اللہ نذرانے میں اضافہ ہو جائے گا۔

آپ کا قدیم خیر خواہ،
سیّد جالب دہلوی
ایڈیٹر، روزانہ ''ہمدم''، لکھنؤ

بیگم حسرت موہانی کا خط

دفتر ''اردوئے معلیٰ''،
از علی گڈھ
2 اپریل، 1917

مکرمی، تسلیم!

میں نے بذریعہ ایڈیٹر صاحب ''زمانہ'' ایک جلد ''دیوان۔ حسرت'' آپ کی خدمت میں روانہ کی تھی۔ امید ہے، آپ کے ملاحظہ سے ضرور گزری ہوگی۔ کاش، جناب تکلیف فرما کر اس کی رسید سے مجھے مطلع فرما کر ممنون فرمائیں، تاکہ اطمینان ہو جاوے۔ اس وقت یہ چند سطریں لکھنے پر جس شے نے مجھے مجبور کیا ہے، اس کی تعریف میرے زبانِ قلم سے کسی طرح نہیں ادا ہو سکتی۔ حق یہ ہے کہ ایک معمولی سے معمولی قصّے کو نہایت موثّر اور دلکش پیرائے میں ادا کرنا آپ ہی کا حصّہ ہے۔ پختگی، تحریر اور سلاستِ بیان غرضِ کہ شروع سے آخر تک ایک مختصر افسانے کو اس طرح قلم بند کرنا کہ اس میں تصنع اور بناوٹ کا کہیں شائبہ تک نہ ہو، کمال ہے۔ میں آپ کو اس خداداد قابلیت پر مبارک باد دیتی ہوں۔ آج کے آئے ہوئے زمانے میں یہی شعلۂ حسن بہت خوب ہے۔

کیا میں امید کروں کہ آپ دیوان کی پہنچنے کی رسید سے اطلاع دیں گے اور کیا یہ بھی ممکن ہے کہ آپ بھی دیوان پر اپنے زرّین خیالات کا اظہار فرمائیں؟

منتظر
بیگم حسرت موہانی

چھوی ناتھ پانڈے کا خط

181، ہری سن روڈ، کلکتہ

12-01-1923

پریہ بھائی صاحب، وندے،

ہندی پستک بھون کے سنچالک نے آپ کے پاس ایک پتر لکھا ہے۔ آپ کی کہانیوں کا ایک سنگرہ وہ چاہتے ہیں۔ ''پریم پرسون'' کے لیے ہی انھوں نے لِکھوایا تھا، پر

وہ تو کاکا کا ہوگیا۔ اب بھی وہ مجھے طعنہ ہی دیتے ہیں۔ اگر آپ انھیں اپنی کہانیوں کا ایک سنگرہ ابھی دے دیں تو وہ چھپوا کر پرکاشِت کر دیں گے۔ میں بھی بڑا کرِتگیہ ہوں گا۔

رادھا کرِشن جی اُپنیاس کے بارے میں کئی بار پوچھ چکے ہیں۔ کیا اُتر دوں، لکھیے گا۔ رادھا کرِشن جی کی پتنی کا سورگ واس گت منگل کو ہو گیا۔

آشا ہے، آپ اس بار پُستک بھون کے سنچالک کو ہتاش نہ کریں گے، اور میری بھی بات رکھیں گے۔ مہتاب رائے سے کہہ دیجیے گا کہ ذرا پتر کا اُتر دے دیا کریں۔ جب سے میں آیا، کئی پتر لکھے، پر اُتر ندارد۔

سنیہی، چھوی ناتھ

چھوی ناتھ پانڈے کا خط

کلکتہ،

تتھی نہیں، سمبھوت 1923

پریہ بھائی صاحب، وندے،

کرِپا پتر ملا، حال جانا۔ ٹھیک ہے، کسی سے کوئی وستو مانگنا اگر اس کی ہنسی اڑانا ہے، تو بے شک میں نے آپ کی ہنسی اڑائی۔ ایک بات لکھوں تو شاید اتیوکتی سمجھی جائے گی، پر لِکھ دیتا ہوں۔ لوگ اشوک کے پاس ہی جاتے ہیں ببول کے نہیں۔ اسی سے انھوں نے بھی آپ کو ہی دیکھااور پھر سے لکھوایا۔ تین ماس بعد ہی سہی۔

اب رادھا کرِشن جی کی بات سنیے۔ وہ کہتے ہیں۔ اردو کا سنگرہ جو آپ کر رہے ہیں، وہ تو بڑا بازار کمار سبھا کے نمِت لِکھا ہی جا رہا ہے، اس کی بات یہاں کیوں؟ رہی اپنیاس کی بات تو کمانے کھانے والوں کے لیے سنسار میں انیکانیک اُپنیاس پڑے ہیں۔ ان کے لیے تو پستکوں کی کمی نہیں۔ اگر کمی ہے تو بڑا بازار کمار سبھا سدش پرکاشکوں کو، جنھیں ہر طرف قدم پھونک پھونک کر رکھنا پڑتا ہے۔ اور چن چن کر رتن نکالنا پڑتا ہے۔ آپ کے اُپنیاسوں کو ہم اُپنیاس سمجھ کر نہیں نکال رہے ہیں بلکہ ساہتیہ کی امولیہ وستو۔ اس لیے اسے آپ کو دینا ہی پڑے گا۔ ہاں، اگر سبھا کو دینے سے آپ کسی طرح کی آرتھِک چھتی سمجھتے ہوں گے، اس کی پُرتی آپ اس سے بھلی پرکار کروا سکتے ہیں، اور پرتشٹھا کے

خیال سے تو شاید بڑا بازار کمار-سبھا کسی انیہ پرکاشک سے گھٹ کر نہ ہوگی۔

اس سے آپ کمانے والوں کا خیال چھوڑ کر ساہتیہ پرچار کرنے والوں پر انوگرہ کر اُپنیاس جلد سماپت کیجیے، اور چھپنے کے لیے دیجیے۔ اگر آپ نے کسی بھی کارن سے یہ پُستک دوسروں کو دینے کا ارادہ کیا ہے، جو واستو میں نہیں ہی ہے، تو اسے کرِپیا چھوڑ دیجیے۔ اور سبھا کی ہی وستو اسے سمجھنے کی کرِپا کیجیے۔ ادھِک کیا لکھیں۔

''اہنکار'' کے پُرسکار کے روپے کے ساتھ ہی ساتھ 15 روپے گلپ کا پُرسکار بھی بھیج دیا تھا۔ مہتاب کو لِکھ بھی دیا تھا۔ پتر میں حساب کا بیورا بھی تھا۔ آشچر یہ ہے کہ انھوں نے آپ سے کچھ نہیں کہا۔ گلپ ابھی تک چھپی نہیں۔

بھوِشیہ میں پتر اگر آپ رادھا کرشن کے نام سے ہی لکھیں گے، تو اچھا ہوگا، کیونکہ اب میں ان کے ساتھ نہیں رہتا۔ شمبھو ہم ساتھ رہتے ہیں۔ ہمیں پتر ایجنسی کے پتے سے ہی دیجیے گا۔

بھودیہ، چھوی ناتھ

نیج ناتھ کیڑیا کا خط

کلکتہ

10-03-1923

شری یُت پریم چند جی،

مہودَیہ،

آپ کا کرِپاپتر ملا۔ یہ تو دو ہزار ہی آچکے ہیں، دیکھنے کی بھول تھی۔ بینک میں روپیے دے دیے گئے ہیں، سب 2051 روپیہ سوا چار آنے اب دینے پڑے ہیں۔ انہی کی در کچھ ٹھیک ہے، اسی سے تھوڑا فائدہ پڑ گیا۔ 1000 روپے آپ اور دے چکے ہیں۔ باقی روپیوں کا حساب پیچھے ہوتا رہے گا۔ روپیوں کے لیے آپ کا کام نہیں اٹکے گا، اس کی کچھ چِنتا نہ کیجیے گا۔ صرف سوُچنا دینا اُچت تھا، اسی لیے لکھا گیا تھا۔ مال چھڑوانے کے لیے بینک کو پہلے لکھا جا چکا ہے۔ بلٹی آنے پر آپ کی سیوا میں بھیج دی جائے گی۔

''سنگرام'' کی کاپیاں آپ کے لکھے اَنُسار سب بھیج دی جائیں گی۔پرُوف کی

اشُدھیاں مجھے بھی کھٹک رہی ہیں، پرنتوُ اس سمے پریس میں اچھے آدمی ہوتے ہوئے بھی ایسا ہوگیا۔

وِدیاپیٹھ میں رسید کی آوشیکتا نہیں۔ 3 ماس کے بعد دوسرے 3 ماس تک 25 روپیہ ماسِک اور دینے کا وِچار ہے۔

آپ کا، بیج ناتھ کیڑیا

یگ نارائن اُپادھیاے کا خط

کاشی وِدّیا پیٹھ،

بنارس

08-04-1923

شری دھنپت رائے جی،

پاٹھ شالا وِبھاگ کے پھٹکر خرچے کے حساب میں آپ کو 8 روپیہ 6 آنا، 30 پھالگن 79 کو دیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اب آپ کا حساب ٹھیک ہو جائے گا۔

آپ کا، یگ نارائن اُپادھیاے

یگ نارائن اُپادھیاے کا خط

کاشی وِدّیا پیٹھ،

بنارس

22-05-1923

شری دھن پت رائے جی،

آپ کے پاس پاٹھ شالا وِبھاگ کے پھٹکر حساب کا 10 روپیہ پڑا تھا۔ اس کے وِشے میں میں نے کئی بار آپ کو لکھا تھا۔ آپ نے اپنے ایک پتر میں لکھا تھا کہ ''میں نے اس کا حساب کس ماس میں لکھا تھا؟'' جس کے اُتّر میں لکھا گیا تھا کہ پھالگون ماس میں 8 روپیہ 6 آنا آپ کو پھُٹ کر ویے کے حساب میں دیا گیا تھا۔ کرِپیا یہ حساب

شیگھر طے کر دیجیے۔

آپ کا، یگ نارائن اوُپادھیائے
سہایک منتری

رادھاکرشن نیوٹیا کا خط

کلکتہ
(سمبھوتہ: 1923)

پریہ پریم چند جی،

کرِپا پتر ملا۔ حال جانا۔ بڑا بازار کمار سبھا ساروجنِک سنستھا ہو کر بھی لیکھکوں کی خاطرداری کرنے میں قدم پیچھے نہیں ہٹانا چاہتی۔ اس کے دو ہی تو اُدیش ہیں۔ سستی پُستکیں لوگوں تک پہنچانا اور لیکھکوں کو سَنتُشٹ کرنا۔ اس لیے اس سمبندھ میں لکھنا اناوشیک تھا، پر بہت وِچار کرنے کے بعد یہی نِشچے ہوا کہ آپ کو اس پُستک کے لیے کشٹ نہیں دیا جائے۔ پنڈت چھوِی ناتھ جی نے مجھ سے سب باتیں کہیں تھیں، پر اس سمے ''مادھوری'' کے پرسکار کا خیال نہ تو چھوِی ناتھ جی کو ہی تھا اور نہ مجھے ہی۔ اسی سے اتنا زور دینا پڑا، پر اب آپ کی آرتھِک ہانی نہیں کرانا چاہتا۔ اس سے سہرس لکھ دیتا ہوں کہ آپ دلارے لال جی کو ہی پُستک دے دیجیے۔

رہی اردو سنگرہ کی بات۔ اس کے سمبندھ میں دو باتیں کہنی ہے۔ ایک تو یہ کہ اگر رام نریش جی کی پُستک نکل گئی اور آپ نے بعد میں لکھا تو کوئی لابھ نہیں ہوگا۔ ہندی ساہتیہ کی اُور لوگوں کا جتنا کم انوراگ ہے، اسے دیکھتے ہوئے یہی کہنا پڑتا ہے کہ ایک وِشے پر دو پُستکیں ابھی نہیں چل سکتی۔ دوسرے اس سمے سبھا کے ہاتھ میں دوسری کوئی بھی پُستک نہیں ہے۔ اگر آپ کو سمے ہو اور آپ کر سکیں تو اسے جلدی کر دیجیے، جس میں اس سے پہلے ہم نکال لیں۔ نہیں جیسی آپ کی ایکشا ! اس سے ادھیک اس سمبندھ میں کیا لکھ سکتے ہیں! وِشیش کرِپا، یوگیہ سیوا!

بھَودیہ، رادھاکرشن نیوٹیا

بیج ناتھ کیڑیا کا خط

126، ہریسن روڈ، کلکتہ،

05-07-1923

شری یُت پریم چند جی، کاشی

پریہ ور،

آپ کا کرِپا پتر ملا۔ بابو شمبھو پرساد جی کے پتر کا اُتر میں دے چکا تھا۔ کھید ہے کہ انھوں نے آپ سے نہیں کہا۔

آپ کا جو حساب انھوں نے لکھا تھا، اس میں ابھی قریب 200 روپیے جمع نہیں کیے تھے۔ یہ رقم مشینوں کا جہاز بھاڑا، ڈیوٹی، گاڑی بھاڑا آدی کا خرچ پڑا تھا۔ اس طرح ''پریم پچیسی'' تک کا پُرسکار انومانتہ آپ کے پاس پہنچ چکا ہے۔

اب جیسی آپ کی مرضی ہو لکھیے، اور پربندھ کر دیا جائے گا۔ یدی مالک خرچ کے حساب کچھ کچھ لیتے رہیں تو آپ کا بھی کام چل جائے، ہمیں بھی ایک ساتھ پربندھ نہیں کرنا پڑے، پرنتو یہ سب آپ کی اِکشا پر ہے۔ یہ بڑے آنند کی بات ہے اُپنیاس پرایہہ تیار ہو چکے ہیں، پرنتو کاشی وِدیاپیٹھ سے سمبندھ توڑنے کا کوئی وِشیش کارن ہوگا۔ وہاں کام کرتے ہوئے بھی آپ کو سمے کافی مل جاتا تھا۔ آپ کے پریس کا کام کیسا چل رہا ہے؟ اس وِشئے میں آپ نے کچھ نہیں لکھا۔ آشا ہے اچھی طرح چل نکلا ہوگا۔ کرِپا بنائے رکھیے گا۔

بھودیہ، بیج ناتھ

بیج ناتھ کیڑیا کا خط

126، ہریسن روڈ، کلکتہ،

26-07-1923

پریہ ور،

آپ کا کرِپا پتر ملا، سنتوش ہوا۔ میں نے بھی یہی اندازا لگا لیا تھا کہ آپ نراشا کی

حالت میں ہی وہ پتر لکھے تھے، پرنتو، آپ کے پہلے پتر کا اُتر تو میں دے چکا ہوں۔ ایوَم اس میں یہ بھی لکھ دیا تھا کہ خرچے کے لیے ماسِک کے حساب آپ دکان سے لیتے رہیں اور آپ کو (جہاں تک یاد ہے) خرچے کے لیے ہی ہاتھ میں کچھ تنگی لکھی تھی، پرنتو خیر، اب سب بات ٹھیک ہو گئی۔ انوُاد بھی آپ کو دوسروں کے لیے کیوں کرنا پڑے، جب ایجنسی برابر انوُوادِت پُستک بھی پرکاشِت کر رہی ہے۔ مولِک پُستک آہستہ آہستہ جیسا جی چاہے، لکھتے رہیے، باقی سمے میں دھڑلے کے ساتھ انوُواد کرتے جائیے۔ جو پُستک آپ آوشیک سمجھے، سمیانکول ہو۔ اِوَم آپ کا من لگتا ہو، اسی میں ہاتھ لگا دیجیے۔

دہلی اور گورکھپور میں دُکانیں کھُل گئی ہیں۔ اب بکری اور بھی بڑھنے کا ڈھنگ ہوگیا۔ اس سے پرکاشن بھی آوشیہ ہی بڑھانا ہوگا۔ اس مہینے میں قریب قریب 4 پُستکیں تیار ہو چکی ہیں۔ ''راگنی'' اُپنیاس قریب 750 پرِشٹھ کا، ''شیواجی'' قریب 650-700 پرِشٹھ کا، ''بھارتیہ وِیرتا'' 325 پرِشٹھ کی اِوم ''آکرِتی نِدان''، جو چھوٹی ہونے پر بھی 50-60 چتروں کے کارن انھیں کے برابر ہو جائے گی۔ یہ چاروں تو ایجنسی مالا میں ہیں۔ اس کے سیوا مؤل رامائن چھپ کر تیار ہے جو 42 فرموں کے لگ بھگ ہو گئی ہے۔ سوامی ویویکانند جی کا بھکتی یوگ پرکاشِت ہو گیا ہے۔ آگے کے لیے یہ پربندھ کر دیا گیا ہے، جو اپنے یہاں پرکاشِت ہو، آپ کو اِوم گوڑ جی کو کاشی کی دُکان سے تُرنت مل جایا کرے۔

''پریم پچیسی'' میں ہاتھ لگا دیا گیا ہے۔ وہ بھی شیگھر ہی ختم سمجھیے۔ پرایہ 8-9 فرمیں تو چھپ چکے ہیں۔ پوتھیوں کی مانگ ادھِک رہنے کے کارن بیچ میں ان کو شیگھرتا سے نِکالنا پڑتا ہے۔ دوسرے پریس نمبر 1، سرکار لین سے اٹھا لانے کے کارن پرایہ 15-20 دن کام ایک دم ہی بند سا رہ گیا تھا۔ اب اپنی پہلی اوستھا سے بھی اچھی حالت پر آ گیا ہے۔

آپ کے پریس کا کیا ہوا، کچھ اُتر بھی نہیں ملا۔ آشا ہے، مزے میں چل نکلا ہوگا۔ مشینیں کیسی رہیں؟ سب حال کھول کر لکھیے گا۔

کرِپا بنائیں رکھیے گا۔

بھودیہ، بیج ناتھ

دلارے لال بھارگو کا خط

لکھنؤ

29-07-1923

پریہ ور،

ہم نے نشچے کیا ہے کہ ستالوچنارتھ آئی ہوئی پستکیں باہر کے بجّنوں کے پاس بھیج کر ''پُستک پریچے'' لکھوایا جائے۔ تدنوسار کچھ اپنیاس ہم آپ کے پاس بھیجنا چاہتے ہیں۔ پُرسکار بھی اس سمبندھ میں ''مادھوری'' کاریالہ بھیجا کرے گا۔ اتر شیگھر دیجیے۔ کرِپا بھاؤ رکھیں۔ آشا ہے، آپ پرسنّ ہیں۔

بھودیہ،

دُلارے لال (سمپادک)

رام رکھ سنگھ سہگل، سمپادک ''چاند''، کا خط

الٰہ آباد

25-08-1923

پریہ ور،

میں ہندو سبھا میں گیا تھا۔ میں نے آپ سے ایک بار ملنا بھی چاہا، پر دربھاگیہ وش بھینٹ نہ ہو سکی۔ پریس میں ایک گھنٹہ بیٹھ کر چلا آیا۔ شاید آپ کو میرا کارڈ ملا بھی ہو۔

مجھے آپ سے ایک ضروری بات کرنی ہے، وہ یہ کہ ''مادھوری'' کی تلسی سنکھیا میں ''آبھوشن'' شیرشک آپ کی جو کہانی چھپی ہے، اسے یدی وہاں نہ بھیج کر آپ ''چاند'' میں بھیجیں تو اس سے وِشیش پُرسکار کی سمبھاونا تھی۔ یہ سچ ہوگا۔ پرچار کی درِشٹی سے بھی چاند 800 نہیں چھپتا، پر میرا خیال ہے، اُپیوگیتا کی درِشٹی سے، چاہے چاند کی تھوڑی سی پرتیاں ہی چھپتی ہوں، یہ کہانی اس کے لیے بہت موزوں تھی۔ خیر۔

ایک کارڈ پہلے بھی آپ کی سیوا میں بھیج چکا ہوں۔ آشا ہے، ملا ہوگا۔ یدی اگلے انک کے لیے آپ کچھ بھیجیں، تو کرِپیا اس کی سوچنا مجھے ترنت دیں۔ کیونکہ اگلے ماس

میں ''چاند'' دو سنسکرن 15/15 دن میں پرکاشت ہوں گے۔
یوگیہ سیوا سدَیو لکھتے رہیں گے۔

بھودیہ، رام رکھ سنگھ سہگل

ہری شنکر، سمپادک ''آریہ مِتر'' کا خط

''آریہ مِتر''
آگرہ

29-09-1923

شری یُت مانیہ ور مہودیہ،
سادر نمستے،

نئے انک کے لیے ایک گلپ لکھ کر انگر ہیت کیجیے، بڑی دیا ہو گی۔ میں پہلے بھی پرارتھنا کر چکا ہوں۔ اب پُنہہ یاد دلاتا ہوں۔ آشا ہے کہ آپ نِراش نہ کریں گے۔ سمَے بہت تھوڑا رہ گیا ہے۔

بھودیہ وِنیت،
ہری شنکر

دلارے لال بھارگو کا خط

لکھنو

01-10-1923

پریہ پریم چند جی،

ہندو یونیورسیٹی بنارس، کے شری یت واسو دیو شرن اگروال کا ہمیں ایک پتر ملا ہے۔ اس میں انھوں نے آپ کی پرشنسا کرتے ہوئے ہمارے سمکھ یہ پرستاؤ رکھا ہے کہ پریم چند جی کی آکھیایکائیں دو بھاگوں میں پرکاشت کی جائیں۔ ایک میں سرل اور دوسرے میں گمبھیر کہانیوں کا سنگرہ ہو، جو اسکول اور کالج دونوں میں کام آسکے۔

ہم نے ان کے پتر کا اتر دے دیا ہے اور لکھ دیا ہے کہ شری یت پریم چند جی سے سمّتی لے کر ہم شیگھر ہی اس پر وِچار کریں گے۔ استو، لکھیے، آپ کی کیا سمّتی ہے؟

آپ کی اکھیا یکائیں پرکاشت کرنے کا ہم پربندھ کریں۔ کیا ایسے سنگرہ ٹھیک ہوں گے؟

بھودیہ،

دلارے لال (سمپادک)

دلارے لال بھارگو کا خط

لکھنؤ

01-10-1923

پریہ پریم چند جی، سادر بندے!

کرپا کر کے لکھیے "پریم پرسون" میں کن کن گلپوں کا سنگرہ کیا گیا ہے۔ ہم "مادھوری" کی اس سنکھیا میں اس کا وگیاپن دینا چاہتے ہیں۔

500/- روپے تو آپ کی سیوا میں پہنچ ہی چکے ہیں۔ شیش روپے سیوا میں شیگھر ہی بھیجے جائیں گے۔

بھودیہ، دلارے لال

چھپے ہوئے فارموں کا ایک سیٹ آپ نے ابھی تک نہیں بھیجا۔ کرپیا شیگھر بھیجیے۔ آج کل لکھنؤ میں ابھوت پورو باڑھ آئی ہوئی ہے۔ پریس میں بہت کم آدمی آتے ہیں۔ سب کا دھیان باڑھ کی اور ہے۔ وشن نارائن سے ابھی باتیں نہیں کر سکا ہوں۔ ات ایو آپ کے پتر کا اُتر وشن نارائن سے بات کر کے دوں گا۔

دلارے لال

دلارے لال بھارگو کا خط

گنگا پُستک مالا کاریالہ،

29-30، امین آباد پارک، لکھنؤ

03-10-1923

پریہ مہاشیہ،

کرپیا "پریم پرسون" کے لیے ایک پیج کا وگیاپن "مادھوری" میں چھپنے کے لیے بھیج

دیجیے۔ اتھوا ''پریم پرسون'' کے گلپوں کی سوچی تتھا انیہ آوشیک سوچنائیں بھیج دیں۔ ہم یہاں وِگیاپن بنوا لیں گے۔ کرپیا بنائے رکھیے۔

بھودیہ، سنچالک

پرم چندر شرما، لاہور کا خط

26-10-1923

شیزادہ

بخدمت جناب منشی پریم چند جی،

نمستے!

میں نے آگے بھی ایک عدد کارڈ لاہور سے آپ کی خدمت میں لکھا تھا، لیکن آپ کی طرف سے ابھی تک کوئی جواب نہ پاکر مجھے پھر دوبارہ لکھنے کی جرأت ہوئی ہے۔ میں نے اپنے پہلے کارڈ میں لکھا تھا کہ ''گوشۂ عافیت'' تاحال چھپا ہے یا نہیں۔ اگر چھپ گیا ہو تو ایک کاپی بذریعہ وی۔پی بھیج کر مشکور فرماویں۔ آپ یہ بھی لکھیں کہ وہ کہاں چھپے گی۔اور اندازاً کتنی قیمت ہو گی۔ میں اور میرے دوست بڑی بے چینی سے اس کتاب کا انتظار کر رہے ہیں۔ ''پریم آشریہ'' کی تعریف سنتے سنتے کان اُکتا گئے ہیں۔جواب جلدی۔

الراقم

پریم چندر شرما، نیشنل کالج، لاہور،

ہال ''شیزادہ''، ضلع سیال کورٹ، پنجاب

مینیجر، ہندی پُستک ایجنسی کا خط

181، ہریسن روڈ، کلکتہ

10-11-1923

شری یوت بابو پریم چند جی،

سرسوتی پریس، مدھیہ میشور، کاشی

پریہ مہودیہ،

آپ کی سیوا میں پہلے ایک پتر دیا گیا تھا، کنتو دکھ کی بات یہ ہے کہ اس کا کوئی

اُتر اب تک پراپت نہ ہوا۔ ہمیں شری یُت پنڈت چھوی ناتھ جی پانڈے دوارا معلوم ہوا ہے کہ آپ کے پاس کہانیوں کا ایک سنگرہ ہے۔ جو اب تک پرکاشت نہیں ہوا ہے۔ یدی یہ بات ٹھیک ہے تو کرپا کر کے وہ سنگرہ ہمیں بھیج دیجیے گا۔ پرسکار کے لیے جیسا آپ کہیں گے، کر دیا جائے گا۔ پتروتر شیگھر دینے کی کرپا کریں۔

بھودیہ،
گنگا پرساد بھولیچھا، منیجر

دلارے لال بھارگو کا خط

گنگا پُستک مالا کاریالہ،
(مادھوری سمپادن وبھاگ)
لکھنؤ

12-11-1923

پریہ ور،

کرِپیا لوٹتی ڈاک سے لکھیے کہ آپ کی ''رنگ بھومی'' نام کی پُستک اندازاً کتنے پرشٹھ کی ہوگی؟ ہم اس کی نوٹس ''مادھوری'' کی اسی سنکھیا میں دے رہے ہیں۔ اتی شیگھر۔

''مادھوری'' میں ایک نوٹ پرکاشِت ہو رہا ہے جس میں گنگا پُستک مالا میں پرکاشِت گرنتھوں کی سوچی دی جا رہی ہے۔

بھودیہ
دلارے لال (سمپادک)

رام چند ٹنڈن کے خط

16/2 Aminuddowlah Park,
Lucknow

12.11.23

My dear Premchandji,

Many thanks for your kind letter of the 8th instant. I had in

the meantime also received your earlier letter sent along with the book. Thanks for both of them.

I am very sorry to learn of the reappearance of your son's malady. The root of the trouble is there and in my opinion a radical treatment becomes imperative. That treatment can only be an operation of his tonsils and adeoids. At all events the proper man an expert must be consulted; and for expert medical and surgical advice Lucknow is the place.

I can quite understand your wife's nervousness. As to her prejudice, she should be cured of it. In the case of my brother my mother raised similar objections. She actually had it... to me that I should take my brother back home and the operation should not be done. I fead long ignored her wishes and informed her that the operation was imperative, that a date had been fixed for it, that, in short, it must be done. She does not regret my choice now. But what a headlong and obstinate son can do, it may not be given to a loving husband also to do. So try sweet pursuation by all means. Only remember that the continuance of your son's malady is detrimental alike to his physical and mental growth. It will be criminal on your part to neglect his case. You will have to do this same thing sooner or later. The sooner the tendency towards deafness is arrested the better. This operation can only arrest tendency to further deafness; it only rarely restores lost hearing. So you are the judge of the matter now. You know what my own advice is.


recent struggles which our youngmen have made to emancipate their down-trodden motherland. The Japanese will be very eager to read their translations which I promise to make as soon as I receive the original stories.

Please be good enough to favour me with one of your latest photographs with your autograph (on the photo itself) and also a short sketch of your life. I would like to write something about you in Japanese.

With best wishes,

Most Sincerely yours,
Keshoram Sabarwal

عبدالحق کا خط

انجمن ترقی اردو، اورنگ آباد (دکن)

20 دسمبر، 1929

مکرمی و معظمی، تسلیم!

ایک زحمت دیتا ہوں، امید ہے کہ آپ ازراہِ کرم اسے گوارہ فرمائیں گے۔ مجھے مڈل کی ریڈر کے لیے بنارس پر ایک سبق کی ضرورت ہے۔ ہر چند میں نے کوشش کی، کوئی ایسا شخص تلاش کیا جائے جو بنارس شہر سے واقف ہو اور سبق لکھ دے۔ مگر میرے جاننے والوں میں کوئی نہ ملا۔ لاچار مجھے آپ کی خدمت درخواست کرنی پڑی۔ آپ سے بہتر کوئی نہیں لکھ سکتا۔ صرف ریڈر کے چھ صفحے ہوں گے۔ اگر آپ یہ سب لکھ دیں تو میں بہت ممنون ہوں گا۔

اگر آپ کو فرصت نہ ہو تو کسی دوسرے صاحب سے لکھوا دیجیے گا۔ میں اس کا معاوضہ دینے کے لیے بہ خوشی آمادہ ہوں۔ مجھے امید ہے، آپ میری درخواست ضرور قبول فرمائیں گے۔ میں بے حد مجبوری میں آپ کو یہ تکلیف دے رہا ہوں، ورنہ میں ایسے کام کے لیے آپ کو کبھی تکلیف نہ دیتا۔ کیوں کہ اس کی جلدی ہے، اس لیے امید ہے کہ جلد

جواب سے عنایت فرمایا جائے گا۔

آپ کا نیاز مند،
عبد الحق

پرواسی لال (مینیجر، سرسوتی پریس) کا خط

سرسوَتی پریس، بنارس سیٹی،

30-12-1929

شردھا سپد بھائی صاحب،

بندے!

آپ کے پتر یَتھاسَمے پراپت ہو گئے۔ ورت وِدِت ہوا۔ ''ہنس'' کے گراہک بن رہے ہیں؛ پر ابھی معمولی طور پر ہی۔ شاید ''پرتاپ'' وغیرہ سے کچھ لابھ ہو۔ میں ایک کروڑ پتر '' پرتاپ'' میں بٹوانے کی چیشٹا میں ہوں؛ کیونکہ وِگیاپن میں دام بھی ادھِک لگ جاتا ہے، اور پورا وِگیاپن بھی نہیں ہو پاتا۔ کروڑ پتر سے ادھِک لابھ ہونے کی سمبھاونا ہے۔

دِیاس جی نے ابھی تک کوئی اُتر نہیں دیا ہے۔ میں نے تار دیا تھا۔ معاملہ سمجھ میں نہیں آتا۔ لگ بھگ 150 روپیہ نکلے گا۔ بِل ان کے پاس گیاہے۔ بہت پہلے۔

''ہنس'' کا وِگیاپن جب ہم کر چکے تو اب ڈرنے سے کام نہ چلے گا؛ پر میں آپ کو وِشواس دِلاتا ہوں کہ ہانی نہ ہوپائے گی۔ میں شتشَہ پرَیتن کر کے گراہک بناؤں گااور نقصان نہیں ہونے دوں گا۔ پرتھم ماس میں ہمیں 200 گراہک اوَشیہ مل جائیں گے؛ ارتھاتھ دو سو گراہکوں کا چندہ پراپت ہو جائے گا۔ اسی پرکار چھ انکوں تک 500 گراہک ہوئے سمجھ لینا چاہیے۔ نقصان سے جس پرکار آپ ڈرتے ہیں؛ اسی پرکار، بلکہ اس سے بھی ادھِک میں بھی ڈرتا ہوں؛ پر کسی وِیوَسائے کو ساہس چھوڑ کر کرنا پسند نہیں کرتا۔ وِیوسائے تو ساہس کا ہی ہے۔ یہ آپ نے بہت ہی شُبھ کیا کہ وِیوپار کا حصّے دار کھوج لیا۔ اس سے بڑھ کر اور کیا ہوتا؟ پر حصّے دار کا کیا کیا رہے گا، ذرا یہ مجھے سمجھا دیجیے۔ آج اس حصّے داری کی بات پڑھ کر مجھے بھی ایک بات یاد آ گئی۔ کچھ سمَے ہوا، رائے کرِشن داس جی تتھا پرساد جی وغیرہ نے بھی پریس کی پرگتی دیکھ کر یہ اکشا بڑے پربل روپ سے پرکٹ کی تھی

کہ ''اگر سرسوتی پریس کو لمیٹیڈ کر دیا جائے، تو بڑا شُبھ ہو۔ ہم اپنی سیریز بھی اسی میں شامل کر دیں، مکان بھی اسی میں ملا دیں اور 20-15 ہزار نقد خرچ کر کے پریس کا برہد روپ کر دیں۔ پریم چند جی لکھیں، پرساد جی لکھیں، ہم لکھیں، آپ لکھیں، اور ہماری پُستکوں کا پرکاشن اپنے ہی یہاں سے ہمیشہ ہو۔ ایک فونڈری بھی کر لی جائے۔'' آدی، پر میں نے کوئی وِشیش دھیان نہیں دیا۔ بہت سمے ہوا، بھائی صاحب سے بھی ذکر کیا تھا؛ پر یہ سوچا گیا تھا کہ کبھی یہاں آئیں گے، تو چرچا کیا جائے گا۔ پر ابھی تک اوسر نہیں ملا۔ اِدھر بھی، باتوں میں ان لوگوں نے اشارہ کیا؛ پر لِکھنے کا مجھے اوسر نہیں ملا۔ رائے کرِشن داس جی کا کتھن تھا کہ لمیٹیڈ کر کے ''ہنس'' کو اُچ کوٹی کا پتر بنایا جائے۔ چتروں کا تتھا کلاتمک ساہتیہ کا ان کے پاس اکھنڈ بھنڈار ہے، وہ سب وہ اس میں پرکاشِت کرنے کے لیے دینے کو کہتے ہیں۔ اگر آپ کی سمجھ میں یہ بات آئے، تو لکھیے گا۔ ان سے وِچار کیا جائے گا۔ جلدی نہیں ہے، نہ آوشیک ہی ہے، اگر اُچت سمجھیں تو وچار کریں۔ بینک والی بات پر وِچار کر کے میں اسی نتیجے پر پہنچا کہ آپ ایک چیک بُک پر ہستاکشر کر کے تُرنت بھیج دیں۔ میں روپیہ جمع کر کے اتنا ہی آوشیکتانوسار لیتا رہوں گا۔ اس پرکار کچھ جمع ہوتا رہے گا۔ آپ کے پاس جو جمع ہے، انھیں میں وِیوہار نہ کروں گا۔ اس پرکار چیک کے وِیوہار سے پریس کی پوزیشن بڑھے گی۔ استو، مجھے پہلے بھی وِشواس تھا، اب بھی ہے؛ پر میں یا آپ ہی نے میری جیسی اِستھتی بنا دی ہے، اس کے لیے اس پرکار کا بینک کا حساب آوشیک تھا، اب یہی وِدھی اُتم ہے؛ نہ آپ کو چنتا، نہ مجھے۔ اپنے بھائی صاحب کے بارے میں جو کچھ لکھا ہے، سو ٹھیک ہی ہے۔ میرے ابھی تک کے کاریہ کال میں میں نے کوئی بات ایسی نہ کی جو انھیں معلوم نہ ہو۔ میں نے تو ایک ایک بات خوب وِچار کر کے، تب آگے بڑھاتا ہوں اور ان کے ساتوِک سادھو وِیوہاروں کے پرتی آپ سے ادھِک شردھا بھکتی رکھتا ہوں۔ میں اپنا بزرگ ہی انھیں سمجھتا ہوں سچے دل سے۔ اسے میرے ہردیہ میں بیٹھ کر ہی کوئی دیکھ سکتا ہے۔ استو۔

ہاں ایک بات کی آپ کو یاد دِلاتا ہوں۔ جس سمے آپ نے یہ پریس مجھے سونپا اور آپ کے میرے بیچ جو خط کتابت ہوا تھا، اس میں آپ نے یہ طے کیا تھا کہ 50 روپیہ بیاج، 50 روپیہ لابھ ہانی وغیرہ تتھا ماسِک وِطن خرچ اور میرا اِلاؤنس 50 روپیہ ماسِک ویتن

وغیرہ نِکال کر تین حصّے ہوں گے، جن میں ایک میرا، ایک آپ کا، ایک بھائی صاحب کا۔ پر اس سَمے کے پتر میں آپ نے حصّے داروں کی سنکھیا چار کر دی؛ ارتھات شری مہتاب رائے جی تتھا رگھوپتی سہائے جی کی سنکھیا بڑھ گئی۔ پہلے بھائی صاحب اور آپ ہی مُکھیہ پریس کے حصے دار تھے۔ مجھے اپنے لابھ میں ترِتیانش دینے کا وچن دیا تھا، کیا آپ اس بات کو بھول گیے یا اس سَمے آپ کو دھیان نہیں رہا؟ ذرا اسپشٹ کر دیں۔ حصے دار آپ کے ساتھ ہوں، مجھے اعتراض نہیں، میں تو انتم لابھ میں ترِتیانش چاہتا ہوں، گو کہ ابھی لابھ رکھا ہی کیا ہے، پھر بھی کچھ نہ کچھ ہونے کی آشا ہے ہی۔ آج نہیں، تو کل ہوگا۔ پُستک ویوسائے میں کیونکہ ہمارا ساجھا ہے ہی نہیں؛ ات ایو اس وِشیہ میں کچھ کہنا نہیں ہے۔ سالانہ حِساب اب 10-8روز میں بنائے لیتا ہوں۔ آپ کے پاس بھیجوں گا۔ سردی یہاں ابھی تک کافی پڑ رہی ہے۔ دو ایک روز میں کچھ کم ہے۔

پیڈ پرسوں یا چوتھے روز روانہ کروں گا۔ اِدھر کاریادِھک سے چھپ نہیں سکا۔ کل چھپے گا۔ وِنود شنکر نے بھی ایک سِیُوانِی وِنود پُستک مالا'' کا آرمبھ کر دیا۔ یہ اچھی پدّھتی سے کام کرنا چاہتا ہے۔ دو پُستکیں۔ (1) ''ایک گھونگھٹ'' (پرساد)، (2) ''بھولی بات (وِنود)'' اپنے یہاں سے چھپی ہے۔ 40 پونڈ اینٹِک پر۔ چھوٹی چھوٹی ہے، پر گیٹ اپ غضب کا ہے۔ اور کتابیں لکھوا رہا ہوں۔ آپ سے ایک آدھ کتاب لینے کی فکر میں ہیں۔

آپ نے جس پرکار کا وِگیاپن بنا کر بھیجا تھا۔اتنی ہی باتوں کو رکھنے کا وِچار ٹھیک ہوگا۔ کہانیاں تو مکھیہ ہوں گی ہی؛ انیہ وِشیوں کو بھی چھوڑنا نہ چاہیے۔ اس سے ہمیں سب پرکار کے گراہک جُٹانے میں سووِدھا ہو گی۔ پرتھانک کے لیے گنیش جی کا لیکھ اگر نہ ملے، تو چِنتا نہیں۔ ''ہنس'' راج نیتِک پتر ہی نہ ہوگا یہ ٹھیک ہے؛ پر جہاں تک کے لیے آپ وِچار کر چکے ہیں، وہاں تک تو کچھ نہ کچھ نِباہنا ہی چاہیے۔ کسی پرکار یوَک دل کا ساتھ رہنا آوشیک ہی ہے۔ Sexual وِشیہ بھی لوک پر یہ ہو سکتا ہے۔

شیو پوجن جی باہر، لہریا سرائے، چلے گئے ہیں۔ پھر بھی ان سے کچھ مل جائے گا۔ وہ جلدی ہی آئیں گے شاید۔ باقی یہاں کے سبھی لیکھکوں سے میں اوشیہ ہی کچھ نہ کچھ لیتا رہوں گا۔ کچھ لوگوں سے بھینٹ ہو گئی ہے، کچھ شیش ہیں۔ ان سے مل کر کچھ لینے کی بھی چیشٹا کروں گا۔ آپ دِرڑھ ہو کر شروعات کیجیے، ہچکنے کی آوشیکتا نہیں۔

ہاں، آپ نے جو رنگین چتر بنوایا ہے، کیا اسے میں بھی دیکھ سکوں گا؟ کوَر پر رنگین چتر رہا کرے گا؟ اگر اندر بھی ایک دو سادے چتروں کا پربندھ ہو جائے تو اچتر ہونے کا کلنک مِٹ جائے گا۔

رمیش پرساد مِشر بھی تو ویگیانِک وِشیہ پر اچھا لکھا کرتے ہیں، آپ سے تو پرچیہ ہوگا، ان سے بھی کچھ لینے کا پربندھ ہو۔

اِدھر جنوری ماس آ رہا ہے۔ پریس کے کرمچاری گن کب سے جان کھائے ہوئے ہیں کہ ویتن بڑھی ہونی چاہیے۔ گو کہ ابھی سنتوش جنک استیتھی نہیں ہے؛ پر جو کچھ بھی ہے، اس کے انوسار ان کی بات پر دھیان دینا آوشیک ہے۔ آپ کیا سمجھتے ہیں؟ کیا سمّتی ہے؟

مجھے معلوم ہوا کہ آپ نے بھائی صاحب کو 125 روپیہ مارگ بیہ کے روپ میں دیا ہے۔ میں چاہتا ہوں، اِدھر بھی کچھ دیا جائے۔ استھتی تو آپ کے سَمے سے اچھی ہے۔ ابھی ایک دم دینے کی پرستھتی تو نہیں ہے؛ پر سَمے سَمے پر کسی پرکار پورتی کر دی جائے۔ گرو رام جی سے مجھے معلوم ہوا۔ بھائی صاحب تو کبھی کہنے والے نہیں، ان سے مجھے تو کبھی معلوم ہی نہیں ہوتا۔ سب باتوں کا اُتّر شیگھر دیجیے گا۔

آپ کا، پرواسی

کمبھ کے میلے میں دُکان رکھا تو جھنجھٹ ہوگا۔ اس لیے یہ وِچار کیا ہے کہ کچھ تو نوٹس بنٹوا دیے جائیں گے اور سب دُکانوں پر کتابیں بِکنے کا پربندھ کر دیا جائے گا۔ یہی کروں گا۔

مہاراج بہادر ''برق'' دہلوی کا خط

گلی بتاشان، دہلی

19-01-1930

برادرِ محترم، آداب و نیاز!

اپنے مجموعۂ کلام موسومہ ''مطلعِ انوار'' کی ایک جلد آپ کی خدمت بابرکت میں

بسبیلِ رجسٹرڈ بک پوسٹ ارسال کرتا ہوں۔ امید ہے، آپ اس کی مطالع سے بغایت لطف اندوز ہوں گے۔ براہِ کرم ''مادھوری'' کی کسی قریبی اشاعت میں اس پر ایک برجستہ اور پرزور ریوو فرمایئے۔ آپ کو بخوبی یاد ہوگا، اس کتاب کا دیباچہ لکھنے کے لیے سالِ گزشتہ میں نے آپ سے درخواست کی تھی، لیکن بہ سبب مصروفیت اور عدمِ فرصتی آپ نے اسے قابل التفات تصور نہ فرمایا۔ یہ فرضِ مکرمی خان صاحب اور اصغر صاحب نے ادا کر دیا۔ اب مجھے یقین واثق ہے کہ آپ ''مطلعِ انوار'' پر ایک بسیط اور مدلل تنقید فرمانے سے پہلوتہی نہ فرمائیں گے۔ کئی رسالوں اور اخباروں میں نثر و نظم پر ریوو آپ کی نظر سے گزرے ہوں گے، لیکن کسی ہندی رسالے میں کوئی تنقید تا ہنوز شائع نہیں ہوئی۔ اس لیے آپ اس کمی کو ضرور پورا فرمائیں۔ عین نوازش ہوگی۔ رسیدِ کتاب سے ممنون فرمایئے۔ اگر آپ ضروری اور درست خیال فرمائیں تو میں اپنی تصویر کا بلاک بھی، جو میرے پاس موجود ہے، ارسالِ خدمت کر سکتا ہوں۔

خاکسار،

مہاراج بہادر ''برق'' دہلوی

مولوی عبدالحق کا خط

سلطنت منزل، صیف آباد، حیدرآباد (دکن)

21رجنوری 1930

میرے عنایت فرما،

تسلیم!

آپ نے از راہ کرم ایک ہفتے میں بنارس پر مضمون لکھ دینے کا وعدہ فرمایا تھا۔ میں اب تک اس کا منتظر رہا۔ اب یاد دہانی کرتا ہوں۔ مجھے اس کی بہت شدید ضرورت ہے۔ عنایت فرماکر جہاں تک جلد ممکن ہو، روانہ فرمایئے۔ بہت ممنون ہوں گا۔

نیازمند

عبدالحق

مولوی عبد الحق کا خط

معرفت مولوی سید ہاشمی صاحب
لال ٹیکری، حیدرآباد (دکن)
محترم بندہ تسلیم!

آپ نے اپنے عنایت نامے مورخہ 2رجنوری میں وعدہ فرمایا تھا کہ ایک ہفتے کے اندر کاشی پر سبق لکھ کر بھیج دوں گا۔ اس وقت سے مجھے اس کا انتظار رہا۔ اس کے بعد میں نے یہاں سے بذریعہ تار آپ کی خدمت میں یاد دہانی کی۔ اس کا جواب بھی نہیں ملا جس سے مجھے بے حد تشویش ہے۔ اس سبق کی وجہ سے کام رکا پڑا ہے۔ میں آپ کا نہایت ممنون ہوں گا اگر آپ ازراہ کرم جہاں تک جلد ممکن ہو لکھ کر بھیج دیں گے۔ اب زیادہ دیر نہ لگائیے گا۔ اس سے بڑا ہرج ہو رہا ہے۔

الٰہ آباد میں آپ سے مل کر بہت خوشی ہوئی لیکن اس سرسری ملاقات میں سیری نہ ہوئی۔ اگر لکھنؤ آنا ہو تو ضرور حاضر خدمت ہوں گا۔

اس کا جواب جلد عنایت فرمائیے۔

نیاز مند
عبدالحق

گنگاناتھ جھا کا خط

University of Allahabad,
Senate House, Allahabad
January 23, 1930

D.O. No. 24/VC. 30

Dear Sir,

Your letter of the 21st.

Much as I sympathize with the cause that you have taken up, I think that the only remedy lies in some practical steps that might be devised for bringing home to our young men the futilities of fashionable life. Articles either in newspapers or in

magazines are in the first place read by very few people and even those who read them ridicule them and do not derive any benefit. Fashion, to my mind, has to be combatted by fashion and not by any theoretical disquisitions.

As for contributing an article to your magazine, I am afraid that until the summer vacation I shall be unable to do anything serious. Now-a-days I am spending my days on the banks of the Sangam; after that we shall have the rush of the University meetings and of the University-examinations. I hope you will kindly excuse me.

Premchand, Esq.
Sarasvati Press,
Kashi, Benares.

Yours faithfully,
Ganganath Jha
Vice-Chancellor

چندر گپت ودھا لنکار کا خط

گروُ کانگڑی (ضلع سہارن پور)

3 فروری، 1930

مانیہ ور پریم چند جی، وندے!

آپ کا کرِپا پتر ملا ہے۔ اس سے پوروَ بھی آپ کی ''حماقت'' کا سماچار، یعنی نوٹس، کسی اخبار میں پڑھ کر مجھے بہت ادھِک پرسنّتا ہوئی تھی۔ ''ہنس'' کے لیے یتھا سمبھوَ مجھ سے جو کچھ بن پڑے گا، کرنے کا پریتن کروں گا۔

کہانیاں میں بہت تھوڑی لکھتا ہوں، ان پر بھی ''وِشال بھارت'' نے ایک آدھِکار کر رکھا ہے۔ اپنے نِجی کے انوبھوَ پر، چترویدی جی نے ایک طرح سے مجھے 'شرط بندی کلی پرتھا'' میں باندھ لیا ہے۔ اس سے ٹوٹنے کی میعاد بھی کافی لمبی ہے۔ اس لیے ''ہنس'' میں نِیمت روپ سے کہانیاں دینے کا وعدہ تو میں نہیں کر سکتا۔ ہاں، یدی آپ آگیاں دیں گے تو، اس کے انیہ کالموں کی خانہ پوری میں اوشیہ کر سکوں گا۔ سامیک ساہتیہ کی آلوچنا کرنا

میں بہت پسند کروں گا۔ ساتھ ہی ادھر ادھر کا انفارمیٹیو اور منورنجن مسالہ بھی بھیج سکوں گا۔ راجنِتک ٹِپنیاں کرنا بھی مجھے پسند ہیں۔ کہیئے، ان میں سے مجھے آپ کیا کرنے کا آدیش دیتے ہیں۔ سمجھوَ ہوا تو کبھی کبھی کوئی کہانی بھی بھیجتا رہوں گا۔

پروفیسر رام داس جی گوڑ یہاں ہیں اور صحیح سلامت ہیں۔

یوگیہ سیوا۔

وِنیت،

چندر گپت ودھالنکار

رگھوپت سہائے 'فراق' کا خط

تلک محل، کانپور

10 رفروری 1930

بھائی جان، تسلیم!

آپ کے کارڈ اور اصرار کے جواب میں ایک ادھورا مضمون مشہور اردو شاعر 'فانی' پر بھیج رہا ہوں۔ کئی ماہ گزر گئے جب اسے شروع کیا تھا۔ تکمیل اس کی اب تک نہ ہوئی تھی۔ مگر کسی کام کا ہو تو پہلے نمبر میں اسے مضمون کی پہلی قسط کر کے آپ شائع کردیں۔ بقیہ آخر اپریل تک بھیج سکوں گا۔ اس کے پہلے کیسے بھیج سکوں گا؟

جو غزل میں نے بھیجی ہے، اس کا ایک شعر شاید چھوٹ گیا ہے۔ ممکن ہے آپ کے کام کا ہو۔ وہ یہ ہے:

ہے چوٹ سی چوٹ محبت کی ہے درد سا درد محبت کا
آنکھیں بھی نہ پڑنے پائی تھیں اور منھ پہ ہوائی چھوٹ گئی

وِویک جس کا میں ایڈیٹر تھا اور جو چند ہفتے کے بعد بند ہوگیا اس میں میرے کچھ مضامین ہیں۔ انھیں غیر مطبوعہ ہی سمجھنا چاہیے۔ اول تو اس کو بند ہوئے تین سال ہوگئے دوسرے اس کی اشاعت بھی نام کو تھی۔ چلتا یا چلایا جاتا تو اچھی خاصی اشاعت ہوجاتی۔ ان میں سے کہیے تو کچھ مضامین بھیج دوں۔ دوسروں کے لکھے کچھ دلچسپ افسانے اور نظمیں بھی ہیں جو آپ کے کام آسکتی ہیں۔

'ہنس' کا پہلا نمبر کب تک نکل جائے گا؟ میرا خیال ہے کہ کوشش قائم رہی تو جلد 'ہنس' کامیاب اور منفعت رساں ثابت ہوگا۔ امتحان بہت قریب ہے۔ اور کیا عرض کروں۔ جواب سے ممنون فرمایئے گا۔

آپ کا

رگھوپت سہائے

مولوی عبدالحق کا خط

بنجارہ روڈ کریم آباد

حیدرآباد (دکن)

14رفروری 1930

برادر محترم، تسلیم!

آپ کا عنایت نامہ مورخہ 21رجنوری مجھے کل ملا۔ پر یہ اورنگ آباد سے ہوتا ہوا یہاں پہنچا۔ آپ کی اس عنایت اور شفقت کا میں تہہ دل سے شکرگزار ہوں۔ کاشی کا سبق آپ نے بہت خوب لکھا ہے۔ اسے پڑھ کر بہت خوشی ہوئی۔ اور آج ہی میں نے لکھنے کے لیے دے دیا ہے۔ البتہ معینہ صفحات سے کسی قدر بڑا ہوگیا تھا اس لیے کہیں کہیں سے چند سطریں کم کردی ہیں لیکن اس سے اس کی شان میں فرق نہیں آنے پایا۔

نیاز مند

عبدالحق

جینندر کمار کا خط

پہاڑی دھیرج، دہلی

20رفروری 1930

بابوجی،

آپ کا پتر ملا۔ وہ کوچہ پاتو رام والا بھی بس ایک Delivery دیر سے مجھے مل گیا۔ کہانی میں نے 14 کو شروع کی تھی، پر ختم اب بھی نہیں ہوئی۔ شروع کرنے کے بعد ہی

میں تو الجھن میں پڑ گیا۔ ادھر آپ کے الاہنے کے بعد بھی دیر لگانا پاپ جان پڑا۔ یہ دو کہانیاں بھیج رہا ہوں۔ ناتھورام جی پریمی (بمبئی) سے واپس مانگ لی ہیں۔ 'دلی میں' آپ کے لیے اور 'فوٹوگرافی' 'مادھوری' کے لیے۔ اسی سے ابھی تو سنتوش مان لیں، ایسی پرارتھنا ہے۔ اچھا تو تھی کوئی اَپورو چیز بھیجوں پر اچھا پوری نہ ہوئی۔ خیر، آگے دیکھوں گا۔ یہ بھی اگرچہ پورے من کی نہیں ہے پھر بھی امید ہے بری نہیں ہے۔ انتم (والا) پیراگراف یہی آپ سہمت ہوں تو کاٹ دیجیے۔ بالکل ویرتھ ہے۔ واستو میں جوڑا بھی بعد میں گیا ہے۔ آپ یدی خاص طور پر اسے رکھنا چاہیں تو بات دوسری، نہیں تو اڑا ہی دیں۔ اس میں ایسا لگتا ہے جیسے لیکھک جل بھن رہا ہے۔ لیکھک کی یہ Mentality ہتھات کیوں پرکٹ ہو؟

'فوٹوگرافی' میری پہلی کہانی ہے۔ تو بھی 'مادھوری' کے لیے کافی سے زیادہ ہی اچھی ہے، ایسا وشواس ہے۔ نہ بھی پسند آئے تو کھید نہ ہوگا۔

'میری میگڈلین' کی آپ نے سفارش ہی کی۔ مجھے بھی ایسی ہی آشا تھی۔ نرنے کا کب تک پتا چلے گا۔

کیا آپ سمیلن میں جائیں گے؟ اور کیا مجھے وہاں جانے کی صلاح دیں گے؟ پریچے کا لابھ ہی یدی لابھ سمجھا جائے تو بات دوسری، نہیں تو سمیلن میں میرے لیے کیا ہے؟ ان (سمیلنی) لوگوں میں سے کسی کے درشن کی اُتکٹ چاہ ہو سو بھی بات نہیں ہے۔ صلاح دیں گے۔

آپ کا اپنیاس کیسا چل رہا ہے؟ مجھے بھی بہت اور برابر لکھنے کا منتر بتایئے نہ؟ جب سے آیا ہوں، کیا کہوں، ایک کہانی بھی نہ کی۔ شروع ہی نہ ہوئی۔ طبیعت نہیں حاضر ہوئی۔ کوئی علاج اوشے بتایئے۔ وشیش میرے یوگیہ سیوا لکھیے۔

آپ کا ہی
جینندر

سدرشن کا خط

لاٹوش روڈ، کانپور،

11 مارچ، 1930

بھائی جان، نمستے،

کتاب کا مسودہ مل گیا، شکریہ۔ ایک دو دن میں کاتب کو بھیج دوں گا۔ کاپیاں آپ پڑھیں گے یا میں ہی پڑھ لوں گا۔ میرے خیال میں آپ ہی پڑھیں تو ٹھیک رہے گا۔ کتاب کی خوبصورتی دیکھ کرآپ یقیناً خوش ہوں گے۔ اب ''شیر و بکری'' تیار کرنی چاہیے۔ یہ کتاب نہ صرف خوب بکے گی، بلکہ ہم دونوں کے دوسری کتابوں کے لیے بھی مفید ثابت ہوگی، کیونکہ اس میں یہ اعلان کرنے جا رہا ہوں کہ جو صاحب ٹھیک ٹھیک بتائیں گے کہ کون سی کہانی کہاں تک کس کی تحریر کردہ ہے، اسے سو یا، ڈیڑھ سو روپیہ انعام دیا جائے گا۔ اس انعامی مقابلے میں جو شریک ہونا چاہیں گے، ان کو ہماری کتابیں پڑھنی پڑیں گی، ورنہ Style کیسے جانے گیں؟ کیا خیال ہے؟ میں کسی دن آپ سے ملنا چاہتا ہوں۔ کب ملوں؟

سدرشن

بنارسی داس چترویدی کا خط

وشال بھارت کاریالیہ

120/2 اپر سرکلر روڈ، کلکتہ

11 مئی 1930

پریہ پریم چند جی،

پرنام! کرپاپتر ابھی ملا۔ میں آپ کی کٹھنائیوں سے بھلی بھانتی پریچت ہوں۔ اس لیے برا نہیں مانتا۔ جب کبھی آپ کو اوکاش ملے، وشال بھارت کے لیے کوئی کہانی لکھیے۔

سندرلال جی والا اسکیچ آپ کو پسند آیا، یہ پڑھ کر مجھے ہرش ہوا۔ میرا ان کا ساگیات پریچے تو سنہ 1918 میں ہوا تھا پر ویسے اپنے ودیارتھی جیون میں میں نے ان

کے 'کرم یوگی' سے بہت لابھ اٹھایا تھا۔ میرے اوپر ان کی بڑی کرپا ہے بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ انھیں کا بھیجا ہوا میں آج یہاں 'وشال بھارت' میں کام کر رہا ہوں۔

آپ کے پتر کے وشے میں کیا لکھوں۔ انک آتے ہی آفس کے انیہ متر پڑھنے کے لیے لے گئے اور مجھے ابھی تک نہیں ملا۔ اب پڑھ کر اوشیہ لکھوں گا۔

'ہنس' کے لیے اوکاش ملنے پر ضرور کچھ لکھنا چاہتا ہوں لیکن ایک شرط پر، وہ یہ کہ آپ اپنا چتر مجھے بھیج دیں اور کسی سے Biographical Notes بھجوا دیں۔ ساتھ ہی ان پرشنوں کے اتر بھی دیں۔ میں کسی انگریزی پتر (سمبھوتہ:لیڈر) میں آپ پر کچھ لکھنا چاہتا ہوں۔

1۔ آپ نے گلپ لکھنا کب پرارنبھ کیا؟
2۔ اپنی کون کون سی گلپ آپ کو سرووتم لگتی ہے؟
3۔ آپ کی لیکھ شیلی پر دیشی یا ودیشی کن کن گلپ لیکھکون کی رچنا کا پربھاؤ پڑا ہے؟
4۔ آپ کو اپنے گرنتھوں سے رچناؤں سے کیا ماسک آے ہوجاتی ہے؟
5۔ ہندی میں گلپ ساہتیہ کی ورتمان پرگتی کے وشے میں آپ کے کیا وچار ہیں؟
6۔ آپ کی رچناؤں کا انوواد کن کن بھاشاؤں میں ہوا ہے؟
7۔ آپ کی آکانچھائیں کیا کیا ہیں؟

میں ایک بار آپ کی گلپ پڑھ جانا چاہتا ہوں اور پھر اس کے وشے میں اپنی اُور سے کچھ لکھنا چاہتا ہوں۔ ان پرشنوں کا اتر کرپا وستار پُورک چٹھی کے روپ میں مجھے دیجیے۔ میں پرتیکچھا کروں گا۔ اتر آنے پر میں 'ہنس' کے لیے کوئی لیکھ آپ کی سیوا میں بھیجنے کا پریتن کروں گا۔ شرط میں نے اس لیے رکھی ہے کہ آپ سے چتر مانگتے مانگتے برسوں بیت گئے پر آپ نے ابھی تک نہ بھیجا، اس لیے ہتاش ہوکر دکانداری پر اتر آیا ہوں۔

کرپابنی رہے۔

وینت

بنارسی داس چترویدی

پنشچ: ایک اپنا اچھا چتر آپ 'وشال بھارت' کے لیے Specially کھنچوا دیجیے اور اس

کا بل میرے نام بھیج دیجیے۔ چتر کی تین پرتیاں بھیجیے۔ یہ Arrangement ٹھیک رہے گا
'کوچ' کے 26 روپے وی پی سے بھجواؤں گا۔ تقاضہ کر رہا ہوں۔

آنند راؤ جوشی کا خط

Temporary address for 15 days
Anand Rao Joshi
Fadnis Pura,
Nagpur City

C/o. भय्याजी सोनटक्के
पोस्ट — उमरेड
ज़िला — नागपुर C.P.
14.5.30

Dear Premchandji,

Yours of the 2nd inst. reached me in due time. In it you have asked me to send my quota by the 15th of every month at the latest. But then I received another card from you to the affect that I should hurry up in sending my material for the Marathi section of the 'मुक्ता-मंजूषा'. Accordingly I have sent you yesterday my quota by Regd. B.P. and I hope it shall reach you in good time. I think, I am not too late in sending my quota.

I came here to attend a thread-ceremony of one of my relatives, and hence this delay in supplying my material. I hope, I shall be able to send it henceforth by the 10th of every month. That would facilitate your work also.

I am in due receipt of the 2nd number of 'हंस'. I am pleased to find that it is getting a hearty support from all quarters.

I don't receive 'माधुरी' every month. It is only when it contains my article that I get it. I am, thankful to you for suggesting me some stories for the II part. I am sorry I have not got your recent publications 'पाँच फूल' व 'प्रेमकुंज'. I have got 'नवनिधि', प्रेम-पूर्णिमा', प्रेमद्वादशी' and प्रेमपचीसी'. You remember that

you had suggested some stories for the part 1 of my Marathi book. Some of them are yet to be translated by me. I wish to include them in the II part. But then their sources are not available to me. . Would you let me know the sources of the following :

(१) कामना-तरु, (२) सती, (३) लैला, (४) सौत, (५) नमक का दारोग़ा, (६) लांछन, (७) मन्त्र।

I have already translated 'पश्चाताप' and 'पाप का अग्निकुण्ड' from 'नवनिधि'. I also wish to include two stories meant for children 'रक्षा में हत्या' and 'सच्चाई का उपहार'. The first one was already published in 'आलाप' अंक, but it could not be included in part 1 for want of space.

I have read 'घासवाली'. It is the best of your recent stories. I intend to include all these stories by you. If possible, please send 'पाँच फूल' & 'प्रमकुंज' on the above temporary address.

Yours Sincerely,
Anand Rao Joshi

دیانرائن نگم کا خط

کانپور

9 جون، 1930

بھائی صاحب، تسلیم!

میرا خیال تھا کہ آپ بنارس چلے گئے ہیں، ورنہ میں آپ سے کل ہی ملتا، کیونکہ 4 جون کو گونڈا گیا ہوا تھا اور آتے جاتے دونوں دفعہ لکھنؤ ٹھہرنے کو جی چاہتا تھا، بلکہ جاتے وقت بابو انت پرساد صاحب کے یہاں گیا بھی تھا، لیکن وہ کسی بارات میں گئے ہوئے تھے۔ ناچار اسٹیشن لوٹ آیا۔ آپ کے قیام کا حال معلوم ہوتا تو ضرور آپ سے ملتا۔ گؤنا ہو رہا ہے، آپ اس فرض سے بھی سبکدوش) ہو جاتے۔ مجھے افسوس یہ ہے کہ آپ پیشتر

سے بالکل اطلاع نہیں دیتے، جس سے مجھے خفت کا موقع ملتا ہے۔ آپ یہ سن کر خوش ہوں گے کہ ہم نے ایک پرانا حساب پنجاب نیشنل بینک کا صاف کر دیا ہے، اور دوسرا پرانا حساب اودھ کمرشیل بینک کا بھی قریب قریب صاف ہو گیا ہے۔ بس، اس ماہ مجھے اس کو ایک سو پچھتر روپیہ اور دینا ہے، ورنہ جو رعایت مجھ سے ہوئی ہے، ہو سکا اس کا مستحق بنا رہوں گا۔ اس رقم کے لیے میں نے سو روپے لیے تھے، ختم ہو گیے۔ اب آپ کا حکم پاتے ہی اس لیے خدمت کر رہا ہوں۔ زیادہ کیا لکھوں، یہی بندوبست ہے۔ حساب جو کچھ لکھا ہے، وہ مجھے منظور ہے، دیکھ کر لکھوں گا، لیکن آپ نے ہمیشہ سے میرے ساتھ جو محبت آمیز برتاؤ کیا ہے، اس کے دیکھتے ہوئے حساب کا نام لیتے ہوئے بھی مجھے شرم کرنی چاہیے، خصوصاً جب کہ میں ایسا نا دہندہ رہا ہوں۔آپ بنارس کب تک جا سکیں گے، اور کب واپسی ہو گی؟ لکھنؤ کا حال پڑھ کر دل خون ہو رہا ہے۔ کیا آپ بھی اس موقع پر موجود تھے؟

آپ کے اور آپ کے بچوں کی سلامتی کے لیے ہمیشہ دست بہ دعا رہتا ہوں۔ آپ تصانیف کی بدولت زندہ جاوید رہیں گے۔ آپ کو جام شہادت پینے کی ضرورت نہیں ہے۔ ایشور کا فضل و کرم آپ کے ساتھ رہے گا۔ میں اس سال پی۔سی۔ایس۔ کے امتحان میں بیٹھا تھا، پر چار نمبر سے رہ گیا۔ آئندہ پھر جا رہا ہوں، دیکھیے، کیا نتیجہ ہوتا ہے۔

رگھوپتی سہائے صاحب حال میں کانپور آئے تھے۔ اب معلوم نہیں، گورکھ پور میں ہیں یا نہیں۔

آپ کا، دیا نارائن نگم

جگت رام، سمپادک ''رہنمائے تعلیم''، لاہور کا خط

رام گلی، لاہور،

07.07.1930

بخدمتِ گرامی جناب منشی پریم چند جی،

آداب عرض!

گرامی نامہ 4 جولائی 1930 کو لکھا ہوا ملا۔ کارڈ سے قبل ایک مطبوعہ سرکلر لیٹر

جناب کی خدمت میں بنارس کے پتے سے بھیجی گئی تھی۔ شاید وہ جناب کو نہیں ملی۔ خیر غرض تو جناب کی نیم ملاقات کی تھی، سو ہو گئی۔ عرض یہ ہے کہ میرا رسالہ تعلیمی ہے۔ 25 سال سے بھلی بری تعلیمی خدمت سرانجام دے رہا ہے۔ جس محکمہ کا یہ اخبار یا رسالہ ہے، آپ اس کی ہستی سے بے خبر نہ ہوں گے۔ مدرسین بیچارے، جو اس کے خریدار ہوتے ہیں، وہ بہت کم تنخواہ دار ہوتے ہیں۔ لہٰذا اس کی قدردانی ان لوگوں کے ہاتھ میں ہے۔ یہ رسالہ ان لوگوں کا وکیل ہے، جن کی حالت بہت ہی قابل رحم ہے۔ بس اس رسالہ کی مالی حالت نمایاں حیثیت نہیں رکھتی۔ سچ تو یہ ہے کہ میں اِن دنوں خاص قربانی اور اسرار سے کام لے رہا ہوں۔ لہٰذا بڑے ادب سے گزارش ہے کہ آپ بھی اس کے حال زار پر رحم فرمائیں اور خاص رعایت اور اسپیشل عنایت کے مدنظر ممنون فرمائیں۔ رقم جو آپ عام طور پر لے رہے ہیں، یہ آپ کے دماغ کی قدر و قیمت تھوڑی ہے۔ آپ کے دماغ کے قدر و قیمت تو جناب، کسی طرح سے پڑ ہی نہیں سکتی۔ ہم لوگ جو حاضر کرتے ہیں وہ محض...... دودھ مٹھائی ہو سکتا ہے، معاوضہ محنت کا نام اسے نہیں دے سکتے۔ اس لیے بڑے ادب سے گذارش ہے کہ آپ غریب ''رہنمائے تعلیم'' کم از کم نذر کو قبول فرمائیں اور مجھے سرفراز کریں۔ قبل ازیں کبھی جناب کو اس بارے میں تکلیف نہیں دی گئی، نہ تعارف ہوا تھا۔ پرماتما نے چاہا تو یہ تعلق مثلِ زمانہ پختہ و مستقل قائم رہے گا اور میں جناب کی کچھ سیوا متواتر کرتا رہوں گا۔

مجھے امید ہے کہ جناب بھی اس لجاجت بھری حقیقی بنتی کو قبول کریں گے۔ مجھے اپنی نوازشات سے بہر اندوز ہونے کا فخر بخشتے رہیں گے۔ مہربانی فرما کر جُبلی نمبر کے لیے جو افسانہ آپ تحریر فرمائیں گے، وہ اس مطبوعہ رسالے کا اخلاقی اور تعلیمی افسانہ ہوگا، جس میں تعلیمی حقوق ثابت کیا گیا ہو، اور شوقِ تعلیمی کے جذبات موجود ہوں، اور قصہ بچوں کا ہو۔ ایک افسانہ اس طرح کا ہو کہ ایک ادنیٰ طبقہ کا آدمی تعلیم کے ذریعے کیوں کر اعلیٰ درجے پر فائز ہو سکتا ہے۔ افسانہ کی طرز عبارت کے پڑھنے والے کے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جائیں اور بار بار اس کے پڑھنے کا جوش مقرر ہو۔ آپ دانا ہیں، بھلا احمق کی کیا ہستی کہ ایک ماہرِ فن کے سامنے کچھ ظاہر کر سکوں، مگر حکم تھا، مگر حکم تھا۔ اس لیے شدید خیالات

پیش کر دیے گئے ہیں۔ امید ہے کہ جناب ہر دو افسانہ کے ساتھ اپنی فوٹو بھی مرحمت فرمائیں گے، جو جُبلی نمبر کی شان کو دوبالا کرنے کی مجیب ہوگی اور میرے لیے باعث فخر۔ یہ نمبر کوئی 64 صفحوں کے مصوّر رسالہ کا ہوگا 20x30/8 کا سائیز ہے۔ نوازش کوئی خدمت؟

خادم، جگت رام

افسانوں کی مقدار 20x30/8 کے کوٹ 12-12,10-10 صفحے ہو جائیں اور اس کے کم و بیش آپ مختار کل ہیں۔ یہ دونوں افسانے آخر مہینے تک مرحمت کر دیے جائیں۔ رسالہ ارسال خدمت ہے۔ کوئی سیوا! اس خط کی رسید اور خوش نوازیے مزاج کے ایما سے واپس شادرین۔

داس، جگت رام

جگدیش پرساد، چیف سکریٹری، سنیکت پرانت کا نوٹس

Notice under section 3 (3) of the Indian Press Ordinance, 1930.

To

The Keeper of the Saraswati Press, Benares.

Whereas it appears to the Governor in Council that the Saraswati Press of which you are the keeper is used for certain of the purposes described in sub-section (1) of sectien 4 the Indian Press Ordinance, 1930, now therefore in exercise of the power conferred by sub-section (3) of section 3 of the said Ordinance the Governor in Council hereby requires you to deposit with the District Magistrate of Benares a security to the amount of Rs. 1000/- (rupees one thousand only) in cash or the equivalent thereof in securities of the Government of India

within two days from the receipt of this notice by you.

By order,
Jagdish Prasad.
Chief Secretary to Government,
United Provinces.

Naini Tal,
Dated July 24, 1930.

From
Manilal Shankerlal Thakur
C/o Kasturbhai Lalbhai Sheth, Shahibag,
Ahmedabad

24th October, 1930
Ahmedabad

To
Prem Chand ji,
Benares City

Sir,

Recently I received the whole set of your works through my book-seller. On going through it, I found several stories-perhaps written in 1920-21, the days of Non-co-operation, with a particular mission dealing with the fundamental elements of Non-co-operation-viz, 'Lal Fita' and 'Lagdant' in 'Prem-Chaturthi', 'Namaka ka Daroga' and 'Updesha' in 'Sapta-Saroja', 'Satyagraha', 'Premdwadashi', 'Ahinsa Paramo Dharma' and 'Mandir' in 'Prem-tirtha' and some more, I propose to supply the Gujarati reading public with a Gujarati version of them issued in a book or two.

I am a Snatak (Graduate) of the Gujarat Vidyapith, Ahmedabad, of about 6 years standing. If I am allowed to undertake the task, I shall do my best to do full justice as you might expect. What I seek to do is a labour of love inspired by a scene of public service in my own humble way, when I cannot risk going to jail by taking active part in the struggle led by Mahatma ji.

I have every hope that you will kindly grant me the permission to prepare a book as described above and Qblige.

Yours faithfully,
Manilal Shankarlal Thakur

لاجپت رائے اینڈ سنس لاہور کا خط

لاجپت رائے اینڈ سنس

لاہور

8.11.1930

شریوتی منشی پریم چند جی،

نمستے!

میرے خط ملنے سے پہلے منی آرڈر مبلغ 50 روپے کا مل چکا ہوگا۔ میں نے 20 تاریخ کو روپے بھیجنے کا وعدہ کیا تھا، مگر مجھے دہلی کا ایک ضروری کام درپیش آ گیا۔ دہلی سے میں دوسری تاریخ کو واپس آیا، اور جناب کے دو کارڈ ملے، جس کے لیے بہت افسوس ہوا کہ جناب کو خواہ مخواہ کی انتظاری رہی۔ میرے پہلے چالیس روپے 'خاکِ پروانہ' کے حساب میں وضع کیجیے اور مبلغ پچاس روپے 'رام چرچا' کے حساب میں۔ 'رام چرچا' چھاپی تو بچوں کے لیے ہے، مگر ضخیم ہو جانے کی وجہ سے ہمارا مقصد مفقود ہو گیا ہے، اور اسکولوں والے اسی اعتراض کی بنا پر خریدنے سے جھجکتے ہیں۔ چنانچہ میں اس کتاب کو تبادلے کے طریقے سے ہی نکال رہا ہوں۔ چنانچہ چار سو کتابیں تبادلے میں دی گئی ہیں، کیونکہ تبادلے کے حساب سے 1 روپیہ 4 آنے کے حساب سے دی گئی ہیں، اس اس کے رائلٹی ایک روپیہ

فی کتاب کے حساب سے ملے گی، کیونکہ کتاب کی قیمت ایک روپیہ مقرر کی گئی ہے۔ 1 روپیہ 4 روپیہ آنا تو تبادلے کے لیے ہے۔ باقی حساب اس طرح ہے— 150روپیہ کی مالیت کی کتاب وہ حساب تبادلہٗ واشی فروخت کی گئیں—

رائلٹی— 32 روپیہ 13 آنے صفر پائی

رائلٹی 100 کتاب— 17 روپے 8 آنے صفر پائی

کل 50 روپے 5 آنا

چنانچہ مبلغ 50 روپے بذریعہ منی آرڈر اور آٹھ آنے فیس منی آرڈر حساب میں درج فرما کر مشکور کریں۔ 'خاکِ پروانہ' کی رقم ہماری طرف واجب عائد مبلغ بیالس روپے تھی، جس کے عوض جناب کو چالیس روپے نقد اور بموجب جناب کے ارشاد۔ 1 روپے 7 آنا 9 پائی کی کتاب بازار سے خیرد کر ارسال خدمت کی گئیں، اور سات آنے محصول ڈاک یعنی کل 1 روپے 14 آنا 9 پائی، یعنی کل حساب صاف ہو چکا۔ باقی رہا ناول کے لیے، آپ سے کئی بار درخواست کی گئی، مگر جناب نے ہمارا ذرہ بھر بھی خیال نہ کیا۔ برائے مہربانی یہ ناول ضرور ہمارے لیے مخصوص رکھیں گے۔ ناول کب تیار ہوگا؟ اس کی ادائیگی کس طرح کی جاوئے،آپ ہی بتائیں۔ میرے لیے لکھیں، بالکل اس پر عمل کیا جاوئے گا، اور کسی قسم کی ادائیگی میں دیری یا وعدہ خلافی نہ کی جاوئے گی۔ کسی قسم کی سیوا ہو تو لکھیں۔

سوم پرکاش

نوٹ : مجھے پوری امید ہے کہ اس بار نراش نہ کریں گے اور ضرور ضرور مجھے یہ کتاب دے کر مشکور کریں گے۔

قدوائی کا خط

مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

21/نومبر 1928

مکرمی!

آپ کا کارڈ ملا۔ یاد فرمانے کا شکرگزار ہوں۔ میں آپ کے خط کا انتظار کرکے سجاد حیدر صاحب سے 'چوگان ہستی' عاریتاً لے کر پڑھی اور میں آپ کو ایک ایسی عظیم الشان

تصنیف پر سچے دل سے نہایت مؤدبانہ مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ آپ کی تصانیف کے متعلق میرا کچھ عرض کرنا چھوٹا منہ بڑی بات ہے لیکن پھر بھی یہ عرض کیے بغیر نہیں رہ سکتا کہ مجھے اردو میں بہت کم ایسی عمدہ اور کامیاب ناولیں پڑھنی نصیب ہوئی ہیں، بلکہ بعض حیثیت کے بنا پر غالبًا میں غلط نہیں کہتا کہ یہ اردو کا صرف ایک بہترین ناول ہے۔ اگرچہ 'بازارِحسن' بھی آپ کی ایک معرکۃالآرا تصنیف ہے لیکن 'چوگان ہستی' اس سے کہیں زیادہ بڑھی ہوئی چیز ہے۔ اگر 'بازارِحسن' ایک خاص طبقے، ایک محدود جماعت کے اصلاح اور مفاد کے لیے کامیاب سعی ہے تو 'چوگان ہستی' ایک قوم، ایک ملک کے محدود اور بہتری کی راہ میں ایک کوشش ہے جو ایک طبقے کی اصلاح سے زیادہ مفید، زیادہ بلند ایک چیز ہے اور اس سلسلے میں لگی لپٹی باتوں میں میرے خیال میں تمام وہ مسائل آپ نے پیش کردیے ہیں جو ہمارے زندگی سے متعلق ہیں اور ہماری معاشرت کے اصلاح اور کامیابی کے لیے ازبس ضروری ہیں۔ تفصیلی رائے کی اس وقت گنجائش نہیں۔ لہٰذا میں ایک مرتبہ پھر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ مجھے افسوس اس امر کا ہے کہ اردو نے اپنی زبان کے اتنے بڑے محسن کی طرف سے ایسی بے پروائی برتی ہے۔ لیکن میں مایوس نہیں ہوں اور امید رکھتا ہوں کہ بہت جلد اردو کو اس گناہ کا کفارہ ادا کرنا پڑے گا۔ میں اس دن کا انتظار کر رہا ہوں جب آپ ڈاکٹر ٹیگور کے ہم پلہ اور نوبل پرائز کے مستحق سمجھے جائیں گے۔

اس کا افسوس ہے کہ آپ کو میرا خط دیر سے ملا، لیکن اسے کیا کیجیے کہ مجھے کتاب کی اشاعت کی خبر دیر سے ملی؟ بہرحال جب آپ مجبور ہیں تو میں بھی خاموش ہوجاؤں گا۔
''خاک پروانہ'' اور ''خواب و خیال'' دیکھنے کی آرزو باقی ہے۔

'اصنام خیالی' انشاء اللہ جلد حاضر خدمت ہوگی۔

خاکسار

سُدرشن کا خط

دی سُدرشن پبلی شنگ ہاؤس، لاہور

17-11-1930

بھائی جان، نمستے!

کارڈ ملا، شکریہ! مجھے یہ خیال نہیں کہ کہانی ہندی میں نہ چھپی ہو۔ اندیشہ یہ ہے کہ

کہیں اسے کسی اخبار نے ترجمہ کر کے نہ شائع کر دیا ہو! اردو اخبارات میں یہ عام مرض ہے۔ ایسی حالت میں ''چندن'' کی کرکری ہوجائے گی۔ پہلے ہی پرچے پر لے دے شروع ہو جائے گی۔ میری ناچیز رائے میں اب جو کہانیاں نہیں چھپی، ان پر صاف لکھ دیں۔ ترجمہ کرنے کی اجازت نہیں۔ اس طرح میں جو کچھ ''چندن'' میں لکھ سکوں وقف عام نہ ہونے دوں۔ اس طرح میری چیز میرے کام آسکتی ہے۔ اور بغیر کسی ڈاک زنی کے اندیشے کے۔

میری دلی خواہش ہے ''چندن'' پر آپ کا نام بھی ایڈیٹر کے طور پر دیا جائے۔ اس سے مجھے بھی فائدہ پہنچنے کا امکان ہے، آپ کو بھی۔ برائے نوازش با قاعدہ اجازت دیں، تو اخبار کے لیے جو کچھ بھیج رہا ہوں، اس میں آپ کا نام بھی دے دوں۔ آپ کے ''مادھوری'' پرچے کے ماہ اکتوبر میں ایک سہ رنگی تصویر ''جوبن'' نکلی ہے۔ یہ تصویر مجھے بہت پسند ہے۔ چاہتا ہوں، اسے ''چندن'' میں دے دوں۔ کیا آپ اس کے بلاک مجھے بھیجوا سکتے ہیں؟ 4-2 کرائے کے مانگے تو حاضر ہے۔ تصویر چھپ جانے پر بلاک حفاظت سے لوٹا دیے جائیں گے۔ یہ کام ضرور کر دیجیے گا۔ بھابھی صاحبہ کے مقدمے کا فیصلہ کیا ہوا؟ لکھیے گا۔ مسز سدرشن کہتی ہیں۔ دیکھیے، ہماری باری کب آتی ہے؟ بچوں کو پیار!

آپ کا، سُدرشن

بھائی جان، کہانی 26-25 نومبر تک بھیج دیں تو بہت نوازش ہو۔ پہلا پرچہ ہے۔ شان سے نکل جائے تو لوگوں میں دھاک بن جائے۔

پانڈیہ بیچن شرما ''اُگر'' کا خط

بیسویں صدی پُستکالیہ،

گئو گھاٹ، مرزا پور،

نومبر، 1930 کے آس پاس

شرَدھیہ،

پتر ملا، آفس پَرِورتن کی اسووِدھاؤں نے اُتّر میں وِلمب کرایا ہے۔ '' بڑھاپا'' کے بارے میں آپ کی سینہ زوری میں زور نہ لگاؤں گا— لگا بھی نہیں سکتا — پر آپ مجھے

ہمیشہ ہی اپنے ''وِشِشٹوں سے الگ رکھنے کی چیشٹا کریں تو بھلا رہے گا۔آپ کے سنگرہ میں آپ کے بیوپارِک سووِدھاچاہے جو ہو، میرا کوئی لابھ نہیں۔ اور میں لابھ کا ہندی وِکھیات لوبھی ہوں۔ اچھا ہوتا یدی آپ مجھے اپنی لکیر پیٹتے جانے دیتے۔ وِشیش دیا•••

آپ کا،

پانڈے بیچن شرما

جینندر کمار کا خط

اسپیشل جیل، گجرات

4/دسمبر 1930

بابو جی،

آپ کا خط سمے پر مل گیا تھا۔ میں نے سوچا کہ شاید وشیشانک نکلنے میں اوکاش ہو، ایک کہانی لکھ ڈالوں، اس کے ساتھ ہی پتر کا جواب دے دوں گا۔ لیکن یہاں کی دھوم دھام میں کہانی تو لکھی نہ جاسکی اور وہ وقت آگیا کہ خط کے جواب کو اور ٹالنا دھرشٹتا ہوجاتی۔ اس سے اتنی دیر بعد بھی خالی خط ہی بھیج رہا ہوں۔ چھما کریں۔

کیا وشیشانک نکل گیا؟ ایک (میری) پرتی شیخ محمد علی صاحب، مِل آنر گجرات کے پتے پر بھجوا دیں۔ میرا نام نہ لکھیں۔ وہ مجھے یہاں پہنچ جائے گی۔ جیل کے پتے پر بھیجے گئے اخبار نہیں ملنے دیے جاتے۔ کرپا کر دھیان رکھ کر ضرور سوچنا بنارس دے دیں۔

کیا آپ کی پتنی کے جیل جانے پر دھنیہ واد دوں؟ یہ اس لیے بھی دھنیہ واد کا وشے ہوسکتا ہے کہ آپ کی اس طرح جیل آنے کی راہ اور آوشیکتا روک گئی۔ کتنے پتیوں کو روک رکھا ہے لیکن وے پتی دھنیہ ہیں جن کی پتنیاں آگے بڑھ کر جیل میں پہنچ گئیں اور ان کو رکنے کو لاچار کر گئیں۔

''کنکال' کی اردھ پرکاشت پرتی میں نے دیکھی تھی۔ پرساد جی کی رکرتی ہے بری کیسے ہوتی؟ 'اُگر' جی کے 'شرابی' کا نمونہ 'متوالا' کے پرشٹھوں میں دیکھا یاد پڑتا ہے۔ 'گڑھ کنڈار' بالکل ہی نیا نام اور نیا کام معلوم ہوتا ہے۔ میں نہیں جانتا میں یہاں کسی سے کوئی چیز مانگ سکتا ہوں۔ ہاں 'شرابی' اور 'گڑھ کنڈار' پڑھنا ضرور چاہوں گا۔ آپ کے پاس

کاہے کو کوئی پرتی ہوگی؟ اگر 'ہنس' کے لیے پراپت ہوئی دو پرتیوں میں سے ایک یہاں (ارتھات اوپر دیے پتے پر) بھیجی جاسکیں تو میں آلوچنا 'ہنس' میں بھیج دوں گا۔

رشبھ چرن کا خط ملا کہ آپ 'پرکھ' کو پرساد اسکول کے ادھک نکٹ سمجھتے ہیں۔ آپ نے لکھا ہے کہ آپ کو وہ پسند آئی ہے اور آپ سالوچنا 'ہنس' کے اسی انک میں دے رہے ہیں۔ 'ہنس' ملا تو آلوچنا میں دیکھوں گا ہی۔ پر 'پرکھ' میں آپ کے انوسار کہاں کیا ادھک اور کیا کم ہونا چاہیے تھا، یہ میں آپ سے جانے بنا سنتشٹ نہ ہوں گا۔ پریکچھک کے ڈھنگ سے میں اسے آپ کو سونپنا چاہتا ہوں، انتر کیول اتنا ہے کہ پریکچھارتھی کے نمبر دینے کے ڈھنگ کو بھی سمجھنا چاہتا ہوں۔ رشبھ چرن نے جو اسکول کی بات لکھی اس کا بھی خلاصہ میں جاننا چاہوں گا۔

پتا چلا ہے کہ اودھ اپادھیائے جی کی آلوچنا دیوی دت جی نے 'سرسوتی' میں نہیں چھاپی۔ سچ بات تو یہ ہے کہ وہ تھی بھی اس لائق نہیں۔ لیکن آلوچنا انھیں پسند نہیں آئی، اتنا ہی ہوتا تو اچرج کی بات نہ تھی۔ سنتے ہیں کتاب انھیں اور بھی ناپسند ہے۔ ایک اور متر کے سنبندھ میں معلوم ہوا ہے کہ انھیں 'پرکھ' میری پرتشٹھا کے انوکول نہیں جچی۔ گویا کہ لکھنے سے پہلے ہی میری لیکھنی کی پرتشٹھا بن گئی تھی۔ ان سب اوٹ پٹانگ سمپتیوں کا کیا بنایا جائے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر لوگ آپ کو اور پرساد جی کو منگلا پرساد پاریتوشک نہیں دیتے اور پھر بھی یوگیہ ویکتی کو ہی دینا چاہتے ہیں تو وہ مجھے ہی دے سکتے ہیں۔ پارتوشک کا سمّان اسی میں ہے۔

تو 'میری میگڈلین' آپ چھاپیں گے۔؟ یہ ٹھیک ہے۔ 'غبن' کب تک ختم ہوگا؟ کتنی موٹی چیز ہے؟ کوئی 'رنگ بھومی' کے ٹکر کی دوسری چیز بھی لکھیے نہ؟ آپ اور کیا لکھ رہے ہیں؟ نہ جانے کون کہتا تھا کہ اکیڈمی کے لیے Galsworthy کا انوواد کرنا آپ نے شروع کیا ہے؟ کیا یہ ٹھیک ہے؟ مجھ سے آپ پوچھیں اور ناراض نہ ہوں تو میں کہوں گا کہ گالس وردی کے انووادک تو بہترے نکل آئیں گے پریم چند اس کام کو کرتے ہیں تو ہندی کا دربھاگیہ ہے۔ گالس وردی کی چیزوں کو میں نے دلی جیل میں چکھ دیکھا تھا، ولایتی پن اور ولایتی بھاشا کے عجیب پن کے آکرشن کو دور رکھنے کے بعد کیا میں ذرا دیر کے لیے بھی گالس وردی کو پریم چند سے اونچا مان سکتا ہوں؟ آپ کہانیاں لکھیں، رنگ بھومیاں لکھیں،

پر میرا نویدن ہے کہ گالس وردی کے انوواد میں پھنس کر پریم چند سے ونچت رکھنے کا انوپکار ہندی ساہتیہ پر نہ کریں۔

'مادھوری' والوں نے میرا پُرسکار گھر بھیج ہی دیا ہوگا۔ 'مادھوری' میں 'پرکھ' کی سمالوچنا نکلی یا نہیں؟ 'مادھوری' کی بھی میری پرتی شیخ محمد علی کے پتے پر بھیجنے کو کہہ دیں تو کرپا ہو۔

آپ سے ملنے کو کیسا جی چاہتا ہے! سدیہہ ساکچھات اور وارتالاپ نہیں ہوتا تب تک پتر سے ہی سہی۔

میں یہاں سروتھا کُشل اور آنند سے ہوں۔ آپ کی بدھائیوں پر پرسن اور کرتگیہ ہوں۔ شاید آپ اس بات پر ایک اور بدھائی بھیج دیں کہ ابھی کچھ دن ہوئے پرماتما نے مجھے ایک پُتر کا پتا بنا دیا ہے۔

آپ کا

جینندر کمار

جینندر کمار کا خط

اسپیشل جیل، گجرات (پنجاب)

17 دسمبر 1930

بابو جی،

بہت دن ہوئے یہاں سے آپ کو امین الدولہ پارک کے پتے پر ایک خط ڈالا تھا۔ معلوم نہیں آپ کو وہ ملا بھی یا نہیں۔ آپ کا خط نہ پانے سے جان پڑتا ہے، نہیں ملا۔

'پرکھ' ہندی گرنتھ رتناکار نے ہی چھاپی ہے۔ آپ کو اوشیے مل گئی ہوگی۔ وہ آپ کو کیسی لگی؟ آپ کی کھلی سمّتی سننے کی بڑی اچھا ہے۔ ناتھورام جی پریمی نے اس پر اودھ اپادھیائے جی کی وِسترت سمالوچنا کی ایک پرتی میرے پاس بھیجی ہے۔ وہ اپادھیائے جی نے سرسوتی میں بھیجی تھی۔ مجھے تو اخبار مل پاتے نہیں اس سے معلوم نہیں رہتا کہاں کیا نکلتا ہے۔ کیا آپ نے بھی اس کے سنبندھ میں 'ہنس' یا 'مادھوری' میں کچھ لکھا ہے؟ اپادھیائے جی نے تو کتاب کی بے حد تعریف کر دی ہے۔ آپ جانتے ہیں مجھے ان کی پرکھ پر بہت

بھروسہ نہیں ہے۔ وگیان کی ترازو پر تول کر جو ساہتیہ پر نرنے دیا جاتا ہے، اس کے موہ میں میں نہیں پڑنا چاہتا، لیکن آپ کی اور دو ایک سجنوں کی اچھی سمّتی مجھے چاہیے ہی۔ آپ کی اور ان کی نگاہوں میں پاس سمجھا گیا تو یہی میرے لیے سب کچھ ہے۔ شیش سے تعریف پانے کی اِچھا جیسے یا چنتا مجھے بالکل بھی نہیں ہے۔ آپ کو میں 'میری میگڈلین' دے آیا تھا۔ نو دس مہینے ہوئے ہوں گے۔ اس کے پرکاشت ہونے کا اب کیا حال ہے؟ جیسے اور جہاں سے اچت سمجھیں چھپوا دیں اور پیسہ گھر بھجوا دیں۔ میں یہاں جیل میں ہوں گھر پر ہر تانبے کے پیسے کی ضرورت ہے۔ اس سنبندھ میں میں یہ بھی آپ کی معرفت 'مادھوری' کے ویوستھا پک جی کو یاد دلوانا چاہتا ہوں کہ شاید اپریل (یا آس پاس کے) مہینے کی 'مادھوری' میں پرکاشت کہانی (دلی میں) کا پرسکار مجھے نہیں ملا ہے۔ وہ کرپا کر گھر بھیج دیا جانا چاہیے۔ تھوڑا کشٹ اٹھاکر یہ کام آپ کرا سکیں گے تو بڑی کرپا ہوگی اور 'میری میگڈلین' کا بھی دھیان رکھیں گے تو آبھار ہوگا۔

آپ نے اس بیچ کیا لکھا ہے؟ نئی چھپی چیزوں کی ایک ایک پرتی اوشے بھجوا دیجیے۔ جیل میں کتابوں کی قیمت اور ضرورت اور چاہ کتنی رہتی ہے، یہ ہمیں جان سکتے ہیں۔

اور آپ کیسے ہیں، یہ اوشیہ لکھیں۔ یہاں دو ایک آپ کے زبردست مرید ہیں۔ اب انھیں پتا چلا کہ میں آپ سے Writing Terms پر ہونے کا سوبھاگیہ رکھتا ہوں، تو انھوں نے مجھے شتشہ انورودھ پُوروَک آپ کو ان کی Respects لکھ بھیجنے کو کہا۔ وہ آپ کی کشلتا سننے کے بڑے آکانچھی ہیں۔ میں انھیں ان آٹھ دس گھنٹوں کا حال سنا چکا ہوں جو مجھے اب تک آپ کے ساتھ بتانے کے لیے ملے ہیں۔ ان کی یاد میرے بھیتر بسی ہے۔ بڑے مزے کی وہ یاد ہے۔ لیکن وہ میں آپ کو نہیں سناؤں گا۔

آشا ہے آپ پرسن اور سوستھ ہوں گے اور پتر دیں گے۔

میں یہاں اتنی اچھی طرح ہوں کہ کیا کہوں۔ کھانا بہت اچھا ملتا ہے، جیل کے اندر گھومنے کو اور کھیلنے کو خوب ملتا ہے۔ بس اخبار نہیں ملتے، یہی ذرا کمی ہے۔ سو یہ بھی کچھ نہیں اگر نئی نئی کتاب ملتی رہیں۔

وشیش نمسکار اور آدر کے ساتھ۔

آپ کا، جینندر کمار

لاجپت رائے اینڈ سنس لاہور کا خط

لاجپت روائے اینڈ سنس لاہور

19.12.1930

شریوتی پوجنئے منشی جی،

نمستے!

خط ملا، دو ہزار کی ایڈیشن یا ایک ہزار میں کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ اردو ایڈیشن چاہے ایک ہزار چھپوا لیا جائے، چاہے دو ہزار، اس میں کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ البتہ ہندی ایڈیشن دو ہزار ہی چھپوانے میں فائدہ ہوتا ہے۔ اردو ایڈیشن عموماً اور خصوصاً ایک ہزار ہی چھپتے ہیں۔ رائلٹی کی الجھنوں میں میں پھنسنا نہیں چاہتا، کیونکہ اس میں آپ کو بھی خیال رہے گا اور مجھے بھی۔ خواہ مخواہ کی پابندیوں اور الجھنوں میں پھنسنا پڑے گا۔ اس میں خواہ مخواہ کے نقص اور شک و شبہات کا احتمال رہتا ہے۔ ریٹ کے متعلق عرض ہے کہ پچھلی خط و کتابت میں ایک روپیہ چھ آنے طے ہوئے تھے، جب کہ ہم ایک روپیہ نو آنے پر زور دیتے تھے، مگر مجھے منظور ہے۔ اس ناول کی ادائیگی کا یہ حساب ہوگا ارسال خدمت کیا جائے گا۔ اس کے چھپنے پر پوری رقم کا،جس کی میعاد ایک ماہ ہوگی، بھیج دیا جائے گا۔ ادائیگی میں کسی قسم کا نقص یا خلاف تصفیہ کوئی کام نہ ہوگا۔ کم از کم پہلے بھی آپ کا حساب صاف رہتا ہے۔ 'خواب و خیال' کی تیاری میں خاص وجوہات کا سامنا تھا جو کہ آپ پر روشن ہے۔ میں کامل امید رکھتا ہوں کہ آپ میری درخواست کو سوِیکار کریں گے۔

جواب کا منتظر،

سوم پرکاش

پطرس کا خط

25، بیڈن روڈ، لاہور

26 دسمبر، 1930

محترم بندہ،

اسی ڈاک سے ایک کتاب اِرسالِ خدمت ہے۔ اس کتاب کے بھیجنے سے آپ کی

ضیافت طبع نہیں، اپنی عزت افزائی مطلوب ہے۔ امید ہے جناب، شرفِ قبولیّت بخشیں گے۔

خاکسار، پطرس

جینندر کمار کا خط

اسپیشل جیل، گجرات

7رجنوری 1931

شردیے بابوجی،

آپ کا پتر سمے پر مل گیا تھا۔ اتر آج اس لیے دے رہا ہوں کہ جنوری کا پہلا ہفتہ ختم ہوجاتا ہے اور 'ہنس' کے لیے کہانی بھیجنے کے خیال کو پاس رکھنے کی گنجائش بھی بالکل ختم ہوجاتی ہے۔ بات تو اصل میں یہ ہے کہ کہانیاں ہوگئی ہیں پر بھیجی نہیں۔ پریس آرڈیننس کی خبر پاتے ہی ڈر ہوا کہ 'ہنس' کا یہ انک نکل بھی گیا تو آگے نہیں نکلنے دیا جائے گا۔ اور کیا معلوم وشیشانک بھی نکل پائے یا نہیں۔ پھر سنبھاونا تھی کہ ان کہانیوں کو جلدی ہی ہندی گرنتھ رتناکر بھیجنا پڑ جائے۔ وہ سنگرہ چھاپتے ہیں اور کچھ نئی اپرکاشت کہانیاں چاہتے ہیں۔ بات جنوری تک سنگرہ کے نکل جانے کی تھی۔ آپ کو کہانی بھیجی گئی اور اخبار بند ہوگیا یا وشیشانک میں اس کے نکلنے کی سنبھاونا نہ رہی تو اس طرح اس کے پھر جلدی بمبئی جانے میں گڑبڑ پڑ جاتی۔ اس طرح جو چار کہانیاں اس بیچ لکھ ڈالی گئی ہیں میرے پاس ہیں۔ پرانی پرکاشت کہانیوں کو ان سے (ناتھورام جی پریمی سے) پانے کی پرتیکشا کر رہا ہوں تاکہ ان کو ایک بار پھر دیکھ کر ان کے ساتھ ہی ان نئی کو بھی روانہ کر دوں۔ کرپا کر لکھیے کہ آرڈیننس کی کرپا آپ کے پریس اور پتر پر تو نہیں ہوگئی؟ پتر نکلتا ہو تو کرپا کر میری بھول کو چھما کر دیجیے۔ پتر نکلتے تو، اگر پہلے لکھے پتے پر نہ بھیجا گیا ہو تو جیل کے پتے پر ہی بھجوا دیجیے گا۔ 'مادھوری' بھی۔ 'مادھوری' کی اس کہانی کے میرے پرسکار کے بارے میں کیا ہوا، سو آپ نے نہیں لکھا تھا۔ 'مادھوری' کے نام پر وہ بات بھی یاد آگئی ہے تو آپ کو بھی یاد دلا دیتا ہوں۔

'گڑھ کنڈار' اور 'شرابی' اگر آپ کو پراپت ہوگئے ہیں تو میں دیکھنا چاہوں گا۔ سالوچنا جہاں لکھیں گے بھیج دوں گا۔

'غبن' تیار ہوگیا؟ اس کے بعد ہی 'میری میگڈلین' پریس میں جائے گا نہ؟ تیار ہوگیا ہو تو پچھلی کتابوں کے ساتھ 'غبن' کی ایک پرتی بھی بھیجے گا۔

مارچ کے انت تک میں چھوٹوں گا۔ لکھت نہیں تو سیوا میں اُپستھت ہوکر موکھک ہی آپ سے اپنی رچنا کے سنبندھ میں آدیش اور آلوچنا پراپت کروں گا۔

لیکن اتنا ضرور لکھیے کہ آپ کی رائے میں 'چلبلاہٹ' کم ہونی چاہیے نہ؟ شاید میری کرتی میں یہ پریاپت سے ادھک ماترا میں ہوتی ہے۔

میں نے ابھی ٹھیک پارکھی اور آلوچک درشٹی سے ساہتیہ کو جانچنا اور جمانا (Assortment) نہیں سیکھا۔ شرینی اور 'اسکول وبھاجن' کا کام میں اپنے لیے من چاہے جیسے کر بھی سکوں دوسری کے لیے اور چھپنے کے لیے نہیں کرسکتا لیکن 'پرساد اسکول' شبد کاشی میں سن پڑا تھا۔ سوبھاوتہ دوسرا اسکول آپ کا ہی ہوگا۔ خیر جو ہو میں تو چاہتا ہوں یہ کام سب اپنے لیے کرلیا کریں۔

میں بالکل پرسن اور سوستھ ہوں۔

آپ کا

جیندر کمار

پریم چندر شرما

08.01.1931

شری بھائی صاحب،

بندے،

پچھلے پتروں کا اُتر اس پرکار ہے۔ ''ہنس'' پچھڑ گیا، پر اس ......ولابھ کا دوش مجھ پر ہی نہیں ہے۔ یہ آپ نے سمجھ لیا ہوگا، ......ہونے کے کارن اتنا پچھڑا بھی نہیں معلوم ہوتا ہے۔ ستمبر کا انک بھی 20-15 تک آوٹ کردیا جاتا ہے۔

پریس کا حساب جو آپ کے پاس بھیجا گیا۔ اس میں کچھ بھول ہو گئی...... جو سادھارن دینک ......ہوتی ہے وہ لکھی گئی ہے۔ جس کے انوسار

سیکریٹری، پنجاب ٹیکسٹ بک کمیٹی، لاہور کا خط

No. 2008/11
9th January, 1931

From
The Secretary,
Punjab Text Book Committee, Lahore.

Sir,

I have the honour to forward the publication noted below and should be obliged if you would favour me with your opinion as to whether the author deserves an award from the Patronage of Literature Fund for the production of this book. Will you kindly also let me know whether the committee can recommend it for school liberaries or prizes. A copy of the rules governing the award of prizes for good vernacular literature is enclosed herewith.

It would be convenient if your reply could reach me not later than the 5th February, 1931. The book need not be returned.

'Hindi Sahitya Ka Vivechnatmak Itihas' (A History of Hindi Literature), by Surya Kanta with a chapter on Hindi by Dr. Benarsi Das.

I have the honour to be,

Sir,
Your most obedient servant,
Sd./- Secretary
Punjab Text-Book Committee

سُوم پرکاش کا خط

لاہور

11-01-1931

شری مان پوجیہ منشی جی، نمستے!

میری اب خواہش تھی کہ ایک کے بعد دیگرے سلسلے وار آپ کی کتب شائع کرتا، مگر آپ کے آمدہ خط سے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میری خواہش پوری ہوتی نظر نہیں آتی۔ آپ نے پہلے خیال میں دو ناول مجھے دینے کی رضا مندی ظاہر کی تھی۔ میں نہیں کہ سکتا کہ آپ کو کچھ چھاپنے میں کہاں تک کامیابی ہو گی۔ ''خاکہ پروانہ'' کی بابت مجھے پوری طرح معلوم نہیں، تاہم وہی خواہش ہے کہ کم سے کم آپ کا یہ ناول، جو آپ کے ہاتھ میں ہے، ضرور شائع کروں، اگر آپ کی مہربانی شاملِ حال (شامل) ہو تو۔ میں ضد نہ کرتا، مگر خاص وجہ سے بار بار اشارہ کر رہا ہوں، اور کامل امید کرتا ہوں کہ میری درخواست قبول کریں گے۔ گرمیوں میں کلکتہ جانے کا وِچار ہے۔ غالباً ضرور درشن کروں گا۔ جواب میں دیری ہو گئی، معاف کریں گے۔

جواب کا منتظر

سوم پرکاش ساہنی

سمبھو ناتھ شرما کا خط

C/o Mr. Hari Ram sethi,
Managing Director,
Panjab Film Co. Ltd.,
Manohar Mansion,
66, Jail Road, Lahore

Jan. 13, 1931

Dear B. Premchand,

I hope you remember the evening a few days back when I had the occassion to see you in your 'Madhuri' office with Mr.

'Nirala ji'. Unfortunately I could not talk with you though I very much liked to do so about films. But till I did not know your views about that. The day after I learnt from Mr. D.K. Bose the film director of one local film company there that you want your books to be produced in films. I also learnt that you sent some of your books 'Sevasadan' and 'Prem Ashram' in some Bombay studios and they wanted you to send the scenerios of them. Unfortunately I could not get time again to see you for the purpose as I had to leave for Lahore.

I am here in the Panjab Film Co. as an Asstt. Director. To tell you sincerely if you do not want to kill your reputation then please do not send your books to Bombay. I have remained in Bombay and I know what sort of stiff they produce. I myself was in search of a company who are really able to produce good films. I have joined the Panjab Films only recently and I can see that they are doing something. Till now they have produced three pictures spending about two lakhs over them. They are not yet released. They are worth International market and arrangements being made for that. I have read your 'Premashram' and I can see that there are much screen possibilities in it.

So I should request you to send 'Premashram' to me for scenerio at once without delay. I shall write the scenerio of it. If you want to know more about me you may ask from Mr. Surya Kant Tripathi 'Nirala'. He is my friend. I need not add that you can make a good fortune in having connection with our film co. We have ample funds and we want to spend it in the right way. I would rather ask you to come to Lahore and see our studio and understand what we are doing.

Nothing more for the present. I should rather ask you to send 'Pramashram' very-very very soon. I being a friend of 'Nirala ji' and you two being friends have got legal rights to force you too for the purpose.

Hoping this shall find you in sound health and to hear soon from you.

Yours very sincerely,
Shambhu Nath Sharma'

B. Premchand, B.A.
Editor 'Madhuri'
Nawal Kishore Press,
Hazrat ganj, Lucknow

سوم پرکاش ساہنی کا خط

لاہور

17-01-1931

شری یُت منشی جی، نمستے!

پتر ملا، شکریہ۔ آپ نے وعدہ پورا کرنے کے لیے تو لکھا، مگر آدھے سے بھی کم، کیونکہ آپ کو بخوبی یاد ہوگا کہ فی صفحہ بجائے 1 روپیہ 4 آنے کے 1 روپیہ 6 آنے پر تصفیہ ہوا تھا؛ مگر چونکہ اب آپ اسی نرخ پر بضد نظر آتے ہیں، لہذا مزید بار بار لکھنا فضول ہے۔ آپ کے نرکھ منظور ہیں، مگر اس کے ساتھ ہماری بات بھی منظور کر کے شکریہ کا موقع دیں۔ آپ نے پہلے ایڈیشن کا ایک روپیہ، دوسرے کے لیے بارہ آنے، تیسرے کے لیے آٹھ آنے کہے ہیں، ٹھیک مگر اس کے بعد ہم اس کے پورے کاپی رائٹ کے حقدار ہیں۔ اب تو آپ کو بھی معقول اُجرت مل گئی، اور کوئی وجہ نہیں کہ آپ اسے نامنظور کریں۔ منظوری کے ساتھ کتاب بھی بھیج دینے کی کرپا کریں، تاکہ ساتھ ساتھ کتابت شروع ہو جائے۔ کسی قسم کا کام ہو تو لکھیں۔

آپ کا، سوم پرکاش ساہنی

جینندر کمار کا خط

اسپیشل جیل، گجرات

20رجنوری 1931

بابو جی،

پندرہ تاریخ کو میں نے آپ کو کہانی بھیجی تھی۔ رجسٹری سے بھیجتا کیسے، اس سے بیرنگ بھیجی تاکہ پیسے وصول کرنے کی وجہ سے پوسٹ آفس کو اسے ٹھیک جگہ پہنچانے کی چنتا رہے۔ وہ آپ کو مل گئی نہ؟ وہ لکھی تو چودہ تاریخ کو گئی تھی لیکن ختم نہیں ہوئی تھی۔ جب آپ کو بھیجی، دوبارہ دیکھ بھی نہ پایا۔ ایک جگہ ایک شبد سوجھ نہیں رہا تھا اس سے Gap چھوڑ دیا تھا۔ مجھے پیچھے اس کا خیال آیا۔ خیر جہاں تہاں کی غلطیوں کو آپ نے سنبھال دیا ہوگا۔ 'ہنس' کب تک آئے گا، لکھیے۔ آپ کی کتابیں اب تک نہیں ملیں۔ شاید بھیجنے میں بھول ہوگئی، اب تک بھیج نہیں پائے۔

آپ کا

جینندر کمار

سوم پرکاش ساہنی کا خط

لاجپت رائے اینڈ سنس،

لاہور

01-02-1931

شری یُت منشی جی، نمستے!

خط ملا، خوشی ہوئی۔ میں آپ سے بھی امید رکھتا تھا کہ آپ مجھ پر نظریں عنایت کریں گے۔ آپ دیکھیں گے کہ میں کام کس خوش اسلوبی سے کرتا ہوں۔ میں آپ کی خدمت میں فہرست بھیج رہا ہوں اور نئی پبلی کیشن کی لِسٹ، جس سے آپ خود اندازہ لگا سکیں گے کہ پنجاب میں کس خوش اسلوبی سے ہماری دکان کام کر رہی ہے۔ آپ بھی ہمیشہ اس دکان کی سرپرستی کرتے رہیں گے۔ مجھے آپ سے پوری پوری امید ہے۔

ہماری دکان کے لیے اس وقت منتخب اور پنجاب کے مانے ہوئے کاتب کام کر رہے ہیں۔ اس بات سے آپ بے فکر رہیں۔ آپ کی دو کتابوں کی لکھائی جو کی گئی ہے، اس سے آپ بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں۔ مسودہ جلدی بھیج کر مشکور فرماویں۔ میرے لائق کوئی سیوا ہو تو حکم کریں۔

خادم، سوم پرکاش ساہنی

سوم پرکاش ساہنی کا خط

لاجپت رائے اینڈ سنس،

لاہور

05-02-1931

شری یُت پریم چند جی، نمستے!

تقریباً آدھا مسودہ جتنا کہ اپ نے بھیجا ہے، مل گیا۔ مبلّغات اگلے ہفتے میں آپ کی خدمت میں پہنچ جاویں گے، اور جتنے زیادہ سے زیادہ بھیج سکا، بھیجواؤں گا، نہیں تو باقی آئندہ کچھ دنوں کے بعد۔ کتاب کل کاتب کو دے دی جاوے گی۔ امید ہے، باقی حصہ بھی جلد بھیجنے کی کرِپا کریں گے۔ ٹائٹل رنگین ہو یا کور پیپر والا کاغذ لگایا جاوے؟ غالباً سُدرشن صاحب کی ''طاہرِ وفل'' دیکھی ہو گی۔ اپنی قیمتی رائے سے آگاہ کریں گے۔ میرے لائق کوئی خدمت ہو تو بیان کریں۔ ابھی نواب اقبال والا کاتب آیا ہے اور مسودہ دے دیا گیا ہے۔

آپ کا، سوم پرکاش ساہنی

انّپورنانند کا خط

پرکاشک، انڈین پریس لمیٹیڈ،
جبل پور برانچ، جبل پور

9-2-1931

مانیہ ور،

''پریما'' کے آگامی اپریل کا انک وِشیشانک ہوگا۔ ''ہاسیہ رس وِشیشانک''۔ اس کا

سمپادن مجھے سونپا گیا ہے۔ آپ لوگوں کی کرپا کا سہارا ہے۔

اسی کے لیے مجھے ایک چھوٹا سا ہاسیاتمک گلپ چاہیے۔ یوں تو آپ کی شیلی میں ہاسیہ رس کا لاجواب پُٹ رہتا ہے، پر یدی وِشیش پرکار سے ہاسیہ رس کی گلپ ہوگی تو وہ ایک نایاب چیز ہوگی۔ آشا ہے، آپ کرپا کریں گے۔ سب باتوں کا خیال کرتے ہوئے اس گلپ کے لیے آپ جو کچھ سیوہ نردھارت کریں گے، اسے بنا کسی آنا کانی کے حاضر کردوں گا۔

آپ سے نہیں کی آشا نہیں ہے۔ فروری کے انت تک بھی آپ بھیج دیں تو کام چل جائے گا، کیونکہ شروع مارچ سے چھپائی آرمبھ کر دینے کا وِچار ہے۔

کرپیا اتر شیگھر دیجیے گا، نہیں تو چنتا بنی رہے گی، آشا ہے آپ پرسّن ہوں گے۔

کرپیشی، انپورنانند

سیّد احمد شاہد، لاہور کا خط

اُتم چند کپور اینڈ سنس،

انار کلی، لاہور

11-02-1931

جناب مکرمی منشی صاحب، تسلیم!

میں نے اس روز آپ کی بہت انتظار کی اور مجھے خود آپ کے گھر کا پتہ معلوم نہ تھا۔ اس لیے نہایت افسوس کے ساتھ واپس لوٹ آیا۔ امید ہے کہ آپ بخیریت ہوں گے۔ مجھے اس روز آپ سے بہت باتیں کرنی تھیں اور کچھ نہ کچھ فیصلہ ہو ہی جاتا۔ مگر اب آئندہ ملاقات ہوگی، یا آپ نے خط و کتابت کا سلسلہ میرے اوپر کے پرنٹنگ پتے پر جاری رکھا تو میں خود ضرور اپنے خیالات سے آپ کو اطلاع دوں گا اور شاید یہ ہماری ملاقات ہم دونوں صاحبوں کے لیے ہماری آئندہ زندگی میں آزادی کا پیام دے اور ان سرمایہ داروں کے پنجے سے نجات دلائے۔

میں ضرور آپ کو کھلم کھلا لکھ دیتا، کیونکہ میں بھی ابھی تک ملازمت کے جنجال میں پھنسا ہوا ہوں۔ تا وقتِ کہ آپ مجھے پوری پوری تسلی بذریعہ خط نہ دلوا دیں کہ آپ میرے

اس معاملے کے متعلق کسی سے ذکر نہ کریں گے (اور آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ "Business is secret" تب تک مجھے صاف لکھنے کی جرت نہیں ہو سکتی۔

امید ہے آپ مجھے جواب عنایت فرما دیں گے، تا کہ میں آئندہ خط میں واضح طور پر لکھ سکوں۔

دعا گو، سیّد احمد شاہد

سوم پرکاش ساہنی کا خط

لاجپت رائے اینڈ سنس،

لاہور

18-02-1931

شری یُت منشی پریم چند جی، نمستے!

بہ وجہ ہڑتالوں کے مطلوبات روانہ نہ کر سکا۔ پرسوں سے بخار میں میں بھی مبتلا ہو گیا۔آج قدرِ افاقہ ہے، اس لیے بینک نہیں جا سکا، ورنہ بینک میں روپے دے کر ڈرافٹ بھیجوا دیتا۔ آدمی جلسوں پر گئے ہوئے ہیں۔ کل بھگت سنگھ ڈے پر ہڑتال تھی، چیک مبلغ 50 روپیہ نمبر A-48598 پنجاب نیشنل بینک کا ارسال خدمت ہے۔ اپنے بینک میں اسے دے دیں۔ مزید روپیہ بھیجنے کی کوشش کروں گا اور عنقریب ارسال خدمت کر دوں گا۔ کتاب برائے کتابت دے دی گئی ہے، باقی کا مسودہ جلد بھیج کر مشکور فرمائیں۔

کوئی سیوا؟

سوم پرکاش ساہنی

جینندر کمار کا خط

اسپیشل جیل، گجرات

22رفروری 1931

بابو جی،

آپ کا پتر ملا، اس سے ایک ہی روز پہلے ایک کارڈ میں نے لکھا تھا۔'ہنس' کی اور

کتابوں کی پرتیکچھا میں ہوں۔ میں سویم آپ سے ملنے کو بھوکا ہوں۔ آپ ہی گھر پر دلی آ سکیں گے اس سے تو بڑھ کر بھاگیہ ہی کیا ہوگا۔ میں اگلے مہینے کی سماپت پر چھوٹوں گا۔ ٹھیک تیتھی لکھنا تو سنبھو نہیں۔ 'کلیان' کا وشیشانک کب نکلتا ہے؟ میں اوشیہ اس کے لیے لکھوں گا، لیکن جان پڑتا ہے ابھی جلدی نہیں ہے۔ آپ کی سیوا اور آگیا پالن کے لیے میں تیار ہوں ہی۔ جب اور جیسی آگیا ہوگی 'ہنس' کے لیے لکھنے کا یتن کروں گا۔ آپ کا فروری کا انک کب تک نکلے گا کیونکہ اس کہانی کی ہندی گرنتھ رتناکر جو میرا سنگرہ نکال رہے ہیں اس کے لیے آوشیکتا ہے۔ کیا یہ ہو سکے گا کہ اس کی پرتی لپی بمبئ پہنچ جائے؟

اور آپ کیا نول کشور پریس سے سنبندھ توڑنے کا ارادہ رکھتے ہیں جو گاؤں میں بیٹھ جانے کے بارے میں لکھتے ہیں؟ 'مادھوری' کا کیا حال ہے۔ وشیش سب کوشل ہے۔

وینت

جیندر کمار

سوم پرکاش ساہنی کا خط

لاجپت رائے اینڈ سنس،

لاہور

25-02-1931

شری یُت منشی پریم چند جی، نمستے!

آمدہ کارڈ ملا۔ کل میں شادی سے واپس آ رہا ہوں۔ باہر گیا ہوا تھا۔ آپ نے پہلے کارڈ میں لکھا تھا کہ میرے پاس 50 روپے کا انتظام ہو سکا، تو پچاس روپے ارسال خدمت کر دیے گئے۔ اب آپ کو مزید لکھنے پر مبلغ ایک سو روپے کا ایک اور چیک ارسال خدمت کر دیا گیا ہے، اور اتنے کا ہی انتظام ہو سکا ہے۔ امید ہے کہ اسے قبول فرما کر مشکور کریں گے۔

اور کوئی سیوا؟

آپ کا،

سوم پرکاش ساہنی

دیوکی کمار بوس کا خط

7, Nabin Sarkar Lane,
Bagbazar, Calcutta
26.2.31

Dear Mr. Premchand,

Hope this letter will find you alright. All these days I had been expecting for a letter from you. And before I learn from you finally about the Royal Film Company's affair, I cannot talk with my film concern here. Have you received a letter from them? Even if they are not willing to accept my services, please let me know of that as soon as you know it. Of course, I am sure, you will exert all your influence in this matter.

I am sorry to trouble you like this but, I admit, I will be greatly relieved after I receive a letter from you very soon.

Thanking you always,

Yours truly,
Debaki Kumar Bose

دیانرائن نگم کا خط

کانپور

13 مارچ، 1931

بھائی صاحب، تسلیم!

آپ کا خط ملا، جواب میں تین چار روز کی دیری ہوئی۔ اس کے لیے خاستگار معافی ہوں۔ آپ نے پہلے سے اطلاع دینے کی کوشش کی، اس کے لیے شکریہ لیکن آخر میں آپ نے لکھا ہے کہ آپ جواب مع چیک کے منتظر ہیں۔ جواب میں دیر کی اصل وجہ یہی ہے کہ اس کے ساتھ چیک بھیجنے کا خیال تھا۔ حتی المقدور تعمیل ارشاد کر رہا ہوں۔ میں آپ کا

مسنون احسان ہوں اور جب آپ خود بھی تفکرات میں گرفتار ہیں تو اپنے رودات اور آنے والے اخراجات کا ذکر کر کے پریشان نہ کروں گا۔ میں ضرور آرام سے رہتا ہوں، لیکن اصل حالات آپ سے پوشیدہ ہیں۔ باقی ماندہ آئندہ نومبر میں واپس کر دیں گے۔ آنے والے چھ ماہ تک مجھ کو کوئی مدد نہ مل سکے گی۔ لڑکے کی تعلیم کی تکمیل میں پورا ایک سال باقی ہے۔ 1 مئی کو رام سرن جی کی لڑکی کا ••• کی بھانجی کا ویواہ ہے۔ رام سرن جی کی لڑکی کی شادی سیتا پور ہی ہو گی وغیرہ وغیرہ۔ اس طرح آپ کے اصل رقم کی ادائیگی کی شروعات اس سے پہلے نہیں ہو سکتی۔ البتہ سود کی رقم، جو اب تک جمع ہو گئی ہے، اور کچھ بک ایجنسی کا حساب صاف کیے دیتا ہوں۔ کل رقم ملا کر 325 یا اس سے کچھ زائید ہو گی۔ البتہ شرح سود xx کے متعلق میں سمجھتا ہوں کہ اجر بیجا ہے، کیونکہ آپ خود ایک پرانے خط میں چھ فیصدی کی مانگ کر چکے ہیں۔ سود مرکب نہ پہلے ہی کبھی دیا۔ اور نہ اُلمرتبہ اس کے بارے میں پہلے کے خط میں نی صدی کا ذکر جو آپ نے کیا ہے، وہ ٹھیک نہیں ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ آپ کو سود کا حق نہیں ہے، مگر سود مرکب کا حق نہیں ہے، مگر ایک دفع بات ہو جانے کے بعد اب ترمیم درست نہیں ہے۔ سو روپے کا چیک پچھلے وقت غالبًا میں نے حساب بھی بھیجا تھا۔ اس کی نقل میرے پاس موجود ہے۔ اس میں 30 اگست 1930 تک کا حساب یہ کیا گیا ہے۔

Interest of 500/- from 02-06-25 to 30-06-28 @6%		97-8-0
Interest of 300/- from 01-08-25 to 30-08-28 @6%		55-08-0
Interest of 800 from 01-09-28 to 30-08-30	@ 6%	96-0-0
Total		249-0-0
Less paid by cheque on 09-06-30		Rs. 100
Balance to be paid		Rs 149
Add. to this interest of 800/- from 01-09-30 to 28-02-31		24-0-0
Total due up to 28-02-1931	Rs.	173-0-0

وہ چیک محفوظ ہے۔ جس کا مذکورہ حساب سے 1 مارچ، 1931 تک کا سود ادا سمجھیے۔

آئندہ سے چونکہ اپنے سود مرکب کا ذکر کیا ہے، اس لیے جب تک کچھ رقم ادا نہ ہوجائے، چھ ماہ میں ہی سود ادا ہو جاوے گا۔ آپ بھی منگا لیا کریں اور میں بھی خیال رکھوں گا۔ اب تک مجھ سے غفلت اور کوتاہی ضرور ہوئی اگر سود مرکب کا ذکر میرے کان میں پڑ جاتا تو میں کاہلی سے کام نہ لیتا۔

آئندہ اگر چھ ماہ سود کی ادائیگی میں دیر ہو گی تو سود مرکب میرے ذمّے ہو جاوے گا۔ کتابوں کا حساب کچھ زائید ہی ہے، صحیح رقم سے جلد مطلع کروں گا۔اس وقت میرے منیجر گھر گیے ہوئے ہیں۔ ابھی تک واپس نہیں آئے۔ ان کی واپسی پر پرچہ حساب، جیسا آپ چاہتے ہیں، جلد اس لیے ہوگا اور اگلے ماہ تک جلد رقم واجب الادا بیباک ہو جاوے گی۔ جہاں تک میرا خیال ہے، 1929 تک کا حساب بیباک ہے۔ صرف 1930 کا حساب باقی ہے۔ ایک بات ضرور گوش گزار کیے دیتا ہوں، چند کتاب بہت ہی خراب اور بوسیدہ تھیں۔ یہاں بھی چند کو دیمک نے خراب کر دیا۔ ان کی تعداد زیادہ نہیں ہے۔ میں نادم ہو کر آپ کی یہ شرط پوری نہیں کر پاؤں گا، مگر رقم مطلوبہ کے 325 یا اس سے کچھ زائید پہنچ جاویں گے۔ امید ہے، حالت پر غور کر کے آپ یہ نہ تصوّر کریں گے کہ میں نے قصداً کوتاہی کی ہے۔حتی الوصع میں نے یہی کوشش کی ہے جو کچھ امکان ہو پیش کر دو۔ رقعہ رقم کی تبدیلی کے لیے ابھی چھ ماہ کا عرصہ باقی ہے، جب چاہیے گا تبدیل کر دوں گا۔ امید ہے کہ آپ بخیریت ہوں گے، بچوں کو دعا۔ رسید سے مشکور فرمائیں۔

آپ کا،
دیا نارائن نگم

جینندر کمار کا خط

اجمیر کیمپ کانگریس، کراچی

23 مارچ 1931

شردے،

آپ کا پتر ملا تھا۔ 'غبن' بھی مل گیا تھا، پڑھ بھی نہ پایا کہ رشبھ چرن اٹھا لیا گیا۔

اب دہلی جا کر پڑھوں گا اور اپنی سمّتی لکھوں گا۔ سمّتی اچھی کے بجائے اور کچھ تو ہونے سے رہی۔ کچھ پرِشٹھ نہ پڑھ لیتا، اتنا تو تب بھی کہہ سکتا تھا۔ یہاں کل آیا، پہلی یا دوسری کو ممبئ جاؤں گا۔ اس پتر کا اُتر جو آپ لکھیں ممبئ پریم جی کے پتے پر دیں۔ 'ہنس' کا فروری کا انک بھی وہیں بھجواد دیں۔ آپ نے 'کنکال' اور 'شرابی' کا ذکر تو کیا، بھیجا نہیں۔ مل جائے تو انھیں ممبئ بھجوا سکتے ہیں، راستہ کاٹنے کو کچھ سامان ملے گا، کیوں کہ ساتھ میں میرے کوئی کتاب نہیں ہیں۔

وِشیس کُشل ہے۔

یہاں چہل، پہل ہے۔ نوجوانوں نے موقع دیکھا ہے، اٹھ رہے ہیں اور گاندھی جی کو بیٹھا دینا چاہتے ہیں۔ یہ جانتے نہیں کہ گاندھی مر کر ہی بیٹھے گا۔ پڑھے لکھے اہمئیہ نوجوانوں کی بات تھوڑا بہت تماشہ آوشیہ دیکھائے گی۔ دیکھوں کیا ہوتا ہے۔ وِیشیس کُشل ہے۔

آپ کا
جینندر

شری رام شرما کا خط

گرام— کِرتھرا
پ. آ. ماکھیپور، ای. آئی. آر.
ج. مین پوری

26.3.1931

پریہ بابو جی

پرنام!

'غبن' کی ایک پرتی کل شام کو ملی۔ اس کرپا، اور کرپا سے اَدھیک اسنیہ، کے لیے کورا دھنیہ واد کیوں دوں؟ آپ کی اس کرپا کے لیے آبھاری ہوں۔

پُستک پڑھنے میں میں اتنا لپت ہوگیا کہ اسے سمپات کرکے ہی چھوڑا اور اِکھ کی دو کیاریاں بھی نہیں گوڑی۔

ابھی ابھی شری متی شرما نے اس کا پڑھنا آرمبھ کیا ہے۔ آج دیر تک دیا جلے گا۔ بنا سماپت کیے وہ اس پُستک کو رکھنے والی نہیں۔

اپنی سمّتی بھیجوں؟ کبھی کبھی طبیعت کہتی ہے کہ اُپنیاس لکھنے کا ساہس کروں۔ پر، کداچِت، جانتے ہوئے بھی سندر چِتر چِترَن مجھ سے نہ ہو سکے۔ 'شکار' پُستک تو لکھ رہا ہوں۔

آپ کا

شری رام شرما

عبدالحق کا خط

صبحِ سندیش، بنجارا روڈ، حیدرآباد (دکن)

28 مارچ، 1931

مکرّمی و معظمی، جناب تسلیم!

میں آپ سے بہت نادم ہوں کہ میں نے ریڈر کے لیے جو سبق آپ سے لکھوایا ہے، اس کا معاوضہ آپ کی خدمت میں اب تک نہ بھیج سکا۔ میں اس غلط فہمی میں رہا کہ اوروں کے ساتھ آپ کا معاوضہ بھی جا چکا ہے، لیکن اب جب دیکھا تو جناب اعلیٰ کا نام لسٹ میں نہ تھا۔ اس سے مجھے بہت شرمندگی ہوئی۔ امید ہے، آپ اس تاخیر کو معاف فرمائیں گے۔ایک چیک اس میں مصنف کا نام ہے۔ مہربانی کر کے ایک رسید لکھ کر، بھیج دیجیے گا۔ نام کی وجہ سے مجھے تامل ہے۔ دونوں نام لکھ دیے ہیں۔ اگر اس کی وجہ سے روپیے وصول کرنے میں دِقت ہو تو چیک واپس بھیج دیجیے۔ میں منی آرڈر کے ذریعے بھیج دوں گا۔

عبد الحق

سکریٹری، انجمن ترقی اردو

گوند نارائن ہاکرؔ اجین کا خط

اجین

31.3.1931

جناب من

تسلیم!

میں عرصے دارز سے آپ کے فسانے پڑھ پڑھ کر لطف اٹھا رہا ہوں۔ اردو اور ہندی دونوں زبانوں میں کچھ تصنیف آپ کی پڑھتا رہا ہوں۔ جب آپ نے اردو سے توجہ ہٹا کر ہندی میں خامہ فرسائی شروع کی تو مجھے اردو زبان کی بدقسمتی پر واقعی افسوس ہوا، لیکن اس میں آپ کا کیا قصور تھا؟ آپ نے اپنی بے بسی کا اظہار 'پریم بتیسی' کے دباچہ میں صاف الفاظ میں سنہ 29ویں عیسوی کے آغاز میں ہی کر دیا تھا۔ حال میں حضرت نیاز کی ریشادوانیاں بھی میری نگاہ سے گزریں۔ مجھے حیرت ہے کہ انھوں نے بیہودہ حرکت کس طرح کی ان سے بے نیاز نہیں۔ بھوپال میں جب وہ ملازم تھے تو ان سے ملاقات ہو جاتی تھی، لیکن تعصب کی آگ کچھ ان لوگوں میں ہوتی ہی زیادہ ہے۔

اس وقت ایک خاص غرض سے آپ کو تکلیف دیتا ہوں وہ یہ کہ 'فسانۂ آزاد' کی چاروں جلدوں میں سے جلد سازی کے ساتھ تھوڑا سا ظلم کیا گیا ہے، یعنی اس کے چند دلچسپ ابواب اٹھا دیے گئے ہیں۔ 1907 کے بعد سے جو اشاعتیں ہوئی ہیں، ان میں بہت سا حصہ اسی ایڈیشن کا غائب ہے۔ آپ کا نول کشور صاحب کے مطبع پر کافی اثر ہے۔ کیا آپ یہ کوشش نہیں فرما سکتے ہیں کہ اصلی ایڈیشن سے مقابلہ کرکے آئندہ اشاعت میں کوئی حصہ بھی فسانے کا چھوڑا نہ جاوے۔ نکل آوے گا۔

دوسری بات یہ ہے کہ انگریزی افسانوں کے ترجمے آپ نے بہت سے کیے ہیں۔ ذرا Maud Diver کی کتاوں کی جانب توجہ کیجیے—

1. Lilamani 2. Far to Seek

خاص طور پر توجہ کے قابل ہیں۔ ان مصممہ کی کوشش تو یہ ہے کہ مغرب اور مشرق میں ایک قسم کا سمجھوتہ کرا دیں، لیکن اصلی سڑک کو یہ بھی نہیں چھوتی۔ یعنی انگریزی ہیرو ہے

تو ہندستانی ہیروئن۔ آخر Kipling کا کہنا ہی ماننا پڑتا ہے کہ East is East and west is west, and the shall never meet.

جب قصہ گوئی میں بھی ان کو زیر و زبر کا خیال ہے تو Compromise کا سوال ہی باقی کہاں رہتا ہے۔ کچھ تھوڑا سا تو جھکے، کہیں یہ بھی لکھ ڈالتی ہے کہ کسی Lord کی نور چشمی نے ایک ہندستانی سے شادی کر لی۔ بے چاری وکٹوریا کراس نے Anna Lombared نے اگر اسی قسم کا ایک سمع دکھا دیا تو انگریزی اخباروں نے اس کی دھجیاں اڑا دیں۔ مجھے افسوس ہے کہ بے وجہ کارِ سرکار اتنا وقت نہیں نکال سکتا ہوں کہ اس قسم کا کام انجام دے سکوں اور کچھ یہ خیال ہوتا ہے کہ مجھ میں اتنی قابلیت نہیں۔ آپ البتہ ہندوستانی پبلک پر اس قصے کی کتابیں لکھ کر کافی اثر ڈال سکتے ہیں۔ Mrs. Diver's Desmond's Daughter یہی پڑھنے کے قابل ہے۔ آئندہ ایک ناول ایسا تصنیف فرمائیے جو اس اسکرپٹ کے قطعی خلاف ہو۔ ساتھ ہی اس میں ہندوستانیوں کی بھی تضحیک ہو جو باوجود اعلیٰ خاندان ہونے کے والایتی Shop girls سے ازدواج کر لیتے ہیں۔

خامہ خراشی کی معافی چاہتا ہوں۔ رسالہ 'ہنس' کا پرچہ بذریعہ وی. پی. روانہ فرمایئے، بلکہ ماہ جنوری سے کل پرچے بھیج دیجیے۔

فقط بندہ

گوند نرائن ہاکر

Deputy Inspector General
Banks
Dewas gate, Ujjain

جینندر کمار کا خط

ہندی گرنتھ رتناکر کاریالیہ، گرگاؤں، بمبئی

6/اپریل 1931

بابو جی،

میں کراچی سے پرسوں یہاں پہنچا۔ 'غبن' جب چلنے والا ہی تھا کہ دلی میں ملا تھا۔ کچھ صفحے پڑھ پاتا ہوں کہ رِشبھ اسے اٹھا لے گیا۔ سمّتی اب دلی سے ہی لکھوں گا۔ فروری

کا 'ہنس' کا انک مجھے یہاں ملا۔ 'پرکھ' کی آپ کی آلوچنا تو چلتی سی رہی جیسے بہت بھیڑ کے وقت لکھی گئی ہو۔ یہاں سے دو ایک روز میں چلوں گا۔ جھانسی بھی ٹھہرنے کا وچار ہے۔ وہاں سوچتا ہوں سیدھا ورنداون لال جی ورما کے یہاں ہی پہنچوں اور ٹھہروں۔ جانتا نہیں تو کیا۔ آپ کی 'ہنس' کی کہانی خوب ہے۔ آپ دلی کے پتے پر لکھیے گا کہ آپ دلی کب پدھاریے گا۔ میں نو دس تک دلی اوشیہ پہنچ جاؤں گا۔ وشیش۔

آپ کا

جینندر کمار

جینندر کمار کا خط

پہاڑی دھیرج ،دلی

16/اپریل 1931

بابو جی،

آپ کا پتر ملا۔ میں یہاں تیرہ تاریخ کی صبح پہنچا۔ اسی دن شری سوامی آنند بھکشو جی سے ملنا ہوا تھا۔ ان سے معلوم ہوا تھا کہ آپ دیو شرما جی کو لاہور جاتے ہوئے سہارنپور کے اسٹیشن پر مل گئے تھے۔ میں اس سے یہ سمجھتا تھا کہ آپ ابھی لاہور ہی ہوں گے اور لوٹتے ہوئے ضرور دلی اتریں گے۔ اور میں ہر روز آپ کے یہاں آنے کی آشا کر رہا تھا۔ اس کے بدلے میں ملا آپ کا خط، جس سے معلوم ہوا کہ آپ لکھنؤ پہنچ گئے اور اب جلدی ادھر آنے والے ہیں نہیں۔ یہ تو سب کچھ بات نہ ہوئی۔ میں یہاں آپ کی صلاح اور مدد سے کچھ اپنی زندگی کی سمسیاؤں کو حل کرنے کی سوچ رہا تھا۔ خیر۔

پرسکار کے بیس روپے مجھے پرسوں مل گئے۔ 'غبن' اب پڑھ رہا ہوں۔ کل تک پڑھ چکوں گا۔ پسند نہ آئے یہ تو ہو ہی کیسے سکتا ہے۔ زیادہ ختم کرنے پر لکھوں گا۔

سوامی جی، آج معلوم ہوا لکھنؤ ہی گئے ہیں۔ وہ شاید آپ کو ملیں۔ ان سے آپ جانیں گے کہ یہاں نہ آکر آپ نے کیسا اتیاچار کیا۔ میں آخر دلی آتا تھا ہی۔ اسٹیشن پر ہی نہیں تو ایک دن بعد سہی۔ میں یہاں حاضر ہو ہی جاتا۔ میرا آپ کو دیکھنے کو بڑا جی ہے۔ 'پرکھ' کی آپ کی آلوچنا سے میں اسہمت ہوں، سو بات نہیں۔ اس وِچھن دواہ کے

بارے میں تو مجھے اب خیال ہوتا ہے کہ شاید کچھ Extraordinary کے موہ میں پڑ کر، کہ پستک جس سے اسادھارن جچیں، میں نے وہ بات اس طرح لکھی۔ اب سچ مچ لگتا ہے کہ وہ اپچھارتھ موہ تھا اور میری کمی تھی۔ اور پستک کا پریچے دیتے دیتے جو آپ پستک کار پر کچھ شبد لکھ گئے یہ مجھے بڑا پریہ لگا۔ جیسے آپ اس لیکھک کو پاٹھک کے نکٹ پہنچا دینا چاہتے ہیں اور ان میں آپس میں میل جول ہوجائے۔ لیکن پہلے کارڈ میں جو میں نے لکھا، اس کا آشے یہ تھا کہ پستک پر آپ کا وکتبیہ اتنا سنچھپت ہے کہ پستک کار جسے آپ سے اس کے گن دوشوں کی سمیکچھا اور آلوچنا سننے کی اتکنٹھا تھی سنتشٹ نہیں ہوسکتا۔ اور وہ بھی وہ جو آپ سے کھری بات سننے کی ضد کرنے کا اپنا ادھیکار سمجھنے لگ گیا ہے۔ آپ چاہیں تو 'مادھوری' یا اور کسی میں یا اس سے بھی اچھا مجھے، سمیکچھاتمک اپنی وسترت سہمتی بھیج سکتے ہیں اور اس 'چلت چتر' کے بارے میں بھی اپنی رائے لکھیں۔ میرے من میں ہورہا ہے نہ جانے کیسی ہے کیسی نہیں۔ دوبارہ پڑھی تو بیچ بیچ میں کچھ گڑبڑ سی لگنے لگتی ہے۔ آپ اس پر سمیکچھک نہیں استاد کی حیثیت سے مجھے کچھ لکھیں۔ آپ کو یاد ہو کہ اس ملاقات کے وقت میں نے جب آپ سے اس کہانی کے تھیم کا ذکر کیا تھا تو آپ نے کچھ سندیہ سا پرکٹ کیا تھا۔ سو ہی سمجھا کر آپ مجھے لکھیں۔

میں یہاں بالکل سوستھ اور پرسن ہوں۔ اور ماتاجی اچھی طرح ہیں۔ اور سب بھی کشل پُروک ہیں۔

میرے یوگیہ سیوا لکھیں۔

آپ کا ونیت،

جینندر کمار

جے. این. ورما، سمپادک 'گن سندری' کا خط

9th June, 31

Shriyut Premchandji esq.,

C/o The Saraswati Press

Allahabad.

Dear Sir,

We are in receipt of your kind letter dated 4th inst. and are extremely thankful to you for the frankness and kindness of heart shown there in.

You are quite right when you say that the Gujarati public should pay for the labour of others, and much more so for the labour of an author, enjoying all India reputation like yourself. We do not dispute this fact even for a moment and had it been in our power to pay you straights way for translation rights, we would have readily and gladly done so.

In order to explain our position in this matter, we will frankly put before you our circumstances from which you may be able to judge for yourself. Ours is a lady magazine and although it is the only one of its kind in Gujarati. It has hardly even reached a circulation of 2000 during the last 8 years of its existance. That is because many of our readers are not economically independent and the males are indifferent for their advancement.

The result is that we have to manage the magazine most economically. In fact, the management has lost after it about Rs. 1500/- in the first 3 years and thereafter we have been trying our level best to manage its affairs in a way so as to make it self-sufficient. The editors, the asstt. editors do not get a single pie out of its income. It is a labour of love for us. The contributors likewise are not paid anything. The editor house is its office and his servants are its servants. This is how we manage this magazine. Whatever income there is, is spent after it. We have never dreamt of making an income out of it for ourselves.

Under these circumstances, we have requested you for your

kind help, in the shape of translation rights of your very popular novel the GHABAN. We hope you will kindly accede to our request and help us thereby in serving the cause of our Gujarati sisters in some what better way.

We intend to publish the novel in a serial form in the magazine. But thereafter from the same compose, we intend to put it in a book-form also. That will mean that the printing of the book will cost less than otherwise. From the sale of this book we will be glad to give you some monetary compensation. Under such circumstances, we generally give the author 50 percent from the net profits. In this case we will leave it to you to fix your quota of the profits. Please let us know if that arrangement will satisfy you and you will be pleased to give us the translation rights.

If you are kindly agreeable, we will leave it to you to decide the number of copies to be printed and also to fix the price of the book for sale as well as the rate of commission for the booksellers.

Awaiting your favourable reply.

Yours very truly,
J. N. Varma
Editor

جینندر کمار کا خط

پہاڑی دھیرج، دلی

26/جون 1931

بابو جی،

آپ کے پتر کا جواب میں نے پرسوں دیا ہے یا کل۔ ملا ہوگا۔ 'واتاین' والی کہانی

کل ہی روانہ کرچکا ہوں۔ آج 'غبن' کی آلوچنا لکھتا تھا کہ بندلارے واجپئی کا بہت بہت انورودھ کا پتر آپہنچا۔ 'بھارت' کے لیے کہانی چاہتے ہیں۔ کیونکہ ایسی آلوچنا لکھ چکے ہیں جو میرے بہت انوکول نہ تھی اس لیے بھی ان کے انورودھ کو ماننا ضروری ہوگیا ہے، کہیں وہ اور نہ سمجھیں۔ اس لیے اب وہیں لکھ رہا ہوں۔ یہ اس لیے آپ کو لکھتا ہوں کہ آپ 'بھارت' میں کہانی دیکھ کر مجھے الاہنا نہ دیں۔ کل آپ کی آلوچنا اور پھر جلدی ہی کہانی لکھوں گا۔ 'بھارت' میں آج ہندستانی اکیڈمی کی پرسکار سوچنا دیکھ پڑی۔ 'پرکھ' اور نئے چھپتے ہوئے سنگریہ 'واتاین' کی یتھاوشیک پرتیاں یتھاستھان بھیجنے کے لیے بمبئی لکھ رہا ہوں۔ مجھے وشواس ہے یہ میرا دساہس نہیں ہے۔ 'واتاین' چھپتے ہی آپ کے پاس آئے گا۔ جلدی ہی چھپ جائے گا۔

وشیش کشل ہے۔

ونیت

جینندر کمار

رنگیل داس کپاڑیا کا خط

Maharaj Mansion,

Sandhurit Road, Bombay

29th June, 1931

My dear Prem Chandji,

I am writing to you after months. Since my release from jail where I passed 6 months, I was often thinking of writing to you, but almost constantly on the move in the villages, it had to be put-off till now. You when connected with the 'Madhuri' sent me the monthly & books regularly. In jail I came across a copy of the new monthly 'Hans'. I wonder why you did not place me on list. I should certainly like to keep in touch with it. Besides, I have one more request to make to you. Can you make it convenient to collect all your books-new 'Gabun' includes and

send me a complete set. I am fond of works from the masters pen of Premchand. I am sending you separate a copy of the 'Vanguard' & you will find that I have reviewed several Hindi works there. I am in charge of that. I trust you would judge it.

Thanking you in anticipation,

With regards,

Yours Sincerely,
Rangildas Kapadia

سوم پرکاش ساہنی کا خط

لاجپت رائے اینڈ سنس،

لاہور

29 جولائی، 1931

شری یُت منشی جی، نمستے!

ایک ہفتہ ہوا، میں لاہور واپس آیا۔ قبل اس کے سردار صاحب نے دو عدد خط کاتب کو لکھے، مگر ان کا جواب موصول نہیں ہوا تھا۔ آپ کے خط ملے تھے۔ میں نے آتے ہی پھر جموں چٹھی لکھی۔ اس کے جواب کی انتظاری تک جان بوجھ کر خاموشی اختیار کی آج ہی مجھے جموں سے چٹھی موصول ہوئی ہے۔ وہ مضمون 350 صفحات کا ہے، 250 صفحے تک کتاب ہو چکی ہے۔ باقی کا مضمون جلدی بھیج دیں۔ مضمون کے ساتھ کتاب کا مختصر اشتہار بنا کر بھی دیں گے تا کہ جیوں ہی کتاب ختم ہو، نئی کتاب کا اشتہار ہی کر دیا جاوے۔

تاکیداً عرض ہے، کوئی سیوا میرے یوگیہ؟ جواب سے جلدی فرماویں گے، کیونکہ میں کشمیر جا رہا ہوں۔ کیا آپ کے پاس اپنا شائع شدہ کتب کا اسٹاک موجود ہے؟ ہو تو لکھیں گے، تاکہ ان کی چند کاپیاں منگوا لی جائیں۔ اگر اس کتاب کے دو حصے بنوانے ہوں تو پہلا حصہ کہاں تک ہو، یہ آپ ہی لکھیں۔ دو حصوں میں جاویں تو قیمت ٹھیک وصول ہو سکتی ہے۔ پہلے حصے کی اشاعت اپنے ہاتھ میں ہوگی۔

سوم پرکاش

سوم پرکاش ساہنی کا خط

لاجپت رائے اینڈ سنس،

لاہور

29-08-1931

شری یُت منشی جی، نمستے!

بقایا مضمون کی صرف نو کاپیاں بنی ہیں۔ مضمون باقی کا بھیج دیں گے، کیونکہ کتاب ختم ہونے والی ہے۔ کتابوں کے لیے عرض ہے کہ اگر اپنے سو روپے کے مال پر صرف 30% ہی دینا ہے تو کیوں نہ 25-20 روپے کی کتب (کتابیں) منگوا لی جاویں، چاہے اس پر 25% ملیں۔ دکاندار زیادہ رقم کا مال اس شرط پر اٹھا سکتا ہے جب کہ اسے معقول کمیشن ملے۔ مکرر عرض ہے کہ باقی کا مسودہ بہ واپسی ڈاک بھیجنے کی کرِپا کریں۔ کوئی سیوا؟

خادم،

لاجپت رائے

موہن سنگھ سینگر کا خط

Captain Buildings,
Jodhpur.
5.9.31

Dear Sir,

I am sorry, after leaving 'Abhyudaya', I was not favoured with any letter from you. About a month or so, previously, I had sent you a story headed 'क्रान्तिकारी' for favour of publication in your esteemed monthly, the 'Hans', but I am astonished to find that no reply has yet been received. Would you be kind enough to let me know whether you intend to publish it or not. If not, I shall feel much obliged if you kindly return it by the return of

mail. Hoping it would find you as hail & hearty as it leaves us.

Awaiting your reply,

Very truly yours,
K. Mohan Singh Sengar,
Ex-Editor 'Abhyu'daya'

جنار دن پرساد جھا ''دوِیوج'' کا خط

کالکا بھون، سگرا، بنارس،

06-09-1931

میرے آدرنیہ ماسٹر صاحب جی،

آپ نے اپنے کرِپا پتر میں یہ نہیں لکھا کہ آپ کے اپنیاس گرنتھوں کا پرکاشن کس کرم سے ہوا ہے۔ اور ان کا رچنا کرم کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں اس طرح ہے:

1۔ وردان	5۔ کایا کلپ
2۔ سیواسدن	6۔ نرملا
3۔ پریم آشرم	7۔ پرتگیا
4 رنگ بھومی	8۔ غبن

اگر اس کرم ودھان میں کوئی ترُٹی ہو تو کرِپیا سُدھار کر شِگھر بتائیں، میں اب شروع کرنے والا ہوں۔ شیش کُشل۔

آپ کا، جنار دن پرساد جھا

پرواسی لال کا خط

سرسوتی پریس، کاشی،

08-09-1931

شر بھائی صاحب،

پچھلے پتروں کا اُتر اس پرکار ہے۔ ''ہنس'' بچھڑ گیا؛ پر اس انواریہ وِلمب کا دوش

مجھ پر نہیں ہے۔ یہ آپ نے سمجھ لیا ہوگا۔ پھر یگمانک ہونے کے کارن اتنا پچھڑا بھی نہیں معلوم ہوتا ہے۔ ستمبر کا انک بھی 20-15 تک آوٹ کر دیا جاتا ہے۔

پریس کا حساب جو آپ کے پاس بھیجا گیا، اس میں کچھ بھرم ہو گیا۔ معمولی طور پر جو سادھارن دینک آے ہوتی ہے، وہ لکھ دی گئی ہے۔ اس کے انوسار سمجھنے میں گھاٹا معلوم ہوگا؛ پر واستو میں ایسی بات نہیں ہے۔ یہ سادھارن سی بات ہے کہ کام خرچ سے ادھک ہی ہوتا ہے۔ منیم جی نے معمولی آمدنی۔ جو دینک ہے۔ لکھ دی؛ اور خرچ لکھ دیا، پر واستو میں تین مہینوں میں جو کام پریس نے کیا، وہ آمدنی ہے۔ اس حساب سے دینک کاریہ وِورن کے انوسار۔ ان تین مہینوں میں 112 فرم چھپے اور اوسط 1232 روپے کا کام ہوا۔ 300 روپے کا کام ٹرڈِل پر ہوا۔ لگ بھگ 200 روپے کا دفتری خانے کا۔ اس پرکار کل کام لگ بھگ 1700 روپے کا ہوا۔ یہ دھیان رہے کہ جون کا مہینہ بھی اسی میں شامل ہے، جس میں بہت ہی کام ہوا کرتا ہے۔ اس مہینے میں انیک پریس پرایہہ بند ہو جاتے ہیں۔ استو۔

آپ نے جو 1409 روپے 2 آنا سمجھا ہے، وہ غلط ہے۔ اس میں لگ بھگ 200 روپے تو استھائی خرچ کھاتے کا ہی ہے۔ یہ روپیہ ٹائپ، کیس بلاک، ہاٹ پریس، ٹائپ رائیٹر آدی استھائی وستؤ خرید کھاتے میں دیا گیا ہے۔ اصل میں جلدی کے کارن میں حساب سمجھ نہیں سکا، اور منیم جی کا بنایا ہوا، جیوں کا تیوں بھیج دیا۔ اصل خرچ تو ویتن، میرا الاونس تھا کرایا مکان ہے۔ پوسٹیز خرچ کھاتے میں جو 71 روپے 3 آنا پڑا ہے، وہ بھی سب پریس کا نہیں ہے۔ اس پرکار پریس کا واستوخرچ 1200 روپے سے بھی کم تین ماس کا رہ جاتا ہے۔ آپ پھر سے سمجھ لیں۔ جولائی اگست میں بھی اِشوری کرپا سے اتنا اچھا کام کیا گیا ہے۔ 7-6 سو ماہِک سے کم کا نہ اترے گا۔ حساب آپ کو بھلی بھانتی سمجھایا نہ جا سکا، اس سے آپ نے نقصان کا خیال کر لیا؛ پر واستو میں ایسی بات نہیں ہے۔ میرے پاس تین برسوں کا کاریہ وِورن شروع سے ہی بقایا لکھا ہوا تیار ہے، اس سے آپ حساب دیکھیں۔ گو کہ جس سمے آپ آئے تھے، اس سمے بھول سے آپ کو کاریہ وِورن نہ دکھلا سکا۔ تو آپ کو ابھی تک برسوں کے کام میں لابھ ہی لابھ دِکھے گا، نقصان ذرا بھی نہیں۔ بات بھی دراصل یہی ہے۔ پر لوگوں پر باقی بہت ہے اور میرا تین سال کا انوبھو یہ کہتا ہے

کہ بنا 2000-2500 روپے لوگوں پر باقی رہے پریس کا کام بھی نہیں چل سکتا؛ ہاں نیا پرانا ہوتا رہے گا۔ پچھلا باقی وصول ہوگا، تو نیا لہنا بڑھتا جائے گا۔ آپ ایک بار آکر بھائی صاحب بابو بلدیو لال جی کے ساتھ بیٹھ کر حساب پھر سے سمجھ لیں۔ میرا نشچے مت ہے کہ نقصان کبھی نہیں ہوا، نہ ہوگا۔ سمجھنے کا بھرم ہے، بس۔

آپ نے ویتن میں 20% کمی کرنے کے لیے لکھا ہے، پر پوروَ نشچے کے انوسار 15 جن سے سمے بڑھا دیا گیا۔ 7 سے 8 گھنٹے کر دیے گئے۔ اس سے ادھک اسمبھو ہے۔ اتنا کرنے میں جو کٹھنائیاں اوپستھت ہوئی تھیں، انھیں میں ہی جانتا ہوں۔ آپ نے اوپیوکت کم معلوم نہ ہونے کے کارن ہی شاید 20% کی کمی والی بات لکھی ہو گی۔ پر اس کی آوشیکتا نہیں۔ کام بہت ہی کس کر لیا جا رہا ہے، ایسا کہ جس میں ایک چھدام کا بھی نقصان نہ ہو۔ کام ادھک سے ادھک لینے اور لوگوں کو اس کے لیے کافی تنگ کرنے کے لیے تو دوسرے پریس والوں نے مجھے بدنام سا کر دیا ہے۔ مجھ سے بڑھ کر کس کر کام لینے والا شاید ہی دوسرا کوئی ہو۔ یہ ہے کام کے وِشے میں بات۔ اب اگر یہ بھی آپ کو سوِکار نہ ہو، تو آپ جیسا کہیں کیا جائے، پر یہ نشچے ہے کہ اس سے آگے ایک پگ بھی نہ بڑھا جائے گا اور بڑھنے کی چیشٹا کی گئی تو اوشیہ ہی پریس بند کر دینا پڑے گا۔ جیسی ایکشا ہو، لکھیں۔

آپ نے آگے سے یعنی اسی ستمبر سے پُستکالیہ کا روپیہ الگ جمع کرنے کو لکھا ہے، سو ٹھیک ہے۔ مجھے یہ سویکار ہے۔ ابھی تک جو پُستکالیہ کی آمدنی پریس میں خرچ کی جاتی تھی، یا ہو گئی، سو پریس کا پُستکالیہ کی اوُر ابھی تک کچھ نہ کچھ باقی ہی ہے، اس لیے روپیہ لیا گیا۔ آگے بھی جو پریس کا باقی ہوگا، وہ دینا پڑے گا۔ آپ کا اور میرا لابھ گت ورش آوشیہ ہی ''ہنس'' کے نقصان میں گیا۔ رائیلٹی آپ کو کہاں سے ملتی؟ جب کہ پریس کا بل ہی چکتا نہیں ہوا۔ اگر کاغذ چھپائی وغیرہ کا روپیہ پریس کو نقد ملتا، تو جو آمدنی پریس نے لی یا لے رہا ہے، وہ آپ ہی کو پہلے ملتی۔ مجھے کھید تو یہ ہے کہ کتابوں کے مد میں ایک پیسہ آپ نے نہیں دیا اور ہِردیہ میں اتنا دُکھ مانتے ہیں۔ آپ کی رائیلٹی چوکس ہے، صحیح ہے، وہ کہیں جاتی نہیں۔ اب جو کتابیں بچی ہیں، ان سے آپ رائیلٹی لیجیے، نفع لیجیے اور مجھے بھی نفع دیجیے۔ اس مہینے سے میں پستکالیہ کی آمدنی الگ جمع کروں گا۔

بیاج والی بات بھی ٹھیک ہے۔ گت ورشوں کا بیاج تو پُستکالیہ کی مد میں خرچ ہو گیا تھا۔ اب بچ سکتا ہے۔ پر آگے بیاج آپ پرتی ماس چاہتے ہیں، تو آگے پُستکیں چھپانے کے لیے روپیہ بھی اپنے پاس سے دیجیے گا۔ سمجھ لیجیے۔

ایک بات اور۔ پہلے سے ہی ایک غلطی ہو گئی ہے۔50 روپیہ ماسِک ٹایپ گھسائی تو لگ بھگ واجب ہے؛ پر پریس کا مولیہ 10000 قائم کر کے جو آٹھ آنا سیکڑے کے بیاج سے 50 روپیہ ماسِک نیت کر لیا گیاہے، وہ کچھ غلط اور انوچِت ضرور ہے۔کیونکہ پریس کی قیمت اب ملا کر 5000 سے ادھِک نہیں ہو سکتی۔ پر آپ ہی وِچار کر لیں، شانتی پوروک۔ جیسی آپ کی رائے ہو۔ وہ مجھے سویکار ہے۔ جب حساب کی درِشٹی سے پوچھا جا رہاہے، تو میں نے بھی یہ بات لکھی ہے۔ ویسے میں نے آج تک اس وِشیہ پر وِچار ہی نہیں کیا تھا۔ اب آپ جو نِشچِت کریں، بیاج پرتی ماس یا پرتی تریماسک دیا جایا کرے۔

ایک بات کا کھید مجھے بھی ہے اور بڑا ہے۔ وہ یہ کہ اتنا پریتن کرنے والے شخص پر بھی یہ روش کیا جا رہا ہے کہ وہ 50 روپیہ ماسِک کیوں لیتا ہے۔ بھلا یہ کہنا کہاں تک اُچِت ہے، اسے آپ ہی سوچیں، بھلا جس آدمی نے اپنی جان لڑا کر، آپ کے پریس کی پرتِشٹھا بڑھائی ہو، سمپتّی بڑھائی ہو، وہ اتنا بھی نہ لے گا، تو کیا کہیں سے چوری کر کے گذر کرتا؟ میں سچے ہِردیہ سے اِشور کو شاکشی کر کے کہتاہوں کہ جس ہِردیہ سے پریتن سے میں نے کام کیا ہے، اتنا کام ویسا کام میں کہیں بھی کرتا تو 100/150 کی آمدنی نہ گئی تھی۔ پھر بھی مجھ پر لانچھن ہے۔ حساب آپ پائی پائی کا سمجھیں جو اُچِت ہے؛ پر یہ زبردستی کا دوش تو نہ لگاویں کہ میں نے پریس سے اتنا بے ارتھ وصول کر لیا۔ آپ ہی اپنے نیای ہِردیہ سے وِچار کر دیکھیں۔میرے پریتن کو جب سب سراہتے ہیں، تب میں اپنے آپ کیا سراہنا کروں؟ خیر۔

میں اس بات کو کبھی سویکار نہیں کر سکتا کہ پریس میں گھاٹا ہے۔ آپ نے تو کلکتہ تک یہ بات پھیلا دی ہے۔ جو اُچِت نہیں ہے۔ آپ میرے بڑے ہیں، آپ سے کیا کہوں، پر یہ میری سمجھ ہی نہیں آتا ہے کہ اتنی تن توڑ محنت کرنے پر بھی گھاٹے کا نام کیوں آتا ہے؟

اب رہی ''ہنس'' کی بات۔ ''ہنس'' سے آوشیہ گھاٹا ہوا ہے۔ پر، اسی ورش پریتنہ گھاٹا

سے بچنے کا ڈول کیا جائے گا۔ اس ورش جو بھی پریتن کیا جا سکے گا، اس سے پیچھے نہ ہٹا جائے گا۔ اور وِشواس ہے، اس سال گھاٹا نہ رہے گا۔

پریس کا کام بھی سلسلے میں چل رہا ہے۔ کام کی کمی نہیں ہے، نہ رہے گی۔کام اور بھی بڑھانے کا یتن کیا جائے گا۔اچھا ہو، آپ ادھر کا سب حساب سمجھ کر کسی ماس تک حساب نکال لیں اور آگے کے لیے مجھ سے بھی شرطیں لکھا لیں اور آپ بھی لکھ دیں۔ ویسے، میں آپ کی زبان پر ہمیشہ اعتبار کروں گا، کرتا رہوں گا۔ پر آگے پھر بھرم نہ ہو، اس لیے کہہ رہا ہوں

اگر آپ کے سہیوگ کا مجھے گورو نہ ہوتا، میں گورو نہ سمجھتا، تو ابھی تک یہاں کے نِکٹ منڈل کے پھیر میں پڑ گیا ہوتا اور نیا پریس چلانے لگتا؛ پر میرا ایشور ہی جانتا ہے کہ میں نے ہر بار صاف انکار کیا ہے اور ہر بات میں، آپ کی پرتشٹھا کو اونچا رکھا اور سد بیوہار کو سراہا ہے۔ آج بھی لوگوں کا پریس کرنے کا وِچار ہے، لمیٹیڈ روپ میں؛ میں نے بار بار انھیں پریشانی سمجھا کر شانت کیا ہے۔ مطلب یہ کہ میرا ہردیہ ہی جانتا ہے کہ آپ کے پرتی میرا وِشواس اور شردھا کہاں تک ہے۔ یہی کارن ہے کہ میں نے پریس کو اپنا سمجھ کر چلایا ہے۔ پھر بھی جب مجھے اتنی پھٹکار سننی پڑتی ہے، اور وِارتھ، تو ہردیہ چھبدھ ہو جاتا ہے۔ ویسے اب ایشور کی کرپا ہے اور آپ کے آشیرواد سے 100 روپیہ مہینہ کی آمدنی کر لینا میرے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔

آپ کے یہاں آنے کا ڈھنگ مجھے معلوم نہیں تھا، انیتھا میں نہیں بلاتا۔ میرا یہ خیال تھا کہ آپ واستو میں نوکری چھوڑ رہے ہیں؛ اس لیے جتنی بھی جلدی آ جائیں، آئیں پر اب اصلی حالت معلوم ہوئی۔ ایسی دِشا میں میں کچھ نہیں کہوں گا؛ پر یدی آپ یہاں پریس سنبھالنے کے خیال سے آنا چاہیں، تو اوشیہ آئیں، میرا خیال کبھی نہ کریں، کچھ نہ کریں۔ آپ کے آشیرواد سے میں بھی کچھ کر ہی لوں گا۔ مجھے اب چنتا نہیں ہے۔ آپ جس پرکار خوش رہیں، اسی میں مجھے خوشی ہوگی۔ یہ ستیہ سمجھیے۔ پر، اتنا کہنے کا مجھے ادھکار ہے کہ میرے تین برسوں کو مٹی میں نہ ملا دیا جائے اس کا دھیان رہے، مجھے اس پر پورا موہ ہے پریس کے کام سے پریم ہے۔ پریس اگر کوئی دوسرا آدمی، ستا چلا سکے، تو اس سے بھی پریتن کرا لیجیے۔ میں آپ سے سچی شردھا رکھ کر ہی سچے ہردیہ سے لِکھ رہا ہوں۔

جیسی اِچھا ہو، آپ مجھے سوچت کریں۔ میری اور سے آپ کو کبھی دُکھت نہ ہونا پڑے، یہی میں چاہتا ہوں۔

میں آٹھ نو دِنوں میں آویش کا دمن کر کے ہی یہ پتر شانت چت سے، خوب سوچ وِچار کر لکھا ہے، پھر بھی کچھ انوچت لکھ گیا ہوں، تو چھوٹا سمجھ کر چھما ہی کیجیے گا۔ شیش شُبھ۔

''ہنس'' جا رہا ہے۔ وی۔پی۔ تھوڑی تھوڑی کر کے بھیجنے کا پربندھ کر رہا ہوں۔ اب کی بار ٹکٹ ہی بہت لگ جائے گا۔ پتروتر ثرنت دیجیے گا۔

''ہنس'' کے دوسرے انک کے لیے کہانی بھیجیے۔ ''مُکتا۔منجوشا'' اردو کی بھیجیے۔ اس وِشیشا نک کے وِشَیہ میں اپنی سَمّتی دیجیے۔انیہ لوگوں نے کیسا پسند کیا، وہ بھی لکھیے۔

رگھوپت سہائے فراق کا خط

کچہری روڈ، الہ آباد

10 ستمبر 1931

بھائی جان، تسلیم!

ہفتوں ہوئے آپ کا خط ملا تھا۔ آپ کو شاید اس کا احساس بھی نہیں کہ مجھ میں قوت ارادی قریب قریب بالکل مفقود ہوچکی ہے اور احباب کی جب کوئی فرمائش کچھ بھی لکھنے پڑھنے کی ہوتی ہے تو ایک صدمہ ہوتا ہے۔ آپ تو مصنف ہیں، مگر جو مصنف نہیں ہے یا جس کے دل و دماغ کو کم از کم تصنیف کی مشق یا عادت نہیں ہے اور جس نے کبھی یوں ہی کچھ لکھ پڑھ دیا ہو، خصوصاً جب بے دلی کا اس پر اٹل تسلط ہو چکا ہو، وہ کیا لکھے پڑھے۔ اس کے علاوہ پانچ چھ برسوں سے سوا کچھ اردو اشعار کے ہندی کے پانچ سطر بھی جو دلچسپی اور انہماک سے نہ پڑھ سکا ہو ایسا شخص کرے تو کیا کرے۔ یقین مانیے اگر میں خود ہندی میں کچھ لکھوں تو دل اسے پڑھنے کو نہ ابھرے گا۔ اس معاملے میں میری روحانی موت ہوچکی ہے۔

فی الحال میرا حال یہ ہے کہ ملازمت یہاں پر ابھی مستقل نہیں ہے۔ ذمہ داریاں میری معمولی نہیں۔ تین اپنے بچے ہیں جو اب بڑھ گئے ہیں۔ دو بھائی ایف اے میں ہیں

جس کی ذمہ داریاں اس کی امیدوں اور خوشیوں یا خوش خیالیوں سے زیادہ ہیں۔ والدہ، بیوی اور میں خود۔ ان سب کے اخراجات کسی طرح کام چلا رہا ہوں اور سکون کی طرف سے اطمینان کی طرف سے ناامید ہو چکا ہوں۔ جو قرضہ لیا ہے اس کا خمیازہ الگ بھگت رہا ہوں۔ انسان یہ سب اٹھا لے بشرطیکہ کوئی مرکز اس کی دلچسپیوں کا ہو۔ یہی مرکز سہارا ہوتا ہے۔ ایسا بڑا شاعر بھی نہیں ہوں کہ زندگی سے مرکر شعر میں زندہ رہنے کی کوشش کروں۔ یا عمر طبعی کو بالکل تخیلی بنا ڈالوں۔ اس مصرعے کو دہرایا تو گنوار کرتے ہیں لیکن کتنے پتے کی بات ہے۔

'نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم، نہ ادھر کے ہوئے نہ ادھر کے ہوئے۔'

بہرحال سکون یاس کو ہی غنیمت جان کر صبر کیے رہا ہوں لیکن بھائی، وقت اور عمر کا ایک عجب اثر ہوتا ہے اور ایک بھیانک اور تکلیف دہ گھبراہٹ اکثر روح کا گلا گھونٹ دیتی ہے اور سانس رک جاتی ہے۔ عمر بھر بے دل رہنے کا ایک تکلیف دہ اثر یہ ہوا کرتا ہے کہ کہنے کے لیے نہیں بلکہ درحقیقت جیتے ہوئے شرم آتی ہے۔ خیر خودفراموشی کی مشق جھک مار کیے جاتا ہوں۔ ان سطور کو رسمی ٹال مٹول یا ہمدردی حاصل کرنے کا بہانہ شاید آپ نہ تصور کریں گے۔

بھائی جان! گپتاجی کے قرضے کے لیے دو سو روپے سال آپ ضرور دیے جائیے۔ آپ کی فرض شناسی کا بہت سہارا ہے۔ ہاں مجھے اب تک کا حساب اگر ممکن ہو تو لکھ بھیجیے۔ مجھے بدحواسی میں اس کا بھی پتہ نہیں کہ آپ سے کتنا ملنا ہے اور یہ بھی لکھیے کہ دو سو روپے کب تک آپ بھیج سکیں گے۔

پریس سے آپ کو اتنا نقصان ہورہا ہے۔ کیا نصف نقصان اٹھاکر آپ اسے نکال دینا اچھا نہیں سمجھتے؟

آپ کے بچے کہاں پڑھ رہے ہیں۔ آپ کی ملازمت کب تک قائم رہنے کی امید ہے؟ نول کشور پریس کے لیے آپ فی الحال کیا کام کر رہے ہیں۔ خود کیا لکھ رہے ہیں۔ افسانے یا کوئی ناول۔

کبھی الہ آباد آنے کی ادھر امید ہے یا نہیں۔

دیکھیے Round Table Conference میں کیا ہوتا ہے۔ یوں ہی وقت ملک پر اور

ساری دنیا پر نازک ہے۔ کہیں ایسے میں پھر 'انقلاب زندہ باد' ہوا تو کم از کم ہم لوگوں کی زندگی بھر تو خدا ہی خدا نظر آئے گا۔ اور یوں تو ہندستان سخت جان ملک ہے، زندہ رہے گا اور پھر ممکن ہے بلکہ اغلب ہے کہ سکون کے دن بھی اہل ملک کو نصیب ہوں گے۔ مگر کب؟

آپ کا
رگھوپت سہائے

سوم پرکاش ساہنی کا خط

پوجیہ منشی جی، نمستے!

آپ کے خط مورخہ 3 اکتوبر کے جواب میں عرض ہے کہ میں کل دلی سے واپس آرہا ہوں، اس لیے جواب میں دیری ہو گئی۔ پڑھ کر افسوس ہوا کہ آپ نے میرے خط کا الٹا مفہوم نکالا۔ میرے لکھنے کا ہرگز یہ مدعا نہ تھا کہ میں آپ سے ''پردۂ مجاز'' کے طے شدہ اجرت سے کفایت چاہوں۔ میرے لکھنے کا مدعا یہ تھا کہ آگے کے لیے مجھے خاص کفایت دیں، اور کسادِبازاری کو مدّ نظر رکھتے ہوئے۔ میں ہندی کی کتب شائع کرنا چاہتا ہوں، مگر وہ آٹھ فرم سے زیادہ نہ ہونے چاہیے، اور نئی کہانیوں کی کتاب ہو۔ آپ کم سے کم کیا لیں گے؟ ''پردۂ مجاز'' کا دوسرا حصہ 14 کاپیوں میں ختم ہوا ہے۔ پریس میں دے دی گئی ہے۔ ایجنسی کے متعلق عرض ہے، آپ نے ایک خط مورخہ 1931-08-27 میں تیس روپیہ کمیشن دینے کے لیے لکھاہے، اور پھر دو سو روپیوں کے کتابوں کی گارنٹی۔ لیکن اب آپ 25 روپیہ کمیشن کے لیے کہتے ہیں۔ مجھے بھی اس لیے افسوس ہوتا ہے، ایک بار آپ کچھ تحریر کرتے ہیں، دوسری دفعہ کچھ، کیا آپ کی لکھی ہوئی چٹھی ارسال خدمت کر دوں، اور اب چھ سو کی گارنٹی کرنی پڑے گی۔ یدی مجھے ان شرطوں پر منظوری دے دیں، 30 روپیہ کمیشن دیں یا 25، اور فری ڈِلیوری۔ ہم زیادہ سے زیادہ مال کی نکاسی کی کوشش کریں گے، لیکن گارنٹی نہیں ہو سکتی۔ حساب تین ماہ کے بعد ہوا کرے گا۔ اگر میں اسی وقت ایجنسی لینے کی خاطر جھوٹ بول کر گارنٹی کر دوں اور ایجنسی لے لوں۔ اگر ایسا نہ ہو سکے، ممکن ہو سکتا ہے۔ اس سے زیادہ رقم کی کتب بِک جاوے، یہ کوئی بڑی بات نہیں تو خواہ

مخواہ برا کیوں بنوں؟ اگر آپ مجھے عزیز سمجھتے ہیں، تو بندہ بھی آپ کو بزرگ اور مہربان سمجھتا ہے۔ میں تو کسی کو بھی نقصان پہنچانا برا سمجھتا ہوں، تو آپ کے لیے کب ممکن ہو سکتا ہے؟ میں ہر طرح سے آپ کی سیوا کے لیے حاضر ہوں۔ امید ہے، دوسروں کی نسبت خاص خیال رکھیں گے۔ کوئی سیوا؟

آپ کا،

سوم پرکاش

نوٹ: اگر ایجنسی کو یہ شرطیں منظور ہوں تو کتب 10-10 فی بھیج دیں۔ جواب سے یاد فرمائیں گے۔

سوم پرکاش ساہنی کا خط

لاجپت رائے اینڈ سنس

لاہور

28-11-1931

شری مان منشی جی، نمستے،

کرِپا پتر ملا۔ مشکور ہوں۔ ناول بھیجنا شروع کیجیے۔ ساتھ ہی ساتھ لکھاتا جاؤں گا۔ ''بالمیکی رامائن اردو'' اُفق کی چاہیے تو میں بھیج سکتا ہوں۔ دوسری ''رامائن'' اب نول کشور پریس سے دیکھ سکتے ہیں۔ ''خواب و خیال'' کے روپے جنوری کے پہلے ہفتے میں بھیج سکوں گا، کیوں کہ 22 دسمبر سے جلسہ شروع ہو رہا ہے۔ بہت سی پبلی کیشن چھپا کر رکھی ہیں، اور بھی بہ وجہ لمبی بیماری، اور چھ ماہ سے دکان سے غیر حاضری۔ وقت کے ساتھ ''خواب و خیال'' بھی پھر دو ہفتے اور لیٹ ہو گیا ہے۔ میں ابھی تک دکان پر کام کرنے میں ناقابل ہوں۔

آپ کا، لاجپت رائے

جینندر کمار کا خط

سینٹرل جیل، لاہور

16/جولائی 1932

بابو جی،

آپ کا پتر ملتان میں ملا تھا۔ خیال تھا کہ جواب دوں تو کہانی کے ساتھ دوں۔ کہانی جو شروع کی تھی شروع کرتے نہ کرتے چھوٹ گئی۔ اور جب آپ کا پتر آیا تب ان کچھ لکھے پنّوں کا بھی پتا نہ چلا۔ دوسری کہانی یا وہی کہانی دوسری بار لکھنے کا پھر نہ من ہوا نہ موقع ہوا۔ یہ بھی دھیان ہوا کہ نیا آرڈیننس لگ گیا ہے اور اب آپ کا وشیشانک کیا نکلے گا۔ کیا وشیشانک نکل رہا ہے؟ اور کیا اس میں کچھ دیر ہے؟ سوچنا ملی اور انک نکلتا ہوا اور اس کے نکلنے اور آپ کے پتر میں کافی سے کم وقت بھی ہوا تو بھی یہاں سے کہانی اوشیہ بھیجوں گا۔ یہاں ملتان جیسا جمگھٹ نہیں ہے۔

13 تاریخ کو میں یہاں آیا۔ راجنیتک قیدیوں کو، رہائی کی تیتھی نکٹ آتے ہی یہاں بھیج دیتے ہیں، ملتان میں رہا نہیں کرتے۔ یوں میری تتھی اٹھارہ ہے پر جرمانے کا اور ڈیڑھ مہینے یہیں کاٹنا ہوگا۔ سامان قرق کرکے، جرمانہ وصول کر لیا جائے تو بات دوسری پر اس کی آشا کم ہے۔

آپ کا 'کرم بھومی' کتنا ہوگیا؟ جلدی دیکھنے کی اُتسکتا ہے۔ آپ کو جاننے والا ہر جگہ مل جاتا ہے۔ پرکرتیوں سے، دور دور سے ایسا جانتے ہیں کہ یتھارتھ ہی آپ کو جاننے والے کسی کو سامنے پاکر انھیں ہرش مے وسمے ہوتا ہے۔ تب آپ کے پرتی ان کے آدر بھاؤ کا کچھ پرتی بمبت انش اناياس اس جان ہار کو بھی پانا ہوتا ہے۔ اس پر اسے گرو بھی ہوتا ہے، لجا بھی۔ مفت آدر کیا برا؟ مفت ہے اس لیے کیوں اچھا نہیں؟ پر مفت ہے اس لیے وہ کٹھن ہے، بھاری لگتا ہے۔ ایسے ہی ایک مہاشے اپنا لفافہ اور کاغذ پیش کرکے ہٹھات مجھ سے آپ کو یہ پتر لکھوا رہے ہیں۔ نویووک ہیں، بم کیس میں ہیں اور آپ کو جاننے کے میرے سوبھاگیہ کے بدھائی سوروپ میرے پرتی اتینت سیودِھت ہوگئے ہیں۔ مجھے لکھتے ہوئے اپنے پتر میں آپ انھیں اوشیہ یاد کریں۔ جیل میں لفافہ قیمتی چیز ہے اور

میں آپ کو لکھ پڑھ رہا ہوں۔ اس کا تمام شرے ان کو ہے۔

اب آپ گاؤں میں رہتے ہیں یا شہر میں، مکان لے لیے ہیں؟ دونوں بچے کہاں ہیں؟ شہر میں ہی رہنا ہوتا ہوگا انھیں تو۔ اگر 'ہنس' بند ہے تو کیا آپ نیا کچھ نہیں لکھ رہے؟

'میری میگڈلین' کیا چھپنا آرنبھ ہوگیا، اور میں نے 'سپردھا' کہانی ٹھیک کرکے رائے صاحب کو بھجوائی تھی، کیونکہ انھوں نے مجھ سے ایک بار سانوروده کہا تھا کیا وہ انھیں مل گئی؟ پچھوا کر اوشیہ سچت کیجیے گا۔ کیونکہ اس کام کے لیے ایک آدمی کی تتپرتا کے وشواس پر نربھر کرنا ہوا تھا۔

اور 'کشل سماچار اور ساہتیہ سماچار لکھیے گا۔ شری کرپارام مشر کی جس کتاب کا ذکر کیا تھا وہ بھیج سکیں تو اوشیہ بھیجیں۔ وشیش سب ٹھیک ہے۔

آپ کا

جینندر کمار

رائے اُماناتھ بالی کا خط

Daryabad Estate,
Barabanki (Oudh)

Dated 16-7-1932

My dear Premchandji,

I have seen your two letters last evening addressed to my brother Rai Somnath Bali. The whole position is this. Mr. Ram Kumar Varma has not yet sent one part of the book. Pandit Shree Narain has not yet given the specifications of pictures of the 3rd part of the book. The title page design etc. is also not yet settled. The question of types is also yet to be settled with the government. The time is so short that if extention is not given, it will be impossible to print the books in time. I am also tired of the tactics of my Convenor, who wants to do everything

himself; and feels shy even to disclose anything to me. He has been quarrelling with my manager on every point.

I, therefore, thought that I may also in future keep all my plans secret to him till the books are printed and submitted. He does not look like a servant and he expects me to be always ready to carry out his orders. The attitude of Mr. Ram Kumar Varma was very painful to me and I am sure he has taken this attitude at the instance of Saxena.

Mr. Harrof is coming to Lucknow on 18th and I shall go to see him as I have made an appointment with him. I have 90 p.c. hopes that he will give me one month's extention of time and if no I shall advise you to start the printing of 5th book. Yours will be printed here by that time. My press will print one more book and third one will be given to Shukla Press, but if the extention is not given, it is impossible to print the entire set. I do not know when Mr. Varma will send the one part which is still with him. In case extention is not given I will submit your book alone. I am exceedingly sorry for all this and no one will be more sad than I, if the entire set is not submitted. I shall write to you in detail again. I had seen Mr. Harrof on 18th.

Yours Sincerely,
Umanath Bali

ستیہ چرن ''ستیہ'' کا خط

علی نگر، گورکھ پور

25-07-1932

پوجیہ ور منشی جی،

چرنوں میں سادر نمستے۔ آپ کا کرپا پتر ملا۔ انیک دھنیواد۔ پتر پراپت کے سمَے میں

کھاٹ پر پڑا تھا۔ اس لیے پتر اُتر میں وِلمب ہوا، آشا ہے شما کریں گے۔ ''مادھوری'' کے
لیکھوں کو دیکھ کر جس پرکار آپ نے مجھے پروتساہن دیا ہے، اس کے لیے میں چر کرتگیہ
ہوں۔ وستوتہ گمبھیر ساہتیک لیکھوں کا ہندی میں پرایہ آبھاؤ سا ہی ہے۔ انگریزی میں
کارلائل، اسمرسن اور رسکن کی رچناؤں کو دیکھ کر ہردیہ میں یہ سنکرون بھاؤ اٹھتا ہے کہ
ہندی میں اس جوڑ کے گدھ گرنتھوں کا آدر بھاؤ کب ہوگا؟ اسی وچاروں سے ہندی کے
گدھ شیتر میں پروِشٹ ہوا ہوں۔ دیکھیں، کہاں تک شکتی اور کرتی کا سہیوگ ملتا ہے۔
آپ نے جو لیکھ سُوچی بھیجی تھی، وہ پرمادوش گم ہو گئی۔ کرپیا دوسری بھیجیں۔ یدی
''سودیشانک'' کے پرکاشن میں وِلمب ہو اور یتھیشٹ سمے ہو، تو میں بھی اپنی شردھانجلی آپ
کی سیوا میں بھینٹ کروں۔ استھانیہ ڈی۔اے۔وی۔ اسکول کا ہیڈ ماسٹر ہونے کے کارن
پربندھ کرم وشیش رہتا ہے۔ جولائی ماس میں تو دم لینے کا بھی اوکاش نہیں ملتا۔ پھر بھی
آپ کی آگیاں ملنے پر میں سہرس پالن کروں گا۔

آپ کا کرپاکانکشی،

ستیہ چرن

جے.این. ورما، سمپادک 'گن سندری' کا خط

The 'Guna Sundari'
Ladies Popular Illustrated Magazine
(In Gujarati)

Editor: J.N. Varma

105, Girgaum,
Back Road,
Bombay

26th July, 1932

Shriyut Prem Chand ji
C/o The Sarasvati Press.
Benares.
Re-sale of 'Gaban'
Dear Sir,

In response to our letter dated 30th June, 1931 and the

terms contained therein you were kind enough to give us your permission to translate the same for our magazine serially and then to publish it in book form.

The first 26 chapters of the book are now complete and we have arranged to publish it in book form as first part. The cover picture for the same is prepared by the well-known artist Mr. Kanu Desai. It will be in two colours.

While this is going on we have tried to negotiate with the book-sellers for the sale of the entire edition of the book, if possible. So far the best offer we have received is that the book-seller will give us. Rs. 300/- net for each part, as soon as we hand over the copies of each part. He will pay the press bill of each part direct to the Press. He also wants that each part should be priced at Rs. 180. The press-bill will come to nearly Rs. 650/-. Our original calculation was that it will come to about Rs. 400/-, but the number of forms (25 for each part, ie., 400 pages for each) having increased it will be up to Rs. 650/- or thereabout. Our original calculation was like this :

	Rs. An. P
2000 copies (1000 of each part)	
@ Rs. 1/4/0	2500 - 0 - 0
Less 35%Book-sellers Commission	875 - 0 - 0

	1625 - 0 - 0
Less press-bill	400 - 0 - 0

	1225 - 0 - 0

Rs. 800/- for yourself

Rs. 4251- for translation

Now that the press-bill has increased the calculation as revised will be like this

	Rs. An. Po
2000 copies (1000 of each part)	
@ Rs. 1/4/0	2500 - 0 - 0
Less 35% Book-sellers Commission	875 - 0 - 0
	------------ ---
	1625 - 0 - 0
Less press-bill	650 - 0 - 0
	---------------
	950 - 0 - 0

Under the cricumstances the shares of yourself and the translator will be reduced to Rs. 625/- and Rs. 325/- respectively.

On the other hand, your original demand was 15% royalty on the price of each copy sold. At that rate your share will come to Rs. 375/- if the price is kept Rs. 140 or Rs. 450/- if it is kept Rs. 180 as required by the book-seller in question.

We are giving all these calculations to show how much can be realised out of the sale of the book under these two different systems. If we do not give the book-seller the sole selling agency for Rs. 300/- net for each part then we must shall the copies retail at 35% to several book-sellers. The advantages as well as disadvantages of the two systems are apparent. By giving the sole selling agency to one Book-seller, we realise the profits Rs. 200/- for yourself and Rs. 100/- for the translator (for each part i.e. Rs. 400/- for yourself and Rs. 200/- for the translator on the whole) within a definite time. We can get Rs. 300/- of the first part in September, 1932 and Rs. 300/- of the second part in September, 1933. That is the advantage of

getting cash amount within a definite time. It is only Rs. 50/- less than what you originally demanded by way of 15% royalty.

Now, according to the second system, when all the copies are sold to various book-sellers at the retail rate of 35%, we will be able to realise Rs. 950/- net or there abouts. It is, however, difficult to say during what period of time these copies will be sold out. It might take about 3 to 4 years at least. So we must wait for 3 to 4 years if we wish to realise higher profits.

Is the first system of giving sole selling agency appeals to you as favourable, if you prefer to have cash within a definite time, we may accept the offer of the boak-seller. If, however, you will like to wait and realise higher profits without carring for the indefinite lapse of time, we have no objection in adopting that system.

Please, therefore, let us know what you prefer. We have asked the book-seller to wait for a few days for our final reply, which depends upon your choice. So kindly let us know your choice if possible by return post or soon there-after.

Yours faithfully,
J. N. Verma
Manager.

سوم پرکاش ساہنی کا خط

لاہور

10 اگست، 1932

شری پت منشی جی، نمستے!

خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ واقعی دیر ہو گئی ہے، لیکن نہ معلوم، آپ نے بات چیت توڑ کر منڈل میں سرِ یانند کو یہ لکھنے میں کیا ملامت سمجھی جو اپنی ہماری بابت لکھ دی۔

دراصل ان دو ماہ میں بہت کچھ ادھر اُدھر دیتا ہوں، صرف خانگی معاملات کی وجہ سے آپ نے کتاب تو ''بیوہ'' چھاپی، مگر اس طرح کی جس طرح بازاری کتاب ہوتی ہے۔ لوگ آپ کی اس کتاب کو دیکھ کر حیران رہ جاتے ہیں۔ ''خاکِ پروانہ'' کی بابت جو آپ نے لکھا، اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ کتاب میرے پاس سردیوں میں آنی تھی، یہ آئی ہے گرمیوں میں، ان دنوں میں جب کہ بہت مندہ ہوتا ہے۔ آپ کی ہندی کتب کا حساب- بیوہ کا صاحب، ارجن کی پیشگی- سب رقم اور حساب ستمبر کے درمیان میں مل جاوے گی۔ آپ یہ تو کہیں گے کہ اتنی دیر کا وعدہ۔ دراصل جو کچھ میں لکھ رہا ہوں بالکل ٹھیک یہی امید کامل (پورنتہ) کرتا ہوں کہ ''بیوہ'' اور ہندی کتب کا حساب چند دنوں میں ہی طے کر دوں گا۔ ہمارے باہری جلسے شملہ ڈلہوزی ستمبر میں شروع ہوتے ہیں۔ تب سے ہمارا سیزن شروع ہو جاتا ہے۔ لہذا آپ بالکل کسی قسم کا خیال نہ کریں۔

کمپنی کا باقی کا حصہ بھی بعد ازاں ارسال کریں گے، تاکہ اس ماہ کے آخر میں چھپائی شروع کر سکوں۔ ہندی کی کتب منگا لوں گا۔ کیا بنارس میں اردو کی کتاب کی بکری ہو سکے گی؟ جواب سے یاد فرمائیں۔

خیراندیش، سوم پرکاش ساہنی

رائے اُماناتھ بالی کا خط

Rai Umanath Bali
Chairman,
District-Board
Bara Banki

Daryabad Estate
Bara Banki (Oudh)
Dated 11-8-1932

My dear Premchand Ji,

You must have known that your book has been submitted in time and I am doing what I can to get it approved. I have 99p.c. hope that it will be approved. I am so sorry that the other 3 books could not be submitted. Our friend Saxena is the chief

cause for it and then your colleagues Messers Misra and Varma are partial causes. One year has been wasted for nothing. Any how, we have to look to the future.

اس دن آپ کی کہانیوں کا سنگرہ چھپانے کے سمبندھ میں اور سب باتیں تو قریب قریب طے ہو چکی تھی، پرنتو ساجھا کیسا رہے گا، یہ اسپشٹ نہیں ہو سکا تھا۔ میری سمجھ میں وہ اس پرکار ہو۔

1 پُستک کی چھپائی، کاغذ آدی میں جتنی رقم لگے گی، اسے دونوں برابر برابر لگاویں گے۔

2 پُستک کی دو ہزار پرتیاں چھپیں گی اور دونوں پر پرکاشک کے طور پر آپ کا (سرسوتی پریس کا) اور ہمارا ''ہندی گرنتھ رتنا کار کاریالیہ'' نام ایک ساتھ رہے گا۔

3 پُستک پر اس کی نشچت کی ہوئی قیمت پر آپ کی 20 روپے سیکڑا رائلٹی ہو گی جو ہر چھٹے مہینے بکری میں سے آپ لے لیا کریں گے۔

4 پُستک کی بکری دونوں کے پاس سے ہو گی اور سمپورن پُستکیں، آخری پُستک تک، دونوں کو ساجھے میں بیچنی ہوں گی۔

5 ایک ایڈیشن سماپت ہو جانے پر دوسرا ایڈیشن بھی اسی طرح انھیں شرطوں پر چھپایا جا سکے گا۔

6 دونوں اپنے گراہکوں یا بُک سیلروں کو دونوں کی سمپتی سے نِشچت کیے ہوئے کمیشن سے ادھِک کمیشن نہ دے سکیں گے۔

اس دن تو آپ نے ساجھے میں ہی چھپانے کی بات کہی تھی، پرنتو اس سے پہلے جب میں آپ کے یہاں گیا تھا تب آپ کا ابھِپرائے میں نے یہ سمجھا تھا کہ آپ اپنی رائلٹی رکھ کر ہمیں ہی چھپانے کو دینا چاہتے ہیں۔ میں بھی یہی چاہتا ہوں کہ آپ مجھے ہی اپنے پورے خرچ سے چھپانے دیں۔ ہاں، یہ چھپائی آپ کے ہی پریس میں جائے گی۔ اس میں میرا ایک وِشیش اُدّیش ہے اور وہ یہ کہ میں جو سستی منورنجن گرنتھ مالا نکالنا چاہتا ہوں، یہ سنگرہ اس کا اگرِم گرنتھ بنایا جائے اس دِشا میں یہ ساجھے داری ٹھیک نہ بیٹھے گی۔ اس میں بڑی کٹھِنائیاں اُپستھِت ہوں گی۔

یدی آپ کیول مجھے ہی چھپانے دیں گے تو میں اتنا اور کر سکتا ہوں کہ آپ کی جو اس پُستک پر سمپورن رائلٹی ہوگی، اس کا چتورتھارتھ پیشگی ہی کاغذ اور چھپائے کے مولیہ کے ساتھ دے دوں گا۔ جس سے آپ کو بکری کے لیے ادھِک پرتِکشا نہ کرنی پڑے۔

آشا ہے آپ میری اس پرارتھنا کو اوشیہ سویکار کر لیں گے۔ اس سے میری سستی گرنتھ مالا کی اسکیم سپھل ہونے میں بہت سہایتا ملے گی۔ آپ کے اس سنگرہ کے ساتھ ہی میں نے دو تین پُستکیں چھپانے کا اور بھی پربندھ کر لیا ہے۔ اُتّر کی پرتِکشا کروں گا۔ کیا آپ کا تاریخ 25 کو جانا نِشچت ہو گیا ہے؟

بھودیہ، ناتھورام

اوشا دیوی مِترا کا خط

اپریل، 1935

پوجیہ ور،

سادر پرنام!

آج بڑی خوشی ہو رہی ہے، کیونکہ بہت دنوں بعد آپ کی چٹھی پڑھ رہا ہوں۔

میری کہانیوں کا آپ جتنا آدر کرتے ہیں، اس بات کو کہیں آپ سے زیادہ میں جانتی ہوں، اسی پہلی کہانی کے سمے سے، ماسک پتریکاؤں میں آج میری کہانیوں کی جو کچھ بھی مانگ ہے۔ وہ سب آپ ہی کے اُتساہ پانے و آدر کا پرنام ہے۔

''پرتھم چھایا'' کہانی میں پراکرتی سے سنگیت کی اُتپتی اور چھ راگوں کے نام تتھا ان کے روپ، رس و گانے کا سمے اور رِتو کال کو دکھلانے کا کچھ تھوڑا سا پریاس کیا گیا ہے۔ اِکشا تھی کہ یدی پاٹھک اسے Appreciate کریں گے تو پیچھے وِستار کے ساتھ چھتیسوں راگنیوں کے نام، گانے کے سمے، روپ آدی کا وَرنن کروں گی۔ یہ چھ راگ میں نے ''بھرت'' مت کے لیے ہیں۔

سنگیت کا آرمبھ ناد سے ہے۔ ناد سے سوَر، سوَر سے پھر سپتک اِتیادی ہے، تو یہ سات سَور سات جیوں سے لیے گئے تھے۔ مور کی کیکا سے۔شڈج، ورش سے۔ رِشبھ، بھینس سے۔ گندھار، شرگال سے۔ مدھیَم، کوکلا سے۔ پنچم، اشو و میڈک سے۔ دھیَوت، ہاتھی و گدھے سے۔نشاد۔ ان کے سنکچھیپ نام 'س'، 'ر'، 'گ'، 'م'، 'پ'، 'دھ'،'نی'، ہیں۔ انھیں سپت سوَروں سے سرگرام بنا۔ کہانی میں پردھان سوَر'س' کو رانی (پراکرتی) نے مور کی کیکا سے لیا۔ باقی کے چھ جیووں کے سوَروں کو چھ سکھیوں نے لے لیا۔ رانی پراکرتی، راجہ پُروش اور چھ سکھیاں چھ رِتوں ہیں۔بھرت مت کے چھ راگ ہیں، 'بھَیر وں'، 'مالکوش'، آدی، جو کہ کہانی میں ہیں۔ پرتیک راگ کے چھ چھ پتنی، پُتر، پُتر ودھو، سکھا، سکھی، اِتیادی ہوتے ہیں، کِنتو یہ سب اس میں لکھا نہیں ہے۔ کیوَل چھتّیس راگنیوں کی مالا رانی کے گلے میں ہے۔

چھ راگ چھ رِتوؤں میں گائے جاتے ہیں۔سکھیاں رِتوں ہیں، جیسے بھیرَو راگ گانے کا کال، شیت رِتو، سمے پراتہہ کال، روپ اور رس بھی لکھا ہی ہے۔ اسی طرح چھ راگوں کے روپ، رس، سمے، کال آدی کہانی میں ہیں۔

یدی آپ سمجھیں کہ اسے پاٹھک پہیلی کی درِشٹی سے دیکھیں گے، تو جانے دیجیے، کنتو آج کل ہمارے دیش میں سنگیت چرچا طرح اُنتی کی اور بڑھی چلی جا رہی ہے، اسے آشا ہے کہ وِچارشیل پاٹھکوں کو اس کے سمجھنے میں اڑچن نہ ہوگی۔ پھر آپ جیسا سمجھیں، ویسا کیجیے۔

یدی آپ اُچت سمجھیں تو دوسرے پرِچھید میں اور ''چھ پرانی کے سوَروں کو سکھیوں

نے اپنی اپنی ڈالیوں میں بھر لیا" کے بعد یہ لکھ دیا جائے۔" اس طرح سات جیووں کے سوروں سے شڈج، رِشبھ، گندھار، مدھیم، پنچم، دھیوت، نِشاد کی اُتپتی ہوئی اور ان سپت سوروں سے سپتک بنا۔ تیسرے پرِچھید میں جہاں سکھی نے کہا ہے "نہیں، وہ ستیہ تھا"، اور راجا نے کہا "ستیہ؟"، اس کے آگے سکھی نے کہا: "ہاں ستیہ" اس استھان میں یدی ایسا لکھا جائے: "آج رانی نے چھ راگوں کی سرشٹی کر دی اور ان کے گانے کے کال چھ رِتوؤں میں نِردِشٹ کر دیے۔" راجا کا کنور کہتا ہے: پھر وہ بھیانک، کرُون، رودر، ویر، بھکتی، آنند کی سی آندھی ایک ایک باراٹھی اور گیت سماپتی کے ساتھ ہی ساتھ نکل کیسے گئی؟ وہ سب کیا تھا؟" "وہ ہر راگوں کے روپ تھے، رس تھے پاگل، جو مورتی مان ہو کر آنکھوں کے سامنے آ وِراجے تھے۔"

دوسری کہانی پندرہ بیس دن میں بھیجوں گی۔

وِنیتا، اوُشا مِترا

دیانرائن نگم کا خط

Daya Narain Nigam

Cawnpore,
April 9th, 1935

My dear Brother,

I received a letter from Bombay. I have been so much worried and preoccupied of late that I could not write to you earlier. At times I feel so worried and miserable that I have left no zest for life, but fortunately this mood passes off and I begin plodding as of old.

I hope you have now come-back from' Bombay. I saw your impressions regarding the Cinema Trade in some of the Urdu Magazines. I wish you could write a long article on the 'whole question for me. I promise to secure its circulation through out the country. I wish your views were widely known.

You had written to me about sending advance proofs of your stories in 'Hans'. I am sorry I have not received any story of yours in this way. I wish you could arrange for it now that you are at Benares.

It is ages, we have not met. My son, Brij Narain's marriage takes place with Dr. K.S. Nigam's daughter at Lucknow on April 29th and 30th. I wish you could also come and join the function for at least a couple of days. If you come direct to Cownpore on 28th or 29th, it will be all the better. We shall then proceed together to Lucknow. You may bring the elder boy, who will be free by that time from his examination. I do not suppose the younger boy's examination will be over by the end of April. Formal invitation will reach you in due course. I am writing this letter to you only by way of previous notice.

Hoping this find you and the family in the best of health and with kind regards,

Yours sincerely,
Daya Narain Nigam

اجیت کمار بوس کا خط

Ajit Kumar Bose
C/o S.K. Roy Esq.
Aliganj Bazar, Aliganj
Lucknow.

12.4.35

My dear Babuji,

You must have received one post card which I had posted from Rothin's place. Babuji, you know everthing of our family history. How I am struggling for bread since the expiry of my

father along with my poor widow mother and sister. My life's ambition, energy and whatever the high thoughts I had in my life, am loosing one after another. Of course, my marriage is settled totally against my desire and now, it is too late to change idea for the respect of my mother and brother-in-law. I have no confidence on my pottery business, as the reason is behind it is the General manager who had engaged me is retiring with in a short time. There is no vacancy for a permanent post there, as there are already three painters working permanently since a long time and there can no post be created according to budget. At any time my contract system may be broken. Now you can easily understand what will be my situation in near future. I would not have much cared if it would have been a permanent service. Moreover pottery business is sinking day by day for Japan. However whatever difficulties I have placed before you, I know very well that there is no body in this world to whom I shall consult and who will tell me the right way.

This is my best effort in my life which I am going to try and if I don't get a scope and a help in it, count me one of the street beggars. My aim was in my life to become a screen actor. I had never left to learn any art which will help me in the film industry side by side with my service life. I can't help to make a handsome face for it is not in any human's hand. However now I have left the idea. Still I hope, if I get a scope to learn, the technics of a Cameraman, I can stand at my heels in no time, as well as I can learn to produce the cartoon pictures as Prabhat and New Theatres have produced. In any way, if you can help me to keep in Ajanta's or any where you have got influence as an unpaid apprentice, I am ready to learn. I shall manage to

stand my expenses for six months after that I shall make out some other sources. My elder and younger brother both are earning something by which they can manage to maintain the family for sometime. If I leave this opportunity none I can get in future. If you request rather press Mr. Bhavnani; hope he will pity to help a young ambitious man. I must think that you are temping for your eldest son.

Nothing more I can write. Your reply will decide my rise or fall.

My pranam to you.

Yours,
ajit

کیدار ناتھ لاہور کا خط

آریہ سماج مندر
گوال منڈی
لاہور
21-4-1935

مکرمی جناب منشی صاحب
آداب و نیاز

نوازش نامہ ملا تھا، مگر جواب لکھنے میں تاخیر ہوئی، معاف فرمائیں گے۔ خیال تھا کہ سوم پرکاش سے مل کر کچھ فیصلہ کر لوں، تب جواب لکھوں، مگر یہ حضرت ابھی تک لاہور واپس نہیں آئے۔ اب معلوم ہوا کہ 15 اپریل کے بعد آئیں گے۔ پہلے نوچندی گئے، اب گُروکُل کانگڑی۔ کانگڑی کے جلسے میں وراجمان ہیں۔ دوسرے چوتھے ان کی دکان پر ہو آتا ہوں۔ کمپنی کے ساتھ مقدمے بازی کی خبر پڑھ کر افسوس ہوا۔ دیوانی دعوے ذرا لمبے ہوتے ہیں۔ اگر آپ کو زیادہ عرصے بھی ٹھہرنا پڑے تو کریں گے، مفت کی زیر باری۔ نزل پہلے سے اچھا ہے، لیکن طبیعت ابھی بالکل صاف نہیں ہوئی۔ میں نے مکان تبدیل کر لیا ہے،

پتہ نوٹ کر لیجیے گا، ہاں، خوب یاد آیا، مسٹر زیبا اڈیٹر 'ستارہ' کل اور پرسوں تشریف لائے تھے، کائستھ ہیں، اور نہایت سمجھدار نوجوان۔ ان کی زبردست خواہش ہے کہ آپ کا نام بطور Advisory Editor 'ستارہ' پر دیں۔ آپ کو کوئی اعتراض تو نہ ہوگا؟ 'ستارہ' دیکھ کر آپ اندازہ لگا سکیں گے کہ مضامین کیسے ہیں۔ دادا کی کہانی جناب بہت اچھا لکھتے ہیں۔ جس قدر مضامین پڑھے، تقریباً سب کو ٹھوس اور بلند پایا۔ آپ کو کرنا دھرنا کچھ نہیں ہوگا، البتہ تو آپ کے نام کا فائدہ اٹھا سکیں گے۔ ممبئ تو آج کل کافی گرم ہوگا۔ یہاں اب موسم نے پلٹا کھایا ہے۔ دیوی جی اور بچے آپ کو ماتا جی کو پرنام کہتے ہیں۔

آپ کا خادم، کیدارناتھ

دیانرائن نگم کا خط

''زمانہ''، کانپور

25 اپریل، 1935

بھائی صاحب، تسلیم!

اب تو آپ اندور سے آ گئے ہوں گے۔ نوید ملا ہوگا۔ مکرر جواب بھیج رہا ہوں کہ وہ گم نہ ہو گیا ہو، بہرحال اس موقع پر موجودگی ضروری ہے۔ اس بہانہ سے ملاقات ہو جائے گی۔ بچوں کو بھی ساتھ لیتے آئیں۔ ایسا نہ ہو کہ آپ نہ آئیں۔

دیانارائن نگم

شاہد، سمپادک 'ساقی' کا خط

رسالہ 'ساقی'

دارالاشاعت، کھاری باولی دہلی

25.4.1935

مکرمی و محترمی

تسلیم!

'ساقی' کا افسانہ نمبر عنقریب شائع ہونے والا ہے۔ آپ سے استدعا ہے کہ اس کے

لیے ایک افسانہ لکھ دیجیے۔ اردو رسالہ کی مالی حالت کا آپ کو اندازہ ہے ہی۔ آپ کے افسانے کا معاوضہ تو نہیں، البتہ بطور نذرانہ 'ساقی' کچھ گجران کر سکے گا۔

برائے مہربانی جواب سے مطلع فرمائیے۔

خاکسار

شاہد

ناتھو رام پریمی کا خط

ہندی گرنتھ رتناکار کاریالیہ

(پرکاشک اور بکریتا)

ہیرا باغ، پوسٹ رگرگاؤں، بمبئی

28-04-1935

مانیہ ور،

آپ کا پتر تاریخ 24 کو ملا۔ پہلے پتا جی کا ارادہ لاہور، الہٰ آباد آدی ہوتے ہوئے اندور جانے کا تھا، پرنتو پیچھے سے پرستھتیوں کے وش انھیں یہ ارادہ بدلنا پڑا اور وے پہلے اندور ہو کر پھر لاہور گئے ہیں۔ ان کے ساتھ میں بھی اندور تک گیا تھا۔

اندور میں لوگ آپ کی بہت راہ دیکھتے رہیں، پر آپ نہیں آئے۔

یدی سمے بچے گا تو پتا جی کا بنارس جانے کا بھی ارادہ ہے۔ پتا جی 7 مئی تک بمبئی اوشیہ لوٹ کر آجائیں گے۔ جب آپ کو یہ پتر پہنچے گا اس سمے وہ دلّی میں ہوں گے۔ ان کا پتہ۔

C/o. جینندر کمار، دریا گنج، دلّی۔

آپ کا آگیاں کاری، ہیم چند

پُنشچہ: 'مانسرووز' کے حساب میں پتا جی نے جو روپیہ دینا منظور کیا تھا سو لکھیے۔ میں روپیہ بھیج دوں گا۔

جینندر کمار کا خط

5رمئی 1935

بابو جی،

پتر ملا۔ میں نے تو سمجھا تھا کہ آپ نے چٹھی لکھی ہے اس سے ترنت ہی کہانی کی ضرورت ہوگی سو بھیج دی تھی۔ ڈر ہے وہ اگلے مہینے تک پرانی نہ ہوجائے کیونکہ بمبئی سے چھپنے والے سنگرہ میں بھی اسے بھیجا ہے۔

'ہنس' کہانیوں کا ہی ہو اس میں کیا برا ہے بلکہ ایک Specialization کی دشا ہی بنے گی لیکن اتنی اچھی کہانیاں ملیں گی؟ اور تب جب کہ 'ہنس' کی حالت پیسہ دینے کی نہیں ہے؟ نہ 'ہنس' اسٹاف ہی اچھا رکھ سکتا ہے۔ میرا تو خیال ہے کہ منشی کی اسکیم کچھ بنے تو 'ہنس' چھوڑ کر آپ چھوٹیے۔ چھوٹنا ماتر جھنجھٹ سے ہوگا۔ کیونکہ تب بھی پتر تو سمپادن کے لحاظ سے آپ کا ہی ہوگا۔ مجھ سے پوچھیں تو میرے من میں یہ بھی ہے کہ کہوں کہ 'ہنس' کا سمپادن مجھے دے دیں۔

الہ آباد جا ہی رہے ہیں تو جا کر دیکھیے۔ مجھے تو وہاں کا زیادہ بھروسہ نہیں ہوتا۔ بھارتی جی کو میں نہیں جانتا۔ اچھا ہی ہے کہ ان سے آپ کو سہایتا ملے۔ بمبئی سے پائے پیسے میں سے اتنا بھی بچا کہ ایک تجربہ کیا جائے تو کیا برا ہے۔ وہاں کہاں جمنے کا ٹھیک کیا ہے۔

اس چیچک سے مجھے بڑا ڈر لگتا ہے۔ اب بنو کی کیا حالت ہے ضرور لکھیے گا۔ کیا Acute Case ہے؟ یوں تو سات آٹھ روز میں دانے مرجھا آتے اور جھڑنے لگتے ہیں۔ کیا وہاں Epidermic ہو پڑا تھا کیا چیچک کا؟

یہاں یوں سب ٹھیک ٹھاک ہے۔ ادھر آپ مدت سے نہیں آئے۔ کبھی دو روز کی چھٹی نکال سکیں گے کہ یہاں آئیں؟ گرمی خوب پڑنے لگی ہے۔ پہاڑ یاد آتا ہے لیکن جانا کہاں ہوتا ہے۔ اماں جی کو میرا پرنام۔

آپ کا

جینندر

رشید، علی گڑھ کا پتر

علی گڑھ

11-05-1935

برادران پریم چند صاحب،

آپ کا 26 کا کارڈ ملا۔ اچھا کیا آپ نے بمبئی کو خیر آباد کیا۔ میرا تو خیال ہے کہ آپ تاجروں سے نبھا نہ سکے۔ مجھے اس کی خوشی ہے، کیونکہ یہ ثبوت ہے اس بات کا کہ ابھی آپ میں ادب اور فن کا احترام باقی ہے۔ میں نے یہاں ''زمانہ'' کی تلاش کی، لیکن وہ پرچہ نہ ملا، جس میں آپ کا مضمون ہے۔ ایسے بعض اور ساتھی بھی ہیں، جن سے میں نے آپ کے خط کا تذکرہ کیا۔ وہ لوگ بھی مضمون دیکھنے کے آرزو مند ہیں۔ مجھے نگم صاحب کو لکھنا ہے۔ وے بھیج دیں تو کارروائی شروع ہو۔ اسپیشل نمبر میں انشا اللہ اس پر تفصیلی طور پر بحث رہے گی۔ آپ مطمئن رہیں۔ ہم سب سے آپ کو جو توقع ہے، وہ پوری کی جائے گی۔ خدا نہ کرے وہ دن آئے جب ہندو مسلمان نوکری اور نشستوں کے علاوہ شعر و ادب کو بھی میونسپلٹی اور ڈسٹرکٹ بورڈ قرار دیں سکیں۔

آپ کا، رشید

رام پرساد کا خط

لاہوری گیٹ، لاہور،

13-05-1935

شری مان، جی نمستے!

نیویدن ہے کہ بہت دیر سے دل میں خواہش تھی کہ آپ سے لکھوا کر کوئی کتاب شائع کی جائے۔ مگر آپ کو خط لکھنے کا پورا پتہ معلوم نہ کر سکا۔ اب ایک مہربان سے آپ کا اڈریس دریافت کر کے خط لکھ رہا ہوں۔ جب آپ کی سیوا میں خط پہنچ جائے، جواب سے مشکور فرما دیں، تاکہ مجھے تسلی تو ہو کہ خط آپ کو مل گیا۔

آج کل مارکیٹ میں بہت سی کتابیں مثلاً ''ہدایت نامۂ خاوند''، ''کام شاشتر''، ''پریم

شاشتر"، "بیوی"، "سہاگ رات" یا اسی قسم کی دیگر کتابیں نکلیں ہیں۔ بہت اچھی فروخت ہوتی ہیں، حالانکہ مضمون کے لحاظ سے کوئی بھی مکمل نہیں۔ اب وِچار ہے کہ اگر آپ اسی مضمون پر ہمیں کم سے کم 300 یا 400 صفحے کی ایک کتاب لکھ دیں، تو بہت مہربانی ہوگی۔ کم سے کم جتنی اجرت آپ چاہیں لیں، مگر کتاب ہر لحاظ سے مکمل لکھ دیں، اور جس قدر روپیہ آپ پیشگی لکھیں، آپ کو بذریع منی آڈر روانہ کر دیا جائے گا۔ کتاب اردو، ہندی، گرومکھی تینوں زبانوں میں شائع کی جائے گی۔ کاغذ، لکھائی، چھپائی بہت بڑھیا ہوگی۔ امید ہے، آپ ضرور ہی اس مضمون پر قلم اٹھائیں گے۔ اگر کوئی ناول یا کہانیوں کی کتاب تیار ہو تو وہ بھی لکھیں، امید ہے آپ جواب جلد دے کر مشکور فرماویں گے۔

آپ کا شُبھ چنتک،

جے.سی. تھوکوتھ کا خط

Sacred Heart College
Shembaganur, Madura Dt.
13.5.35

To,
Mr. Premchand, Editor of 'Hans'
From
J.C. Thokoth, S.J.
S.H. College, Shembaganur,

My dear Premchand,

With delight I read the review of some of your works by Rw. Fr. P. Dent in the very first issue of the 'New Review'. Even after I was keen on reading the works of Mr. P. Chand, the beloved of the readers of Hindi (sorry to say that till now I could not get a single work of yours). Fortunately as a result of my enquiry I found a recent book with a criticism about Mr. P.

Chand. But to speak the truth I was a bit disappointed. For though I could find appreciations like 'वर्णन की अपूर्व शक्ति प्रेम चन्द जी को मिली है। इस कार्य में वे संसार के बड़े-बड़े उपन्यासकारों के समकक्ष हैं' Still I could not taste a little of your sweet style even from the pen of a Hindi critic like श्याम सुन्दरदास.

Then again when I was reading the article 'A National Language for India', in the April issue of the 'New Review' my eyes were attracted by a long footnote referring to 'Hans' and its verdict on the above mentioned subject 'राष्ट्र भाषा'. But I could not get a single issue of your 'Hans.' and thus came into contact with your views and style. Perhaps you know that we in the south, who wish to become हिन्दी प्रेमी सज्जन महाशय by coming into close relationship with आधुनिक हिन्दी साहित्य और सुविज्ञ लेखक, have not much facility for the same. So if you can freely help us with your 'Hans' then we may know more of modern Hindi literature and tendency more. My companions and I in particular shall be grateful to you.

Lastly wishing you a brilliant future in your literary persuits.

I remain,

Yours sincerely,
J.C. Thokoth, S.J.

ششانک کا خط

ہندی پرچار سبھا
نیو ہال، ماٹنگا ممبئی

15.5.1935

مانیہ پریم چند جی،
وہاں پہنچنے پر آپ کے بھی چٹھی نہیں لکھی۔

سمیلن میں بھی آپ نہیں آئے۔ K.M منشی جی آئے تھے۔ جس روپ میں اب ساہتیہ پریشد کا پرستاو پاس ہوا ہے، اس کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ منشی جی آج کل پنچگنی رہتے ہیں۔ ان سے بھی پتر ویوہار کیجیے۔

ہمارے لیے 'ہنس' کی ایک پرتی بھیجنے کی کرپا کریں۔ دیوی جی کو میرا پرنام!

آپ کا

ششانک

سدرشن کا خط

36، چکربیرا روڈ (ساؤتھ)

بھوانی پور، کلکتہ

16 مئی 1935

بھائی جان،

نمستے! کچھ دن ہوئے میں نے سنا تھا کہ آپ بمبئی چھوڑ کر بنارس چلے آئے ہیں۔ پرماتما کرے یہ غلط ہو۔ بلا شبہ ہمارے نگارخانوں کی فضا اس قابل نہیں کہ وہاں کوئی خوددار اور قابل آدمی زیادہ دیر رہ سکے۔ لیکن میں بھونانی صاحب کی نسبت زیادہ تعریف سنی تھی۔ اس لیے یقین نہیں آتا کہ آپ کو ان لوگوں نے چھوڑ دیا ہو۔ ادھر لٹریچر کا بھی برا حال ہے۔

میں آج کل نیوتھیٹرس میں ہوں۔ اس کا مالک بے حد شریف واقع ہوا ہے۔ کام بھی کم ہے۔ پیسہ بھی ملتا ہے۔ لیکن جو مزہ گھر میں بیٹھ کر افسانے لکھنے میں تھا وہ یہاں نہیں۔ پر وہاں پیسہ نہیں ہے۔ کیا کریں۔ اخراجات کسی بیمار بڈھے کی کمزوری کی طرح چلے بڑھتے جاتے ہیں۔ مجبوراً۔

مسز پریم چند کو نمستے۔ مسز سدرشن بیمار ہوگئی تھیں۔ پہاڑ پر بھیج دیا ہے۔ ہم کلکتے کی گرمی میں جھلس رہے ہیں۔

سدرشن

ناتھو رام پریمی کا خط

16-05-1935

مانیہ ور منشی جی،

لاہور سے لوٹتے ہی تاریخ 4 کو میں نے آپ کی سیوا میں ایک پتر بھیجا تھا۔ اس کے اُتر کی پرتیکشا ابھی تک کی، پرنتو اب دھیریہ چھوٹ گیا اور یہ پتر لکھ رہا ہوں۔ معلوم نہیں، ایسا کیا کارن ہوا جو اُتر نہیں دیا۔ یہ بھی چنتا ہوئی کہ کہیں آپ میرے پتر ویوہار سے اَسنتشٹ تو نہیں ہو گئے ہیں۔ کاغذ کے بارے میں میں نے تلاش کیا تو معلوم ہوا کہ یہاں سے بھیجنے میں 8-7 پائی پرتی پتر خرچ پڑجائے گا اور اس لیے یہاں سے بھیجنے میں کوئی لابھ نہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بنارس کے کاغذ بیوپاری اچھا گلیز کاغذ بھی رکھتے ہوں گے یا آرڈر دینے پر کلکتہ سے منگا دیتے ہوں گے اور وہ وہاں بھی یہیں کے بھاؤ مل جاتا ہوگا۔ میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ کاغذ اچھا لگے۔نہیں تو پھر وہی لگائیے جو ''کایا کلپ'' میں بالکل سفید لگایا گیا ہے۔ اب میں آپ کے پتر کی پرتکشا نہ کر کے اس پتر کے ساتھ پانچ سو (500) روپیوں کا چیک بھیج رہا ہوں۔ آشا ہے کہ روپیہ ملتے ہی آپ ''مانسرودور کا کام شروع کرا دیں گے۔ ٹائپ تو آپ نیا لگواویں گے ہی۔

شری جینندر کمار جی کے پتر سے معلوم ہوا کہ شاید آپ الہٰ آباد گئے ہیں اور وہاں کب تک رہیں گے یہ کچھ معلوم نہیں ہوا۔

آپ نے اردو کے 6-5 ہاسیہ رس لیکھکوں کی ایک ایک کہانی چن دینے کے لیے کہا تھا۔ جب آپ کو اوکاش ملے، یہ کام کر دیجیے۔ میں بابو رام چندر ورما سے انوواد کرا لوں گا۔ اس سمے انھیں فرصت ہے۔ ان کے لیکھکوں سے آگیاں بھی آپ کو ہی دِلانی ہوگی۔

آپ کے پتر کی پرتکشا کر رہا ہوں۔

بھودیہ، ناتھو رام

کنہیا لال مانک لال منشی کا خط

K.M. Munshi
'Girivilas'
Panchgani

16th May, 1935

My dear Premchand ji,

Please excuse my writing in English. It enables me to express myself better.

I am in due receipt of your letter. The Hindi Sammelan has appointed Girdhar Sharma,. Harihar Sharma and myself as the conveners to organise the Inter-provincial Sahitya Parishad. I cannot do this work unless I have your whole hearted co-operation. I would, therefore, request you to editorially write about this in the coming issue of the 'Hans'.

My idea about 'Hans' is that we should start propaganda in its columns. I am also arranging with literary men in different provinces to give us every month a survey of the literary activities in their provinces and some excellent literary articles in their vernaculars. This would be published in the 'Hans' every month. This arrangement will take sometime. I will only be able to do it in the middle of June when I go to Bombay. If in the meantime you come to Bombay please make it a point to come over to Panchgani and spend a few days with us. I have also written to Gandhiji that you are willing to help us with Your 'Hans'.

The Sammelan has given us authority to co-opt men from other provinces and I am in correspondence with several leading literary men in different provinces, whether they would

cooperate with us in this object. I understand that you know Benarsidas Chaturvedi of Calcutta very well. Will you please let him know about this scheme and invite his co-operation. I will address a formal letter to different editors when I go to Bombay and I trust you will see that it is published in 'Hans' and other papers within the sphere of your influence.

With kind regards,

Yours Sincerely,
K.M. Munshi

ناتھو رام پریمی کا خط

17-05-1935

مانیہ ور منشی جی، پرناماہ!

آپ کا تاریخ 12 کا کرپا پتر آج ملا۔ شاید دو تین دن لکھا پڑا رہا۔ آپ کو ایک پتر لکھ چکا ہوں اور اس کے ساتھ 500 روپیہ کا چیک بھی بھیج چکا ہوں۔ یدی اس نام سے چیک کا روپیہ نہ ملے تو اسے لوٹا دیجیے، میں ترکال ہی دوسرا چیک شری دھنپت رائے جی کے نام کا بھیج دوں گا، پرنتو میں سمجھتا ہوں اس نام سے بھی آپ کو مل جانا چاہیے، جب کہ آپ سویم موجود ہیں۔

''کرم بھومی'' والا کاغذ سفید نہیں ہے۔ اس سے اچھا تو ''کایا کلپ'' کے ایک انش کا کاغذ سفید ہے۔ ''کرم بھومی'' کی اپیکشا مجھے وہ ادھک پسند ہے، پھر آپ کی مرضی، جو ٹھیک سمجھیں وہ لگا لیں۔ اب ادھک ولمب نہ ہونا چاہیے۔

جینیندر جی کی کہانیوں کا چھاپنا میں نے یہیں شروع کر دیا ہے۔ ان کا جلدی چھپانے کا تقاضہ تھا۔ اب میں اسے ستی گرنتھ مالا میں نہ نکالوں گا اور تھوڑی سنکھیا میں چھپواؤں گا۔ ایک اور اُپنیاس ڈیوما کا میرے پاس پڑا ہے۔ اسے آپ کے یہاں چھپواؤں گا۔ اس کی بھاشا ٹھیک کرنی ہے۔ اس سَمے ہاتھ میں کئی کام پڑے ہیں، اس لیے اس کے ٹھیک کرنے میں دو مہینے لگ جائیں گے۔ تب تک ''مانسرور'' سے آپ کو بھی اوکاش مل

جائے گا۔ جینیندر جی کا آج ایک پتر اور آیا ہے۔ انھوں نے لکھا ہے کہ آپ بنارس چھوڑ کر الہٰ آباد رہنا چاہتے ہیں۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟ کب تک وہاں چلنے کا وِچار ہے؟ میرے کل کے پتر کا اُتر بھی دیجیے۔ یہاں سب کچھ کُشل سا ہے۔ ہیم چند پرنام کہتا ہے۔

اپنی سہہ دھرمنی جی سے میرا پرنام نیویدن کر دیں۔

یدی دوسرا چیک بھیجنا آوشیک ہو تو کس نام سے ہو؟ شری دھپت رائے جی بی۔اے۔ اتنا ہی ہو؟

بھودیہ، ناتھو رام

لیڈر اینڈ بھارت لمیٹڈ الہ آباد کا خط

The Leader and the Bharat
Proprietors: Newspapers Ltd.,
Leader Buildings,
3-4, Leader Road, Allahabad

May 17, 1935

My dear Premchand ji,

I acknowledge receipt of your note of may 13, 1935. Mr. Bhuvaneshwar Prasad gave you a substantially correct gist of my conversation with him only, either he did not correctly follow my meaning or he was unable to explain to you correctly the 'scope' of my suggestion. So far as the publications are concerned, I am at all times willing to take them over on the same terms as in the case of the Bharti Bhander, viz,

1. All the stock be placed in our charge.

2. We will render account of sales every six months.

3. We will be paid a commission of 35 percent which will include commission to be given by us to Book-sellers, as well as cost of advertising which will include issue of catalogues.

4. If necessary, we will be prepared to advance a sum to be

determined by mutual negotiation free of interest upon the stock of books placed with us in order to enable you to discharge your existing liabilities, assuming there are any.

These terms are the same as those which are in operation in case of the Bharti Bhander as well

As regards our mode of dealing and punctuality of payment, you can refer to the experience of the Bharti Bhander. Then there is the magazine, I personally view it as a promising proposition. I cannot however, tell what view my Board will take of this matter, but in any case it is, highly improbable that the Board will in any event agree to take over the press on any terms. We already have a fairly big plant for job printing work for it. This plant was rendered idle by the installation of rotary printing machinery and is now dependent only upon job printing work, the newspaper printing being done on the rotary press.

In all that I have said above, I am speaking only for myself and not for my Board.

I will be in Benares on Sunday and Monday. Rai Krishna Dass men know my house, but if you yourself want me to meet you, you may kindly fix up an engagement with Dr. Jagannath Prasad, M.B.B.S, who has his dispensary in Chowk in the neighbourhood of the Benares Bank Limited, in the same premises of which the ground floor is occupied by Messers. Jagannath Dass Balbhadra Dass,

With kind regards, I am,

Your sincerely

Premchand Esq
Saraswati press
Banares City

خواجہ اظہر عبّاس، دلّی کا خط

حالی پبلیشنگ ہاؤس،
کتاب گھر، دہلی
پوسٹ باکس 130
18 مئی، 1935

محترم جناب منشی پریم چند صاحب، تسلیم!

پیشتر اس کے کہ میں جناب کی خدمت میں اپنا مقصد عرض کروں، اپنا تعارف ضروری خیال کرتا ہوں۔ میرا نام اظہر عباس ہے۔ میں خواجہ غلام السیدین صاحب پرنسپل، ٹریننگ کالج، علی گڑھ کا بھائی ہوں۔ ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب، پروفیسر جامعہ ملیہ میرے بہنوئی ہیں۔ اور جناب کے دوست سید اشفاق حسین صاحب بی۔اے۔ میرے مُربّی اور دوست ہیں۔ مجھے جناب سے سید اشفاق حسین صاحب کے یہاں علی گڑھ میں نیاز حاصل ہوا تھا۔ عرض مطلب یہ ہے کہ حالی پبلیشنگ ہاؤس کا قیام ابھی چند روز سے دہلی میں شروع کیا ہے۔ بک ڈپو ایک ماہ کے عرصے میں قائم ہو جائے گی۔ مولانا حالی مرحوم میرے پرنانا (یعنی میرے حقیقی نانا کے والد) ہوتے تھے۔ اس وجہ سے اس دارالاشاعت کا نام یہ رکھا گیا ہے۔ ارادہ یہ ہے کہ ملک کے اعلیٰ اور سربرآوردہ اصحاب کے اشاعت قلم کو عمدہ قسم سے طبع کرایا جائے اور ان کو ایک خاص سائز میں چھاپ کر ملک کے سامنے پیش کیا جائے۔ کیا جناب اعلیٰ اس میں ہماری مدد فرمائیں گے؟ عرض یہ ہے کہ میں نے عابد صاحب سے سنا ہے کہ جناب کے پاس short stories جیسا کہ ''پریم پچیسی''، ''بتیسی''، ''چالیسی''، ''بازارحسن'' وغیرہ شائع ہوئی ہے۔ وہ اگر جناب ان میں سے کچھ ہمیں عنایت کر دیں تو ہم ان کو طبع کرائیں اور اپنے دارالاشاعت کا نام روشن کریں۔ اگر جناب ان کو مرتب کر کے عنایت کر سکیں تو عین نوازش ہو گی۔ رہا کاروباری معاملے کا سوال تو میں اس کو جناب پر ہی چھوڑتا ہوں۔ جو کچھ جناب طے فرمائیں گے، ہمارے اس نئے کام کو مدنظر رکھ کر وہ ہمیں منظور ہوگا۔ اگر تقریباً 20x30/16 کے سائز کی تقریباً 150 صفحات کا مسالہ آپ عنایت کریں گے تو ہم ان کو عمدہ لکھائی اور چھپائی کے ساتھ اس کو شائع

کریں گے۔ میں جناب کے والانامہ کا بے چینی سے انتظار کروں گا۔

فقط خاکسار

آپ کا خیر اندیش،

اظہر عباس

کنہیا لال مانک لال منشی کا خط

K.M. Munshi
'Girivilas'
Panchgani

18th May, 1935

My dear Premchandji,

I am sending herewith a draft of a letter which I propose to circulate to few leading literary men in all the provinces. It gives an idea of how 'Hans' is to be utilized.

Please let me know by wire, whether you approve of the idea. If you do I will immediately release the letters to those gentlemen.

Yours Sincerely,
K.M. Munshi

Dear Sir,

At the last Hindi Sammelan, which was held at Indore under the Presidentship of Mahatma Gandhi, I suggested that an effort might be made to bring together the leading representatives of different Indian languages through the medium of Hindi, so that in course of time an All India Inter-Provincial Sahitya Parishad may come into existence. The idea met the approval of Mahatmaji and also of the Sammelan,

which passed the following resolution :

"With a view to bring about a contact with literary men working through the provincial language in the country and with a view to obtain their co-operation in the evolution of the Hindi language this conference appoints a committee of the following gentlemen with power to co-opt members when necessary. Syt. Kanaialal Munshi (Bombay); Syt. Girdhar Sharma, (Jhalrapatan); Syt. Harihar Sharma (Hindi Prachar Sangh, Madras)."

Before the committee can co-opt members representing different Indian languages and start work it is necessary that the underlying idea should be discussed through the medium of the provincial languages. I have, therefore, to request you to discuss the necessity of this activity in your provincial language through any journal likely to sympathise with this work. I have every little doubt that most of the nationalist journals in our provincial languages will welcome this idea.

Syt. Premchandji, the wellknown novelist in Hindi, is in whole hearted agreement with this idea and has been good enough to offer the columns of his monthly journal 'Hansa' for doing the spade-work. It is proposed that a section of 'Hansa' should be reserved for each provincial language and that every month literary men representing each provincial language should send to me certain articles for being rendered into Hindi and published in the section. The articles should be as short as possible, written by the best available authority and of the following nature :

(1) An article dealing with some aspect of the modern literature in the language, for instance Fiction, Drama, History,

Essay.

(2) An article dealing with the literary out-put in the provincial language during the month.

(3) (a) Short summary of a novel or a drama, and (b) a poem or two published in the vernacular journal during that month.

(4) Short reviews of good works published in the language during the month.

I hope to be here for my holidays till the middle of June. When I return to Bombay, I hope to put up a kind of office which will transalate these articles where necessary into Hindi, as luckily we have representatives of most of the provincial languages. These articles then will be translated into Hindi and submitted to Syt. Premchandji for publication in the 'Hans'. I hope from the August number 'Hans' will be to some extent a journal of inter-provincial literatures.

I have, therefore, to request you to get in touch with literary men likely to work out this idea in your language and let me know as early as you can (a) whether you would actively work for this idea and (b) undertake to send me the article every month.

Hoping to be excused for the trouble.

Yours Sincerely,

K.M. Munshi

P.S. : An early reply is requested as I propose to make an early report of it to Mahatmaji.

خواجہ اظہر عباس کا خط

حالی پبلیشنگ ہاؤس،
کتاب گھر، دہلی
25 مئی 1935

مکرم بندہ، تسلیم!

والانامہ آج ملا۔ جناب کی عنایت کا بہت بہت شکریہ۔ کہانیوں کا کل مسودہ لینے کے لیے تیار ہوں۔ میں نے برادرم خواجہ غلام السیدین کو لکھ دیا ہے کہ وہ آپ کی خدمت میں براہ راست ہماری سفارش کریں جیسا کچھ آپ کے اور ان کے درمیان طے ہوگا، وہ منظور ہوگا۔ جناب اعلیٰ اگر یہ تحریر فرما دیں کہ کہانیوں کے نام کیا ہیں، کہاں کہاں چھپی ہیں۔ اور غیر مطبوعہ کہانیاں کس قسم کی ہیں، تو عین نوازش ہو گی۔ انشا اللہ حالی پبلی شنگ ہاؤس سے آپ کو وہ تلخ تجربہ جو پہلے ہو چکا ہے، وہ نہ ہوگا۔ ایمانداری اور دیانت کے ساتھ کام ہوگا۔

کاروباری نرخ کے متعلق بھی آپ اور سیدین صاحب حکم دیں گے وہ بہ سرو چشم منظور ہوں گے۔ نیز یہ بھی رائے دیجیے کہ 250 صفحے کے مجموعے کو 2 جلد میں شائع کرنا مناسب ہے یا ایک جلد میں؟ نیز جناب یہ بھی تحریر فرمائیں کے آپ کی کتابیں کن کتب فروش سے (یا آپ سے براہِ راست) سب سے معقول کمیشن پر مل سکتی ہے۔

خاکسار نیاز مند، اظہر عباس

ناتھو رام پریمی کا خط

26-05-1935

مانیہ ور، پرناماہ!

آپ کا تاریخ 23 کا کرپا پتر ملا۔ مجھے ایسی کوئی جلدی نہیں ہے۔ برسات شروع ہونے پر ہی کام شروع کرایئے گا۔ مجھے یہ چنتا تھی کہ کہیں میرے کارن آپ کو نہ رُکنا پڑے۔

اردو کی کہانیاں بھی آپ سوودھا ہونے پر سنگرہ کر دیجیے گا۔ انوواد کرنے کے لیے کیا آپ کے پاس کوئی دوسرے سجن ہیں؟ نہیں تو بابو رام چندر ورما کر دیں گے۔ انھیں اوکاش بھی ہے۔

سنا ہے، آپ الٰہ آباد جا رہے ہیں۔ اس وِشئے میں آپ نے کچھ نہیں لکھا۔

چیک کا روپیہ مل گیا ہوگا۔ دوسرے نام سے بھیجنے کی ضرورت تو نہیں ہے؟ ''ہنس'' کے پچھلے انک میں پنڈت لکشمی نارائن مشر کے ویاکھیان پر آپ نے جو نوٹ لکھا ہے وہ مجھے بہت ہی اچھا معلوم ہوا۔

وہاں سب کُشل ہے۔

بھودیہ، ناتھو رام

اظہر عباس کا خط

حالی پبلیشنگ ہاؤس،
کتاب گھر، دہلی
پوسٹ باکس 130
28 مئی، 1935

محترمی، تسلیم!

جناب کے حسب ارشاد برادرم خواجہ غلام السیدین کا سفارشی خط ملفوف کرتا ہوں، جو انھوں نے آپ کی خدمت میں روانہ کے لیے مجھے بھیجا ہے۔ جیسا کہ آپ نے فرمایا کہ آپ نقد روپیے کی ترجیح دیتے ہیں۔ ہمارا بھی یہیں خیال ہے اس میں سہولیت اور آسانی ہوتی ہے، اور ہمارے کاروبار میں ایک الگ کھاتہ اس حساب کا رکھنا پڑتا ہے، جو ذرا وقت طلب ہے۔

جیسا کے سیدین صاحب نے لکھا ہے، امید ہے کہ آپ اپنی سرپرستی ہمیں مستقل عنایت کریں تا کہ ہمارے کام کا نام ہو اور ہمیں ادبی خدمت کرنے کا موقع ملے۔

آپ کا ارشاد بالکل درست اور مناسب ہے کہ آپ ڈیرھ روپیے سے کم نی صفحہ نہیں لیتے۔ اس کا فیصلہ خود جناب ہی پر چھوڑتا ہوں۔ صرف اتنی عرض کرنے کی جرأت کروں گا

کہ ابھی ہمارا کام نیا ہے۔ اور آپ ہی حضرات کے بدولت اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کی امید پر جاری کیا گیا ہے۔ جیسا آپ فرمائیں گے، ویسا ہی منظور ہوگا۔

جناب کس قدر جلد ممکن ہو اس کا مسوِدا میرے پاس روانہ کر دیں۔ نظر ثانی تو آپ خود ہی کر کے بھیجیں گے۔ اس کے بعد بھی اگر آپ کا حکم ہوگا۔ تو کسی اور کو دکھا لیا جائے گا۔ اگرچہ اس کی ضرورت نہیں ہو گی۔ یہاں کاتبوں کو دکھا کر صفحوں کا اندازہ کر لیا جائے گا۔ اور کل روپیہ اندازاً آپ کی خدمت میں روانہ کر دیا جائے گا۔ جب کتابت ختم ہو جائے گی تو بقایا روپیہ، جو ہماری طرف نکلے گا، آپ کی خدمت میں بھیج دیا جائے گا۔ بہ قاعدہ اگریمنٹ کا کاغذ جناب کی خدمت میں مسودہ آنے پر ارسال کروں گا، تاکہ باقاعدہ قانونی چارہ جوئی ہو جائے۔

نیز اگر آپ یہ بھی تحریر فرمائیں کہ اس پر مقدمہ کس سے لکھوایا جائے؟ اگر سید اشفاق حسین صاحب سے درخواست کی جائے تو کیسا ہے، اور جناب اس کے لیے سفارشی خط لکھ دیں گے یا نہیں؟ یا اس کے علاوہ جو نام جناب مناسب خیال کریں، ان سے اس کے متعلق خط و کتابت کی جائے۔

امید ہے کہ جناب کار لائقہ سے یاد فرماتے رہیں گے۔

فقط خاکسار
آپ کا خیر اندیش،
اظہر عباس، منیجر

کنہیا لال مانک لال منشی کا خط

K.M. Munshi
'Girivilas'
Panchgani

28th May, 1935.

My dear Premchandji,

Your telegram and the letter to hand on my return to Panchgani from Bombay. I had been there to see Mahatmaji

about this idea. I discussed with him the scheme of starting our activities through 'Hans'. He likes the scheme, but has asked me to get the following informations from you about 'Hans', so that there may not be any misunderstanding in the future :

(1) Who is at present the owner of the magazine?

(2) How many subscribers it has?

(3) Is it run at a profit or loss?

(4) If it is running at a loss how much money will be required to make it up.

(5) Would you have objections to delete any advertisements if it is considered objectionable by Mahatmaji? (He has been good enough to agree not to insist on the removal of all advertisements.)

(6) What arrangements should be made between us so that the editorial work may be co-ordinated? As things are for collecting articles and getting them translated, I will have to set up an office in Bombay.

(7) Whether any arrangement is possible by which the pubilc may know that the Magazine has become the organ of a particular movement?

(8) Whether it would be possible to make certain changes in the cover etc., and if so what additional expense it would require?

(9) Would you continue to act as an editor alone or you will like to have some one else association?

I hope you will forgive me for making these enquiries, but I must know the nature and extent of our commitments. We must settle these matters definitely so that it may be possible to continue the arrangement for some length of time. Mahatmaji is

as anxious as ourselves to see that the movement takes definite shape at an early date.

After I receive a reply from you, I shall submit a report to Mahatmaji. I will be going to Bombay by about the 15th June. In the meantime I am in correspondence with leading literary men in different provinces and will let you know the result as soon as I am in a position to give it.

With regards,

Yours Sincerely,
K.M. Munshi

I have made a slight change in the circular, as pending the final approval of Mahatmaji, it won't be proper to let the letter stand it was.

رام پرساد کا خط

لاہوری گیٹ، لاہور

29-05-1935

شری مان جی، نمستے!

کرپا پتر ملا، شکریہ۔ میں مانتا ہوں کہ اس کساد بازاری کے زمانے میں، جب کہ مارکیٹ کا بہت برا حال ہے، اس قدر اجرت بہت زیادہ ہے۔ امید ہے، مارکیٹ کا حال آپ سے چھپا ہوا نہیں ہوگا۔ فروخت کا بازار دن بہ دن گر رہا ہے۔ تاہم بھی پبلیشر کے لیے نئی کتاب شائع کرنا ضروری ہے۔ جب تک کوئی نئی کتاب شائع نہ کی جائے، پرانی کتاب کو بھی کوئی نہیں پوچھتا، اس لیے کچھ نہ کچھ ضرور شائع کرنا پڑتا ہے۔ لاہور سماج کے سالانہ اتسو پر آپ کی یہ کتاب چھپ جائے، جو کہ ماہ نومبر میں ہونے والا ہے، تو بہت اچھا ہوگا۔ امید ہے آپ بہت جلد تیار کریں گے۔ اجرت کے متعلق سب حالات کو مدِنظر رکھتے ہوئے آپ ایک روپے فی صفحہ اردو اور ایک روپے فی صفحہ ہندی، اس سے زیادہ حالات اجازت نہیں دیتے۔ تین سو صفحے کتاب پر چھ سو روپیہ حق تصنیف بہت زیادہ بار

(بوجھ) ہے۔ اس واسطے ہم دونوں زبانوں میں چھ سو روپیہ ادا کریں گے۔ امید ہے، آپ اسے منظور فرماویں گے۔ آپ جیسے لائق اور نام ور مصنفوں کو اجرت کے متعلق کم و بیشی کے لیے کہنا مناسب نہیں، مگر آج کل ایسی کتابوں کے قدرداں بہت کم رہ گئے ہیں۔ امید ہے ہر دو زبانوں یعنی اردو اور ہندی کے لیے آپ فی صفحہ ایک روپیہ منظور فرما دیں گے۔

کتاب کے متعلق یوں تو آپ کا نام ہی کافی ہے، پھر بھی کتاب اس قدر دلچسپ ہو کہ ہاتھوں ہاتھ پبلک اس کا سواگت کریں۔ کتاب کے لیے کوئی عمدہ سا نام بھی تجویز کریں۔ آپ مسودہ تیار کرکے مجھے جس وقت بھی اطلاع دیں گے، اسی وقت نصف رقم پیشگی پارسل کر دی جاوے گی، تسلی رکھیں۔ کہانیاں شائع کرنے کا ابھی وچار نہیں ہے۔ کتاب کا حجم تین سو صفحے سے کم ہو جائے تو کوئی حرج نہیں۔ امید ہے آپ کتاب لکھنی شروع کر دیں گے۔ آپ کو کبھی بھی ناراضگی کا موقع نہ دیا جاوے گا۔ اس کے بعد تین چار ناول ہندی میں آپ کے لکھے ہوئے شائع کروں گا۔

جوابِ کا منتظر،

نیاز مند،

رام پرساد

آپ کے اسٹاک میں کون کون سی کتابیں ہیں؟ جس قدر کتابیں آپ نے شائع کی ہیں، ان کے نام اور کمیشن لکھیں تو کہیں تھوڑی سی سیل کے لیے منگوائی جائیں۔

کالی داس کپور کا خط

Kalidas Kapur
M. A., LT.
Head Master

Kalicharan High School,
Lucknow
5.6.1935

My dear Premchand ji,

I heard sometime ago that you had returned from Bombay and the other day friends told me at Allahabad that you were shifting your Press to that town.

Have you finally decided to shift to Allahabad or is there a chance of your considering the claims of Lucknow? Recently a few friends including myself, have developed a scheme of starting a Press with a daily paper. If possible our scheme will mature immediately if you decide to participate with your Press. You ought to know that from all points of view there will be a greater field for the Press at Lucknow than at Allahabad.

We shall develop detailed negotiations on hearing from you.

I am
Yours Sincerely,
Kalidas Kapur

چندریکا پرساد جگّاسو کا خط

ہندو سماج سدھار کاریالیہ،
سعادت گنج روڈ، لکھنؤ

07-06-1935

مانئیہ مہودے،

بہت دنوں سے آپ کا کوئی پتر نہیں ملا، پر آپ کا سماچار سمے سمے پر دوسروں دوارا ملتا رہا۔ میں نے گت ورش لکھنؤ سے ایک ہندی دینک نکالنے کے سمبندھ میں ایک پتر آپ کو دیا تھا، پرنتو انیک کارنوں سے اس ادیوگ میں سپھلتا نہیں ہوئی تھی۔ پرنتو میں زنتر پریتن میں لگا رہا، اور اب سدھی کے کچھ لکشن دکھائی دیتے ہیں۔ وہ سب کتھا پتر میں لکھنے کی آوشیکتا نہیں۔ آپ کے پاس شری یوکت کالی داس جی کا پتر آیا ہوگا، یا آج کل میں آوے۔ آپ یدی، جیسا گیات ہوا ہے، اپنا پریس اب تک پریاگ لے نہ گئے ہوں، تو اس وچار کو استھگت کر کے کپور صاحب کا پتر پا کر سویم دو تین دن کے لیے لکھنؤ پدھاریے۔ اکیلے آیئے، اور آکر میرے وچار میں کپور صاحب کے پاس ہی کالی چرن ہائی اسکول، ٹھاکر گنج روڈ میں ٹھہریے۔

اپنے پدھارنے کی سوچنا ایک کارڈ دوارا مجھے بھی دے دیجیے، تاکہ بنا بلائے ہی میں ٹھیک سمے پر اُپستھِت رہوں۔ کچھ باتیں آپ کو کپور صاحب کے پتر سے گیات ہو جائے گی، شیش کا گیان اور ان کے سمبندھ میں اپنا نشچے آپ یہاں پدھار کر کریں گے۔ یوگ اچھا ہے۔

آپ کو وِدِت ہو کہ امین آباد سے میں نے اپنی دُکان اٹھا لی ہے، اور اب سعادت گنج میں، گھر ہی پر رہتا ہوں۔

آپ کا، چندریکا پرساد جِگاسو

دیوان بنسی لال دھر کا خط

سنت کاریالہ، پریاگ،

08-06-1935

بزرگوارم، تسلیم، بہ صد تعظیم!

مودبانہ التماس ہے کہ رسالہ ''گھول رگری پروت'' بہ زبان اردو، ماہ جولائی، 1935 زیرِ ایڈیٹری مہا رِشی شیوورت لال جی، الہٰ آباد سے شائع ہوا کرے گا۔ نصف حصہ وہ خود کیا کریں گے، نصف حصہ کا بار میرے اوپر ہے، تاکہ اس عام مذاق میں مضامین داخل ہو سکے اور رسالہ مقبول عام ہو یہ میرا اپنا خیال ہے، اس کے لیے انھوں نے اجازت بھی دے دی ہے۔ مسلمانوں کے مضامین ایک بھی داخل نہ ہوں گے۔ آپ جیسے بزرگ وار رکن کے ہوتے ہوئے میرا یقین ہے کہ میں ضرور کامیاب ہوں گا اور آپ کو میرے اس کام میں ہمدردی بھی ہوگی۔ لہذا میری یہ استدعا ہے کہ ایک مضمون، جو آپ مناسب خیال فرمائیں، اس رسالہ میں دے کر امداد فرمائیں۔ میں اپنی خادمانہ خدمت کے لیے ہر وقت تیار ہوں۔ اس نمبر کے لیے کم از کم ایک قصہ، اگر ممکن ہو تو ''دھولا پروت'' پر تحریر ہو۔ آپ مناسب سمجھیں ضرور بھیج کر مشکور فرمائیں اور آئندہ کے لیے جیسا آپ مناسب سمجھیں، مطلع فرمائیں۔

خادم التحریر،

دیوان بنسی لال دھر

رازق الخیری کا خط

عصمت
کوچا چیلان، دلّی
13 جون، 1935

مکرمی، تسلیم!
ڈرامہ ملا۔ میں کئی ماہ پہلے اگر پرچہ مرتب نہ کر لیا کروں تو وقت پر شائع ہونا بہت مشکل ہے۔ دوسرے مضمون کا کئی روز انتظار کیا۔ آخر وہی افسانہ چھپنے بھیج دیا۔ اب سالگرہ نمبر کی چھپائی خاتمے کے قریب ہے۔ آپ فرمائیں تو چھپے ہوئے فرمے علی گڑھ بھیج دوں۔
یہ ڈرامہ آئندہ شائع ہو جائے گا۔ عنایت کا دلی شکریہ۔

خیر طلب، رازق الخیری

رام رکھ سنگھ سہگل (مدیر 'چاند') کا خط

The Chand Press Limited,
28, Edmonstone Road,
Chandralok, Allahabad
13th June. 1935

My dear Mr. Premchand,

Thank for your letter of no date with the manuscript of one act drama entitled 'Grih Niti'. The drama has been passed on to the editor for necessary action. Your remuneration of the previous story will be sent soon. Kindly excuse for the delay.

I hope you are O.K. With best regards.

Sincerely yours,
R. Saigal
General Manager

کنہیا لال مانک لال منشی کا خط

K.M. Munshi
111, Esplanade Road, Fort,
Bombay

15th July, 1935

My dear Premchandji,

You must have received the dummy sent by me. Will the Saraswati Press print the 'Hansa' in that size? Please send me the exact size of the cover page immediately so as to enable me to get a block prepared accordingly.

Yours
K.M. Munshi

P.S. : The Co. will be registered in a few days. No definite reply from Gandhiji yet.

آر. سنگھ کا پتر

The Ideal Films, Limited
22, Abbott Road,
Lucknow
Our Reference F-l/1041

Phone 159
Telegram-Pictures
18th June, 1935

Mr. Prem Chand,
Saraswati Press, Benares.

Dear Premchandji,

Please excuse me for breaking my silence after a very long time, this is due to the fact that everything was in its making, hence I could not give you the details of the working of my

Film Company. I am very desirous of meeting you as I want to discuss with so many things. Will you please find some time to come over to Lucknow at your earliest. An immediate visit will greatly oblige me. You are requested to let me know the details of your arrival so that I may be on the Station. I would suggest the 22nd of this month.

Yours Sincerely,
R. Singh

نروتّم پرساد ناگر کا خط

جون، 1935

شردھیہ پریم چند جی،

''لیکھک'' میں آپ کا لیکھ ''فلم اور ساہتیہ'' پڑھا۔ اس چیز کو لے کر ''رنگ بھومی'' میں اچھی خاصی Controversy چل چکی ہے۔ ''رنگ بھومی'' کے وے پتر آپ کو بھیجے بھی گئے تھے۔ پتا نہیں آپ نے انھیں دیکھا کہ نہیں۔ استو۔

آپ نے سنیما کے سمبندھ میں جو کچھ لکھا ہے، وہ ٹھیک ہے، ساہتیہ کو جو استھان دیا گیا ہے، اس سے بھی کسی کا مت بھید نہیں ہو سکتا۔ نشچے ہی سنیما تاڑی (؟) اور ساہتیہ دودھ(؟) ہے؛ پر اس چیز کو Generalise کرنا ٹھیک نہ ہوگا۔ سنیما کے لیے بھی اور ساہتیہ کے لیے بھی، ساہتیہ بھی اس تاڑی پن سے اچھوتا نہیں ہے۔ سنیما کو مات کرنے والے اداہرن بھی اس میں مل جائیں گے۔ ایک نہیں، انیک؛ اور ایسے ویکتیوں کے، جنھیں کے ساہتیک سنسار نے Recognise کیا ہے اور تو اور، پاٹھیہ کورس تک میں جن کی پُستکیں ہیں۔ اپنے سمرتھن میں مہاتما گاندھی کے واکیہ اُدّھرت کرنے ہوں گے کیا، جو کہ انھوں نے اندور ساہتیہ سمّیلن کے سبھا پتی کی حیثیت سے کہے ہیں؟ لیکن پرتیکشے کِم پرمانم۔ یہی بات سنیما کے ساتھ ہے۔ سنیما کے ساتھ تو ایک اور گڑبڑ ہے، وہ یہ کہ وہ بدنام ہے۔ آپ کے ہی شبدوں میں بھیک منگے سادھو، ویشیاؤں سے اچھے نہ ہوتے ہوئے بھی شرَدھا کے پاتر ہیں۔ شرَدھا کے پاتر ہیں، اس لیے Tolerable ہیں یا اتنے وِرودھ کے پاتر نہیں

ہیں، جنتا کہ ویشیائیں۔ اسی ترک شیلی کو لے کر آپ سِدھ کرتے ہیں کہ سنیما تاڑی ہے، اور دودھ دودھ۔ آپ نے ان دونوں کے درمیان ایک well marked & well defined line of difference کھینچ دی ہے۔

میرا آپ سے یہ سیدھانتِک مت بھید ہے۔ میرا خیال ہے کہ یہ وِچار دھارا ہی غلط ہے، جو اس طرح کی ترک شیلی کو لے کر چلتی ہے۔ کبھی زمانہ تھا، جب اس ترک شیلی کا زور تھا، سراہنا تھی؛ پر اب نہیں ہے۔ اس چیز کو اب اُکھاڑ پھینکنا ہی ہوگا۔

ایک جگہ آپ کہتے ہیں کہ ساہتیہ کا کام جنتا کے پیچھے چلنا نہیں، اس کا پتھ پردرشک بننا ہے۔ آگے چل کر آپ سادھو اور ویشیاؤں کی مثال دیتے ہیں۔ سادھو ویشیاؤں سے اچھے نہ ہوتے ہوئے بھی جنتا کی شردھا کے پاتر ہیں۔ یہاں آپ جنتا کی اس شردھا کو اپنے سمرتھن میں آگے کیوں رکھتے ہیں؟

آپ نے جو ساہتیہ کے اُدیش گِنائے ہیں، انھیں پورا کرنے میں سنیما ساہتیہ سے کہیں آگے جانے کی چھمتا رکھتا ہے۔ Utility کے درِشٹِ کون سے سنیما ساہتیہ سے کہیں ادھِک گراہیہ ہے؛ لیکن یہ سب ہوتے ہوئے بھی سنیما کی اُپیوگتا ُنپاتروں کے ہاتھوں میں پڑ کر دُرااُپیوگتا میں پرِنت ہو رہی ہے۔ اس میں دوش ''سنیما'' کا نہیں، ان کا ہے جن کے ہاتھ میں اس کی باگ ڈور ہے۔ ان سے بھی ادھِک ان کا ہے، جو اس چیز کو برداشت کرتے ہیں۔ برداشت کرنا بھی برا نہیں ہوتا، یدی اس کے ساتھ مجبوری کی شرط نہیں لگی ہوتی۔

گلے میں جَے مال پڑنے والی بات بھی بڑے مزے کی ہے۔ ''کتنے ہی ساہتکوں نے نشانے لگائے؛ پر شاید ہی کوئی مچھلی وِیدھ پایا ہو۔ جَے مال گلے میں کیسے پڑتی؟'' بہت خوب! جس چیز کے لیے ساہتکوں نے سنیما پر نشانے لگائے، وہ چیز کیا انھیں نہیں ملی، اپواد کو چھوڑ کر؟ آپ یا کوئی ساہتِک یہ بتانے کی کرِپا کریں گے کہ سنیما میں پرویش کرنے والے ساہتکوں میں سے ایسا کون سا ہے، جس کے سنیما پرویش کا مکھیہ اُدیش سنیما کو اپنے رنگ میں رنگنا رہا ہو؟ کیا کسی بھی ساہتک نے Sincerely اس اور کچھ کام کیا ہے؟ پھر جَے مال گلے میں کیسے پڑتی؟ مانا کے ساہتِک سنسار میں جَے مال اور سمراٹ کی اپادھِیاں ٹکے سیر ملتی ہیں؛ لیکن سبھی جگہ تو ان چیزوں کا یہی بھاؤ نہیں ہے۔ پہلے سنیما

جگت کو کچھ دیجیے، یا یوں ہی جے مال گلے میں پڑ جائے ؟ یا پھر ساہتک ہونا ہی گلے میں جے مال پڑنے کی Qualification ہے۔

آپ بمبئی میں رہ چکے ہیں۔ سنیما جگت کی آپ نے جھانکی بھی لی ہے۔ آپ کو یہ بتانے کی آوشیکتا نہیں کہ ہمارے ساہتک بھی، اپنی فلموں میں زردشٹ رُچی کا سماویش کرنے میں کسی سے پیچھے نہیں رہے۔ یا کہیں کہ آگے ہی بڑھ گئے۔ اوروں کو چھوڑ دیجیے، وے ساہتک بھی، جو کہ ایک طرح سے کمپنی کے سروے سروا ہیں، اپنے فلم میں دو سولڑکیوں کا نام رکھنے سے بعض نہ آئے، جو کہ بضد تھے کہ تالاب سے پانی بھرنے والے سین میں ہیروئن انڈرویر نہ پہنے رہی ہو آئے، اس سے چھیڑ کھانی کرے اور اس کا گھڑا چھین کر اس پر ڈال دے۔ بدن پر انڈرویر نہیں، وستر بھیگے، بدن میں چپکے اور ننگنتا کا پردرشن ہو۔ یہ سوجھ انھیں ساہتکوں میں سے ایک کی ہے، جن کے کہ آپ نے نام گنائیں ہیں۔ ......لیکن ایسی Black sheep majority میں، ساہتک کیا، اور سنیما کیا سبھی جگہ مل جائیں گی۔

آپ نے اپنے لیکھ میں ہولی، کجری اور بارہ ماسے کی پُستکوں کا ذکر کیا ہے۔ ان چیزوں کو ساہتیہ نہیں کہا جاتا ہے یا ساہتک انھیں Recognise نہیں کرتے، یہ ٹھیک ہے؛ لیکن ان کا استِتو ہے اور جس پریرنا یا امنگ کو لے کر انیہ کلاؤں کا سرجن ہوتا ہے، انھیں کو لے کر یہ ہولی، کجری اور بارہ ماسے آئیں ہیں؛ لیکن آپ کا انھیں اپنے سے الگ رکھنا بھی سووبھاوِک ہے (Utility کے ویکتی گت درِشٹی کون سے)۔ اسی طرح کیا آپ نے یہ جاننے کا کشٹ کیا ہے کہ سنیما جگت میں Classes & Masses دونوں کی اور سے کون کون سی کمپنیوں، کون کون سے ڈائریکٹروں کی گننا میں شانتا رام، دیوکی بوس اور چندو لال شاہ کے نام سنائی دیں گے تب پھر آپ کا یا کسی بھی ویکتی کا، جو بھی فلم یا کمپنی سامنے آجائے، اسی سے سنیما پر ایک slashing فتویٰ دینا کہاں تک سنگت ہے، یہ آپ ہی سوچیں۔ یہ تو وہی بات ہوئی کہ کوئی آدمی کسی لائبریری میں جاتا ہے۔ جس پُستک پر ہاتھ پڑتا ہے، اسے اٹھا لیتا ہے۔ اور پھر اسی کے آدھار پر فتویٰ دے دیتا ہے کہ ہندی میں کچھ نہیں ہے۔ بُرا کوڑا بھرا ہے۔ کیا آپ اس چیز کو ٹھیک سمجھتے ہیں؟

اب دو ایک شبد آپ کے مادک یا متوالاواد پر بھی۔ پہلی بات تو یہ کہ کیول

Utilitatian Ends کی درشٹی سے لکھا گیا ساہتیہ ہی ساہتیہ ہے، ایسا کہنا ٹھیک نہیں۔ ایسی رچنا کرنے کے لیے ساہتیک سے ادھک Propagandist ہونے کی ضرورت ہے۔ اتنا ہی نہیں کرنا، ان Ends کو پورا کرنے کے لیے انیہ سادھن موجود ہیں، جو ساہتیہ سے کہیں ادھک پربھاوشالی ہیں۔ تب پھر ساہتیہ کے استھان پر ان سادھنوں کو Preference کیوں نہ دیا جائے؟ اسے بھی چھوڑیے۔ Utilitarian Ends کو اپنانے میں کوئی حرج نہیں۔ انھیں اپنانا چاہیے ہی؛ لیکن کیا سچ مچ میں Sex appeal اتنا بڑا ''ہوّا'' ہے جتنا کہ اسے بنا دیا گیا ہے۔ کیا Sex appeal سے اپنے آپ کو، اپنی رچناؤں کو، پاک رکھا جا سکتا ہے؟ پاک رکھنا کیا سوبھاوِک اور سمبھو ہوگا؟ اپواد کے لیے گنجائش چھوڑ کر میں آپ سے پوچھنا چاہوں گا کہ آپ کسی بھی ایسی رچنا کا نام بتائیں، جس میں Sex appeal نہ ہو؟ Sex appeal بری نہیں ہے۔ وہ تو ہونی ہی چاہیے۔ لوہا تو ہمیں اس منوورتی سے لینی ہے، جو Sex appeal اور Sex Perversion میں کوئی بھید بھاؤ نہیں سمجھتی۔

اب سنیما سُدھار کی سمسیا پر بھی۔ یہ سمجھنا کہ جن کے ہاتھ میں سنیما کی باگ ڈور ہے، وے Initiative لیں، بھاری بھول ہوگی۔ یہ کام پریس اور پلیٹ فارم کا ہے؛ اس سے بھی بڑھ کر ان نویووکوں کا ہے جو سنیما میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ چونکہ میں پریس سے سنبندھِت ہوں اور فی الحال ایک سنیما پترِکا کا بھی سمپادن کر رہا ہوں، اس لیے میں نے اس دِشا میں قدم اٹھانے کا پریتن کیا۔

لیکھکوں تتھا انیہ ساہتیکوں کو Approach کیا۔ کچھ نے کہا سنیما سُدھار کی ذمے داری لیکھکوں پر نہیں ہے۔ (اپنے لیکھ پر دیے گئے ''لیکھک'' کے سمپادک کا نوٹ ہی دیکھیے)۔ کچھ نے اسے اسمبھو سا بتا کر چھوڑ دیا۔ سنیما سُدھار کی آوشیکتا تو سب محسوس کرتے ہیں، سنیما کا وِرودھ بھی جی کھول کر کرتے ہیں؛ پر کریاتمک سہیوگ کا نام سنتے ہی الگ ہو جاتے ہیں۔ صرف اس لیے کہ سنیما بدنام ہے۔ اور یہ چیز ہمارے روم روم میں دھنسی ہوئی ہے کہ ''بد اچھا بدنام برا''۔ کیا یہ وڈمبنا نہیں ہے؟ اس چیز کو دور کرنے میں کیا آپ ہماری سہایتا نہ کریں گے؟

یہ سب ہوتے ہوئے اس سنیما سُدھار کے کام کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں۔ نویووک لیکھکوں کے سینما گروپ کی یوجنا کے لیے زمین تیار ہو چکی ہے، وِسترِت یوجنا بھی شیگھر

ہی پرکاشت کر رہے ہیں۔ اس کے لیے ضرورت ہو گی ایک نشپکش سنیما پتر کی۔ جب تک نہیں نکلتا، تب تک کافی دور تک، ''رنگ بھومی'' ہمارا ساتھ دے سکتی ہے۔ میرا یہ نشچت مت ہے اور میں سگرو کہہ سکتا ہوں اس لحاج سے ''رنگ بھومی'' بھارتیہ سنیما پتروں میں سب سے آگے ہے۔ میں آپ سے انُرودھ کروں گا کہ آپ ''رنگ بھومی'' کی آلوچنائیں ضرور پڑھا کریں۔ پڑھنے پر آپ کو بھی میرے جیسا مت اِستھر کرنے میں ذرا بھی دیر نہ لگے گی، اس کا مجھے پُورن نشچے ہے۔

آشا ہے کہ آپ بھی سنیما گروپ کو اپنا آوشیک سہیوگ دے کر کرتارتھ کریں گے۔

آپ کا،

نروتم پرساد ناگر،

سمپادک ''رنگ بھومی''

('ہنس' جون، 1935)

رام پرساد کا خط

انسائیڈ لاہوری گیٹ، لاہور

جون، 1935

شری مان جی، نمستے!

کرپا پتر ملا۔ خیر، آپ اپنے فیصلے پر پھر غور کریں، کیونکہ ایک تو کساد بازاری، دوسرے اتنی اجرت بہت زیادہ ہے۔ دوسرے بک سیلر کے ساتھ آپ کا فیصلہ ایک روپیہ میں ہوا تھا، جس کا میں نے پہلے خط میں حوالہ دیا تھا۔ یہ نہیں کہہ سکتا کہ اس نے کچھ دیا ہے یا نہیں۔ اب بھی آپ ہم سے وہی ریٹ منظور فرما دیں۔ ایک آدھ کتاب شائع کر کے تو فائدہ نہ ہوگا۔ لگاتار آپ سے پانچ چھ کتب لکھائی جاوے گی، اور شائع کی جاوے گی، جس سے آپ کو کافی فائدہ ہوگا، مگر پختہ فیصلہ پہلے ہو جانا بہتر ہے، تاکہ بار بار کا جھگڑا نہ رہے۔ ایک روپیہ اردو کے لیے اور ہندی کے لیے ڈیڑھ روپیہ لگائیں، یہ کسی بھی حالت میں کم نہیں ہے۔ میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ آپ کی قلم سے لکھا ہوا ایک ایک شبد نایاب ہے۔ اس کی کوئی قیمت ادا نہیں کر سکتا۔ اس وجہ سے آپ کو بار بار لکھتے ہوئے

بھی خیال ہوتا ہے کہ اجرت یہ لے لو یا وہ لے لو۔ خیر، آپ نے ایک اولین حساب بتلایا ہے کہ مجھے اتنا روپیہ مل جائے گا۔ جناب اعلی، ہمارا بھی تو خیال رکھا جاتا کہ پبلیشر کو کتنا فائدہ ہوگا۔:

300 صفحہ، 19 کاپی، اجرت آپ کے حساب سے ڈھائی روپیہ فی صفحہ	750
کاغذ 19 کاپی کے لیے فی ریم 10 روپیہ 38 ریم	380
	240
چھپوائی ہندی	500
ایڈورٹائزمینٹ، ریویو وغیرہ کے لیے 4 آنے فی کاپی	30
دفتری، بلاک، ڈیزائن ٹائیٹل چھپوائی، کاغذ کا خرچہ وغیرہ	200
دو ہزار روپیہ کا دو سال کا بیاج اگر کتاب دو سال میں بک جائے	240
ٹوٹل	**2340**

خیال فرماویں ایک کاپی ایک روپیہ تین آنے میں پڑی۔ اس کے علاوہ دو روپیہ قیمت پر 33 فیصد، (11 آنے فی کاپی) کمیشن تاجرانہ سے کیا کم ہوگا؟ اب آپ وِچار کریں کہ پبلیشر کو کیا فایدہ ہوا؟ حالانکہ ہندی میں چھپی ہوئی کتابوں پر ہندی پستک ایجنسی، کلکتہ والے 40% کمیشن سو روپے کی کتاب خریدنے پر دیتے ہیں۔ اس واسطے آپ برائے مہربانی منظور فرما دیں جس سے جلد کام شروع ہو۔

دوبارہ غور فرمائیں۔

جواب کا منتظر۔

رام پرساد

رام پرساد کا خط

لاہور

جون، 1935

شری مان جی، نمستے!

پتر آپ کا ملا۔ میں نے تو یہ بتلایا تھا کہ لاہور کے ایک دکاندار کے ساتھ آپ کا

''نجات'' نامی کتاب کے لیے ایک روپیہ فی صفحہ اجرت دائمی کاپی رائیٹ کا مکرر ہوا تھا۔ یہ مجھے پتہ نہیں، اس نے آپ کو کچھ دیا یا نہیں۔ اگر اس نے نہیں دیا تو آپ قانونی چارہ جوئی کر کے ایک دن میں وصول کر سکتے ہیں۔ آپ کی بھیجی ہوئی کتاب ''بیوا'' بھی اس کے پاس تھی۔ شاید اس نے آپ سے خرید کی ہوگی یا کمیشن سیل پر فروخت کے لیے منگوائی ہوگی۔ اس کا بھی کچھ نہ دیا ہو تو آپ کی غفلت ہے۔ قانون کا دروازہ کھلا ہے۔ آپ اس سے وصول کر سکتے ہیں۔ بنارس میں ہی دعویٰ کر دیں اور ڈگری لے کر لاہور ہمارے پاس چلے آئیں۔ فوراً سے پیشتر وصول ہوتا ہے یا نہیں۔ اگر وہ خط کا جواب ہی نہیں دیتا تو یہ اس کا کمینہ پن ہے۔ اپنی محنت کے دام آپ پورے وصول کریں۔ سیدھی طرح خط و کتابت سے وہ دے گا نہیں۔ آپ یہ طریقہ کریں، دس روپیہ خرچ ہوگا ضرور، مگر آئندہ کے لیے کسی دوسرے بک سیلر کے لیے یہ ہمت نہ ہوگی کہ آپ سے ایسا کرے۔ درگذر نہیں کرنا چاہیے۔ اپنے ارادوں سے مجھے مطلع کریں۔ اگر آپ پہلے نوٹس دے دیویں تو بہت اچھا ہے۔ امید ہے، نوٹس آتے ہی شاید فیصلہ ہو جائے۔ اس کو پرائیویٹ خیال فرماویں۔

نیاز مند، رام پرساد

کنہیا لال مانک لال منشی کا خط

K.M. Munshi
111, Esplanade Road, Fort,
Bombay

22nd June, 1935

My dear Premchandji.

Your letter to hand. I could not write to you earlier because of my inability to come to any decision. I have written to Gandhiji and I am expecting a reply in a day or two, when I will definitely write to you.

I also heard that you are thinking of stopping 'Hans'. Is there any truth in it?

The idea is that we must have a magazine solely devoted to this idea of an All India literature. If you place the whole magazine at the disposal of this idea, my concrete suggestions are these :

(1) 'Hans' should be made into a hundred page magazine.

(2) It should be solely devoted to this idea.

(3) You should associate with yourself some appointed by the committee as a co-editor. Perhaps it may be me.

(4) You should own and manage the magazine as now. I will at my cost maintain here an office for collecting articles from different places and for sending them to you. Our Hindi here will have to be retouched by some one from there.

(5) The subscription should be raised from Rs. 3-80 to Rs. 5/-.

(6) At the end of one year I will meet the deficit not exceeding one thousand rupees. If there is any profit you keep it to yourself.

(7) At the end of the year we shall revise the terms.

Yours Sincerely,
K.M. Munshi

نروتّم پرساد ناگر کا خط

''چِتر پٹ'' میگزین
بازار سیتارام، دلّی

02-07-1935

شردھیہ پریم چند جی، سادر وندے!

''ہنس'' میں اپ نے میرا پرتیواد اور اپنا اُتّر چھاپنے کی کرِپا کی ہے۔ اس کے لیے

کرتگیہ ہوں۔ چونکہ میں اپنی پہلی جولائی سے ''رنگ بھومی'' سے ''چترپٹ'' میں آ گیا ہوں، اتہ آپ کا لیکھ، اپنا پرتیواد، آپ کا اُتّر تتھا اپنا پرتیوتّر ''چتر پٹ'' کے اسی انک میں دے رہا ہوں۔ آپ کی وِچار دھارا اور سِدھانت جن زنیوں پر پہنچتے ہیں، وہیں پر میں بھی پہنچتا ہوں، لیکن اصلی کام تو وہاں پر پہنچنے کے بعد شروع ہوتا ہے۔ آپ کے کتھانوسار یدی چلا جائے تو ہم ایک قدم بھی آگے نہیں بڑھ سکتے۔ آپ کلنک کوہیَہ مانتے ہیں، اس کے پرتی آپ کے ہردیہ میں گھرنا ہے، اور جس کے ماتھے پر یہ دھبّہ ہے کبھی اس سے بری نہیں ہوسکتا؛ تب کوئی کرے ہی کیا؟ کرے بھی تو اسے ''غنیمت'' سمجھے، اُڑتے ہوئے سے روپ میں......۔ ''کلنک'' کے پرتی یدی سبھی اتنا سہانوبھوتی ہین attitude اختیار کر لیں، تو ''سُدھار'' جسے کہتے ہیں، اسے اس سنسار سے وِدا ہونا پڑے۔ جو بھی ہو، اس چیز پر وِسترِت روپ سے ''چتر پٹ'' میں لکھ رہا ہوں۔ آشا ہے کہ آپ اس پر سہانوبھوتی پوروک وچار کرنے کی کرِپا کریں گے۔

ایک بات اور! ''چتر پٹ'' کا پچھلا انک آپ کو مل گیا ہوگا۔ اس میں میرا ایک لیکھ ہے ''سنیتا اور جتیندر جی''۔ کرِپیا لکھیے کے آپ اسے پڑھ کر سنیتا اور جتیندر جی کے بارے میں کچھ جان جاتے ہیں کہ نہیں؟ کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ میں بہت swift لکھتا ہوں، details پر دھیان نہیں دیتا۔ پھلتہ average reader میرے ساتھ دوڑنے میں کچھ پیچھے رہ جاتا ہے۔ اس لیے میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں۔

پتروتر اوشیہ دیں۔ شیگھ کرِپا۔

آپ کا،
نروتّم پرساد ناگر

عشرت رہمانی دلّی کا خط

Prop. &
I.A..K
Ishrat Rahmani
Ref. No. 786

Editor The Nairang
an Urdu Monthly of Art &
Literature for Cultured Tast
Dated 13.8.35

مکرم!

تسلیم اور نیاز مزاج گرامی،

اس کے عرض کرنے کی ضرورت غالبن نہیں کہ اردو رسالوں کا اور ان کا، جن میں زمانے کی رفتار کے مطابق رتبویاس)آشا، نراشا، اونچ، نیچ) نہ سما سکتا ہو، آج کل زندہ رہنا کس قدر دشوار ہے۔ اب صرف عرض کرنا یہ ہے کہ اپنے رسالے کا ایک خاص نمبر 'افسانہ ایڈیشن' اس ترتیب سے شائع کر رہا ہوں کہ دنیا بھر کی تمام زبانوں کے افسانے اس میں شامل ہوں اور خدا کا فضل ہے کہ نمبر کی ترتیب میں بہت کچھ کامیابی نصیب ہو رہی ہے۔ غیر ملکی مصنفوں)لیکھکوں) کے تازہ افسانے بھی حاصل کر لیے ہیں۔ اس کے خاص تراجم (انواد) شائع کر رہا ہوں۔ اردو افسوں میں اُوریجنل قصے علامہ رشیدالخیری، خواجہ حسن نظامی اور منشی پریم چند کے شائع کرکے اس ایڈیشن کو اعلیٰ ترین (سروشریشٹھ) بنانے کا آرزومند ہوں۔ اول الذکر ہر صاحب سے حاصل کر چکا ہوں۔ اب آپ کی التماس ہے کہ قدیم نیاز مندی کا لحاظ فرما کر جس طرح بھی ممکن ہو ایک کہانی اولیں فرصت میں مرحمت فرما دیجیے۔ اب کامیابی کا انحصار آپ کی توجہ پر ہے، اور آپ کی توجہ کا منتظر ہوں، مایوس نہ کیجیے۔

نیاز مندر

عشرت رحمانی

راج موہن لال، کمپوزیٹر کا خط

سرسوتی پریس، بنارس

26-08-1935

شری مان سمپادک جی، سادر پرنام!

سوِنیے نیویدن ہے کہ ابھی تک ہماری جون ماس کی تنخواہ نہیں ملی۔ اس کا کارن یہ ہے کہ شری مان منیجر صاحب کہتے ہیں کہ ہم نے ایک وِگیاپن ہندی گرنتھ رتناکر کاریالہ کا دیا تھا، جو کہ جون ماس میں چھپنے والا تھا۔ کِنتو میں وِشواس پوروک کہہ رہا ہوں، انھوں نے مجھے وِگیاپن نہیں دیا۔ مگر ان کے کہنے پر تھا اپنا افسر سمجھ کر بے ارتھ جھگڑا بڑھنے کے خیال

سے سویکار کر لیا کہ شاید آپ دیے ہوں گے۔ اس پر شری مان جی نے 5 روپیہ جرمانہ کر دیا ہے، جس سے ابھی تک حساب رکا ہے۔ اگر مان لیجیے کہ ہماری بھول ہے تو بھی آفس کا خیال کر کے آپ لوگوں کو شما کرنا چاہیے۔ بھول منشیہ سے اکثر ہو جاتی ہے۔ یدی ایک معمولی بھول پر شما نہ کیا جائے گا، تو ہم غریبوں کا کس طرح سے نرواہ ہوگا۔ منیجر صاحب سے ہم نے شما کرنے کے لیے پرارتھنا کیا ہے؛ کنتو اس سے ونچت رہا۔ اس لیے آپ سے وِنے کر رہا ہوں کہ آپ ہم لوگوں کے مالک اور پوشک ہیں۔ اس پر اوشیہ ہی اُچت وِچار کریں گے۔ ایک دھرشٹتا میں آپ سے بھی کر رہا ہوں کہ اکتوبر ماس کی تنخواہ نہ ملنے سے ہم نے چھوٹے بھائی کی فیس جمع کرنے کے لیے، پتا کے انجانے میں ایک سجن سے لون لے کر کام چلا لیا تھا، جس کا کہ آج تک سود دے رہا ہوں؛ کنتو پریس کی استھتی دیکھ کر مانگ نہ سکا، کیونکہ یہ آنکھوں دیکھ رہا ہوں کہ ادھر استھتی خراب ہے۔ یہ دیکھ کر خود ہی مانگنے میں سنکوچ ہوتا ہے۔ آشا ہے آپ اس پر پورن روپ سے وِچار کر فائن معاف کرنے کی اُچت کرِپا کریں گے۔

پرارتھی،

راج موہن لال

(پتر پر پریم چند جی کا نوٹ لکھا ہے۔ ان کا فائن شما کر دیجیے۔ دھن پت رائے)

پرواسی لال ورما کا خط

کاشی

15-02-1936

پریہ بھائی صاحب،

آپ نے پنچایت کے لیے سویکار کیا تھا۔ میں سب ٹھیک کر چکا ہوں۔ اب آپ اپنی اور کے پنچوں کو ٹھیک کر کے سمے دیجیے کہ کس دن آپ کو سووِدھا ہو گی۔ استھان پریس ہی رہے گا، یا پنچوں کی اِکشانوسار۔ اُتر اسی سمے دینے کی کرپا کیجیے۔

پرواسی لال

ماکھن لال چترویدی کا خط

دی کرم ویر، کھنڈوا،

تقریباً مئی، 1936

میرے دیش کے یگ میں ''بہت کچھ''

پرنام!

کرِپا پتر ملا۔ اگامی 13 جون تک کانگریس کے ممبروں کی فہرست پوری ہونی ہے۔ میں مارا مارا یہاں وہاں گھوم کر پونیہ سنچیہ کر رہا تھا، آپ کے کرِپا پتر کا اُتر کہاں سے دے پاتا؟ کرِپیا آپ ''ہنس'' کی وہ سنکھیا بھجوا دیں، جس میں آپ نے انترپرانتیہ ساہتیہ سنگھ پر کچھ لکھا ہے۔ وہ سنکھیا میرے پریس سے غائب ہے۔ اپریل کی سنکھیا ہے شاید۔ آپ کی کہانیوں اور لکھاوٹوں کے چاہک بھلے آدمیوں نے، میرے پاس آپ کی کرِتیاں نہ رہنے دیں۔ پھر ''ہنس'' وے کیوں چھوڑنے چلے! آدمیوں پر ناراض ہو کر رہ گیا۔ ہاں، یدی ''اردو، ہندی اور ہندستانی'' نِبندھ پر سے ہی لکھنا ہے، تو ضرور ایک نوٹ لکھ دوں۔

میں آپ کا فوٹو ابھی تک نہ بھیج سکا، چھما کریں۔ جلدی ہی بھجواؤں گا۔ ''اردو، ہندی اور ہندستانی'' چھوٹے روپ میں چھپی اس کی ہزار پرتیاں سمّیلن میں چھوٹے رام نے بٹوائیں، اس آشا سے کہ آپ آجاویں گے۔ اس کی ایک پرتی اس پتر کے ساتھ بھیجتا ہوں۔ کہیے تو، دوسری بار چھپوا کر آپ کے پاس بھیج دوں۔ آپ کے آنے کی پرتیکشا میں پُستک بنٹ گئی۔ مجھ سے بِنا ہی پوچھے۔

آپ کا اپنا، ماکھن لال

اعظم کریوی کا خط

اسلام آباد، کوئٹہ، بلوچستان

21/اکتوبر

محبی و مشفقی، تسلیم!

مجھے حال میں آپ کے کئی ناولوں (ہندی) کو پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ کل ''کایاکلپ''

ختم کی۔ فضول تعریف کرنا میرا شیوہ نہیں ہے لیکن ''کایاکلپ'' پڑھ کر میرے دل پر جو اثر ہوا اس کا اظہار نہ کرنا بھی ظلم ہے۔ یوں تو ''چکردھر''، ''منشی جی'' اور ''منورما'' غرض کہ ناول کے تمام افراد کا نقشہ آپ نے نہایت خوبی سے کھینچا ہے لیکن سب سے زیادہ جس کی سیرت نے میرے دل پر اثر کیا ہے وہ ''لونگی'' ہے۔ آپ نے اس کا اتنا نیچرل کیریکٹر دکھایا ہے کہ مستغنی از داد ہے۔

وطن کی طرف آنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ اگر میرے حسب منشا لکھنؤ کا تبادلہ ہوگیا تو شرف نیاز حاصل کروں گا۔

عقیدت کیش

اعظم کریوی

کنہیالال منشی کا خط

پر یہ بھائی پریم چند جی!

آپ تو اندور نہیں آئے۔ لیکن بھائی جتیندر پرساد آدی نے مل کے ہماری یوجنا کو آگے بڑھائی۔ اس کا پرینام ایک پرستاؤ سے آیا جس سے آنتر پرانتیہ پریشد بلانے میں سُگمتا ہوگی۔ اب سوال رہا ماسک پتر کا۔ جتیندر کمار نے کہا تھا کہ آپ 'ہنس' کو اس کام میں دے دیں گے۔ یدی آپ 'ہنس' کو اس پرورتی کا مکھ پتر بنا سکتے ہوں تو ہمارا کام بہت ہی سرل ہوجائے گا۔ آپ مجھے شیگھر لکھیے گا کہ اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔ گاندھی جی بھی اس بابت میں بڑے پرسن ہیں اور اچھا سہکار دے دیں گے، ایسی مجھے آشا ہے۔ آپ کا اتر کی راہ دیکھتا ہوا۔

میں دو دن میں پنچ گنی جارہا ہوں۔ وہاں پتر بھیجئے گا۔

(مول پتر ہندی میں ہی ہے۔ اسے جیوں کا تیوں دیا جارہا ہے)

بھودیے

کنہیالال منشی

انووادک منڈل کی آوشیکتا

ہندی میں دینک پتروں کا مُولیہ دو پیسے سے ادھک نہیں ہے۔ جب انگریزی پتر 16-20 پرشٹھوں کے چار پیسے میں ملتے ہیں تو ہندی کے آٹھ پرشٹھوں کے پتر کے لیے دو پیسے سے زیادہ جنتا کیوں خرچ کرنے لگی۔

بکری کا دام تو ہے دو پیسے لیکن کٹھینائیاں کتنی ہیں؟ 'روٹر' 'ایسوسی ایٹیڈ' 'فری پریس' سبھی خبر پہنچانے والی سنستھائیں تار دوارا خبریں بھیجتی ہیں۔ انگریزی پتر تار پاتے ہی اس کو دیکھ بھال کر کچھ ورام چنہ گھٹابڑھاکر یا ضرورت کے مطابق تار کو کاٹ چھانٹ کر کمپوز کرنے کے لیے بھیج دیتے ہیں۔ ہندی پتروں میں ان تاروں کا ہندی میں ترجمہ ہونا چاہیے۔ اس کے لیے 4 سے 6-8 تک انووادک رکھے جاتے ہیں۔ تار ملا ہے دس بجے یا گیارہ بجے رات کو۔ اسے ایک بجتے بجتے کمپوزنگ میں چلا جانا چاہیے۔ نہیں تو وہ چھپ نہ سکے گا۔ اسی گھنٹے دو گھنٹے میں انووادک کو تیزی کے ساتھ اپنا کام کرنا پڑتا ہے۔ خبر چھوٹی سی ہوئی تو کوئی بات نہیں۔ لیکن کہیں وہ وائسرائے یا مہاتما گاندھی کی اسپیچ ہوئی یا اسمبلی یا کونسل کے بیٹھک کی رپورٹ ہوئی تو ایک دو، تین، چار کالموں کی خبر ہوسکتی ہے۔ اور ایک گھنٹے کے اندر اس کا انوواد ہونا پرماوشیک ہے، نہیں تو وہ خبر رہ جائے گی۔ ایسی ہڑبڑی میں انوواد کیسا ہوگا اس کا انومان کیا جاسکتا ہے۔ واکیہ کے واکیہ اور پیرے کے پیرے چھوڑ دینے پڑتے ہیں اور بھاشا اتنی الجھی ہوئی، اتنی بے سرپیر کی ہوجاتی ہے کہ بہودھا اس کا مطلب سمجھنے کے لیے انومان سے کام لینا پڑتا ہے۔ یہ کٹھینائی سبھی بھاشا پتروں کے سامنے ہے۔ ایک تو ہندی پتر دو پیسے میں بکیں، دوسرے انوواد کوں کا ویتن دے۔ تو وہ کیوں نہ گھاٹے میں چلے اور کیوں نہ اس کا جیون سنکٹ مے ہو۔ دردرتا کے کارن پتروں کو سویوگیہ انوواد ک بھی نہیں ملتے۔ جب چالیس روپے سے لے کر پچاس، ساٹھ، ستر، اسّی روپے تک انوواد کوں کا ویتن ہوگا تو پھر ایسے آدمی کہاں سے آئیں گے جو سندر انوواد کر سکیں۔ انوواد کرنا آسان کام نہیں ہے۔ ایک ایک شبد کے لیے گھنٹوں دماغ ٹٹولنا پڑتا ہے اور دماغ سے کام نہ چلنے پر کوش کے ورق الٹنا پڑتے ہیں۔ میرا وچار ہے کہ سُویم کوئی لیکھ لکھنا آسان ہے، انوواد کرنا کٹھن ہے اور یہ کام ہم تھوڑے ویتن کے کرمچاریوں سے لینے پر مجبور ہیں۔

کنتو آج کل کوئی سماچار پتر کیول خبروں ہی کے بل پر سپھل نہیں ہوسکتا۔ اس میں جنتا اور بھی چیزیں چاہتی ہے، جس سے اس کا وچار پھیلے، اس کی جانکاری بڑھے، اس کے بھاؤں کا پرشکار ہو، وہ سنسار کے وچار پرواہ میں مل سکے۔ ایسے لیکھ دو پیسے کے پتر میں کہاں سے آویں۔ ان کی ساری شکتی خبروں کے انوواد کرنے میں ہی خرچ ہوجاتی ہے۔ اس لیے یہ عام شکایت سننے میں آتی ہے کہ ہندی پتروں میں کچھ ہوتا نہیں۔ ہندی پتر وہی پڑھتا ہے جو انگریزی نہیں جانتا، اور آج کل جو کچھ پڑھا لکھا ہے وہ کچھ انگریزی بھی جانتا ہے۔ ایسے ہندی جاننے والے جو انگریزی بالکل نہ جانتے ہوں ادھک نہیں ہیں۔ اور جو سمپنّیہ ہیں وہ تو انگریزی اوشیہ ہی جانتے ہیں۔ جنتا کو ہندی پتروں سے پریم ہے اوشیہ، مگر جب اسے اس میں سنتوش جنک مسالہ نہیں ملتا تو وہ ووش ہوکر انگریزی پتر پڑھتی ہے۔ انگریزی ویاپک بھاشا ہے۔ اس کے دوارا آپ سنسار کی سیر کرسکتے ہیں۔ روس، جرمنی، فرانس آدی دیشوں کے وچارک اور وِدوان کیا کہتے ہیں یہ جاننے کے لیے آپ کو انگریزی پتر پڑھنا انیوار یہ ہے۔ اگر ہم ان لیکھوں کو ہندی پتروں میں دے سکیں تو ان پتروں کی اپیوگتا، منورنجکتا اور ویاپکتا بہت بڑھ جائے۔ مگر ایسے لیکھوں کا انوواد کرنا ہندی پتروں کے سامرتھ سے باہر ہے۔ خبروں کا ٹیڑھا سیدھا انوواد کر دینے سے بھی کام چل جاتا ہے، لیکن ایک کنووکیشن ایڈریس کا انوواد تو سوچ سمجھ کر ہی کرنا پڑے گا۔ اسی لیے ہمیں ایک انوادک منڈل کی آوشیکتا ہے۔ اس منڈل کا یہ کام ہو کہ وہ پچھمی پتروں سے وچار پورن گیان وردھک لیکھوں کا انوواد کرکے ہندی پتروں کو دے۔ یہ ضروری نہیں کہ منڈل کے سبھی کام کرنے والے اپنا پورا سمے دے سکیں۔ اپنے مکھیہ کام کے ساتھ وہ منڈل میں کچھ سہیوگ دے سکتے ہیں۔ لیکن کچھ ایسے آدمیوں کی ضرورت تو ہوگی ہی جو اپنا پورا سمے دے سکیں۔ اگر منڈل کو ایسے آدمیوں کی سہایتا مل سکے جو فرنچ، جرمن اور انگریزی آدی جانتے ہوں تو کیا کہنا۔ منڈل سنسار بھر کے مکھیہ پتر منگائے، یہ نشچے کرے کہ کون کون سے پتر، کون کون سے لیکھ سویکار کرتے ہیں۔ یا یہ ہوسکتا ہے کہ منڈل پتروں سے ماسک چندا طے کر لے اور روز روز کی انوواد سامگری پتروں کے پاس بھیج دیں۔ پتر اپنی سُویدھا، اوکاش، اور روچی کے انوسار جو انوواد چاہے پرکاشت کرے۔ اس طرح کی سامگری دینے سے ہندی پتروں کی کھپت بڑھ سکتی ہے اور سنبھو ہے کہ وہ بھی اپنا مولیہ

ایک آنا کر سکیں۔ تبھی وہ انگریزی پتروں کا سامنا کر سکتے ہیں اور تبھی ان کا آدر ہوگا۔

ارجن

کنہیالال منشی کا خط

پریہ بھائی پریم چند جی،

آپ تو اندور نہیں آئے۔ لیکن بھائی جیندر پرساد آدی نے مل کر ہماری یوجنا کو آگے بڑھائی۔ اس کا پرینام ایک پرستاؤ سے آیا جس سے آنتر پرانتیہ پریشد بلانے میں سگمتا ہوگی۔ اب سوال رہا ماسک پتر کا۔ جیندر کمار نے کہا تھا کہ آپ 'ہنس' کو اس کام میں دے دیں گے۔ یدی آپ 'ہنس' کو اس پرورتی کا مکھ پتر بنا سکتے ہوں تو ہمارا کام بہت ہی سرل ہوجائے گا۔ آپ مجھے شیگھر لکھیے گا کہ اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔ گاندھی جی بھی اس بابت میں بڑے پرسن ہیں اور اچھا سہکار دے دیں گے، ایسی مجھے آشا ہے۔ آپ کا اتر کی راہ دیکھتا ہوا۔

بھودیہ

کنہیالال منشی

میں دو دن میں پنچ گنی جا رہا ہوں۔ وہاں پتر بھیجیے گا۔

انٹرویوز

(1)

بنام بنارسی داس چترویدی کے سوالات

(پنڈت بنارسی داس چترویدی نے 11 مئی 1930 کو کولکتہ سے پتر لکھتے ہوئے پریم چند کو سات سوال بھیجے تھے، جن کا جواب پریم چند نے 3 جون 1930 کو لکھے خط میں دیا تھا۔)

چترویدی : آپ نے گلپ لکھنا کب پرارمبھ کیا؟

پریم چند : میں نے 1907 میں گلپ لکھنا شروع کیا۔ سب سے پہلے 1907 میں میرا 'سوزِ وطن' جو پانچ کہانیوں کا سنگرہ ہے، زمانہ پریس سے نکلا تھا۔ پر اسے ہمیر پور کے کلکٹر نے مجھ سے لے کر جلوا ڈالا تھا۔ ان کے خیال میں وہ وِدروہ آتمک تھا۔ حالانکہ تب سے اس کا انوواد کئی سنگرہوں اور پتریکاؤں میں نکل چکا ہے۔

چترویدی : اپنی کون کون سی گلپ آپ کو سروتّم لگتی ہے؟

پریم چند : اس پرشن کا جواب دینا کٹھن ہے۔ 200 سے اوپر گلپوں میں کہاں تک چُنوں۔ لیکن سمرتی سے کام لے کر لکھتا ہوں۔ (1) بڑے گھر کی بیٹی، (2) رانی سارندھا، (3) نمک کا داروغہ، (4) سوت، (5) آبھوشن، (6) پرائشچت، (7) کامنا تُرد، (8) مندر اور مسجد، (9) گھاس والی، (10) مہاتیرتھ، (11) ستیاگرہ، (12) لانچھنی، (13) ستی، (14) لیلا، (15) منتر۔

'منزلِ مقصود' نامک اردو کہانی بہت سندر ہے۔ کتنے ہی مسلمان متروں نے اس کی پرشنسا کی ہے۔ پر ابھی تک اس کا انوواد نہیں ہوسکا۔ انوواد میں بھاشا سارسیہ غائب ہوجائے گا۔

چترویدی : آپ کی لیکھن شیلی پر دیسی یا بدیسی کن کن گلپ لیکھکوں کی رچنا کا پربھاؤ پڑا ہے؟

پریم چند : میرے اوپر کسی وشیش لیکھک کی شیلی کا پربھاؤ نہیں پڑا۔ بہت کچھ پنڈت رتن ناتھ لکھنوی اور کچھ کچھ ڈاکٹر رویندر ناتھ ٹھاکر کا اثر پڑا ہے۔

چترویدی : آپ کو اپنے گرنتھوں سے، رچناؤں سے کیا ماسک آے ہو جاتی ہے؟

پریم چند : آے کی کچھ نہ پوچھیے۔ پہلے کی سب کتابوں کا اُدھکار پرکاشکوں کو دے دیا۔ پریم پچیسی، سیواسدن، سپت سروج، پریم آشرم، سنگرام، آدی کے لیے ایک مشت تین ہزار روپے ہندی پستک ایجنسی نے دیا، 'نودھی' کے لیے شاید اب تک دو سو روپے ملے ہیں۔ 'رنگ بھومی' کے لے 1800 روپیہ دلارے لعل نے دیے۔ اور سنگرہوں کے لیے 100، 200 روپے مل گئے۔ کایا کلپ، آزاد کتھا، پریم تیرتھ، پریم پرتیا، پرتگیا، میں نے خود چھاپا۔ پر ابھی تک مشکل سے 600 روپے وصول ہوئے ہیں اور پرتیاں پڑی ہوئی ہیں۔ پھٹکر آمدنی لیکھوں سے شاید 25 روپے ماہوار ہوجاتی ہو۔ مگر اب اتنی بھی نہیں ہوتی۔ میں اب 'ہنس' اور 'مادھوری' کے سوا کہیں لکھتا ہی نہیں۔ کبھی کبھی 'وشال بھارت' اور 'سرسوتی' میں لکھتا ہوں بس اردو انوادوں سے بھی اب تک شاید 2 ہزار سے اُدِھک نہ ملا ہوگا۔ 800 روپے میں رنگ بھومی اور پریم آشرم دونوں کا انوواد کرادیا تھا۔ کوئی چھاپنے والا ہی نہیں ملتا تھا۔

چترویدی : ہندی میں گلپ ساہتیہ کی ورتمان پرگتی کے وشے میں آپ کے کیا وچار ہیں؟

پریم چند : ہندی میں گلپ ساہتیہ ابھی اتینت پرارمبھک دشا میں ہے۔ کہانی لکھنے والوں میں سُدرشن، کوشک، جینندر کمار، اُگر، پرساد، راجیشوری یہی نظر آتے ہیں۔ مجھے جینندر اور اُگر میں مَولِکتا اور باہُلیہ کے چِنہہ ملتے ہیں۔ پرساد جی کی کہانیاں بھاواتمک ہوتی ہیں۔ Realistic نہیں۔ راجیشوری اچھا لکھتے ہیں مگر بہت کم۔ سدرشن جی کی رچنائیں سُندر ہوتی ہیں۔ پر گہرائی نہیں ہوتی۔ اور کوشک جی اکثر باتوں کو بےضرورت بڑھا دیتے ہیں۔ کسی نے ابھی تک سماج کے کسی وشیش انگ کا وشیش روپ سے اَدھئین نہیں کیا۔ اُگر نے کیا مگر بہک گئے۔ میں نے کرشک سماج کو لیا۔ مگر ابھی کتنے ہی ایسے سماج پڑے ہیں۔ جن پر روشنی ڈالنے کی ضرورت ہے۔ سادھوؤں کے سماج کو کسی نے اِسپرش تک نہیں کیا۔ ہمارے یہاں کلپنا کی پردھانتا ہے۔ انوبھُوتی کی نہیں۔ بات یہ ہے کہ ابھی تک ساہتیہ کو ہم وِوسائے کے رُوپ میں نہیں گرہن کرسکے۔ میرا جیون تو آرتھک دِرشٹی سے اسپھل ہے اور رہے گا۔ 'ہنس' نکال کر میں نے کتابوں کی بچت کا بھی وارا نیارا کردیا۔ یوں شاید اس سال چار پانچ سو مل جاتے۔ پر اب آشا نہیں۔

چترویدی: آپ کی رچناؤں کا انواد کن کن بھاشاؤں میں ہوا ہے؟

پریم چند: میری رچناؤں کا انوواد مراٹھی، گجراتی، اردو، تامل، بھاشاؤں میں ہوا ہے۔ سب کا نہیں۔ سب سے زیادہ اردو میں، اس کے بعد مراٹھی میں۔ تامل اور تیلگو کے کئی سجنوں نے مجھ سے آگیاں مانگی جو میں نے دے دی۔ انوواد ہوا یا نہیں۔ میں نہیں کہہ سکتا۔ جاپانی میں تین چار کہانیوں کا انوواد ہوا ہے۔ جس کے مہاشے سبھروال نے مجھے ابھی کئی دن ہوئے 50 روپے بھیجے ہیں۔ میں ان کا ابھاری ہوں۔ دو تین کہانیوں کا انگریزی میں انوواد ہوا ہے۔ بس۔

چترویدی: آپ کی آکانکچھائیں کیا ہے؟

پریم چند: میری آکانکچھائیں کچھ نہیں ہیں۔ اس سمے تو سب سے بڑی آکانکچھا یہی ہے کہ ہم سوراجیہ سنگرام میں وِجئی ہوں۔ دھن یا یَش کی لالسا مجھے نہیں رہی۔ کھانے بھر کومل ہی جاتا ہے۔ موٹر اور بنگلے کی مجھے ہَوس نہیں۔ ہاں یہ ضرور چاہتا ہوں کہ دو چار اُچّے کوٹی کی پُستکیں لکھوں پر اس کا اُدّیش بھی سوراجیہ وِجے ہی ہے۔ مجھے اپنے دونوں لڑکوں کے وِشے میں کوئی بڑی لالسا نہیں ہے۔ یہی چاہتا ہوں کہ وہ ایماندار، سچے اور پکے ارادے کے ہوں۔ وِلاسی، دھنی، خوشامدی سنتان سے مجھے گھِرنا ہے۔ میں شانتی سے بیٹھنا بھی نہیں چاہتا۔ ساہتیہ اور سودیش کے لیے کچھ نہ کچھ کرتے رہنا چاہتا ہوں۔ ہاں روٹی دال اور تولہ بھر گھی اور معمولی کپڑے میسر ہوتے رہیں۔

(2)

چترپٹ گجراتی پتریکا کا انٹرویو

پریم چند نے 'سیوا سدن' اپنیاس پر فلم بنانے کا ادھیکار ممبئی کی مہالکشمی سینے ٹون کمپنی کو 750 روپے لے کر پردان کیا۔ 5 فروری 1934 کو شریمتی لیلاوتی منشی کی اپستھیتی میں 'سیوا سدن' عرف 'بازارِ حسن' فلم کا مہورت ہوا۔ پریم چند اس اوسر پر اپستھیت تھے۔ انھوں نے کاریہ کرم کے آرمبھ میں جو بھاشن دیا، وہ فلم کے شروع میں جوڑ دیا گیا۔ اس اوسر پر گجراتی پتریکا 'چترپٹ' کے سمپادک نے چترپٹوں کے سمبندھ میں پریم چند سے جو بات چیت کی اس کا ہندی انواد پریم چند کے سپتاہک پتر 'جاگرن' کے 16 فروری 1934 کے انک میں پرکاشت ہوا۔ یہی انٹرویو یہاں پرستت کیا گیا ہے۔

پرشن : چترپٹ کلا کے وشے میں آپ کے کیا وچار ہیں؟

اُتر : اس وشے میں میں کوئی وِشیش ابھیاس نہیں رکھتا، کنتو میرا ویکتی گت وچار تو یہ ہے کہ چترپٹ کلا میں کلا کا تو ابھی نام بھی نہیں دکھلائی پڑ رہا ہے۔ کلاپُورن اتھوا کلا کی چھٹا دوارا جنتا کو مُگدھ کر دینے والے بے جوڑ چترپٹ ہی بنا کرتے ہیں۔ کلا تو دور رہی، کنتو چترپٹوں میں ساہتیہ کی چھایا بھی تو نہیں دکھلائی پڑتی۔ ساہتیک درشٹی سے سَروپرِیہ کہے جا سکیں، ایسے چترپٹ کہیں کوئی بناتا ہے؟ اور اس کمی اتھوا ترُوٹی کا کارن یہ ہے کہ ساہتیہ کاروں کو آج کے فلم اتپادکوں پر وشواس ہی نہیں ہے۔ کارن یہ ہے کہ کتھانک چاہے جتنا سندر ہو، سمبھاشن میں چاہے جتنا ساہتیہ کا پُٹ ہو، کنتو یدی پاتر اور ایکٹنگ اتھوا انیک ترٹیوں سے یکت ابھیان کریں، تو اس کتھانک کا سمپُورن ستیہ نشٹ ہو جائے گا۔ ڈائرکٹر چاہے گیان کے بھنڈار ہوں، کلا کے اوتار ہوں، تتھا ساہتیہ کے پرم گیاتا ہوں، کنتو وہ مول کتھانک میں اپنی کلا کا سماویش کریں گے، تو کتھانک بھی بھاونا اور اس کا ستیہ اوشیہ ہی نشت ہو جائے گا۔ ایکٹروں اور ڈائرکٹروں کی اس پرکار کی گڑبڑ سے ہی فلم اتپادکوں کو اتم کتھانک نہیں ملتے، اور اس کا کارن جو میں نے کہا، یہی ہے۔ یدی ساہتیہ کاروں کو یہ وسواش نہ ہو کہ ان کی کرتیوں کے ساتھ نیائے کیا جائے گا، تو ساہتیہ کار کبھی بھی اپنی کرتیاں انھیں نہ دیں گے، اور جب تک اتّم

کتھانکوں کا ابھاؤ رہے گا۔ تب تک چترپٹوں میں کلا آتھوا ساہتیہ کا پٹ نہیں ہوسکتا، یہ اسپشٹ ہے۔ میں تو ایسی اِستھیتی دیکھنا چاہتا ہوں کہ یہ کلا سوشکشت منشیوں کے ہاتھ میں آ جائے۔ سوشکشت منشیوں کے اتریکت کلا اتھوا ساہتیہ کی آشا رکھنی مُورکھتا ہے۔

پرشن : ہمارے چترپٹوں میں اس سے پاشچاتیہ چترپٹوں کا اندھانوکرن ہورہا ہے۔ اُتہ یہ انوکرن پرورتت لابھکاری ہے یا ہانی کارک؟

اُتر : یدی بھاؤ اچھا ہو، تو انوکرن کچھ ہانی کارک نہیں ہے، کنتو اُنوکرن کے پیچھے روپے کمانے کا ہیتو نہ ہونا چاہیے۔ امریکن چترپٹوں میں ہمارے سماج کے یوگیہ بہت کچھ انوکرن کرنے کے لیے ہوتا ہے۔ سماج سدھار کے وچار سے یہ انوکرن ہو، تبھی چترپٹ کی خوبی ہے۔ انوکرن ورتی کے ساتھ ہیتو اور بھاؤنا دونوں اونچی ہونی چاہیے۔

پرشن : ہمارے چترپٹوں میں کون اور کتنے چترپٹ اچھے ہیں، یہ آپ کہہ سکیں گے؟

اُتر : میں بہت ہی کم کوٹی کے چترپٹ دیکھ رہا ہوں۔ چترپٹ دیکھنے کا مجھے شوق نہیں، اس لیے نہیں، کنتو کبھی کبھی کوئی چترپٹ دیکھنے لائق بھی آتے ہیں۔ چنڈی داس، پورن بھگت، خدا کی شان، جیسے چترپٹ میں نے دیکھے ہیں، اور وہ مجھے بہت پسند آئے ہیں۔ پورن بھگت کے لیے بہت سی سرس لوک، کتھائیں سننے میں آتی ہیں، کنتو اس چترپٹ نے مجھے کچھ ادھیک آکرشت نہیں کیا، ہاں اس میں کہا ہے، یہ تو مجھے سویکار کرنا ہی چاہیے۔

پرشن : سیوا سدن کے وِشَے میں آپ کیا کہنا چاہتے ہیں؟ آپ کے اس سُوپرشدھ کتھانک کی بھاونا کے انوروپ چترپٹ، یہ کمپنی اتار سکے گی؟ مس زبیدہ اور ماں مودک آپ کے کتھانک کے انوکول ہیں؟

اُتر : یہ نہیں کہا جاسکتا! زبیدہ سُوپرشدھ ابھی نیتری ہیں۔ یدی وہ اپنی بھومیکا کا ابھیاس کریں، تو سمجھو ہے 'سکسیس' ہو جائیں۔ مودک بھی کچھ کر جائے، ایسا شکشت لڑکا ہے۔ پھر جو بھی ہوجائے، وہی ٹھیک!

(2)

چترپٹ گجراتی پتریکا کا انٹرویو

پریم چند نے 'سیوا سدن' اپنیاس پر فلم بنانے کا ادھیکار ممبئی کی مہالکشمی سینے ٹون کمپنی کو 750 روپے لے کر پردان کیا۔ 5 فروری 1934 کو شریمتی لیلاوتی منشی کی اپستھیتی میں 'سیوا سدن' عرف 'بازارِ حسن' فلم کا مہورت ہوا۔ پریم چند اس اوسر پر اپستھیت تھے۔ انھوں نے کاریہ کرم کے آرمبھ میں جو بھاشن دیا، وہ فلم کے شروع میں جوڑ دیا گیا۔ اس اوسر پر گجراتی پتریکا 'چترپٹ' کے سمپادک نے چترپٹوں کے سمبندھ میں پریم چند سے جو بات چیت کی اس کا ہندی انواد پریم چند کے سپتاہک پتر 'جاگرن' کے 16 فروری 1934 کے انک میں پرکاشت ہوا۔ یہی انٹرویو یہاں پرستت کیا گیا ہے۔

پرشن : چترپٹ کلا کے وشے میں آپ کے کیا وچار ہیں؟

اُتر : اس وشے میں میں کوئی وِشیش ابھیاس نہیں رکھتا، کنتو میرا ویکتی گت وچار تو یہ ہے کہ چترپٹ کلا میں کلا کا تو ابھی نام بھی نہیں دکھلائی پڑ رہا ہے۔ کلاپُورن اتھوا کلا کی چھٹا دوارا جنتا کو مُگدھ کر دینے والے بے جوڑ چترپٹ ہی بنا کرتے ہیں۔ کلا تو دور رہی، کنتو چترپٹوں میں ساہتیہ کی چھایا بھی تو نہیں دکھلائی پڑتی۔ ساہتیک درشٹی سے سَر وپریہ کہے جا سکیں، ایسے چترپٹ کہیں کوئی بناتا ہے؟ اور اس کمی اتھوا تُروٹی کا کارن یہ ہے کہ ساہتیہ کاروں کو آج کے فلم اتپادکوں پر وشواس ہی نہیں ہے۔ کارن یہ ہے کہ کتھانک چاہے جتنا سندر ہو، سمبھاشن میں چاہے جتنا ساہتیہ کا پُٹ ہو، کنتو یدی پاتر اور ایکٹنگ اتھوا انیک تُرٹیوں سے یکت ابھیان کریں، تو اس کتھانک کا سمپُورن ستیہ نشٹ ہو جائے گا۔ ڈائرکٹر چاہے گیان کے بھنڈار ہوں، کلا کے اوتار ہوں، تتھا ساہتیہ کے پرم گیاتا ہوں، کنتو وہ مول کتھانک میں اپنی کلا کا سماویش کریں گے، تو کتھانک بھی بھاونا اور اس کا ستیہ اوشیہ ہی نشت ہو جائے گا۔ ایکٹروں اور ڈائرکٹروں کی اس پرکار کی گڑبڑ سے ہی فلم اتپادکوں کو اتم کتھانک نہیں ملتے، اور اس کا کارن جو میں نے کہا، یہی ہے۔ یدی ساہتیہ کاروں کو یہ وسواش نہ ہو کہ ان کی کرتیوں کے ساتھ نیائے کیا جائے گا، تو ساہتیہ کار کبھی بھی اپنی کرتیاں انھیں نہ دیں گے، اور جب تک اتم

کتھانکوں کا ابھاؤ رہے گا۔ تب تک چترپٹوں میں کلا آتھوا ساہتیہ کا پٹ نہیں ہوسکتا، یہ اسپشٹ ہے۔ میں تو ایسی استھیتی دیکھنا چاہتا ہوں کہ یہ کلا سوشکشت منشیوں کے ہاتھ میں آ جائے۔ سوشکشت منشیوں کے اتریکت کلا اتھوا ساہتیہ کی آشا رکھنی مُورکھتا ہے۔

پرشن : ہمارے چترپٹوں میں اس سے پاشچاتیہ چترپٹوں کا اندھانوکرن ہورہا ہے۔ اتہ یہ انوکرن پرورتت لابھکاری ہے یا ہانی کارک؟

اُتر : یدی بھاؤ اچھا ہو، تو انوکرن کچھ ہانی کارک نہیں ہے، کنتو اُنوکرن کے پیچھے روپے کمانے کا ہیتو نہ ہونا چاہیے۔ امریکن چترپٹوں میں ہمارے سماج کے یوگیہ بہت کچھ انوکرن کرنے کے لیے ہوتا ہے۔ سماج سدھار کے وچار سے یہ انوکرن ہو، تبھی چترپٹ کی خوبی ہے۔ انوکرن ورتی کے ساتھ ہیتو اور بھاؤنا دونوں اونچی ہونی چاہیے۔

پرشن : ہمارے چترپٹوں میں کون اور کتنے چترپٹ اچھے ہیں، یہ آپ کہہ سکیں گے؟

اُتر : میں بہت ہی کم کوٹی کے چترپٹ دیکھ رہا ہوں۔ چترپٹ دیکھنے کا مجھے شوق نہیں، اس لیے نہیں، کنتو کبھی کبھی کوئی چترپٹ دیکھنے لائق بھی آتے ہیں۔ چنڈی داس، پورن بھگت، خدا کی شان، جیسے چترپٹ میں نے دیکھے ہیں، اور وہ مجھے بہت پسند آئے ہیں۔ پورن بھگت کے لیے بہت سی سرس لوک، کتھائیں سننے میں آتی ہیں، کنتو اس چترپٹ نے مجھے کچھ ادھیک آکرشت نہیں کیا، ہاں اس میں کہا ہے، یہ تو مجھے سویکار کرنا ہی چاہیے۔

پرشن : سیوا سدن کے وِشَے میں آپ کیا کہنا چاہتے ہیں؟ آپ کے اس سُوپرشدھ کتھانک کی بھاونا کے انوروپ چترپٹ، یہ کمپنی اتار سکے گی؟ مس زبیدہ اور ماں مودک آپ کے کتھانک کے انوکول ہیں؟

اُتر : یہ نہیں کہا جاسکتا! زبیدہ سُوپرشدھ ابھی نیتری ہیں۔ یدی وہ اپنی بھومیکا کا ابھیاس کریں، تو سمجھو ہے 'سکسیس' ہو جائیں۔ مودک بھی کچھ کر جائے، ایسا شکشت لڑکا ہے۔ پھر جو بھی ہو جائے، وہی ٹھیک!

(3)

'چترپٹ' ہندی پتریکا کا انٹرویو

یہ انٹرویو 'چترپٹ' کے سمپادک تتھا پرشدھ ہندی لیکھک رشبھ چرن جین نے لیا تھا، جو پتریکا کے 13 اپریل، 1934 کے انک میں پرکاشت ہوا تھا۔

پریم چند

پریم چند ایک ڈچتر پروش ہیں۔ ان پنکتیوں کے لیکھک کو انیک بار ان سے ملنے کا موقع ملا ہ، اس لیے اس ملن میں کوئی آرمبھیک نویئتا نہیں تھی۔ سمّیلن کے دوسرے دن ان سے بھینٹ ہوئی۔ اسٹیج پر سبھا پتی کے آسن کے عین کنارے پر ان کی بیٹھک تھی۔ چاروں دن ان کے لے وہی جگہ ریزرو رہی۔ نہ انگل بھی اِدھر نہ انچ بھی اُدھر۔ دیکھا تو کھلکھلا کر ہنس پڑے۔ ہم نے چھوٹتے ہی پوچھا، ''سیواسدن کی کوئی خبر ملی؟''

کہنے لگے، ''کیسی خبر؟''

ہم نے کہا، ''ارے بابا، وہاں شوٹنگ سماپتی پر آپہنچی ہے۔ ڈسٹری بیوٹر لوگ خریدنے کا مول تول کر رہے ہیں۔ آپ کیا ابھی بالکل اندھیر میں ہیں؟''

بولے، ''خدا کی باتیں خدا ہی جانے! ہمارے پاس تو کوئی چٹھی تک نہیں آئی۔''

اگلے دن پریم چند ہمارے یہاں آہار کرنے والے تھے۔ نمنترن سندھیا کا تھا، مگر صبح کے وقت شری دلارے لال اور آچاریہ چترسین جی کے ساتھ ہم انھیں گھسیٹ کر فوٹو گرافر کے یہاں لے گئے۔ جب تک فوٹوگرافر کے یہاں پہنچ نہ گئے، ہم نے انھیں پتہ نہ چلنے دیا کہ کہاں لے جا رہے ہیں۔ جب ٹھکانے پر پہنچے تو کہنے لگے، ''فضول پیسہ برباد کرنے سے کیا لابھ؟''

ہم نے سلام جھک کر عرض کی، ''واللہ! اچھی قدردانی کی۔''

فوٹو اسٹوڈیو سے نکل کر طے ہوا، شام کی جگہ بھوجن کا پروگرام ابھی رکھا جائے۔ راستے میں ہم نے پھر چرچا چھیڑی، ''نانو بھائی وکیل کیسے آدمی ہیں؟''

اتر ملا، ''سمجھدار ڈائرکٹر ہیں۔''

پوچھا، ''زبیدہ کے وشَے میں کیا امپریشن ہے؟''

کہنے لگے، ''زبیدہ ایک خوبصورت لڑکی ہے۔''

ہمارے ساتھیوں میں سے ایک نے پوچھا، ''لڑکی؟''

کہنے لگے، ''ابھی لڑکی ہی تو ہے۔''

ہم نے پُنہ: پرشن کیا، ''مودک کیسے پسند آئے؟''

جواب دیا، ''مودک ایک بھاوک بچہ ہے، اور اچھی ایکٹنگ کرتا ہے۔''

اس دن ہری اودھ جی کے پاس بیٹھے ہوئے پریم چند جی کچھ ایسی باتیں کہہ گئے، جو زیادہ نکٹ کی تھیں، جو زیادہ نئی تھی، اور جن میں بڑا رس ملا۔ اس دن اس مہان اوپنیاسِک کے گت جیون کے ایک ایسے پرچھید پر پرکاش پڑا، جس میں ہمیں پریم چند کی مہانتا کا ایک نیا پہلو دکھائی دیا۔ سمے آنے پر دنیا بھی ان کی اس مہانتا سے اپرِچت نہ رہ سکے گی۔ ایسا ہمارا وسواش ہے۔

(سوجنیہ: چترپٹ 13 اپریل، 1934 میں پرکاشت لیکھ سے)

(4)

اندرناتھ مدان کے سوالات

اندرناتھ مدان نے اپنے ودھارتھی جیون کی سماپتی کے بعد پریم چند کو سنہ 1934 میں دو بار کچھ پرشن بھیجے تھے، جن کا انھوں نے 7 ستمبر 1934، تتھا 26 دسمبر 1934 کو اتر دیا تھا۔ پریم چند کا پہلا اُتر ہندی میں تھا دوسرا انگریزی میں اپلبدھ ہوتا ہے۔ یہاں یہ دونوں پتر انٹرویو پرستت ہے:

مدان : آپ اپنے بچپن کی اسمرتیوں کو کس روپ میں پرستت کرتے ہیں؟

پریم چند : میرے اپنے گھر کے بارے میں بچپن کے تاثرات معمولی نوعیت کے ہیں۔ نہ زیادہ خوشگوار، نہ زیادہ دل شکن۔ آٹھ سال کا تھا کہ ماں کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ اس سے پہلے کے واقعات کی یاد دھندلی سی ہے۔ یعنی اپنی والدہ کو جو دن بدن کمزور ہوتی جارہی تھیں، دیکھتا رہتا۔ وہ ایک اچھی ماں کی طرح مجھ سے محبت بھی بہت کرتی تھیں اور ضرورت پڑنے پر سختی بھی برتتی تھیں۔

مدان : آپ اپنے پرارمبھک لیکھن کار کے بارے میں بتائیں۔ آپ نے کب اور کیسے لکھنا شروع کیا اور اردو سے ہندی میں کس پرکار آئے۔

پریم چند : میں نے اردو ہفتہ وار اخبارات میں لکھنا شروع کیا جو اس وقت ماہوار شائع ہوا کرتے تھے۔ مضمون نویسی کا مجھے شوق تھا۔ میں نے کبھی سوچا تک نہ تھا کہ میں مصنف بنوں گا۔ میں سرکاری ملازم تھا اور فرصت کے وقت کچھ نہ کچھ لکھ لیتا تھا۔ ناول پڑھنے کا مجھے ایسا خبط تھا کہ طبیعت نہ بھرتی تھی۔ بغیر سوچے سمجھے اور انتخاب کے جو بھی ناول ہاتھ لگ جاتا اُسے پڑھ ڈالتا۔ میرا پہلا مضمون 1901 میں چھپا اور پہلی کتاب 1903 میں۔ اپنے ذوق کی سیری کے علاوہ مضمون نویسی سے اور کوئی فائدہ نہ ہوتا تھا۔ شروع شروع میں مَیں حالاتِ حاضرہ پر تبصرہ کیا کرتا تھا۔ پھر ماضی اور حال کی سرکردہ ہستیوں اور ان کی کامیابی سے حوصلہ پاکر اس سلسلے کو جاری رکھا۔ 1914 میں میرے افسانوں کا دوسروں نے ترجمہ کیا اور وہ ہندی

رسالوں میں شائع ہوئے۔ تب میں ہندی کے رسالہ سرسوتی میں لکھنے لگا۔ پھر میرا ناول 'سیوا سدن' شروع ہوا اور میں نے ملازمت چھوڑ کر اپنی زندگی کا آزاد ادبی دَور شروع کیا۔

مدان : کیا آپ کے جیون میں کوئی پریم ہوا؟

پریم چند : نہیں، مجھے کسی سے عشق نہیں رہا۔ زندگی اس قدر مصروف اور روٹی کمانے کا دھندا اس قدر سخت تھا کہ رومانسوں کے لیے گنجائش ہی نہ تھی۔ کچھ معمولی واقعات عمومی نوعیت کے ضرور پیش آئے مگر انھیں معاشقے نہیں کہا جا سکتا۔

مدان : استری کے سمبندھ میں آپ کا آدرش کیا رہا ہے؟

پریم چند : میری نظر میں عورت کا آدرش ایثار، خدمت اور پاکدامنی کا عکاس ہونا چاہیے۔ ایثار ہو مسلسل، خدمت بلا شکوہ اور پاکدامنی سیزر کی بیوی کے ہم پلہ، جس پر کوئی انگلی نہ اٹھا سکتا ہو۔

مدان : اپنے دمپتیہ جیون کے رومانس تتھا انے کچھ تتھیوں کے بارے میں کچھ بتائیں؟

پریم چند : میری شادی شدہ زندگی رومان سے قطعی بے بہرہ تھی۔ اس میں کوئی قابلِ ذکر بات نہیں۔ میری پہلی بیوی 1904 میں انتقال کرگئی۔ بیچاری بدقسمت اور معمولی شکل و صورت کی عورت تھی۔ گوکہ اس سے مطمئن نہ تھا تاہم روایتی شوہروں کی طرح اُس سے بناہ کرتا رہا۔ اس کی وفات کے بعد میں نے ایک بال وِدھوا سے شادی کرلی، اور اس کے ساتھ کافی خوشی کی زندگی گزر رہی ہے۔ اس نے کچھ ادبی ذوق بھی پیدا کرلیا ہے۔ اور کبھی کبھی کہانیاں لکھ لیتی ہے۔ وہ نڈر، دلیر، مخلص اور سمجھوتہ نہ کرنے والی عورت ہے۔ اس سے غلطی ہوجانے کا امکان رہتا ہے اور وہ جذبات سے مغلوب ہوکر کام کرتی ہے۔ تحریک عدم تعاون میں شریک ہوکر جیل بھی ہو آئی ہے۔ میں اس سے خوش ہوں اور اس سے ایسی کوئی چیز حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرتا جسے دینے کی وہ اہل نہ ہو۔ اُسے آپ جھکنے پر مجبور نہیں کرسکتے۔

مدان : زندگی آپ کے لیے کیا رہی ہے۔ کیا آرتھک درشٹی سے آپ سنتشٹھ رہے ہیں؟

پریم چند : زندگی میرے لیے مسلسل کام ہی رہی ہے۔ جب میں سرکاری ملازم تھا اس وقت بھی تمام وقت ادبی مشاغل میں گزارتا تھا۔ مجھے کام کرنے سے خوشی ہوتی ہے۔ مالی

مشکلات سے دوچار ہونے پر افسردگی کے اوقات بھی آتے ہیں۔ مگر میں اپنے مقدر سے مطمئن رہا ہوں۔ اور جتنا کچھ پارہا ہوں اس سے کہیں کم کا مستحق ہوں۔ مالی لحاظ سے میں ہمیشہ ناکام رہا ہوں، کاروبار مجھے آتا نہیں اور ضروریات بنی رہتی ہیں۔ میں کبھی جرنلسٹ نہیں رہا۔ لیکن حالات نے مجھے جرنلسٹ بننے پر مجبور کردیا۔ چنانچہ میں نے ادب میں جو کچھ تھوڑا بہت کمایا وہ سب اخبار نویسی میں کھودیا۔

مدان : آپ اپنی رچناؤں کے کتھانک کیسے چُنتے ہیں؟

پریم چند : افسانوی کردار کے محاسن کے اظہار کے لیے میں ہمیشہ افسانوں کے پلاٹ سوچتا ہوں۔ یہ ایک پیچیدہ طریقہ ہے۔ مجھے ایسا کرنے کی تحریک بعض اوقات کسی آدمی یا کسی حادثے یا خواب سے ہوتی ہے۔ لیکن میرے افسانے کی بنا ہمیشہ نفسیاتی ہوتی ہے۔ میں دوستوں کی تجاویز خندہ پیشانی سے قبول کرتا ہوں۔

مدان : آپ کے پاتروں کا سروت کیا ہے؟

پریم چند : میرے اکثر کردار حقیقی زندگی سے لیے گئے ہیں گو ان کی اصلیت پر پردہ پڑا رہتا ہے۔ جب تک کردار کی بنیاد حقیقت پر مبنی نہ ہو، وہ غیر حقیقی، غیر یقینی اور قابلِ اعتبار ہوتا ہے۔

مدان : آپ کی کام کرنے کی پدھیتی کیا ہے؟ کیا آپ نے نیمت لیکھن کام کرتے ہیں؟

پریم چند : رومین رولاں کی طرح باقاعدگی سے کام کرنے میں یقین رکھتا ہوں۔

مدان : کیا گودان کے نام سے آپ کا نیا اپنیاس پرکاشت ہونے والا ہے؟

(10) ہاں میرا ناول 'گودان' جلد ہی پریس میں جارہا ہے۔ کوئی 600 صفحوں کا ہوگا۔

(2)

اِندرناتھ مدان کے سوالات

مدان : آپ اپنی تصانیف میں کسے سب سے بہتر سمجھتے ہیں؟

پریم چند : 'رنگ بھومی' میرے خیال میں میری تمام تصانیف میں سے بہترین ہے۔

مدان : آپ کے سبھی ناولوں میں آئیڈیل کردار کون ہے؟

پریم چند : میرے ہر ایک ناول میں ایک معیاری کیریکٹر ہوتا ہے۔ جس میں انسانی صفات بھی ہوتی ہیں اور کمزوریاں بھی۔ مگر ان کا معیاری ہونا ضروری ہے۔ 'پریم آشرم' میں گیان شنکر اور رنگ بھومی میں 'سورداس' ہے۔ اسی طرح کایا کلپ میں چکردھر اور کرم بھومی میں امرکانت ہے۔

مدان : آپ کے مختصر افسانوں کی کل تعداد کتنی ہے۔ کیا کوئی کہانی غیر مطبوعہ ہے؟

پریم چند : میرے مختصر افسانوں کی کل تعداد لگ بھگ 250 ہے۔ غیر مطبوعہ کہانی میرے پاس کوئی نہیں۔

مدان : آپ کی تخلیق پر کن غیر ملکی تخلیق کاروں کے اثرات ہیں؟

پریم چند : بیشنک ٹالسٹائے، وکٹر ہیوگو اور رومن رولاں کا مجھ پر اثر پڑا ہے۔ مختصر افسانوں میں شروع میں ڈاکٹر رابندرناتھ ٹیگور سے روشنی حاصل کی ہے۔ اس کے بعد میں نے اپنا اسٹائیل بنا لیا ہے۔

مدان : کیا آپ نے کبھی ڈرامے کی طرف سنجیدگی سے غور کیا ہے؟

پریم چند : میں نے کبھی سنجیدگی سے ڈرامہ کی طرف رجوع نہیں کیا۔ میں نے ایک دو پلاٹ سوچے ہیں۔ جن سے ڈرامے کے سلسلے میں فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ اگر ڈرامے کو اسٹیج پر نہ دکھایا جائے تو یہ اپنی اہمیت کھو بیٹھتا ہے۔ ہندستان میں اسٹیج کے مناسب انتظامات نہیں۔ خصوصاً ہندی اور اردو ڈراموں کے لیے جو برائے نام اسٹیج ہے وہ پارسیوں کا ضعیف اور بے جان سا ہے۔ جس سے مجھے سخت نفرت ہے۔ نہ ہی مجھے ڈرامے کے ٹیکنیک اور اسٹیج کے ہنر سے کبھی تعلق پڑا ہے۔ میرے ڈرامے محض پڑھنے کے لیے تھے۔ میں ناولوں تک ہی کیوں محدود ہوں۔ جہاں میں کرداروں کو ڈرامے کے مقابلے میں زیادہ نمایاں کرسکتا ہوں۔ اسی لیے میں نے اپنے خیالات کے اظہار کے لیے ناول کو ترجیح دی ہے۔ پھر بھی میں ایک دو ڈرامے لکھنے کی امید رکھتا ہوں۔ جہاں تک مالی لحاظ سے کامیابی کا سوال ہے یہ اردو اور ہندی میں

بہت کمیاب سی شے ہے۔ آپ شہرت پاسکتے ہیں مگر مالی اعتبار سے مطمئن نہیں ہوسکتے۔ ہمارے لوگوں کو کتابیں خریدنے کی عادت نہیں ہے۔ یہ سُستی اور کم عقلی اور ذہنی غفلت کی دلیل ہے۔

مدان: سنیما کے بارے میں آپ کے کیا تجربات ہیں؟ کیا کوئی مصنف سنیما کے میدان میں اپنے لیے جگہ بنا سکتا ہے؟

پریم چند: ایک ادیب کے لیے سنیما مناسب جگہ نہیں۔ میں اس لائن میں اس لیے آیا تھا کہ شاید مالی اعتبار سے کچھ مطمئن ہوسکوں مگر اب میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ یہ میری خام خیالی تھی۔ اس لیے میں پھر ادبی خدمت میں لگ رہا ہوں۔ دراصل میں نے ادبی کام کو کبھی بھی بند نہیں کیا۔ اور اسے ہی میں اپنی زندگی کا مقصد سمجھتا ہوں۔ سنیما شاید وکالت کی طرح ہی میرے لیے محض تفریح کا سامان ہوسکتی ہے۔

مدان: تحریک آزادی کے دوران کیا آپ کو کبھی جیل جانے کا اتفاق ہوا۔

پریم چند: میں کبھی جیل نہیں گیا۔ میں باعمل انسان نہیں ہوں۔ میری تحریروں سے کئی دفعہ حکومت ناراض ہوئی اور میری ایک دو کتابیں قابل ضبطی بھی قرار دی گئیں۔

مدان: کیا آپ انقلاب کے ذریعے سماجی تبدیلیاں بر لانے میں یقین رکھتے ہیں۔

پریم چند: میں ساماجِک سدھار پر یقین رکھتا ہوں۔ ہمارا مقصد رائے عامہ کو بیدار کرنا ہونا چاہیے۔ انقلاب سنجیدہ طریقوں کے ناکامی کی دلیل ہوتا ہے۔ میرے نقطۂ نظر سے معیاری سوسائٹی وہ ہے جہاں ہر ایک کو یکساں مواقع میسر ہیں۔ ہم اس منزل پر کس طرح پہنچ سکتے ہیں۔ صرف سدھار اور ارتقا کے؟ لوگوں کا کردار ہی اس سلسلے میں فیصلہ کن ہوتا ہے۔ کوئی ساماجِک سدھار کامیاب نہیں ہوسکتا اگر ہم انفرادی طور پر ترقی نہ کریں۔ ہمارے انقلاب کا انجام کیا ہوگا کوئی پختہ طور پر نہیں کہہ سکتا۔ اس کا نتیجہ بہترین قسم کی ڈکٹیٹرشپ ہوسکتا ہے۔ جس میں انفرادی آزادی بالکل ختم ہو جائے۔ میں اصلاح چاہتا ہوں۔ تباہی نہیں۔ اگر مجھے کسی طرح یہ پہلے ہی پتہ لگ جائے کہ تباہی کا نتیجہ ہمارے لیے اچھا ہوگا تو میں تباہی کی بھی مخالفت نہ کروں گا۔

مدان : طلاق کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ کیا آپ اس بات سے متفق ہیں کہ طلاق ...... بھی مسائل، کا حل ہے۔

پریم چند : غربا اور مزدور پیشہ لوگوں میں طلاق کا رواج عام ہے۔ اس مسئلہ نے ان نام نہاد اونچی ذاتوں اور طبقوں میں خوف ناک صورت اختیار کی ہے۔ شادی دراصل سمجھوتے اور سپردگی کا ہی دوسرا نام ہے۔ اگر جوڑا خوش رہنا چاہے تو اسے ایک دوسرے کی بات ماننا ہی ہوگی۔ لیکن کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو کسی حالت میں خوش نہیں ہوسکتے۔ یوروپ اور امریکا میں آزادانہ میل جول اور اظہارِ محبت کے باوجود طلاقوں کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے۔ جوڑے میں سے ایک کا چاہے وہ مرد ہو یا عورت جھکنا ضروری ہے۔ میں یہ نہیں مانتا کہ تمام قصور مردوں کا ہی ہے۔ ایسی مثالیں ملتی ہیں جہاں عورتیں بہت عجیب شکایات کی بنا پر جھگڑے پیدا کردیتی ہیں۔ جب ہمیں یہ یقین ہے کہ طلاق ہماری شادی سے متعلقہ تکلیفوں کا علاج نہیں تو سوسائٹی کے سرا سے کیوں مڑھا جائے۔ بعض حالتوں میں طلاق لازمی ہوسکتا ہے۔ لیکن میری رائے میں یہ کہنا غلط ہوگا کہ کوئی مرد یا عورت نباہ نہیں کرسکتا۔ غریب بیوی کے لیے بغیر کسی انتظام کے طلاق، بیمار افرادیت کا مطالبہ ہے جس سوسائٹی کا انحصار برابری پر ہو اس میں اس کے لیے کوئی جگہ نہیں۔

مدان : کیا آک کو مافوق القوتوں کے وجود پر یقین ہے؟

پریم چند : اس سے پہلے میں ایک خدائے برتر کی ہستی پر اعتقاد رکھتا تھا۔ یہ اعتقاد غور و فکر کا نتیجہ نہ تھا۔ بلکہ محض روایتی تھا۔ اب یہ اعتقاد چکناچور ہو رہا ہے۔ بے شک اس تمام عالم کے پیچھے کوئی ہاتھ ہے۔ مگر میرے خیال میں انسانی معاملات سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ جیسا کہ اسے مکھیوں، مچھروں اور چیونٹیوں کے معاملات سے کوئی سروکار نہیں۔ ہم نے خود کو جو اہمیت دی ہے۔ اس کی کوئی وجہ جواز نہیں۔

میرے خیال میں اس وقت اتنا ہی کافی ہوگا۔ کیوں کہ میں انگریزی کا عالم نہیں۔ اس لیے ہوسکتا ہے کہ میں اپنے خیالات کے اظہار میں ناکام رہا ہوں۔ مگر میرے پاس اس کے علاوہ اور کوئی چارہ کار نہ تھا۔

(5)
شری. را. ٹلیکر کا انٹرویو

پریم چند جن دنوں ممبئی میں تھے، ان کا ایک مراٹھی یووا لیکھک شری. ٹلیکر سے پریچے ہوا۔ ٹلیکر کو انھوں نے گھر پر آمنترت کیا اور اس پرکار ٹلیکر پریم چند کے گھنشٹھ یووا متر بن گئے۔ اب ٹلیکر نے یہ لپیکت سمجھا کہ ہندی لیکھک پریم چند کو مراٹھی پاٹھکوں سے پریچت کرایا جائے۔ اس کے لیے انھوں نے دسمبر 1934 □ میں انٹرویو لیا، جو مراٹھی پاکچھک پتریکا 'پرتیبھا' کے 4 جنوری تتھا 1 فروری 1934 کے انکوں میں پرکاشت ہوا۔

پھڑکے یا کھانڈیکر کا جو استھان مراٹھی ساہتیہ میں ہے، وہی پریم چند جی کا ہندی اور اردو ساہتیہ میں ہے۔ پھڑکے جی کا اپنیاس کہتے ہی من پڑھنے کے لیے اتاولا ہو جاتا ہے۔ کھانڈیکر جی کا کتھا سنگرہ ہو یا اپنیاس، پڑھنے کے لیے دینے والے بک سیلر کے پاس بھی ان کی پستکیں اُپلبدھ نہیں ہوتی ہیں اور اُس پر بھی مانگ لگی رہتی ہے۔ منشی پریم چند جی کے اپنیاس ساہتیہ کی بھی یہی استھتی ہے، لیکن اتنے سے پھڑکے کھانڈیکر کے اور بھی گُن منشی جی میں ہوں گے ہی، ایسی دھارنا نہیں بنانی چاہیے۔ تُلناتمک درشٹی سے ساہتیہ میں ان کا کون سا استھان ہے، اس کی کلپنا لانے کے لیے پھڑکے کھانڈیکر کا نام لینا پڑا۔ ہاں، ایک درشٹی سے ان تینوں لیکھکوں میں سمانتا دکھائی دیتی ہے، یہ ماننا ہی پڑے گا۔ پھڑکے پروفیسر ہیں، کھانڈیکر ادھیاپن کرتے ہیں، اُسی طرح منشی جی بھی شکشا چھیتر میں ہی پہلے شکچھک اور بعد میں نرکچھک کے پد پر کاریہ کرتے تھے۔ اس سے نہیں ہے، ارتھات ورتمان بھوت کال کا یہ انتر ان کی آیو دکھلانے کے کافی ہے، لیکن اس کے بارے میں بعد میں وِچار کریں گے۔ منشی جی کو 'پرتیبھا' پتریکا میں پرستُت کیا گیا، صرف اس لیے کہ ان کی پہچان مراٹھی پاٹھکوں کو ہونی چاہیے۔ انیہ پردیشوں کے پرسدّھ لیکھوں کا (ان کی رچناؤں سہت) پریچے کرا دینا ایک بڑا اُدّیشیہ ہے اس لیے پریم چند جی کا ساکچھاتکار لیا۔ اس ساکچھاتکار سے جو جانکاری ملی، وہ آگے دی جا رہی ہے۔

ساکچھاتکار کے سمے منشی جی کرسی پر بیٹھ کر کچھ لکھ رہے تھے۔ ٹیبل پر پڑے ہوئے اردو

لیپی میں لکھے ہوئے کاغذوں کو دیکھ کر پہلے مجھے آشچر یہ ہوا، کیونکہ وہ صرف ہندی لیکھک ہی ہیں، اتنی ہی بہت لوگوں کے سمان میری بھی جانکاری تھی، لیکن انھوں نے جانکاری دی، اس سے وہ اَپُورن لگی۔ پہلے تو منشی جی کو لگا کہ اس آدمی کو صرف معمولی جانکاری ہی چاہیے ہوگی، اس لیے انھوں نے اپنے لیکھن کے سمبندھ میں، کن کن ماسک پتریکاؤں میں کون کون سی رچنائیں پرکاشِت ہوئی، اس کی سوچی دی۔ پر میں نے کہا، ''منشی جی، معاف کیجیے! مجھے آپ کا پریچے نہیں چاہیے، بلکہ آپ کے لیکھن کے بارے میں جانکاری چاہیے''۔

پریم چند : ''اب آپ جو چاہیں پرشن کریں، میں اُتر دوں گا۔ یہ سوویدھاجنک رہے گا نہ؟''

میں، ''ہاں، بالکل ٹھیک رہے گا''۔

اتنا ہونے پر، مجھے لیکھن چرتر جاننے کی اُتسکتا کیوں تھی، یہ میں نے انھیں بتلایا۔ سرو سادھارن پاٹھکوں میں 'پرتیبھا' کا پرسار نہ ہوکر کیول سوشکچھت لیکھک، رسِک ٹیکا کار کوٹی وِیکتیوں میں ہے، جو لیکھک کی منوبھاوناؤں کا وِشلیشن چاہتے ہیں۔ پریم چند جی کو یہ بات اچھی لگی۔ ''اچھا'' کہہ کر انھوں نے اپنے کاغذ پتر دور رکھ دیے اور پرشنوں کے اُتر دینے کے لیے تیار ہوگئے۔

منشی جی کی پرسدّھ سارے ہندستان میں پھیلی ہوئی ہے۔ اتہ انھوں نے لیکھن کے شروعات کیسے کی، اس بارے میں پرشن پوچھنا اُچت تھا۔ میری شنکاؤں کا سمادھان کرتے ہوئے انھوں نے اُتر دیے۔ میں نے بھی انیک انترنگ پرشن کیے۔ ان سے جانکاری ملی کہ پُرانے سمے میں ارتھات انیسویں شتابدی کے انتم ورشوں میں وہ ایک اردو پتر میں لکھنے لگے۔ بنارس سے 'آوازۂ خلق' نام کی ایک پتریکا نکلتی تھی۔ اس میں ان کی رچنائیں سب سے پہلے پرکاشِت ہوئیں، لیکن اتنے سے ان کی قلم کی بھوک نہیں مٹی، اس لیے کانپور سے نکلنے والے اردو پتر 'زمانہ' میں انھوں نے تتکالین نیتاؤں کی چھوٹی چھوٹی جیونیاں لکھیں۔ ان جیونیوں میں راناڈے، تلک، لاجپت رائے، بنرجی، گوکھلے جیسے دیش بھکتوں کی ادھکتا تھی۔

پرشن، ''مگر اس لیکھن کے کارن کچھ آپ کو آج کی پرشدّھی نہیں ملی ہے۔ اپنیاس لکھنے کے لیے آپ نے پرارمبھ کیسے کیا؟ اس کی پریرنا آپ کو کیسے اور کب ملی؟''

''اُتر، ''ہاں، بچپن میں میں نے دیوکی نندن کھتری کے گرنتھ پڑھے تھے۔ اس کے اَتیرکت پنڈت رتن ناتھ دھر کی بھی پستکوں کا ادھیین کیا۔ ایسا کہہ سکتے ہیں کہ مجھے ان سے پریرنا ملی۔ ان دونوں لیکھکوں کا پربھاؤ میرے من پر ادِھک ہوا''۔

ان لیکھکوں کی ہم مہاراشٹریوں کو کہاں سے جانکاری ہوتی؟ ہم نے ان کے نام تک سنے نہیں تھے۔ پھر وے کون تھے، انھوں نے کون سے گرنتھ لکھے آدی، کیسے معلوم ہوتا؟ پریم چند جی کے بولنے کے پرواہ کو بیچ میں ہی روک کر میں نے ان سے اپنی بات کو اور ادِھک اشپسٹ کرنے کی پرارتھنا کی۔

پریم چند بولے، ''پنڈت رتن ناتھ دھر کو اردو اپنیاس کی پریتا کہنا چاہیے۔ 'فسانۂ آزاد' نام کے 1200 پرشٹھ کے مہاگرنتھ کی انھوں نے رچنا کی، جس کے چار کھنڈ ہیں۔ اس گرنتھ کا ویشسٹ ہاسیہ وِنود میں نہت ہے۔ دیوکی نندن کھتری کا نام لیتے ہی ان کے لیکھن کے 27 کھنڈ 'ویبسٹر' ڈکشنری کے سمان میری آنکھوں کو دکھنے لگتے ہیں۔ کتنا پرچنڈ کاریہ انھوں نے کیا! دیکھیے، 'طلسم ہوشربا'، 'بوستانِ خیال' آدی کتابیں انھوں نے اردو میں انوواد کی۔ یہ اتینت لوک پریہ تو ہیں ہی، ساتھ ہی آشچریہ، کوتوہل کو بھی اُتپن کرنے والی ہیں۔''

پرشن، ''لیکن، منشی جی! اس اپنیاس یا لیکھن کا وِشے کیا ہے؟ ادھر کے لوگوں کے ہندی و اردو بھاشا کے وِسے میں اگیان کو دیکھتے ہوئے کرپیا آپ ہسیے نہیں''۔

پریم چند نے اُتّر دیا، ''پنڈت رتن ناتھ دھر کو بچپن میں لکھنؤ و الٰہ آباد آدی کے نوابوں کے انتہ پور میں رہنے کا موقع ملا۔ اس کارن سے وہاں کی اگیات لیکن رومانچک باتیں باہر آئیں۔ اس سے اس پرکار کے ساہتیہ کو ہی ادِھک مہتو ملا۔ نواب رہتے کیسے ہیں، زمینداروں کا وِیکتی گت جیون کیسا ہوتا ہے، آدی باتوں کے بارے میں عام لوگوں میں بالکل اگیان تھا۔ اس کے اتیرکت زمینداروں و نوابوں کے آرتک ورچسو کے کارن لوگوں میں ان کے بارے میں جاننے کا کوتوہل بھی اَدِھک تھا۔ اس لیے رتن ناتھ کے لیکھن کو سروتھا چاہا و سراہا گیا اور دیوکی نندن کے 27 کھنڈن سے عجب جادو ہوا ہے۔ اس فارسی گرنتھ کی آپ کو کچھ تو جانکاری ہیں کیا؟''

فارسی گرنتھ کے نام ہی ہم مراٹھی پاٹھکوں کو کچھ معلوم ہوئے، تو مُکھیتہ پروفیسر مادھورام

پٹ وردھن کی کرپا سے۔ انیہ بھاشاؤں کے سہت کی طرف ہمارا دھیان ہے ہی کہاں؟ انیہ پرانتوں کا ساہتیہ بھی ہمارے پریچے میں نہیں ہے۔ اتہ میں نے کہا، ''عریبین نائٹس، یا 'عجب عینِ محال' کی طرح کا ہی دیوکی نندن جی کا انوواد ہوگا؟''

منشی جی نے اُتر دیا، ''ارے، نہیں نہیں۔ 'عریبین نائٹس' تو 'طلسم ہوشربا' کے آگے کچھ بھی نہیں۔ اس کی عجب پرکار کی کلپنا بھی آپ نہیں کرسکتے''۔

اس کا مطلب دیوکی نندن و رتن ناتھ دھر جیسے مردھنیہ اردو لیکھکوں کے نام بھی ہمارے پریچے میں نہیں تھے۔ آگے اس اگیان کے لیے میں نے پریم چند جی سے چھما مانگی تھا ان سے پوچھا کہ ان کو کیا کسی انیہ لیکھک نے بھی پربھاوت کیا ہے؟

انھوں نے عبدالحلیم شرر آدی اپنیاس کاروں کے نام بتائے۔ وہ اردو کے اتیہاسک اپنیاسکار ہیں۔ انھوں نے قریب قریب چھوٹے بڑے سب ملا کرتیس اپنیاس لکھے ہوں گے۔ مسلمان ہونے کے کارن تھا پردیش میں اسلامی واتاورن ہونے کے کارن اسلامی اتیہاس کی بھی کتھائیں ان کے اپنیاس میں آئی ہیں۔ ایسے تین لیکھکوں سے پریرنا گرہن کرنے کے بعد منشی جی اپنیاس کار بننے لگے۔ یہ ستیہ ہے کہ سماچار پتروں میں لکھنے کا کاریہ تو انھوں نے 1899 سے آرمبھ کیا، لیکن ان کا پرتھم اپنیاس پرکاشت ہونے میں تین برس کا سمے لگا۔ ان کا 'کشنا' نام کا پرتھم اپنیاس 1902 میں پرکاشت ہوا اور وہ اردو بھاشا میں تھا۔

'کشنا' میں گرامینوں کا جیون ہونے کے ساتھ کابلی پٹھانوں کا کتنا آتنک کسانوں پر تھا، یہ چترت کیا گیا ہے۔ اس کے تین سال کے انترال کے بعد 'پریما' نامک ہندی و اردو اپنیاس پرکاشت ہوا۔ یہ لگ بھگ 250 پرشٹھوں کا اپنیاس ہے۔ تین وِدھواؤں کی دیپکا کے چتر کے ساتھ پُنرواہ کی وکالت ہونے کے کارن پرکاشک بھی بڑی کٹھنائی میں رہا۔ اس پرکار کی دھارمک مانیتاؤں کے خلاف پُستکیں بیچنے کے کارن پرکاشک کے وِردھ بہت بڑا آکروش پیدا ہوا۔ تب اس پاپ کے نروارتھ اس نے اپنے پاس کی 'پریما' کی ساری پرتیاں جلا ڈالیں۔ اسی کارن لوگوں میں یہ اپنیاس ادھک پرسارت ہوا۔ 'پریما' کے اپرانت 'وردان' جیسے راشٹر بھکت یکت اپنیاس کا جنم ہوا۔ 'وردان' اپنیاس آیو میں 'پریما' سے پانچ ورس چھوٹا یعنی اس کا پرکاشن 1912 میں ہوا۔ اس سمے کے راجنیتک واتاورن کو دھیان میں رکھا جائے، تو 'وردان' میں

آئے۔ راشٹر بھکتی کے وؤیچن کے اوچتیہ کو سمجھا جا سکتا ہے۔ اس کے سِوا 'پریما' کا وِشے اتنے تک ہی سیمت نہ تھا۔ وِواہ سمبندھی چرچا ہندستان کے پرتیک پرانتیہ سماج میں انگریزوں کے پرارمبھ ہوئی۔ اُسی طرح سنیکت پرانت میں بھی ہوئی اور اس کا پرتیمب پریم چند جی کے اپنیاسوں میں دیکھنے کو ملا۔ 'وردان' میں ویواہک جیون سمبندھی چرچا ہی بہت ہے۔

اس کے پشچات منشی جی نے اپنی کلپنا شکتی کو تھوڑا وِرام دیا۔ مہایدھ شروع ہونے تک انھوں نے کوئی اپنیاس نہیں لکھا اور چھوٹی چھوٹی کہانیاں لکھتے رہے۔ اس کا کارن جاننا آوشیک تھا، اس لیے میرا پرشن سن کر وہ بولے۔

''پہلی بات تو یہ ہے کہ ان سات سالوں میں میرا سواستھ ٹھیک نہیں تھا۔ اس کارن شکچھک کا کام چھوڑ کر میں نے نیرکچھک کا کام مانگا۔ پھر مجھے سدیو باہر گھومنا پڑا۔ پھر اپنیاس کے لیے آوشیک اکاگرتا و شانتی مجھے کہاں سے ملتی؟ کارن یہ ہوا کہ رویندرناتھ ٹیگور کی بہت سی ہندی میں انوادِت کہانیاں میں نے پڑھیں۔ مُکٹ، راجرشی آدی کا پرینام میرے من پر پربھاوکاری ہوا اور میں نے ویسی ہی چھوٹی چھوٹی کہانیاں لکھنے کا نشچے کیا۔''

ان کے راجنیتک، سماجک دھارمک وِچار کیسے ہیں اور وے کیسے کیسے بنے، اس وِے میں انھیں کے شبدوں میں جانکاری یہاں پرکاشت ہے۔

منشی پریم چند جی کے وِچار جاننے کے لیے ان سے کچھ پرشن پوچھے اور انھوں نے ان کا اُتّر دیے۔ میں نے سروپرتھم پوچھا کہ پرچلِت سماج وِوستھا کے وِشے میں انھیں کیا لگتا ہے؟ سماج سدھار کے لیے ان کی کیا سمّتی ہے؟ اتنا ہی نہیں، انھوں نے سووں پُنر وِواہ کیا ہے۔ دہیز کی پدھتی انھیں پسند نہیں تھی، پرنتو وِشیش مہتو کا وِشے وواہ وچھید ہی تھا۔ ہندو سماج میں وِواہ وچھید ہونا چاہیے یا نہیں، ایسا پوچھنے پر وہ بولے، ''ابھی تک اس وِشے پر میرا کوئی نشچت وِچار نہیں ہے، پر مجھے لگتا ہے کہ وِواہ وچھید کی پرِپاٹی سے سماج کا نقصان ہی اُدھک ہوگا۔ اس سے تھوڑے سے فائدے ہیں۔ نہیں ہے، ایسی بات نہیں ہے، پرنتو مجھے ایسا لگتا ہے کہ سب ملا کر ہانی کا ہی ادھک سمبھاونا ہے۔''

پرشن: ''پھر وِواہ وچھید کا پرشن آپ نے کسی اپنیاس میں اپستھت نہیں کا ہوگا؟''

اُتّر: ''نہیں، اس پرشن کو میں نے اسپرش نہیں کیا۔''

پرشن : ''پھر انتر جاتیہ وِواہ کے سمبندھ میں آپ کو کیا لگتا ہے؟''

اُتر : ''یہ پرشن چاہے جس کا ہو، سکھ پراپتی کا دھیہ لے کر چلتا ہے۔ پریم میں جاتی اور ورگ کی سیمائیں نہیں ہیں۔ اپنی جاتی میں یا سمبندھ میں وِواہ کرنا چاہیے، یہ سنکوچت روڑھی سماپت کر کے اس کا سوروپ وِیاپک بنایا جانا چاہیے...

پرشن : ''مگر منشی جی، آپ نے 'رنگ بھومی' میں راجپوت کا عیسائی یووتی سے وِواہ نہیں کروایا۔ کالپنک اپنیاسوں میں بھی انتر جاتیہ وِواہ کرانے کے لیے آپ تیار نہیں ہیں،

پھر......''

اُتر : ''ہاں، ٹھیک ہے۔ انتر جاتیہ وِواہ ہونا چاہیے، ایسا کہتے سے بھِنّ سنسکرتی کے لوگوں کا سماویش میں اس میں نہیں کرتا۔ ہندو اور عیسائی سنسکرتی کے دمپتی کبھی بھی سکھی نہیں ہوں گے، ایسا میرا وِشواس ہے۔ اسی لیے 'رنگ بھومی' میں راجپوت اور عیسائی کا وِواہ نہیں ہو سکا۔''

اس پر منشی جی سے میں نے کہا کہ میرے پرتیکچھ پریچے میں کئی ہندو عیسائی دمپتی سکھی ہیں۔ آپ کا مَت میں پکّا سمجھوں کیا؟

مگر پریم چند جی کو یہ وِچار جمع ہوا سا پرتیت نہیں ہوا۔ انھوں نے اس پرکار کے اداہرنوں کو اپواد سوروپ مانا اور سنسکرتی کی ڈھال آگے کی۔ وہ بولے، ''دونوں ہی سنسکرتیاں اس پرکار وِرودھی ہیں، تب ان کا سنیوگ سکھ دَے نہیں ہوگا۔''

اکے آگے اور واد وِواد کرنے کا کوئی کارن نہیں تھا۔

پرشن : ''آپ کے اپنیاسوں کے یا کہانیوں کے درشیہ اور پاتر کالپنک ہوتے ہیں یا واستوِک؟ آپ کے لیکھن کا ریہ کا ہیتو کیا ہے؟ آدرش جیون کو سمکھ رکھنے کے دھیہ ے آپ لکھتے ہیں یا نہیں؟''

اُتر : ''ویسے کہا جائے، تو پرتیک لیکھک دھیے وادی ہیں اور میں بھی اس نیم کے لیے اپواد نہیں ہوں۔ میرے لیکھن میں تیارتھ ریکھانکن بہت ہوگا، تو بھی آدرش جیون کے نمونے میں نے بہت ارے لیے ہیں۔''

پرشن : ''اچھا، تو پھر آپ کی آدرش سرشٹی میں ہمیں کیا دکھائی پڑے گا؟ سنیکت پرانت کا پرشن آپ نے اپنے اپنیاس کے کتھانکوں میں لیا ہوگا۔ زمیں دار اور اس کے کان پریواروں کا سمبندھ آپ کی سرشٹی میں کیسے ہوگا؟''

اُتر : ''آپ جس پرکار سے کہہ رہے ہیں، اس کے لیے انوسار میری شرشٹی میں زمیندار رہے گا ہی نہیں۔ دھیرے دھیرے اس کا ہردَے پریورتن کرکے کسان کے پیا ساری زمین کا ادھیکار آجائے گا۔ ایسا سماج نرمِت ہونا چاہیے، یہ میرا دھیہ اپنیاسوں میں سمَے سمَے پر وِیکت ہوا ہے۔ مہاتماجی جس پرکار سے کہتے ہیں، اس پرکار چینج آف ہارٹ پر میرا زور ہے۔ یہ میرا مت ہے کہ زبردستی سے کسی بھی پرکار کا پریورتن لانے کے بجائے پریم سے ہی یہ پریورتن ہونا چاہیے۔ اس لیے زمیندار سویہ ہی زمین پر سے اپنا ادھیکار چھوڑ دیں، تو پھر جھگڑا رہا کہاں ہے؟''

چینج آف ہارٹ، پریم کا سندیش آدی شبد سن کر میں نے منشی جی سے پوچھا، ''آپ تو گاندھی پکچھیہ بھاشا بولنے لگے۔ گاندھی جے کے سبھی سدّھانت آپ کو مانیہ ہیں کیا؟''

اس پر انھوں نے نکاراتمک اُتر دیا اور کربندی آندولن کس پرکار بھسم ہوگیا، اس کا ورنن ایک اپنیاس میں کیے جانے کی سوچنا دی، پرنتو اتنا ستیہ ہے کہ 'چینج آف ہارٹ'، گاندھی جی کی سیکھ انھیں مانیہ ہے۔ آگے وہ سُویَم بولے، ''میں کمیونسٹ ہوں، مگر میرا کمیونزم بالکل بھِنّ پرکار کا ہے۔''

پرشن، ''کمیونزم'' کہنے پر اس شبد کا ارتھ ایک ہی ہے۔ گاندھی جی کا کمیونزم، انگلینڈ کا کمیونزم، رشین کمیونزم۔ اس ایسے پرکار بالکل نہیں ہوسکتے۔ بلکہ پریم کا سندیش پھیلانے والے آپ زمینداروں کو بدلنے کی آشا رکھتے ہیں، ایسی استھتی میں آپ کو کمیونسٹ کیسے کہا جائے؟''

اُتر، ''کیوں بھلا میرا کمیونزم اس پرکار کا ہے؟ ہمارے سماج میں زمیندار، ساہوکار، یہ کسان کا سوشن کرنے والا سماج بالکل رہے گا ہی نہیں۔''

اس پرکار کے وِشے پر ادِھک چرچا کرنا اچھا نہیں، اس لیے ان کی شرشٹی میں کون کون پرانی رہیں گے، اس وِشے میں جگیاسا پرکٹ کی۔ وکیلوں کو پریم چند کے سنسار میں رہنے کے

لیے جگہ نہیں، برہمن بھی انھیں نروپیوگی لگتے ہیں۔ سنکیت پرانت میں پریم چند ایک برہمن دروہی لیکھک ہیں، اس پرکار انیک سناتی لیکھک انھیں پہچانتے ہیں۔ وکیل، برہمن، زمیندار، ساہوکار — ان سب کے پشچات ڈاکٹر کا نام اسی سندربھ میں آیا۔

منشی جی بولے، ''پرنتو ڈاکٹر ساج میں آوشیک ہے۔''

اس پر میں نے پوچھا، 'کیا آپ بچپن سے بیچ بیچ میں بیمار رہتے ہیں؟ ایسے انیک ورش نہیں بیتے ہوں گے، جب آپ کی طبیعت بالکل ٹھیک رہی ہوگی؟''

اس پرشن کا اُتر سویکاراتمک روپ میں ہی آیا۔ میں ذرا ہنسا، تب منشی جی نے پوچھا، ''کیوں، ہنس کیوں پڑے؟''

''نہیں،'' میں نے کہا، ''اس لیے آپ کی شرشٹی میں ڈاکٹروں کی آوشیکتا لگتی ہے۔'' اس پر بڑی زور کی ہنسی ہوئی۔

پہلے کا سوتر لے کر پونہ بات چیت آرمبھ ہوئی۔ میں نے کہا، ''پھر آپ نے اپنے اپنیاسوں میں وکیلوں اور برہمنوں کی خبر لی ہی ہوگی۔ مگر ڈاکٹروں پر آپ نے ٹیکا ٹپّنی نہیں کی ہوگی۔''

پریم چند بولے، ''ویسا کچھ نہیں۔ مگر ادھیکانش میں آپ جو کہتے ہیں، وہ ستیہ ہے۔ وکیل اور برہمن، ان کی میں نے اچھی خبر لی ہے، مگر کچھ پرسنگوں میں ڈاکٹروں کے دھن لوبھ پر بھی میں نے کٹا کچھ کیا ہے، پر بہت ہی کم۔ وکیلوں اور برہمنوں کے وینگ چتر میں نے بہت نکالے ہیں۔''

پرشن، ''اچھا، اب آپ کے اپنیاسوں کے کسانوں کے ورنن کس پرکار ہیں؟ ان کے چتر آپ نے کس پرکار کے نکالے ہیں؟''

اُتر: ''ایک وِشیش کارن میں نے کسانوں کے دوش نہیں دکھائے۔ ان کے درگنوں کا چترن میں نے جان بوجھ کر ٹال دیا ہے۔''

پرشن، ''معاف کیجیے گا، منشی جی، اس پرکار کی ملاقاتوں میں بہت سارے ویکتیک وِچار آجاتے ہیں، پر انھیں ٹالنا اسمبھو نہیں ہوتا۔ آپ کے اس اُتر سے کیا میں سمجھوں کہ آپ کا

بچپن اور یوواوستھا کا بہت سا سمے کسان کے گھر میں بیتا ہے۔ آپ بھی خود کیا کسان ہی تھے؟''

تھوڑا ہنس کر منشی جی بولے، ''میرا بچپن گاؤں میں ہی بیتا اور 1907 سے 1914 کے ساتھ ورشوں میں میں گاؤں گھومتا رہا، اس لیے مجھے کسانوں کے پرتی آتمیتا انوبھو ہوتی ہے۔ ان کے سکھ دُکھ میں میں سَم رَس ہوسکتا ہوں، اس کا بھی یہی کران ہے۔''

اس پر سے بات چیت بڑھی۔ منشی جی نے اپنا جنم استھان بنارس کے نزدیک سارناتھ کے پاس لمہی گاؤں بتلایا۔ سمبت 1937، عیسوی سن 1880 میں ان کا جنم ہوا تھا۔ 1904 میں وہ میٹرک ہوئے۔ اس کے بعد شکچھا وِبھاگ میں نوکری کرتے کرتے، 1916 میں کالج کی پڑھائی پرارمبھ کی، پھر 4-3 ورشوں میں وہ بی.اے. (الٰہ آباد) ہوئے اور اسہیوگ کے پہلے دور میں انھوں نے شکچھا وِبھاگ کی سرکاری نوکری چھوڑ دی۔ تب سے وہ لیکھن اُپجیولی ہیں۔ فی الحال ممبئی میں ان کے کتھانکوں پر فلمیں تیار ہونے کے کارن انھیں وہاں رہنا پڑتا ہے۔ 'سیوا سدن' اپنیاس پر فلم بن چکی ہے، 'مل مزدور' چالو ہے۔

اس پرکار کافی سمے تک ہنسی اور گپّوں کے بیچ یہ ملاقات چلتی رہی۔ مراٹھی اور ہندی ساہتیہ میں وِنمیہ ہونا چاہیے۔ آپ اور ہم سمے سمے پر ملتے رہیں، ایسا ہردے سے انھیں کہہ کر میں جانے کے لیے نکلا۔ پریم چند جی نے بھی ''پونہ اوشیہ آیئے'' تتھا 'مراٹھی واڑمے کے وِشے میں مجھے بہت ساری باتیں پوچھنی ہیں' کہہ کر اپنی سویکرتی پردان کی۔ انھوں نے اپنے سمپادن میں پرکاشِت ہونے والے 'ہنس' ماسِک کے مُکھ پرشٹھ پر مراٹھی لیکھک شری کولہٹکر کا پرکاشِت چتر دکھلاتے ہوئے مجھ سے بار بار ملنے کے لیے آگرہ کیا۔

حرف آخر

کلیات پریم چند کی چوبیس جلدوں میں پریم چند کی سبھی تصانیف (اردو، ہندی) پیش ہیں۔ کلیات پریم چند کی پیش کش میں نے دسمبر 1942 میں پریم چند کے بڑے لڑکے شری پت رائے کے سامنے رکھی تھی۔[1] کئی سال تک یہ کام نہیں ہوسکا۔ کئی ناشروں سے گفتگو ہوئی مگر کوئی تیار نہیں ہوا۔ چار سال قبل قومی کونسل کے ڈائرکٹر حمیداللہ بھٹ کو اس کام سے دلچسپی پیدا ہوئی اور انھوں نے شائع کرنے کا فیصلہ کیا۔ اب یہ کام پورا ہوا ہے۔

پریم چند کی تصانیف اور ان کے بنیادی ماخذ کے بارے میں کچھ تفصیل ضروری ہے۔ ان کی صحافتی اورادبی زندگی کے ابتدائی دور کی داستان سو سال پرانی ہوگئی۔ جن رسائل میں ان کی تصانیف شائع ہوئی تھیں ان میں سے آج ایک بھی شائع نہیں ہوتیں۔ جہاں تک ان کے ناول اور افسانوں کا تعلق ہے یہ کہنا واجب ہوگا کہ پریم چند کی حیات میں ایک یا دو کتابوں کے علاوہ ان کی کسی کتاب کا دوسرا ایڈیشن شائع نہیں ہوا۔ اگر ہوا بھی تو اس کی اطلاع انھیں نہیں مل سکی۔ ان کتابوں کے اکثر ناشر لاہور کے تھے۔ تقسیم ملک کے بعد ان سے تعلقات ممکن نہیں تھا یا وہ لوگ وہاں ہیں بھی نہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ پریم چند تصانیف کے لاہوری ایڈیشن آسانی سے دستیاب نہیں ہوئے۔

دوسری بات ہند پاک میں ذاتی کتب خانوں کی روایت بھی نہیں رہی۔ پبلک لائبریری کے رکھ رکھاؤ کا بھی تسلی بخش انتظام نہیں ہے۔ تین چار لائبریریوں کو چھوڑ کر (خدابخش اورینٹل لائبریری پٹنہ، رضا لائبریری رام پور، مولانا آزاد لائبریریاں بھوپال، ادارہ ادبیات حیدرآباد) پبلک لائبریریوں کا ملک میں قحط ہے اور جو لائبریری ہیں ان میں عام طور پر کتابوں کی حالت خستہ ہے۔ رسائل کی جو جلدیں ملتی ہیں ان میں کچھ شمارے غائب ہیں۔ تحقیقی کام میں کتنی دشواریاں پیش آتی ہیں آپ اندازہ کرسکتے ہیں۔

1۔ ڈاکٹر شیام سنگھ ششی کی کتاب ''پریم چند کے مدن گوپال'' (ہندی)، (ص 57) وبھا پرکاشن، الہ آباد۔ 2001 ، اس قسم کی یہ شاید پہلی کتاب ہے۔

مغربی ممالک میں ادیبوں کی کتنی عزت ہوتی ہے اس کا اندازہ اس بات سے کیا جاسکتا ہے کہ ان کے کتابوں کے پہلے ایڈیشن کو بڑی محبت اور محنت سے محفوظ کیا جاتا ہے۔ مسودوں کی قیمت تو بیش بہا ہوتی ہے۔ اس کے برعکس ہمارے یہاں عموماً پہلا ایڈیشن ملتا ہی نہیں اور اگر ملتا ہے تو اہمیت نہیں دی جاتی۔ اور مسودوں کی کیفیت یہ ہے کہ مسودوں کو پریس والے ردی کے طور پر پھینک دیتے ہیں۔

دلی یونیورسٹی اور جامعہ ملیہ اسلامیہ 1920 کے بعد وجود میں آئیں۔ ہارڈنگ لائبریری (اب لالہ ہردیال لائبریری) پرانی لائبریری ہے، مگر اس میں قدیم رسالے کو محفوظ رکھنے کی کوئی روایت نہیں ہے۔ اور دلی میں 1947 تک ناشروں کا قحط تھا۔ 1930 سے پہلے پریم چند کی کوئی کتاب دلی سے شائع نہیں ہوئی۔ ان کی ابتدائی دور کی تصانیف بنارس، کانپور، لکھنؤ اور الہ آباد سے شائع ہوئیں۔ ان تصانیف کی کوئی خاص اہمیت بھی نہیں ہے۔ پریم چند کی اہم کتابیں (بازارحسن، چوگان ہستی، گوشہ عافیت، پردۂ مجاز، غبن، پریم بتیسی، پریم چالیسی، نرملا) لاہور سے شائع ہوئیں۔ جس میں گیلانی الیکٹرک پریس، لاجپت رائے اینڈ سنس اور دارالاشاعت اہم ہیں۔ پریم چند کی وفات کے کچھ عرصہ قبل اور بعد میں مکتبہ جامعہ، دہلی اور عصمت بک ڈپو، دہلی سے ان کی کتابیں شائع ہوئی تھیں۔ مکتبہ جامعہ نے میدان عمل، گئودان اور بیوہ اور عصمت بک ڈپو نے دودھ کی قیمت شائع کیں۔ پریم چند کی حیات میں ان کتابوں کا دوسرا ایڈیشن شائع نہیں ہوا۔

آزادی کے بعد لاجپت رائے اینڈ سنس لاہور چھوڑ کر دلی آبسے اور یہاں سے اشاعت کا کام شروع کیا۔ پردۂ مجاز اور غبن کی اشاعت یہیں سے ہوئی۔ بازار حسن، گوشۂ عافیت، چوگان ہستی اورافسانوں کے مجموعے پریم پچیسی، پریم بتیسی اور پریم چالیسی کو دلی کے ادارۂ فروغ اردو نے شائع کیا۔

پریم چند کی تصانیف کے بارے میں ہم سوچ سکتے ہیں کہ ان کی عبارت، زبان یا متن میں کوئی تبدیلی کیوں اور کیسے کرے گا۔ یہ تو ہوئی ان کی 1920 کے بعد کی تصانیف کی بات، جہاں تک ابتدائی تصانیف کا سوال ہے وہ تو ویسے بھی بحث مباحثہ کا موضوع رہی ہیں۔

خود پریم چند نے اپنے دوست امتیاز علی تاج کو 29.01.1921 کو لکھا تھا کہ ''ہم خرما و ہم ثواب'' اور ''کشنا'' ان کی غالبًا 1900 کی تصانیف تھیں۔ چھ سال بعد دیانرائن نگم کو مطلع

کیا کہ میری ادبی زندگی 1901 میں شروع ہوئی تھی اور 1902 میں ہندی ناول ''پریما'' شائع ہوا۔ فروری 1932 کے 'ہنس' میں لکھا کہ میرا پہلا ناول 1900 میں لکھا گیا اور یہ 1902 میں شائع ہوا۔ تین سال بعد اندر ناتھ مدان کو لکھا کہ میری پہلی کتاب 1902 میں شائع ہوئی۔ یہ بیانات خود پریم چند کے ہیں۔ اب ان کے ہم عصر احباب کے بیان دیکھیے۔ دیانرائن نگم نے لکھا ہے کہ پریم چند کا پہلا ناول ''ہم خرما و ہم ثواب'' 1907 میں شائع ہوا۔ بابو جگیشور ناتھ ورنے لکھا کہ پریم چند کا پہلا اردو ناول ''پرتاپ چندر'' تھا اور ہندی ناول ''پریما''۔ پیارے لال شاکر میرٹھی نے لکھا ہے کہ پریم چند کا پہلا اردو ناول ''ہم خرما و ہم ثواب'' اور ہندی میں ''پریما'' تھا جو 1905 میں شائع ہوا اور دوسرا ناول تھا ''کشنا'' جو 1908 میں شائع ہوا۔ 1936 میں حسام الدین غوری نے اپنے مقالے میں لکھا کہ پہلا ناول ''اسرارِ محبت'' تھا جو بنارس کے 'آواز خلق' میں شائع ہوا تھا۔ نہ تو پریم چند نے اور نہ ان کے کسی دوست نے اس ناول کا ذکر کیا اور نہ کہیں حوالہ دیا۔ اس کا حوالہ صرف حسام الدین غوری کی 'پریم لوگ' (1937) میں ملا، پتہ نہیں میں نے غوری کے بیان کو اتنا اہم کیوں قرار دیا۔ اس سلسلے میں میں خود بنارس جاکر اس رسالے کے دفتر کو مشکل سے تلاش کیا اور کچھ پرانی فائلیں بھی دیکھیں۔ مجھے 'اسرار محبت' کی کوئی قسط نہیں ملی۔ احتیاط کے طور پر میں اس رسالے کے دو چار شمارے لیتا آیا تاکہ بعد میں کوئی جانکاری مل سکے۔ میری کتاب ''پریم چند'' جو 1943 میں شائع ہوئی، اس میں اسے ہی پریم چند کی پہلی تصنیف قرار دیا۔ اگلے سال اندر ناتھ مدان نے میری ہی فہرست کو قبول کیا اور دوسرے محققوں نے بھی اس کتاب کو حوالہ دیا۔ حالانکہ بیس سال بعد معلوم ہوا کہ ناول اسرارِ محبت نہیں اسرارِ معابد تھا۔ 1959 میں امرت رائے میرے غریب خانے پر تشریف لائے اور اس سلسلے میں گفتگو ہوئی۔ انھوں نے کہا ''آوازۂ خلق'' نام کا کوئی اخبار بنارس سے نہیں نکلا، تب میں نے انھیں اخبار کا ایک شمارہ دیا۔ اسے لے کر وہ بنارس گئے اور ''آوازۂ خلق'' کی فائلیں دیکھیں تو انھیں ''اسرار معابد'' کی چار قسطیں مل گئیں مگر بیچ کی ایک نہ مل سکی۔ اس نامکمل ناول کو انھوں نے 1962 میں منگلا چرن میں ''دیوستھان رہسیہ'' کے عنوان سے شائع کردیا۔ زبان وہی رہنے دی، صرف عربی اور فارسی کے مشکل الفاظ کی جگہ ہندی کے الفاظ استعمال کیے۔

جب کلیات پریم چند پہلی جلد کی تیاری شروع ہوئی تو یہ سوچ کر کہ جو متن امرت رائے

نے حاصل کر ہندی میں پیش کیا اس کی نقل ان کے پاس ہوگی، میں نے امرت رائے کے فرزند الوک رائے کو خط لکھا مگر وہ بے سود۔ میں نے اس کے اردو متن کو تلاش کرنے کے لیے رحیل صدیقی کو ''آوازۂ خلق'' کے دفتر بنارس بھیجا۔ ان کے مطابق ''آوازۂ خلق'' کے دفتر کا اب کوئی پتہ نہیں اور اس ناول کے بارے میں کچھ معلوم نہ ہوسکا۔ اگر ''آوازۂ خلق'' کے شمارے ملتے بھی تو ان کی حالت بوسیدہ ہوتی۔ تب ''منگلاچرن'' کے متن کو ہی استعمال کرنے کا فیصلہ لیا گیا۔ کلیات پریم چند جلد اول میں ''اسرار معابد'' کا متن وہی ہے جو ''منگلاچرن'' میں ہے۔ آئندہ کبھی اگر ''اسرار معابد'' کا اصل متن دستیاب ہوتا ہے تو اگلے ایڈیشن میں اس کی مدد لی جائے گی۔

پریم چند کے دوسرے ناول کے بارے میں میں نے اپنی 1943 کی کتاب پریم چند میں لکھا تھا کہ یہ شاید پرتاپ چندر کے عنوان سے شروع کی گئی تھی مگر شائع نہیں ہوئی۔ ممکن ہے کہ دس سال بعد اس مواد کو پریم چند نے جلوۂ ایثار میں ملا لیا ہو۔ ریم چند کا یہ معمول تھا کہ اگر کچھ لکھا ہوا مواد کام نہیں آیا تو اسے ایک طرف رکھ چھوڑا اور آگے چل کر اس کو استعمال کیا۔ جلوۂ ایثار 1912 میں شائع ہوا۔ آٹھ سال بعد جب اس کا ہندی ایڈیشن وردان کے عنوان سے تیار کررہے تھے تو کئی ابواب چھوڑ دیے۔ فقروں میں بھی تبدیلیاں کی گئیں۔ آگے چل کر بھی ایک پرانے ناول کو بدل کر بیوہ لکھا۔ اور اس کے ہندی ایڈیشن کو کاٹ چھانٹ کر پرتگیا کے عنوان سے شائع کیا۔ میدانِ عمل کے مسودہ میں ایک اور ناول کا مسودہ موجود ہے جو کبھی نہیں لکھا گیا۔ اس کے آٹھ ابواب کی تفصیل دی ہے، نواں خالی ہے، پرتاپ چندر شائع نہیں ہوا۔

میں نے لکھا تھا کہ پریم چند کا اگلا ناول ''کشنا'' تھا۔ میری کتاب کی اشاعت کے ایک سال بعد شیورانی دیوی نے ''پریم چند گھر میں'' میں بھی لکھا کہ پریم چند کا پہلا ناول ''کشنا'' تھا۔ یہ صحیح ہے کیوں کہ ''اسرارِ معابد'' صرف ''آواز خلق'' میں شائع ہوا۔ کتاب کی شکل میں (کلیات میں اشاعت سے قبل) کبھی شائع نہیں ہوا۔

پریم چند کی ''رنگ بھومی'' (چوگانِ ہستی) کے ناشر دلارے لال بھارگو نے ایک محقق کو بتلایا کہ پریم چند کا پہلا ناول شیاما تھا۔ یہ پریم چند کی پہلی بیوی کے نام پر رکھا گیا تھا۔ شیاما بدصورت تھی۔ کھاتے پیتے گھر سے آئی تھی۔ اسے گہنوں کا شوق بھی تھا۔ انھیں کے نام پر پریم

چند نے پہلا ناول لکھا۔ اسے اشاعت کے لیے اودھ اخبار کو بھیجا گیا۔ یہ منظور نہیں ہوا۔ دوسرے رسالوں سے بھی واپس آیا۔ تب پریم چند نے اسے ایک طرف رکھ چھوڑا۔ اس ناول کی تھیم خواتین کا زیورات کے لیے جنون تھا۔ کچھ سال بعد پریم چند نے اسی ناول کو ''کشنا'' کے عنوان سے بنارس کے میڈیکل ہال پریس سے شائع کرایا۔ دلارے لال بھارگو کے مطابق 1925 میں اس ناول کی ایک کاپی بھی حاصل کی گئی۔ اردو سے ہندی ترجمہ بھی ہوا پھر پریم چند اور بھارگو نے فیصلہ کیا اس شکل میں اس کی اشاعت مناسب نہیں ہوگی۔ اسی کی تھیم کو لے کر ایک اور ناول لکھنا چاہیے۔ یہ ناول غبن تھا۔ اس کی بنیادی تھیم ''کشنا'' کی تھیم تھی۔ بعنوان ''خواتین کا زیورات کے لیے جنون۔''

''کشنا'' کا حوالہ سرکاری گزٹ میں بھی ملتا ہے۔ لندن کے برٹش میوزیم لائبریری کے Index میں اس کا ذکر ملتا ہے مگر یہ ناول دستیاب نہیں ہوسکا۔ امرت رائے نے ڈاکٹر قمر رئیس کو لکھا تھا ''کشنا'' کے نام کا کوئی ناول کبھی نہیں شائع ہوا۔ اس کا ''غبن'' سے کوئی تعلق ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ امرت رائے اپنی کتاب قلم کا سپاہی میں ایک بار بھی اس ناول کا ذکر نہیں کیا۔ حالانکہ بعد کے ایک مضمون میں انھوں نے لکھا کہ انھیں بتلایا گیا ہے کہ ''کشنا'' نام کا ناول شاید لکھا گیا تھا۔ مگر اس پر روشنی نہیں ڈالی کہ کس نے بتلایا (شیورانی دیوی نے یا دلارے لال بھارگو نے)۔ پچاس سال قبل یہ سوال اٹھایا گیا تھا اس نام کا ناول تھا بھی یا نہیں۔ میں نے اپنی لٹریری بائیوگرافی (1964) میں زمانہ میں شائع اس ناول پر تبصرے کا متن دیا۔ پریم چند کے ایک شاگرد جناردن پرساد جھا دوج نے پریم چند کی حیات میں ایک کتاب پریم چند کی اپنیاس کلا کے نام سے لکھی تھی۔ میرے پاس دوسرا ایڈیشن ہے(1941)۔ اس میں لکھا ہے کہ جب پہلا ایڈیشن شائع ہوا تھا تو اس کی کاپی دوج نے پریم چند کو نذر کی تھی۔ ظاہر ہے دوج نے اس کے متن کی کوئی اصلاح نہیں کی۔ ورنہ دوسرے ایڈیشن میں کچھ تبدیلی ہوتی۔ بقول جناردھن پرساد جھا پریم چند نے انھیں بتایا کہ ''کشنا'' کی تھیم کو لے کر انھوں نے ''غبن'' کی تخلیق کی تھی۔ اس کا ذکر میری کتاب میں ہے۔ اس سلسلے میں ایک دلچسپ واقعہ بھی ہے۔

پریم چند کے والد عجائب لال نے چھوٹے بھائی ادت نرائن کو اپنے ہی ڈاک محکمے میں نوکری دلوائی تھی۔ انھوں نے سرکاری روپے غبن کیا۔ سزا ہوئی، قید بھی ہوئی، بھائیوں نے

روپے اکٹھا کر کے سرکاری خزانے میں جمع کرا کے ادت نرائن کو رہا کرایا۔ مگر شرم کے مارے وہ گھر سے غائب ہوگئے اور کبھی اپنی شکل نہیں دکھائی۔ ان کا لڑکا بھی آوارہ ہوگیا اور گھر سے بھاگ گیا۔ ان دنوں بنارس کے لوگ کلکتہ ہی جاتے تھے۔ یہی ممکن ہے کہ وہ کلکتہ ہی چلے گئے ہوں۔

سرکاری رقم کا غبن غیر معمولی بات ہے۔ ادت نرائن کے سلسلہ میں ایسا لگتا ہے کہ زیورات کے لیے غبن کیے تھے۔ خواتین کے دل میں زیورات کے لیے جنون ہی ''کشنا'' کا موضوع ہے۔ بیس سال بعد جب پریم چند نے ''غبن'' کی تخلیق کی تو زیورات کے لیے جنون ہی اس کی تھیم تھی۔ کردار بھی گھر سے بھاگ کر کلکتہ گیا۔ اشاعت کے بعد بیس سالوں میں ملک بھی کہاں سے کہاں پہنچ گیا تھا۔ انقلابی تحریکوں کا زور پکڑ رہا تھا۔ پریم چند نے ان سب کو لپیٹ میں لے لیا۔ یہ سب باتیں ''غبن'' کا موضوع ہیں۔ ''غبن'' ناول سرسوتی پریس سے شائع ہوا اس کا اردو ترجمہ پریم چند نے خود کیا، اسے لاجپت رائے اینڈ سنس لاہور نے شائع کیا۔ ''غبن'' کا ''کشنا'' سے کیا تعلق تھا اس کا ذکر کسی محقق نے نہیں کیا ہے۔

''کشنا'' کے بعد پریم چند کا دوسرا ناول 'ہم خرما و ہم ثواب' تھا۔ اس کے دو ایڈیشن نکلے اوراس کے پرانے ایڈیشن دستیاب نہیں ہیں۔[1] میں نے خدا بخش لائبریری، پٹنہ کو لکھا۔ جواب میں انھوں نے مطلع کیا کہ کاپی بہت پرانی ہے اور اس کی زیراکس ممکن نہیں ہے۔ ایک کاپی رضا لائبریری، رام پور سے رحیل صدیقی لائے، کلیات کی جلد میں یہی متن استعمال کیا گیا ہے۔

پریم چند کا اگلا ناول 'جلوہ ایثار' تھا۔ اس کے پہلے ایڈیشن کی کاپی تو دستیاب نہیں ہوسکی مگر ایک ایڈیشن لاہور کے کتاب منزل نے شائع کیا تھا۔ اس پر سن اشاعت نہیں دیا گیا۔ یہ شاید پریم چند کی حیات میں شائع ہوا تھا۔ اسی کے متن کو شامل کیا گیا ہے۔

کلیات کی پہلی جلد میں مذکورہ بالا ناول نواب رائے کے نام سے شائع ہوئے تھے۔ نواب رائے کی طرح پریم چند بھی دھنپت رائے کا قلمی نام تھا۔ اس نام سے شائع ہونے والا پہلا ناول ''بازارِحسن'' تھا۔ اس کو لاہور کے دارالاشاعت نے شائع کیا۔ پہلے ایڈیشن کی کاپی تو

1۔ ایک کاپی میرے پاس تھی اور اس کاپی سے تیار کی گئی۔ مائیکروفلم 1961 میں نیشنل لائبریری میں موجود ہے مگر میری کاپی ایک صاحب لے گئے انھوں نے واپس نہیں کی۔

دستیاب نہیں ہوسکی۔ آزادی کے بعد دلی کے ایک ناشر حالی پبلشنگ ہاؤس نے اسے شائع کیا۔ اس پر سن اشاعت نہیں دیا گیا مگر ایڈیشن سن پچاس سے قبل کا ہے۔ اسی کے متن کو کلیات کی جلد نمبر 2 میں شامل کیا گیا ہے۔

''بازارِحسن'' کے بعد پریم چند کا اگلا ناول ''گوشہ عافیت'' تھا مگر یہ چوگان ہستی کے بعد شائع ہوا۔ ''گوشہ عافیت'' کو بھی ''بازارِحسن'' کے ناشر دارالاشاعت، لاہور نے شائع کیا۔ آزادی کے بعد اسے دلی کے ناشر ادارۂ فروغ اردو نے شائع کیا۔ اس میں سن اشاعت تو نہیں دیا گیا مگر نسخہ پچاس سال سے زیادہ پرانا ہے۔

''چوگان ہستی'' جس کی تخلیق ''گوشہ عافیت'' کے بعد ہوئی تھی، اردو میں لکھا گیا تھا۔ مگر اس کی اشاعت پہلے ہندی میں ''رنگ بھومی'' کے عنوان سے ہوئی۔ ناول بہت مقبول ہوا۔ پریم چند کا خیال تھا کہ یہ ان کا سب سے بہترین ناول ہے، کیوں کہ ترجمہ کرتے وقت پریم چند نے بہت سی تبدیلیاں کردی ہیں اور کچھ نئے باب بھی جوڑ دیے ہیں۔ اس لیے اردو میں ترجمہ کروانا پڑا اور ترجمہ سحر ہتگامی نے کیا۔ گوشۂ عافیت کی اشاعت ادارۂ فروغ اردو دہلی نے کی۔ سن اشاعت درج نہیں ہے مگر جو نسخہ استعمال کیا گیا ہے وہ پچاس سال سے زیادہ قدیم ہے۔ ''چوگان ہستی'' کو ادبی مرکز نے دو حصوں میں شائع کیا۔ دونوں متن کو کلیات جلد 3 اور 4 میں شامل کیا گیا ہے۔

''چوگان ہستی'' کے بعد ''پردۂ مجاز'' شائع ہوا پھر ''غبن'' نکلا دونوں ناول لاجپت اینڈ سنس لاہور نے شائع کیے۔ آزادی کے بعد اسی ناشر نے دلی سے شائع کیا۔ دلی ایڈیشن شامل کیا گیا ہے۔

پریم چند کا اگلا ناول ''نرملا'' تھا۔ یہ پہلے ہندی ماہنامہ ''چاند'' میں شائع ہوا تھا۔ اس کا اردو ترجمہ لاہور کے گیلانی پریس نے شائع کیا۔ آزادی کے بعد اسے دلی سے پنجاب پیپرز نے شائع کیا۔ اسی کے متن کو غبن کے ساتھ کلیات جلد 6 میں شائع کیا گیا ہے۔

اگلے دو ناول ''میدان عمل'' اور ''گئودان'' دلی سے مکتبہ جامعہ کے اہتمام میں شائع ہوئے۔ میدان عمل تو پریم چند کی وفات کے کچھ ہی دن قبل شائع ہوا۔ ''گئودان'' وفات کے تین سال بعد شائع ہوا۔ ''کرم بھومی'' سے اردو میں ''میدان عمل'' کا ترجمہ خود پریم چند کیا۔ اس کا چوتھا ایڈیشن 1960 میں نکلا۔ اس کا آٹھواں ایڈیشن کلیات کی جلد 7 میں شائع کیا گیا۔

''گئودان'' کا ترجمہ سحر ہنگامی نے کیا۔ ''گئودان'' کو جلد 8 میں شامل کیا گیا ہے۔ پریم چند کا آخری ناول ''منگل سوتر'' ہے۔ اسے انھوں نے بستر مرگ پر قلم بند کیا تھا۔ پہلے ناول ''اسرار معابد'' کی طرح یہ ناول بھی نامکمل ہے۔ پریم چند کے بڑے بیٹے شری پت رائے کے مطابق یہ ناول پریم چند کا سوانحی ناول ہے۔ اس کا اہم کردار ایک ادیب ہے۔ اس کے دو بیٹے ہیں اور ایک بیٹی ہے۔

کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ چار ابواب کے ساتھ پلاٹ ختم ہوجاتا ہے۔ کیونکہ پانچوں باب میں صرف سب کردار اکٹھے ہونے تھے۔ یہ ناول کے پلاٹ کا اہم حصہ نہیں ہے۔ اس لیے ''منگل سوتر'' کا جو متن دستیاب ہے اسے مکمل سمجھا جائے۔[1] حالانکہ شری پت رائے نے اس ناول کو شائع نہیں کیا۔ اس ناول کا ذکر رسائل میں ہوتا رہتا تھا اور میں نے اپنی کتاب پریم چند (1943) میں اس کا ذکر کیا تھا۔ گو تب یہ ناول شائع نہیں ہوا تھا۔ اس کی اشاعت تو پانچ سال بعد امرت رائے کے ہنس پرکاشن سے ہوئی۔ ہندستان میں ابھی تک اس کا اردو ترجمہ نہیں شائع ہوا مگر پاکستان میں ڈاکٹر حسن منظر نے اس کا اردو ترجمہ انجمن ترقی اردو کراچی سے شائع کرایا ہے۔ کلیات کی آٹھویں جلد میں ہنس پرکاشن کے ہندی متن کو صرف رسم خط بدل کر اردو میں شائع کیا گیا ہے۔

پریم چند کے ناولوں کے بارے میں ایک اور اہم بات یہ ہے کہ پریم چند خاکہ انگریزی میں لکھتے تھے۔ ''چوگان ہستی'' (رنگ بھومی) کا خاکہ انگریزی میں لکھا گیا۔ ''کایا کلپ'' (پردۂ مجاز) ''میدان عمل''، ''گئودان'' کے خاکے بھی انگریزی میں لکھے گئے۔ ''نرملا''

1۔ اس ناول کے بارے میں مجھے مزید جانکاری ایک مضمون سے ملی، جسے الہ آباد یونیورسٹی کے ہندی میگزین شمارہ 35 (1979-8) میں شائع کیا گیا۔ اس کے مدیر تھے ڈاکٹر موہن اوستھی اور مضمون ڈاکٹر منوہر گوپال بھارگو کا تھا۔ ڈاکٹر بھارگو کو لکھنؤ کے ناشر دلارے لال بھارگو نے بتلایا تھا کہ پریم چند کے فروری 1932 میں شائع سوانحی ''جیون سار'' کی اشاعت کے بعد انھوں نے پریم چند کو اپنا سوانحی ناول لکھنے کی پیش کی۔ پانچ ابواب کا خاکہ تیار کیا گیا پھر پریم چند مصروف ہوگئے۔ کبھی بنارس، کبھی ممبئی۔ 1936 میں بستر مرگ پر انھوں نے اس پر کام شروع کیا۔ چار ابواب تیار ہوگئے۔ آخری باب کو انھوں نے کسی دوست کو کاغذ کے پرزوں پر لکھوایا۔ ڈاکٹر بھارگو نے لکھا ہے کہ انھوں نے ان کاغذ کے پرزوں کو دلارے لال بھارگو کے پاس خود دیکھا ہے۔ پھر کیا ہوا کچھ پتہ نہیں چلا۔ دلارے لال بھارگو تو اس دنیا میں نہیں رہے۔

اور ''غبن'' کے خاکے انگریزی میں نہیں ہیں۔ اس کی وجہ شاید یہ ہے کہ ''غبن'' تو ان کے ابتدائی ناول ''کشنا'' کی تقسیم پر لکھا گیا تھا اور ''نرملا'' چاند میں مسلسل قسط وار شائع ہوا تھا۔ کچھ ناولوں کے خاکے پیش کیے جاتے ہیں۔

چوگانِ ہستی کا خاکہ

I. Prabhu Sewak turns a staunch nationalist. Extremely bold and seperate, revolutionary tendenocies.

II. Vinay and Sofia living quietly in a cottage in hilly village. Vinay is chivalrous and full of love. He is devoted to Sofia. As he has again to be united. She does not consent, once or twice when he approaches her. She snubs him. She says she will not have him unless given by the Rani and Kuar. (All of as sudd-----) Then they read in newspapers the changing attitude of Kuar Sahib. The moment is at stake. Nobody to take care. (Vinay .....) Sofia then comes out with the intention of preserving the moment and if possible to win over the Rani.

III. She comes directly to Rani. A Scene. Rāni obdurate, turns his face. She pleading- At last Rani has brought accord. Vinay is (glad.......) beyond himself with joy to receive her letter of welcome, written by the Rani.

IV. Mr. John Sewak has succeeded in acquiring the land. The strugle.

V. Tahir Ally comes out of his jail and is broken hearted to see the plight of his family. (He goes to Mahir Ali-......) Mahir does not come even to see him. He falls ill and dies of grief.

VI. Ghisu, Mithua and Vidayadhar all turn bad characters. They one night try to violate Radhia. She raises an alarm. Surdas at once arrives on the spot and takes hold of two of them. Mithua makes his escape. (.....) Surdas's true evidence. Bajrangi glad to hear the judgement, but Jagdhar is enraged and vows revenge. Indradatta now takes the field. (Surdas does not continue .....).

VII. Prabhu Sewak and John Sewak United. The scheme is abolished. The mill is running. P.Das goes away again to Europe. While

J.Sewak is grinding his wheel with desperate and pitiable patiance.

VIII. Nayak Ram dreams a drama that Vinay has jumped and he jumps after him. He broke his knee part, takes much time to restore. Then he becomes to his home. Sees, everything in ruins.

IX. The struggle begins. In the meantime marriage between Sofia and Vinay is also settled. Dates are fixed. Vinay now seeks excuses to keep away from the struggle for fear of imprisionment and death. Sophia is glad to have him by her side (but she .....) She tells him to remain with Surdas. She does not quite like Vinay's cowardice All volunteers are ready to join in the struggle but Vinay's cold heartedness. On the last day there.... in a stir, some violence is feared. Police and Military came in the town and spot. The next day she herself goes the scene. Vinay accompanies her. They watch the scene. People ard flocking, brick-bats are thrown. Vinay tries to conduct Sophia safely home. Firing is ordered. She goes Surdas falling on the ground. He is overcome by emotion and runs towards her. Vinay is ashamed. He comes forward to pacify the mob but is hooted. In this agony, at his unpopularity,at his weakness, at his moral frustration he is over come by a sudden grief and remorse. He stabs himself to death.

Police and military succeeded in driving away the mob.

X. Sophia leads Surdas to Hospital and attends upon him. Daily thousands come to have a look of Surdas. Bajrangi and others come. Rani also comes and showers him with flowers. (Six .....) Ten days pass. Surdas is happy and smiling. He never complains. Then Sophia all of a sudden comes to know of Vinay's self-sacrifice. She is much unnerved. She tries to respect at her whole life. When Surdas passes away the whole town accompanied. Raja are the only defaulters. Surdas returns to Rani and is warmly received Rani drops a tear (but never loses heart) and weary of life, hating this life- losing her son, losing her daughter, losing her husband, Rani becomes mad. Her brain is turned. She leaves home and is never heard of Sophia.....

Chakradhar remains poor.

Manorama is an ideal house wife and love. She makes Chakradhar happy in whatever she gets, always happy and cheerful. Chakradhar's character very high. He dovotes himself to service and uplift of his brethren. Rani pays money for Chakradhar.

Ahalya dies in the end. The Raja forsakes his Raj and draws a deed of which he makes Chakradhar a seceratry.

Ahalya secretly in love with Chakaradhar, but never utters a single sentence. Chakradhar too is ardent lover of Rani but neyer vent to his feelings.

In the end it turns out that Manorma was daughter of Thakur Hari Sewak from Loungi. They had cast her away and entrusted her to the care of a man and had been paying monthly for it.

23rd Chapter- Chakradhar proposes marriage his partner.

Arrival at Agra. Jashodha Nandan's house is broken into and he is murdered. (Manorama.....) Ahalya spirited away. (Chakradhar gets the news and hurries to Agra. He interviews Khwaja Sahib.....) for a week- no trace. Then Khwaja Sahib takes upon himself to search her out. At last he finds her and keeps her in ....

24th Chapter- Chakradhar gets the news and proceeds to Agra. Khwaja Sahib hands Ahalya over to him. Ahalya ready to kill herself, but Chakradhar marries her then and there.

25th Chapter- Their married life, want and poverty. She is a good house-wife and manages to live with comforts in whatever she gets. A son is born to her.

26th Chapter- Manorama agony, she invites her and she is recognised by the Raja.

27th Chapter- Ahalya's choice and Chakradhar's parting with her.

28th Chapter- Manorama sister to Ahalya. Ahalya pines and is about death. Raja is murdered.

29th Chapter- Chakradhar now comes and lives with Ahalya.

Gradually his interest is awakened in the state affairs. Manorama is jealous. Chakradhar begins to cut her explenditure, Manorama grudgs this.

30th Chapter- Manorama is furious. She conspires to murder. Chakradhar at the hour repents and commit suicide.

31st Chapter- The whole state is opposed to Chakradhar only to his fairness and freedom from bias. Hindu-Mohd. quarrels grow- Guru Sewak heads a Hindu riots, Chakradhar leaves the state in disguest and works silently for the cause of untly with unflaging zeal and stubborn hope.

32nd Chapter- Rani Deva Priya is widowed and remains widow 20 years. Then she is approached by a young prince. She is brought back to Jagadish Nagar.

Ideas

Trials and troubles mould the human character, they make heroes of men. Power and authority is the curse of humanity. Even the highest fall a victim to power and lose their character. Chakradhar rose morally while struggling for existence. His fall began when he came in power.

Rani is rejuvenated. She forgets her previous birth, who she was, how she got rejuvenation. Raj Kumar begins to decline from the same day. Rani afraid to approach him. Struggle. In the end Rani loses her balance. Passion overcomes her. She approaches Raj Kumar. A love scene. The next day Raj Kumar, seized by a fatal sickness, dies. Rani again sinks into self-gratification. She builds her Rangshala. She again leads a life of flippancy.

Raj Kumar takes his birth in Kuar Vishal Singh's house from Ahalya. When the boy grows into a lad, he starts a tour through India. He reaches Telkari, sees the Rani, memories begin to revive. Rani making approaches.

Bibhuda is yagyanarain- crafty, parsimonious, selfish, but serviceful, tactful.

Vishal Singh is Bechan- Lal-simple, honest, wanting in moral

courage.

Kalyan Singh is Chandrika Prasad- sneaking in the presence of superiors, cannot manage household, suspicious.

Chakradhar is D.Prasad- very shy, learned, principled.

The new Rani's father is Nana-perfectly selfish, dishonest, unscrupulous, drunkard, hopes to build his fortune with his daughter.

Chakradhar's father-flatterer, kind generous, mild, simple-hearted.

The Pandit (Vibhuda Prasad) and his wife both turn Hindu Sangathankars.

Bibhuda is a Persian-readman. Knows very little Sanskrit. His dialouge must be of an educated mussalman.

Chakradhar always seeks God in man.

Chakradhar comes out from jail a nobler and purer. All the extreme bestiality of human nature dawns upon him and his sense of duty is awakened. These as it was never before.

The story shuld be put in Lucknow. Necessary changes should be made.

The Raja has three wives. He inherits the gaddi. He falls in mad love with Ahilya. Ahalya knows him (She knows how dull and pitiable his life is. She is also fond of riches. She marries him for money. But the Raja and sincere and everpowering tendencies gains her heart. The mutual love arises. The Raja is so immeresed in love that all considerations are vanished from his heart, wealth even son. He no longer pines for a son.

She is faithful to the Raja. Whatever she does, Raja approves. The Rani to come to live with her, although at first they hated her and thought she was coming to exploit the Raja.

اگلے ناول کرم بھومی (میدان عمل) کا خاکہ بھی انگریزی میں ہے۔ یہ پیش ہے :

1. Amarkant awakened. The whole outlook is transformed. His past life reviewed- His up at once.
2. While working scene Amar finds Sakina and Munni both there and a scene of humiliation oand shame comes upon him. He falls at their feet and begs forgiveness.....

(i) Scene be fine- the municipal resoulution passed (Presioners set free......)

(ii) Governer's Visit of inquiry- His decision.

(iii) Amarkant awakened. The whole outlook transformed. While working Scene- orders for relase arrive just them. Jubilation.

(iv) All proceed to Hardwar. Naina and Rein and all the others come from Benares to welcome.

Sukhada forms her ministry. Amar co-operates whole heartedly. No ill will. They work together, talk together, form plans together, but their privateselves are apart with one another. Mani devotes herself to the personal comforts of Amar.

1. Hori has two brothers Shobha and Hira. Bhola has two sons Kamta and Jangi and one daughter Jhunia, who is a widow. Hori has one son Gobar and two daughters Sona and Rupa. His wife is Jhinki.
2. Shobha is widow. Hira hardworing but rash and short temper.
3. Hori purchases the cow. The whole village comes to have a look. Shobha is indifferent but Hira grows jealous. He poisons the cow. Hori seen it but cannot report him to the police.
4. The whole village goes to the Zamindar to clebrate Dasahara festival. Hori sells his store of barely. He could not hide his face. He wants to increase his territory. Zamindar must be impressed. The party goes to Zamindar. There is a drama. A show. The Zamindar is humane and generuos. He tells his story. He is also a member of Distt. Board. There are officers to feast and please, endowments to pay. The tenants come satisfied. Jhunia also comes to the show. Gobar proposes. He is not married and marriage means money. Jhunia surrenders herself.
5. Jhunia gets a (son.......) daughter, Panchayat. Gobar goes away to Calcutta. Panchayat extorts heavy punishment. For redemption (the.....) Hori has to start on pilgrimage. His hereditary property is

mortgaged. He is unable to pay the interest. Gobar does not return. Then Sona is to be married. There is no money, no property. He is a day labourer now. The girls also go to work with him. The whole mentality is changed.

6. The property is to be redeemed. The girl is married. The property comes into possession. Then a quarrel with Hori's brothers for Mahua. Hori is beaten. He fights a suit against brothers. The brothers are jailed. Hori enjoys the scene, but in the end takes care of his family.

7. Bhola's sons separate. Jhunia is dead. His only child. Bhola begins to rear the child. He has surrendered his share to his sons and become a Sadhu. The Zamindar takes care of the daughter.

8. Zamindar's eldest son is a vakil and a member of council, and also a muncipal servant and a nationlist leader. He should be exposed for his hypocrisy, the younger son is a poet and an auther with some impulse. He marries Jhunia's daughter. His family out casts him. He is a social worker and is honoured by the tenants.

9. Hori's younger daughter is sold off. The crops have not failed but they brought only enough for rent. There were cattle to feed, his own mouth to feed. What could he do? He was weak. Jhinki was labouring hard to pull on. Then the old man sells off the girl, without knowledge of his wife. He manufactures a Tale to hide his shame.

10. Gobar returns a sobar man. Tell something of his sojourn abroad. Jhunia has been forgotten, but when he has made good deal by doubtful means, his spiritual awakening takes place. He hurries.His father is on death bed, but he would not receive him back. Gobar is reunited to Jhunia.

11. Bhola has brought a widow his wife much younger. He comes to live with Hori. A hut is built for him. He has taken to thieving as he can get no work. Jangi is attracted to this woman and secretly the meet. Then one day the woman gives him up and goes to Jangi shamelessly for years. At last one day the wife scolds him for er and

beats him with a broom. This finishes Bhola.

12. Hori drags on a weary and wretched existence. Gobar helps him indirectly through his mother who faithfully serves the husband. A last his time comes and he expires. Gobar gives him a gaudan.

    Introduce- agricultural exhibitions, uplift, literary movement, sugar mills, co-operation.

'منگل سوتر' کا خاکہ انگریزی میں دستیاب نہیں ہے مگر بقول ڈاکٹر کمل کشور گوینکا امرت رائے نے انھیں بتلایا تھا کہ انگریزی خاکہ ان کے پاس تھا مگر یہ ضائع ہوگیا۔ 'چوگان ہستی'، 'پردۂ مجاز'، 'میدان عمل' اور 'گئودان' کے جو خاکے پیش کیے گئے ہیں ان کی بنا پر وہ پہلے مسودے ہیں جو دستیاب ہیں۔ انھیں کے مختلف حصوں میں خاکوں کے جز ہیں، کہیں کہیں ان اشخاص کے نام بھی دیے گئے ہیں جن کی بنا پر کرداروں کی تخلیق کی گئی۔ پریم چند کے کاغذات میں ایک اور ناول کا خاکہ بھی ملا ہے جس کے آٹھ ابواب کی تفصیل دی گئی ہے۔ نواں خالی ہے۔ خاکہ پیش ہے:

"Two aspects- an unhappy married life due to different in outlook and mentality. There is enthusiasm, sacrifice, devotion, but also a longing, a burning for love, the heart is not awakened, there is no spititual awakenening, wife's sacrifices create love, spiritual awakening also comes; then whole outlook changed; the whole atmosphere is purified. A young punished for transportation in a political murder trial. His betrothed and father, both are transformed; when he returns, he find them ready to welcome him; all fear vanished.

The details should be worked out-- 160 passage- firtst chapter--- the trial and punishment; price.12...

Second, the betrothed girl was present at the court; her fiancess farewell letter.

Third, the father subscribed secretly to the fund of the political party and is ready to help in every way.

Fourth, the secret is divalged by one of the party; the police threaten the father, but he is adamant; his daughter in 1 encourages him.

Fifth, the daughter-in-law attends a political meeting and is vociferously cheered; she is elected president of the Congress Committee;

Sixth, Lahore Congress; she attends and delivers a speech at Lahore; the resolution for independence; she supports it in an excellent speech;

Seventh, the ratification; her efforts to form a lady workers union successful;

Eight, picketing by the lady and arrest.

کچھ محققین نے اپنی تصانیف میں پریم چند کے مسودوں کا ذکر کیا ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان ناولوں کے مسودے موجود ہیں۔ اس سلسلے میں کچھ ضروری باتوں کا ذکر واجب ہوگا۔ ہمارے یہاں یہ روایت رہی ہے کہ مسودہ آیا، دیکھا، ضرورت ہوئی تو ترمیم کی اور کاتب کو دے دیا۔ کاتب نے کتابت کی، پروف دیکھا گیا اور چھپائی کے لیے بھیج دیا پھر مسودہ ردی کی ٹوکری میں۔ یہ حشر تو اس آخری ناول کا ہے جو شائع کیا گیا۔ ہندی کے ناشروں کا حال بھی مختلف نہیں ہے۔ یہ غیر ممکن ہے کہ جس مسودے سے ناول شائع ہوئے ان کے اوریجنل کہیں محفوظ ہوں۔ مسودے تو کیا لوگوں کے پرائیویٹ خطوط تک ہماری رسائی نہیں ہے۔ صرف بنارس کا رام رتن پستک بھون ہے۔ گلی نندن ساہو ٹھیٹھرا بازار، چوک، بنارس، جن کا دعویٰ ہے کہ ان کے پاس 'چوگان ہستی'، 'گوشہ عافیت'، 'کایا کلپ' اور 'کرم بھومی' کے مسودے محفوظ ہیں۔

'بازار حسن' کے بعد اردو میں شائع ہونے والا پہلا ناول 'چوگان ہستی' ہے۔ یہ پریم چند کا اردو میں لکھا گیا آخری ناول ہے۔ جہاں اردو میں ناشروں کا قحط تھا وہاں ہندی میں پریم چند کی کتابوں کی مانگ تھی۔ اس لیے پریم چند نے اسے ہندی میں لکھا اور یہ 'رنگ بھومی' کے نام سے شائع ہوا۔ یہ ناول بہت مقبول ہوا۔ تب پریم چند نے اس کا ترجمہ اردو میں کروایا۔ 'چوگان ہستی' کے اردو کے پہلے ایڈیشن میں پریم چند نے لکھا کہ ''اگرچہ 'رنگ بھومی' پہلے اردو میں لکھا گیا تھا، مگر اس کا اردو ایڈیشن ہندی ایڈیشن سے شائع ہونے کے تیسرے سال بعد شائع ہو رہا ہے۔ ہندی ایڈیشن تیار کرتے وقت اردو مسودے میں ترمیم و اضافہ ہوا اور کئی ابواب ہندی میں اور بڑھائے گئے تھے کہ انھیں اردو میں شامل کرنا ضروری تھا۔ اس لیے سارا مسودہ ہندی مسودے کے مطابق کر کے دوبارہ لکھنا پڑا۔ میں اپنے کرم فرما اقبال منشی سحر ہنگامی کا بے حد ممنون ہوں کہ انھوں نے اس بار کو اپنے ذمے لیا اور کتاب اس صورت میں تیار

ہوئی جو آج آپ کے سامنے حاضر ہے۔ اگر انھوں نے دست عنایت نہ بڑھایا ہوتا تو شاید ابھی تک اس کتاب کو بہت عرصے تک میری فرصت کا انتظار کرنا پڑتا۔''

رام رتن پستک بھون میں رکھے 'چوگان ہستی' کا مسودہ شاید سحر ہتگامی کے ہاتھ کا ہوگا۔ پریم چند نے صرف نظرثانی کی ہوگی۔ پہلے صفحہ پر ''اوم'' لفظ لکھا ہے۔ بائیں حاشیے میں لکھا ہے Commenced on 1-10-22 اختتام پر لکھا ہے اپریل 1924۔ 'چوگان ہستی' کا مسودہ نیلی سیاہی میں ہے۔ آخری کئی صفحات کالی سیاہی میں ہیں۔ جون جولائی 1925 کی تاریخیں بھی ہیں۔ ایک جگہ لکھا ہے 116 Pages ہندی مسودہ Completed 12-8-24 ایک اور جگہ لکھا ہے۔

اسی مسودے کے آخر میں 'شطرنج کے کھلاڑی' کا مسودہ بھی ہے جب سحر ہتگامی اردو مسودہ تیار کر رہے تھے پریم چند اپنے اگلے ناول کایاکلپ میں مصروف تھے۔ اس لیے پریم آشرم کا ترجمہ بھی سحر ہتگامی سے کروایا اور اسے دارالاشاعت لاہور سے گوشۂ عافیت کے عنوان سے شائع کرایا۔

گوشۂ عافیت کے کچھ حصے رام رتن بھون میں ہیں۔ 15ویں باب کے چار صفحے اور انیسویں باب کے آخری صفحے سے لے کر 38ویں باب کے صفحے یہاں ہیں۔ ناول کی لکھاوٹ نیلی سیاہی میں ہے۔ 34ویں باب کے آخر میں کالی سیاہی میں، 8-5-25 تاریخ لکھی ہے اور 38 ویں باب کے اختتام پر 24-10-25 تاریخ لکھی ہے۔

افسانوی مجموعے

پریم چند کو جتنی شہرت ناول سے ملی اس سے کہیں زیادہ شہرت افسانوں سے ملی۔ اردو میں افسانہ نگاری کا ابتدائی دور تھا اور پریم چند افسانے کے بانی ٹھہرے۔ بقول پریم چند ''ان کا پہلا افسانہ ''دنیا کا سب سے انمول رتن'' تھا'' اور یہ 1907 میں شائع ہوا۔ تب سے لے کر تیس سالوں میں پریم چند نے اردو اور ہندی میں تین سو افسانے لکھے جو ان کے قلمی نام نواب رائے، د۔ر (دھنپت رائے) افسانہ کہن اور پریم چند کے نام سے شائع ہوئے۔ افسانہ کی تخلیق کتنی مشکل یا آسان ہے اس ایک خط سے ظاہر ہوتی ہے جو پریم چند نے دیانرائن کو 1917 میں لکھا تھا ''ایک وقت میں ایک ہی کام ہوسکتا ہے یاتو ناول لکھوں یا کہانیاں۔ ناول

میں ایک ہی پلاٹ کافی ہے اور اس کا لکھنا اتنا مشکل نہیں ہے جتنا ہر ماہ دو تین کہانیاں، کیونکہ دماغ ایک ساتھ دو مختلف کام نہیں سنبھال سکتا۔'' پریم چند کے افسانوں کے پہلے مجموعے ''سوزوطن'' میں پانچ قصے تھے۔ انگریز کلکٹر نے انھیں باغی قرار دیا اور ان کی جلدیں ضبط کرلیں۔ یہ مجموعہ نواب رائے کے قلمی نام سے شائع ہوا تھا۔ اب نیا نام پریم چند رکھا۔ بیس سال بعد 'سوز وطن' کے افسانوں کو 'سیردرویش' کے ساتھ ملا کر گیلانی الکٹرک پریس لاہور نے شائع کیا۔ اسی نسخہ سے کلیات کی نویں جلد میں انھیں پیش کیا گیا ہے۔

پریم چند کا اگلا مجموعہ 'پریم پچیسی' تھا جو زمانہ پریس کانپور سے دو حصوں میں شائع ہوا۔ ان میں جو افسانے شامل تھے وہ زمانہ، کہکشاں اور تہذیب نسواں میں شائع ہوئے تھے۔ پریم چند کا تیسرا افسانوی مجموعہ 'پریم بتیسی' تھا۔ اس کا پہلا حصہ زمانہ پریس کانپور سے اور دوسرا حصہ امتیاز علی تاج کے دارالاشاعت لاہور سے شائع ہوا۔ اس میں زمانہ، کہکشاں، تہذیب نسواں کے افسانوں کے علاوہ صبح امید، ادیب میں شائع شدہ افسانے بھی شامل ہیں۔ 'پریم پچیسی' اور 'پریم بتیسی' کے پہلے ایڈیشن کی کاپیاں اب آسانی سے دستیاب نہیں ہیں۔ آزادی کے بعد ادارۂ فروغ اردو نے انھیں شائع کیا۔ (حالانکہ 'پریم بتیسی' کے دوحصوں میں بتیس کے بجائے صرف اکتیس افسانے ہیں) ایک افسانہ چھوٹ گیا ہے۔ کلیات میں ادارۂ فروغ اردو کی شائع کی ہوئی کتابوں کی مدد لی گئی ہے۔

پریم چند کے افسانے اردو میں مقبول تھے مگر کتابی صورت میں ان کی بکری تسلی بخش نہیں تھی حالانکہ جب یہی افسانے ہندی میں شائع ہوئے تو دھوم مچ گئی اور دھڑادھڑ بکنے لگے۔ یہ غیرمعمولی شہرت اتنی زبردست تھی کہ جہاں ان کے ناول 'بازارحسن' کے لیے کوئی ناشر تیار نہیں تھا۔ وہاں اسے ہندی میں (سیواسدن) اتنی شہرت ملی کہ 'بازارحسن' کی اشاعت کے لیے تحریک کا کام کیا۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ہندی میں پریم چند کے افسانوی مجموعے کی اتنی مانگ تھی کہ لوگوں کی بھوک مٹتی ہی نہیں تھی۔ جہاں 'پریم بتیسی' کی اشاعت کے بعد آٹھ سال تک اردو میں ایک مجموعہ بھی شائع نہیں ہوا۔ وہاں اس عرصہ میں ہندی میں تیرہ مجموعے شائع ہوئے۔ (نوندھی، پریم پورنما، پریم پچیسی، نمک کا داروغہ، لال فیتہ، ٹالسٹائے کی کہانیاں، پریم پرسون، بینک کا دیوالہ، پریم دوادشی، پریم پرتما، پریم پرمود، شانتی، اگنی سمادھی وغیرہ)۔

1928 میں پریم چند نے اپنے خرچ پر نگار پریس لکھنؤ سے 'خاک پروانہ' کی اشاعت

کی۔ اس مجموعے میں چودہ افسانے تھے۔ کچھ سال بعد گیلانی پریس لاہور نے بھی 'خاک پروانہ' کی اشاعت کی۔ اس میں دو افسانے (تحریک اور علاحدگی) جوڑ دیے گئے۔ آزادی کے بعد اس کی اشاعت امرتسر سے ہوئی جس میں گیلانی پریس سے اجازت کا ذکر ہے۔ 'خاک پروانہ' کا پہلا ایڈیشن ہمیں مل گیا۔ 1928 میں لاجپت رائے اینڈ سنز لاہور نے چودہ افسانوں کے مجموعے 'خواب خیال' کو شائع کیا۔ اگلے سال انڈین پریس الٰہ آباد نے 'فردوس خیال' کے عنوان سے بارہ افسانوں کا مجموعہ شائع کیا۔ اسی سال گیلانی پریس لاہور نے چالیس افسانوں کو 'پریم چالیسی' کی دو جلدوں میں شائع کیا مگر 1941 میں سید مبارک علی شاہ نے راقم الحروف کو بتلایا تھا کہ 'پریم چالیسی' کی فروخت تسلی بخش نہیں تھی اور انھوں نے شری پت رائے کو لکھا تھا کہ وہ لاگت ادا کر کے کتابیں اٹھوا لیں۔ 'پریم چالیسی' کے پہلے ایڈیشن کی کاپیاں آسانی سے دستیاب نہیں ہیں۔ مگر دونوں حصوں کو فروغ اردو دہلی نے شائع کیا ہے۔ یہ متن پہلے ایڈیشن پر ہے مگر ان پر سن اشاعت نہیں دیا گیا ہے۔

1933 میں لاہور کے ایک ناشر کتاب منزل کشمیری بازار نے پریم چند کے گیارہ افسانوں کو ''میرے بہترین افسانے'' کے عنوان سے شائع کیا۔ اس پر سن اشاعت تو نہیں دیا گیا ہے۔ مگر اس کے ٹائٹل صفحہ پر لکھا تھا ''منشی پریم چند مصنف گوشہ عافیت، جلوۂ ایثار، بازارحسن وغیرہ) انھیں گیارہ افسانوں کو ایک دوسرے ناشر راجپال اینڈ سنس لاہور نے بھی شائع کیا۔ ٹائٹل صفحہ پر لکھا تھا منشی پریم چند مصنف 'میدان عمل'، 'گئودان' وغیرہ) سن اشاعت کسی پر بھی نہیں دیا گیا۔ ظاہر ہے کتاب منزل کا ایڈیشن راج پال کے ایڈیشن کے بعد کا ہے۔ لاہور کے ہی ایک ناشر نرائن دت سہگل نے 1934 میں 'آخری تحفہ' کے عنوان سے تیرہ افسانوں کا ایک مجموعہ شائع کیا۔ پریم چند کے وفات سے ایک سال قبل دلی کے حالی پبلی کیشنز ہاؤس کتاب گھر نے پندرہ افسانوں کا مجموعہ 'زادراہ' شائع کیا۔ وفات سے قبل پریم چند نے دو مجموعوں کی اشاعت کی منظوری دی تھی جو ان کے وفات کے بعد نکلے۔ پہلا تھا 'دودھ کی قیمت' (عصمت بک ڈپو، دلی) 'دوسرا واردات' (مکتبہ جامعہ)۔ 'واردات' کا دسواں ایڈیشن 1960 میں شائع ہوا۔ پریم چند کی وفات کے بعد ان کے لاہور کے ناشروں نے شائع شدہ مجموعوں سے افسانے لے کر مختلف ناموں سے کچھ مجموعے شائع کیے جیسے 'جیل'، 'وفا کی دیوی' وغیرہ۔

مذکورہ بالا پانچ اہم مجموعوں کے ایڈیشن دستیاب ہیں مگر سن اشاعت کسی پر بھی نہیں ہے۔ شری پت رائے نے سولہ اپراپیہ کہانیوں کا مجموعہ سرسوتی پریس سے شائع کیا۔ یہ کہانیاں گوینکا کے اپراپیہ ساہتیہ میں بھی شامل ہیں۔ اور ان کے علاوہ بھی سولہ کہانیاں اس کتاب میں شامل کی گئی ہیں۔ ہندی میں پریم چند کی حیات میں مان سرورر کی دو جلدیں سرسوتی پریس نے شائع کی تھیں۔ بعد میں شری پت رائے نے چھ اور مجموعے اسی نام سے شائع کیے۔ منشی جی کے دوسرے فرزند امرت رائے نے پرانے رسائل سے لے کر دو جلدیں گپت دھن کے نام سے ہنس پرکاشن سے شائع کیں(1962)۔

جہاں اردو میں پریم چند کے افسانوی مجموعے پندرہ ہیں وہاں ہندی میں تیس سے زیادہ ہیں۔ اردو کے مجموعے 'سوز وطن'، 'پریم پچیسی'، 'پریم بتیسی'، 'پریم چالیسی'، 'خاک پروانہ'، 'خواب و خیال'، 'فردوس خیال'، 'زادراہ'، 'دودھ کی قیمت' اور 'واردات' میں افسانوں کی تعداد 192 ہے۔ اس کے علاوہ کچھ افسانے دوسرے مجموعوں میں ہیں جیسے سجان بھگت، پنساری کا کنواں اور معمہ وغیرہ، مگر ہندی میں افسانوں کی تعداد تین سو ہوجاتی ہے۔ ان میں ٹالسٹائے کی کہانیاں، جنگل کی کہانیاں، کتے کی کہانیاں شامل نہیں ہیں۔ کچھ سوانحی مضمون ہیں جن میں ان کے بچپن کی یادیں، اسکول کے تجربات، شادی ، پہلی تخلیق، جیون سار، بیوی کے نظر میں شوہر جیسے مضامین ہیں جنھیں افسانوں میں شامل کرلیا گیا ہے۔ ان تین سو افسانوں میں وہ افسانے بھی شامل ہیں جو نواب رائے افسانہ کہن یا د۔ر۔ کے نام سے شائع ہوئے۔ آٹھ دس افسانے ایسے ہیں جو بنگلہ یا انگریزی کے ترجمے ہیں ان پر وہ عام طور پر د۔ر لکھتے تھے۔ ویسے پریم چند نے اپنی ادبی زندگی کی ابتدا رویندرناتھ ٹیگور کی کہانیوں کے ترجموں سے کی تھی۔ جب کوئی افسانہ ان کو اچھا لگتا تو اس کا ترجمہ کرتے۔ خوف رسوائی، اپنے فن کا استاد، دھوکے کی ٹٹی بنگلہ زبان سے، روسی زبان سے، انگریزی زبان سے ترجمہ قیدی۔ دو افسانے برات اور تانگی کی جان شیورانی دیوی کے نام سے شائع ہوئے۔ ان کا اردو ترجمہ پریم چند نے واردات میں شائع کیا۔ کلیات میں یہ سب افسانے دیے گئے ہیں۔ داراشکوہ کا دربار اور بھرت کو ہم نے سوانحی خاکہ کے طور پر متفرقات میں شامل کیا ہے۔ محققین پریم چند یہ تسلیم کرتے ہیں کہ کچھ قصے ابھی بھی تلاش کے بعد مل سکتے ہیں۔ کیونکہ بعض اوقات پریم چند افسانے لکھ کر بھول جاتے تھے۔ افسانہ رسائل کو بھیج دیا، شائع ہوا، کاپی آگئی اور معاوضہ مل گیا۔ دوست احباب

نے تعریف کی اور رسائل غائب ہوگئے۔ اگلے مجموعے کے لیے افسانے تلاش کیے جاتے، جو مل جاتے انھیں شائع کردیتے باقی جو نہ ملتے انھیں بھول جاتے۔ جون 1910 میں ایک افسانہ شکار شائع ہوا تھا۔ اسے پریم پچیسی میں شائع نہیں کیا گیا اور نہ ہی پریم بتیسی میں۔ بیس سال بعد اسے لاہور کے رسالے چندن میں شائع کرایا اور اسے آخری تحفہ میں شامل کیا۔

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نے جب کلیات پریم چند شائع کرنے کے بارے میں یہ فیصلہ لیا کہ اس میں اردو کے علاوہ ہندی کی تمام تحریروں کو بھی شامل کیا جائے۔ قدیم رسائل کی ورق گردانی کرنا اور پریم چند کے خطوط کو مطالعہ ضروری تھا۔ کیونکہ ان خطوط میں بعض افسانوں کے حوالے بھی ملتے ہیں۔کوئی نصف صدی پہلے میں نے پریم چند کے اردو ہندی افسانوں کی فہرست تیار کی تھی یہ فہرست مکمل نہیں ہے کیونکہ اس کے بعد بھی پریم چند کے افسانے تلاش کیے گئے۔ کچھ امرت رائے، کچھ شری پت رائے اور کچھ کمل کشور گوینکا نے۔ امرت رائے نے 56 افسانے گپت دھن کی دو جلدوں میں، شری پت رائے نے 16 کہانیاں اور گوینکا نے 16 کہانیاں پریم چند کا اپراپیہ ساہتیہ میں شائع کیے۔ امرت رائے نے قلم کا سپاہی میں 224 کہانیوں کی فہرست دی ہے۔ ڈاکٹر جعفر رضا اور شیلیش زیدی نے فہرست بنائی ہیں۔ یہ فہرستیں مددگار تو ہے مگر ان میں کچھ خامیاں بھی رہ گئی ہیں۔ ممکن ہے کلیات میں بھی کچھ غلطیاں رہ گئی ہوں۔ اگلے ایڈیشن میں درست کیا جائے گا۔

پریم چند اپنے مضامین تو بہت سے رسائل میں شائع کراتے تھے، مثلاً اردوے معلیٰ علی گڑھ، آزاد (لاہور) مگر افسانے زیادہ تر زمانہ، آزاد، ادیب، کہکشاں، تہذیب نسواں، پھول، ہزار داستان، ذخیرہ، صبح امید، رہنمائے تعلیم، ہمایوں، عصمت، شاہ کار وغیرہ اور ہندی میں پرتاپ، سرسوتی، مادھوری، پربھا، چاند، وشال بھارت، سوادھینتا، ہنس اور جاگرن میں شائع کراتے تھے۔ زمانہ کے علاوہ باقی رسائل کی عمر بہت کم ہے کہکشاں چار سال، صبح امید چھ سال، ان رسائل کی فائلیں آج آسانی سے دستیاب نہیں ہیں۔ زمانہ کی فائلیں کچھ لائبریریوں میں ہیں مگر کچھ شمارے غائب ہیں۔ خدا بخش لائبریری، عثمانیہ یونیورسٹی لائبریری اور ادارۂ ادبیات حیدرآباد، رضا لائبریری رام پور سے کچھ افسانے (نیچ ذات کی لڑکی، مہرپدر، حسن ظن، روئے حیات، دونوں طرف سے، موت اور زندگی) ملے۔ اردو میں تقریباً دو سو افسانوں کا مطالعہ کرکے یہ پتہ لگانا کہ کون سا افسانہ کس نام سے ہندی میں شائع ہوا یہ کام آسان نہیں

ہے۔ بعض اوقات پریم چند خود مجموعہ شائع کرتے وقت عنوان بدل دیتے تھے۔ دوا اور دارو کو بدل کر کپتان اور شامت اعمال کو خاک پروانہ کردیا۔ موت اور زندگی کو امرت، حسن و شباب کو کشمکش، کچھ کرداروں کے نام بھی بدل دیتے تھے۔ مثال کے طور پر ایک کہانی جج اکبر ہے اس کے کرداروں کے نام ہیں صابر حسین عباسی، شاکرہ وغیرہ جب اسی افسانے کو ہندی میں بھیجا تو مہاتیرتھ نام دیا اور کردار رودمنی، کیلاش سکھدا وغیرہ تھے۔

پریم چند کے افسانوں کی مقبولیت دیکھ کر لوگ ان کا اردو سے ہندی میں ترجمہ کرلیتے تھے اور کبھی کبھی پریم چند کو معلوم بھی نہیں ہو پاتا تھا۔ دیانرائن نگم کو لکھتے ہیں (اکتوبر 25) ''زمانہ کے لیے ایک مضمون لکھا تھا اس کا ہندی ترجمہ کلکتہ کے ایک رسالے میں نکلا تھا۔ میں نے مضمون صاف کیا مگر ہندی میں نکلنے کے تیسرے دن اس کا ترجمہ لاہور کے پرتاپ میں نظر آیا حالانکہ لاہوری ترجمہ بالکل بھدا ہے مگر قصہ تو وہی ہے۔''

ایک دوسری جگہ لکھتے ہیں ''میرے قصوں سے آج کل بہت چور ہورہے ہیں۔ ممکن ہے آپ کو زیادہ نظر آتے ہوں مجھے (فلاں) دیکھنے کا موقع ملا...... حضرت نے میری عبارت کے پورے پورے پیراگراف نقل کرلیے ہیں۔ جنوری، فروری، مارچ تینوں تحریروں میں یہی حال ہے۔'' پریم چند کے مترجم بھی اگر متن میں تبدیلی کردیتے تھے تو وہ بہت زیادہ پرواہ نہیں کرتے تھے۔ اس لیے ان کے افسانوں کے متن کے بارے میں کوئی نظریہ اپنانا شاید ممکن نہ ہوگا۔

کچھ ناشر مجموعہ شائع کرنے کی پیشکش کرتے اور اگر پریم چند رضامند ہوجاتے تو ناشر اپنی طرف سے افسانوں کی فہرست پیش کرتے اور جو متن دستیاب ہوتا وہی اشاعت کے لیے لے لیتے۔ ایک مثال پیش ہے۔ پریم چند کا ایک افسانہ عفو زمانہ 1923 میں شائع ہوا۔ اس کا ہندی ترجمہ کشما ہے۔

(اردو متن) مسلمانوں کو اسپین پر حکومت کرتے کئی صدیاں گزر چکی تھیں، کلیساؤں کی جگہ مسجدیں بنتی جاتی تھیں، گھنٹوں کی خوش آئند مگر بے جان صداؤں کی موذن کی کرخت روحانی صدائیں سنائی دیتی تھیں۔ غرناطہ اور الحمرہ کی کنج رفتاری پر ہنسنے والے محلات بن چکے تھے۔ جن کے کھنڈر اب تک تماشائیوں کو اپنی شان ماضیہ کی جھلک دکھاتے تھے۔

(ہندی متن) مسلمانوں کو اسپین دیش پر راجیہ کرتے کئی شتابدیاں بیت چکی تھیں۔

کلیساؤں کی جگہ مسجدیں بنتی جاتی تھیں، گھنٹوں کی جگہ اذان کی آوازیں سنائی دیتی تھیں......وغیرہ وغیرہ۔

اسی ہندی متن کو لے کر کئی مترجم نے اس کا اردو ترجمہ کیا۔ عفو کی اشاعت کے تین سال بعد گیلانی پریس نے زمانہ کے متن کو 'پریم چالیسی' میں شائع کیا۔ مگر 'فردوس خیال' میں ہندی کے کیے ہوئے ترجمے کو شامل کیا ہے اور عنوان دیا معافی۔ یعنی عفو کا پہلے ہندی ترجمہ ہوا۔ چھما اور چھما کو اردو میں معافی کردیا گیا۔ اسی طرح کی مثال کئی دوسرے ترجموں میں دیکھی جاسکتی ہے۔

کچھ افسانے ہیں جو پہلی بار اردو میں شائع ہوئے تھے مگر اس رسائل کے جس شمارے میں شائع ہوئے تھے وہ ہمیں نہیں ملے۔ ہمیں امید تھی کہ جن افسانوں کے اردو متن سے ہندی میں ترجمہ 'گپت دھن' یا 'پریم چند کا اپراپیہ ساہتیہ' میں نہیں کیا گیا وہ شاید ہم امرت رائے اور کمل کشور گوئنکا سے حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں۔ کوشش کی گئی تھی مگر ہمیں کامیابی نہیں ہوئی۔ مستقبل میں کچھ افسانوں کا جیسے لاہور کے تہذیبِ نسواں میں شائع ہوا 'سانپ کی معشوقہ'، 'دو جنجال' لکھنؤ کے صبح امید میں چھپے 'بعد از مرگ' لاہور کے نیرنگ خیال میں 'وطن کی قیمت' ہمدرد میں شائع 'داروئے تلخ' کی دو قسطیں کہکشاں میں شائع 'اشک ندامت' اور آزاد میں شائع 'دیر و حرم' ریاست میں شائع 'قرابت' وغیرہ کا اوریجنل اردو متن دستیاب ہوجائے تو اسے کلیات کی ضمیمہ کے طور پر اگلی جلد میں شائع کیا جائے گا۔

افسانوں کے مسودے

کچھ سال قبل پروفیسر آلوک رائے نے راقم الحروف سے دریافت کیا تھا کہ کیا ممکن ہے کہ پریم چند کے افسانوں کے اوریجنل متن کہیں دستیاب ہوں۔ میں نے انھیں بتایا کہ شائع ہونے کے بعد افسانے کے مسودے کو ردی میں پھینک دیا جاتا تھا اور کچھ رسائل کی عمر ہی بالکل کم تھی۔ صرف سرسوتی پریس اور زمانہ کے علاوہ کوئی کاغذوں کو سنبھال کرنہیں رکھتا تھا۔ نگم کے وفات کے بعد یہ بات ختم ہوگئی۔ سرسوتی کے کچھ کاغذات شاید ناگری پرچارنی سبھا میں رکھے ہوں۔ جہاں تک مجھے علم ہے صرف رام رتن پستک بھون میں چار افسانوں کے متن رکھے ہیں۔ ایک ہے پریم چند کا آخری افسانہ 'کشمیری سیب'۔ دوسرا ہے 'رہسیہ' جو شاید پریس

کاپی ہے۔ تیسرا ہے 'شطرنج کے کھلاڑی'، 'چوگان ہستی' کے کچھ صفحات کے ساتھ اور چوتھا ہے 'ڈامل کا قیدی'۔ اس کا خاکہ انگریزی میں ہے اور اس کا پہلا متن بھی۔ مگر یہ افسانہ 'مان سروور' اور 'زادراہ' میں شائع افسانوں سے مختلف ہے۔

رام رتن بھون پستک میں رکھے افسانے کا خاکہ یوں ہے:

Sethji in ai village-bridge construction. He kills a young boy and set the bridge pillar erected. He is caught and sentenced for life. He returns after fourteen years and moves towards his home. He finds the same boy as his son. He is awestruck. His whole fortune has been ruined. His wife and child are living in obscurity and misery. Seth goes in quest of parents of the boy.... they are no where to be found. He comes his own house has been occupied by the...... He is building a bridge. His son is caught and killed in bridge construction. This turns him a wise man. He bows before the Lord with a true heart. He turns a new lease of life. All desires vanish. He is not more a heretic.

اس خاکہ کو پریم چند نے کاٹ دیا۔ پھر دوسرا خاکہ لکھا جو ذیل میں ہے:

Sethji returns in high spirits. A big construction has been given to him. He departs to his work the same day. The pillar refuse to rise. A sacrifice is necessary. A young boy is caught secretly and sacrificed. The Seth is caught and sentenced for. He returns to find his house in possession of others. After a long search he goes to the same bridge. It is being constructed. Wife recognises him and she now has a son. The Seth is awestruck. for it is the same boy whom he had sacrificed. What a change in the fortune. He now lives with his wife but is afraid of the son. One day he finds his own son sacrifuced in the construction. His wife already dead. His only source of life dried.

جب کہانی لکھی گئی تو اس پر کوئی عنوان نہیں لکھا گیا۔ کہانی کا مسودہ دستیاب ہے۔

ویسے بھی پریم چند اپنے قصوں میں کافی ترمیم و اضافے کرتے تھے۔ ان سب مشکلات کے باوجود اردو ہندی قصوں کو ملاکر تین سو افسانوں کو کلیات کی چھ جلدوں میں شامل کیا گیا ہے۔ ناولوں اور افسانوں کے جن مسودوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے انھیں شیورانی دیوی نے رام رتن پستک بھون کو دیا تھا۔ یہ آخری مسودے نہیں تھے۔ کچھ کے ڈرافٹ یا ان کے کچھ صفحات

وہ ہیں جنھیں رد کردیا تھا۔ اس بات کی تائید ایک ڈرامے کے کچھ صفحات سے ہوتی ہے جو رام رتن پستک بھون میں دیکھے جاسکتے ہیں۔

ڈراما

پریم چند کو سیاست میں کافی دلچسپی تھی۔ ہندو مسلم اتحاد کے لیے کوشاں تھے۔ خواجہ حسن نظامی نے کرشن بیتی لکھی۔ پریم چند نے حضرت حسنؓ کی شہادت سے متاثر ہوکر کربلا لکھا۔ یہ پہلے ہندی میں 'کربل کتھا' کے عنوان سے شائع ہوا مادھوری نومبر 1923 کے شمارے میں پریم چند نے 'کربلا' مضمون بھی لکھا۔ اس کے ہندو کرداروں کو لے کر بحث و مباحثہ کا سلسلہ چلا۔ پریم چند نے جنوری 1925 کے شمارے میں جواب دیا۔ پھر انھوں نے اس خط کے ایک جز کو خود ترجمہ کیا اور کچھ اور جز نیز حیدر قریش سے کروایا۔ کوئی ناشر اس ڈرامہ کو شائع کرنے کو تیار نہیں ہوا تب اسے زمانہ کو بھیجا۔ مدیر دیانرائن نگم نے دوسروں سے مشورہ لیا۔ اس بارے میں کلیات جلد 15 اور 16 میں تفصیل دی جاچکی ہے۔ بعد میں یہ ڈرامہ زمانہ میں شائع ہوا۔ اس کے ایک ایکٹ میں یزید کی فوج فرات کے کنارے ہے۔ اس ندی سے دو میل دور امام حسین کا لشکر ہے۔ سعید نے فرات ندی کے پانی کو روکنے کا حکم دیا تھا۔ اس واقعہ کو لے کر شاید ایک باب لکھا جانا تھا۔ مگر یہ باب نہیں لکھا گیا۔ یا اسے کاٹ دیا گیا۔ اس لیے چوتھے سین کا ایک حصہ غائب ہے۔ ایک باب نکال دیا گیا۔ اس ڈرامے کو بعد میں پریم چند نے گیلانی پریس کو اشاعت کے لیے دیا۔ گیلانی صاحب نے راقم الحروف کو 1941 میں بتلایا تھا کہ انھوں نے مسودے کے متن میں کچھ ترمیم کرکے پریم چند کو واپس بھیجا۔ تب پریم چند بستر مرگ پر تھے۔ ان کی وفات کے بعد اسے لاجپت رائے اینڈ سنز نے شائع کیا۔ اس ڈرامے کے کچھ صفحات رام نرائن پستک بھون میں رکھے ہیں۔ کچھ صفحات لکھ کر کاٹ دیے گئے ہیں۔ یہاں پہلے ایکٹ کے صفحہ 62 سے دوسرے ایکٹ کے 111 صفحے تک کا مسودہ موجود ہے۔ بہت سارے صفحوں کو لکھ کر کاٹ دیا گیا ہے۔ جیسے چھٹے سین کو کاٹ دیا گیا ہے، پھر دوسرا ایکٹ شروع ہوتا ہے۔ شائع شدہ ایڈیشن کا چھٹا اور ساتواں باب بعد میں لکھا گیا۔

میری کتاب پریم چند کے خطوط، امرت رائے اور میری کتاب چٹھی پتری کی دو جلدیں اور کمل کشور گوئنکا کے اپراپیہ ساہتیہ میں شائع خطوط کو ملا کر کلیات کی جلد 17 میں پریم چند کے تقریباً سات سو خطوط شائع کیے گئے ہیں۔ ڈاکٹر گوئنکا کی کتاب اپراپیہ ساہتیہ میں وہ خطوط بھی ہیں جنھیں دوسرے ادیبوں نے پریم چند کو لکھے تھے۔ جیسے بنارسی داس چترویدی، اور جن کے جواب پریم چند نے دیے تھے۔ حواشی کے لیے ان چاروں خطوط کو تاریخ وار پیش کیا گیا ہے۔ ان خطوط کے لیے میں ڈاکٹر گوئنکا کا مشکور ہوں۔

کلیات کی 17 ویں جلد میں پیش کیے گئے پریم چند کے خطوط کی کتنی اہمیت ہے اس کا جائزہ لینا آسان کام نہیں ہے۔ پریم چند کے چھوٹے بیٹے امرت رائے نے مجھے پچاس سال قبل لکھا تھا کہ (خطوط کو اکٹھا کرنے کے بارے میں) آپ نے جو کام کیا ہے میں اس کی تمنا لیے بیٹھا ہوں۔ پریم چند کے ہم عصر اور مشہور ادیب سدرشن نے بھی راقم الحروف کو لکھا کہ آپ جو کام کر رہے ہیں وہ ثواب کا کام ہے۔ ابھی تک ہندی میں پتر ساہتیہ ہے ہی نہیں۔ آپ ہندی کے ادیبوں کو نئی راہ دکھلا رہے ہیں۔ نصف صدی گزرنے کے بعد میں آج دعوے کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ ان خطوط کے ذریعے سے مجھے پریم چند کی سوانح لکھنے کی تحریک ہوئی اور اپنے خطوط کی بنا پر میں پریم چند کی authentic لٹریری بایوگرافی اور پریم چند قلم کا مزدور لکھ سکا۔ میری کتابیں اور امرت رائے کی کتاب. قلم کا سپاہی ہیں جن خطوط کے اقتباسات دیے گئے ہیں ان میں سے 90 فی صدی ان خطوط میں سے ہیں۔ امرت رائے نے قلم کے سپاہی کے دیباچہ میں لکھا ہے کہ اگر ان کی رسائی ان خطوط تک نہ ہوتی تو ان کی کتاب ادھوری ہوتی۔

پریم چند سوانح عمریوں اور خطوط کو لے کر پریم چند پر جتنی کتابوں اور ریسرچ کام ہوئے ہیں اتنا کام دوسرے کسی ادیب پر نہیں ہوا۔ ان خطوط کے بارے میں کلیات جلد 17 میں مفصل بحث موجود ہے۔ اس کام کی شروعات ان خطوط سے ہوئی جو پریم چند نے دیا نرائن نگم کو لکھے تھے۔ ان خطوط کی تعداد ساٹھ سے زیادہ ہے۔ جب نگم صاحب زمانہ کا پریم چند نمبر شائع کرنے لگے تو انھوں نے اپنے مضمون میں خطوط کے حوالے دیے۔ ساٹھ سال قبل یہ خط

مجھے مل گئے۔ باقی خطوط کے لیے مجھے نگم کے پاس پھر جانا تھا مگر ان کا انتقال ہوگیا۔ میں نے ان کے لڑکے شری پت نرائن سے ملاقات کی مگر انھیں خطوط کا علم نہیں تھا۔ میں نے امرت رائے کو صورت حال سے مطلع کیا اور وہ نگم کے گرے ہوئے مکان کے ملبے سے خطوط کے بنڈل کو تلاش کر کے لائے۔ اسی طرح دلی میں جتیندکمار کی فائل سے میں نے پچاس خطوط کی نقل کی تھی۔ لاہور کے امتیاز علی تاج نے خطوط نقل کرنے کی اجازت دی۔ کچھ سال بعد بھشیم ساہنی نے کچھ خطوط کو آج کل (ہندی) میں شائع کرایا۔ بعد میں نقوش میں بھی یہی خطوط شائع ہوئے۔

دیانرائن نگم، تاج اور جینندر کمار کو لکھے خطوط اہمیت کے حامل ہیں۔ اس کے علاوہ پریم چند کے بھائی مہتاب کے نام خطوط بھی بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔

مہتاب رائے کو لکھے پریم چند کے خطوط ادبی موضوع پر تو نہیں ہیں مگر انھوں نے پریم چند کے ساتھ سرسوتی پریس میں شرکت تھی۔ ان کے خط و کتابت سے پریم چند کی اقتصادی حالت پر روشنی پڑتی ہے۔ میں مہتاب رائے سے تین بار ملا۔ ایک بار تو وہ مجھے اپنی سائیکل پر بٹھا کر لمہی بھی لے گئے۔ انھوں نے مجھے مطلع کیا کہ میری ملاقات سے قبل کچھ اور لوگ بھی ان سے پریم چند کے خطوط لے گئے تھے جن کے پتے ان کے پاس نہیں تھے۔ جو خطوط ان کے پاس بچ رہے تھے وہ انھیں دینے کو اس لیے تیار نہیں تھے کیونکہ ان خطوط میں بھی اس چوٹی سے گر گئے جس پر انھوں نے بٹھا رکھا تھا۔ ان خطوط کو وہ عوام کے سامنے نہیں رکھنا چاہیں گے۔ بہت منّت سماجت کے بعد آٹھ دس خطوط انھوں نے مجھے دیے۔ کئی سال بعد انھوں نے دس بارہ خطوط کو امرت رائے کے حوالہ کیا۔ اب یہ دلی کے نہرو لائبریری میں ہے۔ انھیں بھی ہندی میں شامل نہیں کیا گیا۔ کلیات کی جلد 17 میں شامل ہیں۔

ان سب خطوط کے علاوہ بنارسی داس چترویدی کو لکھے خط بھی شامل ہیں جن کے اوریجنل اب نیشنل آرکائیوز میں محفوظ ہیں۔ کرم بھومی کے گجراتی مترجم شری جوشی نے انگریزی میں لکھا ایک بیش قیمت خط دیا جو شامل ہے۔ صحافی کیشورام سبھروال جن کا تعلق چاندنی چوک کے ہارڈنگ بم کیس سے تھا اور جو ٹوکیو میں جلاوطن رہ چکے تھے۔ انھوں نے پریم چند کی کچھ کہانیوں کا ترجمہ جاپانی اخباروں میں شائع کروایا تھا۔ کچھ پریم چند کے خط انھوں نے مجھے دکھلائے جن کے ترجمہ کلیات میں شامل کیے گئے ہیں۔ کچھ اور خطوط جے شنکر پرساد، شیورانی

دیوی، نرالا، شیو پوجن سہائے کے ذریعے مختلف کتابوں میں شائع ہو چکے ہیں۔ ان سب خطوط کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ پریم چند کے خطوط کو اکٹھا کرنے کا کام ساٹھ سال سے برابر چل رہا ہے۔ اس سلسلے میں میری خط و کتابت شائع ہو چکی ہے۔[1]

اس کے باوجود کے. ایم. منشی، دلارے لال بھارگو اور ست رام سے خطوط لینے میں ناکام رہا۔ کے. ایم. منشی لاہور آئے تھے، میں ان سے ملا مگر ناکام رہا۔ دلارے لال بھارگو نے وعدہ تو کیا مگر نہ خطوط دیے اور نہ دکھائے۔ ان خطوط کی اہمیت اس لیے بھی ہے کہ پریم چند کی وفات کے بعد رنگ بھومی کے کاپی رائٹ کو لے کر عدالتی کارروائی بھی ہوئی تھی اور دلارے لال بھارگو کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔

ایک صاحب مست رام تھے۔ ان سے تعلقات کی بات شیورانی دیوی نے کی تھی۔ ان کے پاس دس بارہ خط تھے جنھیں اخبار کی کسی فائل میں رکھ چھوڑا گیا تھا۔ وہ جوگی ہو گئے تھے۔ میں تین بار لکھنؤ گیا مگر ملاقات نہیں ہو سکی۔ آج پتہ نہیں وہ اس دنیا میں ہیں بھی یا نہیں۔

رام رتن پستک بھون میں پریم چند کے صرف دو خطوط دکھائی دیے۔ ایک خط جینندر کمار کے نام ہے۔ یہی ایک خط جو پریم چند نے جینندر کمار کو انگریزی میں لکھا۔ اس کا ترجمہ کلیات میں شامل کیا جا چکا ہے۔ دوسرا خط بنارسی داس چترویدی کے نام ہے جس کے ساتھ ممکن ہے سرشٹی کا آرمبھ برنارڈ شا کی کتاب کے ایک حصہ کا ہندی میں ترجمہ ہے۔ یہ ترجمہ "کروایا گیا ہے"۔ یہ ترجمہ کسی دوسرے شخص کا کیا ہوا لگتا ہے۔ شاید مترجم کی کاپی پریم چند کے ہاتھ کی ہے۔ پریم چند نے وشال بھارت کے ایڈیٹر کو لکھا۔ اسے شائع کریں۔ اگر مترجم کا نام دینا ہو تو۔ ر دے دیں مگر معاوضہ مناسب ہونا چاہیے۔

کلیات کی ایک جلد میں (18) آزاد کتھا پیش کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں یہ بتلانا ضروری ہے کہ قومی اردو کونسل نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ ہندی کی بھی سبھی تصانیف شامل ہوں اور اسے اردو رسم خط میں لکھا جائے تو آزاد کتھا کو بھی شامل کرنا چاہیے پریم چند پر رتن ناتھ سرشار کے فسانہ آزاد کا بڑا اثر تھا۔

آلیور کرام ویل جو پریم چند کا اولین مضامین تھا اور دو سال بعد شائع ہوا اور سودیشی تحریک جو آوازۂ خلق شائع ہوئے تھے۔ ان کا متن اردو میں دستیاب نہیں ہے۔ مگر امرت

1۔ دیکھیں ڈاکٹر شیام سنگھ ششی کی کتاب "پریم چند کے مدن گوپال"، وبھا پرکاشن الٰہ آباد۔

رائے نے وودھ پرسنگ کی پہلی جلد میں اس کا ترجمہ شائع کیا تھا۔ اسی متن کا اردو ترجمہ پیش کیا جا رہا ہے۔

فرانس کے مشہور مصنف اناتول فرانس کی تصنیف تھالیس کا ترجمہ پریم چند نے ہندی میں کیا تھا اس سلسلے میں ایک دلچسپ امر یہ ہے کہ پریم چند نے دسمبر 1921 میں مادھوری میں ایک مضمون لکھا جس کا عنوان تھا ''پیرا ہن مصر جاتی کے دھرم تتو'' بعد میں الٰہ اباد کے مریاد میں پرانی عمارتیں کے عنوان سے شائع ہوا۔ تھالیس کا ہندی ترجمہ اہنکار کے عنوان سے شائع ہوا۔ اسے کولکتہ کے بڑا بازار کمار سبھا کے سکریٹری رادھا کرشن نے شائع کیا۔ اس کتاب پر تبصرہ سرسوتی ستمبر 1923 میں شائع ہوا۔

یادگار

ساٹھ سال قبل جب میں نے پریم چند کی سوانح پر کام شروع کیا تھا تو مجھے احساس ہوا تھا کہ پریم چند کے متعلق رہائش، کتابیں اور روزمرہ کی دوسری اشیا کو محفوظ رکھنا چاہیے۔ میں نے شری پت رائے سے پیش کش بھی کی تھی۔ ان کی اپنی لائبریری کی کتابیں ان کا سامان بھی۔ ان کے مکان کے ایک کونے میں محفوظ کیا جائے تو اچھا ہوگا۔ مگر ناکام رہا۔

جس مکان میں پریم چند کی پیدائش ہوئی تھی وہ مکان میں نے دیکھا تھا اور اس کا فوٹو بھی لیا ہے۔ پریم چند کے صدسالہ کے موقع پر اس مکان کو مسمار کر کے وہاں پریم چند کی مورتی لگا دی گئی ہے۔ یہ کام ناگری پرچارنی سبھا نے انجام دیا۔ اس مکان کے نزدیک ہی وہ مکان تھا جسے پریم چند نے تعمیر کرایا تھا لیکن وہ مکان بھی آج مسمار ہو چکا ہے۔

ناول اور افسانوں کے مسودے کے علاوہ کچھ ضروری دستاویز ہیں جو شیورانی دیوی نے رام پستک بھون کو دیے ہیں۔ اسی میں پریم چند کا میٹرک اور ایف اے (1916) بی اے کے سرٹیفکیٹ بھی رکھے ہیں۔ اس کے علاوہ جب پریم چند کو ہمیر پور میں سب ڈپٹی انسپکٹر آف اسکول بنایا گیا تو اس کا خط جو W.J.Bacon انسپکٹر آف اسکول الٰہ آباد ڈویژن نے لکھا تھا وہ بھی موجود ہے۔ اس پر تاریخ 16/جون 1909 ہے۔ اس خط کی اہمیت اس لیے بھی ہے کہ شیورانی دیوی نے ''پریم چند گھر میں'' میں لکھا ہے کہ ان کی دوسری شادی ہونے کے بعد ان کی ترقی ہوئی۔ اس ترقی کی تاریخ وہی ہے، جو ان کی سروس بک میں لکھی ہے۔ سروس بک

میں نے گورکھپور میں دیکھی تھی۔ رام رتن پستک بھون نے مجھے بتایا کہ ایک زمانے میں پریم چند کی جنم پتری بھی وہاں موجود تھی جسے شیورانی دیوی نے انھیں دیا تھا لیکن یہ کسی نمائش میں گئی تھی اور واپس نہیں آئی۔ اس میں پریم چند کی تاریخ پیدائش 31/جولائی 1880 ہے (جبکہ سروس بک میں تاریخ 10/اگست 1881 ہے)۔

اس کے علاوہ رام رتن پستک بھون میں پریم چند کی ٹوپی، کوٹ، شیروانی، بوسیدہ جوتے بھی رکھے ہیں۔[1]

رام رتن پستک بھون میں چار صفحات سٹوری آف مین کائنڈ کے اردو ترجمہ کے بھی رکھے ہیں۔ یہ پریم چند کے ہاتھ سے لکھے تو نہیں ہیں۔ اس سلسلے میں لاہور میں ایک بار سنا تھا کہ اس کتاب کا پنجاب یونیورسٹی کے لیے اردو ترجمہ کرنے کے لیے امتیاز علی تاج اور بکھیاری کے صلاح سے پریم چند کو پیش کش کی جانی تھی۔ اس سلسلے میں آگے کیا ہوا اس کا علم ہمیں نہیں مل سکا۔ رام رتن میں یہ صفحات صرف معمہ بن گئے ہیں۔

متفرقات

پریم چند چھتیس سال صحافت سے جڑے رہے، قارئین کو ان کے کچھ ناولوں اور افسانوں کی نقل تو دستیاب ہے مگر ان کے مضامین کے بارے میں علم نہیں ہے۔ ڈاکٹر قمر رئیس نے کچھ مضامین ایک کتاب میں شائع کر دیا۔ کئی سال بعد امرت رائے نے زمانہ اور دوسرے رسائل سے اردو کے 28 اور مضامین وودھ پرسنگ کے پہلے حصے میں شائع کیے۔ وودھ پرسنگ کے دوسرے اور تیسرے حصے میں انھوں نے پریم چند کے ہندی تبصرے، ایڈیٹوریل، دیباچے، مضامین وغیرہ شائع کیے ہیں۔

وودھ پرسنگ کی پہلی جلد میں اردو مضامین ہندی میں پیش کیے گئے تھے ان کے اردو متن کی تلاش کی گئی۔ مختلف لائبریریوں سے مضامین اکٹھے کیے گئے۔ دو مضامین آلیور کرام ویل اور سودیشی تحریک (جو آوارۂ خلق میں شائع کیے گئے تھے) کا اردو متن حاصل نہیں ہوا۔ انھیں ہندی سے لیا گیا ہے۔ وودھ پرسنگ (حصہ اول) کے 28 مضامین کے علاوہ 42

1۔ رام رتن پستک بھون کے مُرار ی لال کیٹریا نے راقم الحروف کو بتلایا تھا کہ ایک روسی ادیب لینن گراڈ یونیورسٹی کے وکٹر بالن اس اشیا کا فوٹو ہی نہیں ان کی لمبائی چوڑائی وغیرہ بھی ناپ کر لکھ کر لے گئے تھے۔

مضامین اور تلاش کر کے متفرقات کی بیسویں اور اکیسویں جلد میں شامل کیا گیا ہے۔ ان میں کچھ مضامین وہ ہیں جنھیں امرت رائے اور گوینکا حاصل نہیں کر سکے اور جن کی فہرست انھوں نے اپنی تصانیف میں دی ہے۔ رسالہ ادیب، الہ آباد سے بھی کچھ مضامین لیے گئے ہیں۔ کچھ مضامین خدا بخش لائبریری نے مہیا کیے۔ باکمالوں کے درشن میں پریم چند کے سوانحی خاکے شامل تھے۔ اس کا نسخہ ہمیں مانک ٹالا نے دیا۔ کتاب کے پہلے ایڈیشن میں (1928) کچھ خاکے نہیں تھے اور دوسرے ایڈیشن (1932) میں پریم چند مسلم مشاہیروں کے پانچ خاکے اور شامل کیے۔ اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن دستیاب نہیں ہوا۔ ناشر کے پاس بھی نہیں۔ ایک خاکہ مانک ٹالا صاحب نے دیا اور دو خدا بخش لائبریری پٹنہ نے مہیا کیے۔ میں ان کا ممنون ہوں۔ 'عورت کی فطرت' اور 'بہارستان' کے دیباچے مجھے گوینکا کی کتاب سے ملے۔ ان سب مضامین کو تاریخ وار ترتیب دیا گیا ہے۔ کچھ مضامین کی تلاش ناکام رہی، امید کرتا ہوں کہ اہلِ علم تلاش کرلیں گے تو انھیں مستقبل میں شائع کیا جائے گا۔ آخر میں عرض کرنا چاہوں گا کہ مشکلات کے باوجود کلیات پریم چند کی 24 جلدیں شائع ہوگئی ہیں۔ میری کوشش تھی کہ پریم چند کا مستند متن شائع کیا جائے۔ کچھ چیزیں نہیں مل سکیں۔ مثال کے طور پر اسرار معابد کو امرت رائے نے ہندی میں شائع کیا تھا۔ میں نے سوچا یہ مسودہ اور ان کہانیوں کا جن کا ترجمہ گپت دھن میں پیش کیا تھا۔ ان کا اردو متن کا ترجمہ امرت رائے کے گھر پر موجود ہونا چاہیے۔ رحیل صدیقی کو اس تلاش پر لگایا مگر ناکامی ہوئی۔ ممکن ہے مستقبل میں کچھ افسانے، مضامین اگر ملتے ہیں تو اگلے ایڈیشن میں اس کا مستند متن پیش کیا جائے۔

کتابیات

تصانیف پریم چند (اردو)

ناول

اسرار معابد	آوازۂ خلق، بنارس	اکتوبر 1903
ہم خرما وہم ثواب	منشی نول کشور، لکھنؤ	1907
جلوۂ ایثار	انڈین پریس، الٰہ آباد	1912
بازار حسن	دارالاشاعت، لاہور	1918
گوشۂ عافیت	دارالاشاعت، لاہور	1928
چوگان ہستی	لاجپت رائے اینڈ سنز، لاہور	1927
پردۂ مجاز	لاجپت رائے اینڈ سنز، لاہور	1923
نرملا	گیلانی پریس، لاہور	1929
بیوہ	مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، نئی دہلی	1932
غبن	لاجپت رائے اینڈ سنز، لاہور	1932
میدان عمل	مکتبہ جامعہ، نئی دہلی	1934
گئودان	مکتبہ جامعہ، نئی دہلی	1939

افسانوی مجموعے

سوز وطن	زمانہ پریس، کانپور	1908
پریم پچیسی (حصہ اوّل)	زمانہ پریس، کانپور	1915
پریم پچیسی (حصہ دوم)	زمانہ پریس، کانپور	1918
پریم بتیسی (حصہ اوّل)	زمانہ پریس، کانپور	1920

پریم بتیسی (حصہ دوم)	دارالاشاعت، لاہور	1920
پریم چالیسی	گیلانی الیکٹرک پریس، لاہور	1930
خاک پروانہ	نگار پریس، لکھنؤ	1928
خواب و خیال	لاجپت رائے اینڈ سنز، لاہور	1928
فردوس خیال	انڈین پریس، الٰہ آباد	1929
زادراہ	حالی پبلشنگ ہاؤس، دہلی	1936
دودھ کی قیمت	عصمت بک ڈپو، دہلی	1937
واردات	مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، نئی دہلی	1937
آخری تحفہ	نرائن دت سہگل، لاہور	1934
میرے بہترین افسانے	کتاب پریس، لاہور	1934
نجات	مکتبہ چند، لاہور	1935
دیہات کے افسانے	دارالاشاعت، لاہور	1939
باکمالوں کے درشن	رام نرائن لال، الٰہ آباد	1929

ڈرامے

کربلا	لاجپت رائے اینڈ سنز، لاہور	1932
روحانی شادی	عصمت بک ڈپو	1933
رام چرچا	لاجپت رائے اینڈ سنز، لاہور	1929
انصاف (گالسوردی کے ڈرامہ کو ترجمہ)	ہندوستانی اکادمی، الٰہ آباد	1930

خطوط

پریم چند کے خطوط (مدن گوپال)	مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، نئی دہلی	1968

مضامین

مضامین پریم چند	قمر رئیس، علی گڑھ	1960

فہرست مضامین

حصہ اول : پریم چند کے سوانحی خاکے

پریم چند کی بعض تصانیف کے حالات	ایڈیٹر زمانہ
پریم چند کے خیالات	ایڈیٹر زمانہ
زمانہ اور پریم چند	ایڈیٹر زمانہ

حصہ دوم : پریم چند کی افسانہ نگاری

پریم چند کی افسانہ نگاری	خودنوشت حالات منشی پریم چند
پریم چند افسانہ نگار کی حیثیت سے	مولانا عبدالماجد دریاآبادی بی.اے. ایڈیٹر صدق
پریم چند کے آرٹ پر ایک سرسری نظر	مسٹر ایچ ایل گاندھی بی.اے.
پریم چند اور دیہات	مسٹر اوپندر ناتھ اشک بی.اے.، ایل.ایل. بی.
مل مزدور فلم کیسے بنی	شریجت للت کمار
پریم چند کی زندگی اور تصانیف پر ایک نظر	سیدعلی جواد زیدپوری
پریم چند کے ناول	مسٹر طالب الہ آبادایم.اے.
پریم چند کا ایدیش	سیدمقبول حسین بی.اے.ایل ایل بی احمد پوری
میدان عمل (تنقید)	مسٹر مالک رام ایم.اے.ایل.ایل.بی.
گئودان (تنقید)	مسٹر مالک رام ایم.اے.ایل.ایل.بی.

حصہ سوم : اردو شاعروں کا خراجِ تحسین

افسانہ گوے بزم ادب	حضرت راز چاندپوری
یادِ کمال	حضرت محشر لکھنوی
اردو ہندی کے سنگم پر	حضرت سیماب اکبرآباد
پریم چند کی یاد میں	حضرت سروش
پریم چند اور ان کا رتبہ	حضرت فرحت کانپوری بی.اے.ایل.ایل.بی.
آہ! منشی پریم چند	منشی جگناتھ پرشاد آزاد بی.اے.
بساط ماتم	عبدالسلام اختر ہوشیارپوری
نوحۂ وفات پریم چند	منشی گدیش سہائے سکسینہ بی.اے.ایل.ایل.بی.
آہ منشی پریم چند	مہاشہ جیمنی سرشار خیرپوری
خراجِ عقیدت	رائے زادہ نگیشور دیال صوفی،ایم.اے،ایل.ایل.بی.

بادشاہ اور ادیب	حضرت احسان بن دانش کاندھلوی
قطعۂ تاریخ وفات پریم چند	منشی اقبال ورما سحر ہنگامی
تواریخ انتقال ناگہانی	پروفیسر حامد حسن قادری ایم.اے.
منشی پریم چند کی تصانیف	

فہرست اقتباسات

پریم چند اور علامہ یوسف علی	
فرشتہ خصلت پریم چند	اقتباس خط حضرت افسر میرٹھی
پریم چند کی خصوصیت	ڈاکٹر سچدانند سنہا وائس چانسلر پٹنہ یونیورسٹی
پریم چند بہ حیثیت مصنف	سریجت سرت چنڈ چٹوپادھیائے آنند راؤ جوشی
	رائے بہادر شیام سندرداس کی رائیں
پریم چند کی تمنائیں	پنڈت بنارسی داس چتر ویدی ایڈیٹر وشال بھارت
پریم چند کے بہترین افسانے	(خود ان کی نگاہ میں)
پریم چند کا آرٹ	مولانا عبدالحق بی.اے. ایڈیٹر ''اردو''
پریم چند کا فلمی چہرہ	از فلمستان۔ (لاہور)
اقوال و اقتباسات پریم چند	

ہندی تصانیف

ناول

پریما	انڈین پریس، الٰہ آباد	1907
وردان	گرنتھ بھنڈار، ممبئی	1920
سیواسدن	ہندی پستک ایجنسی، کلکتہ	1918
پریم آشرم	ہندی پستک ایجنسی، کلکتہ	1922
رنگ بھومی	گنگا پستک مالا، لکھنؤ	1925
کایاکلپ	سرسوتی پریس، بنارس	1926
نرملا	چاند پریس، الٰہ آباد	1927

پرتگیا	سرسوتی پریس، بنارس	1929
غبن	سرسوتی پریس، بنارس	1931
کرم بھومی	سرسوتی پریس، بنارس	1933
گودان	سرسوتی پریس، بنارس	1936
منگل سوتر	ہنس پرکاشن، الٰہ آباد	1948

افسانے، ڈرامے اور مضامین کے مجموعے

سپت سروج	ہندی پستک ایجنسی، گورکھپور	1917
نوندھی	ہندی گرنتھ رتناکر، ممبئی	1918
پریم پورنیما	ہندی پستک ایجنسی، گورکھپور	1918
بڑے گھر کی بیٹی	ہندی پستک ایجنسی، گورکھپور	1921
پریم پچیسی	ہندی پستک ایجنسی، کلکتہ	1923
ٹالسٹائے کی کہانیاں	ہندی پستک ایجنسی، کلکتہ	1923
پریم پرسُون	گنگا پستک مالا، لکھنؤ	1924
پریم دوادشی	گنگا پستک مالا، لکھنؤ	1926
پریم پرتگیا	بھارگو پُستک مالا، بنارس	1926
پریم پرمود	چاند پریس، الٰہ آباد	1926
شانتی	ہندی پستک ایجنسی، کلکتہ	1927
اگنی سمادھی	نول کشور پریس، لکھنؤ	1928
پریم چترتھی	ہندی پستک ایجنسی، کلکتہ	1929
پریم تیرتھ	سرسوتی پریس، بنارس	1929
پانچ پھول	سرسوتی پریس، بنارس	1929
پریم پنچمی	گنگا پستک مالا، لکھنؤ	1930
سپت سمن	سرسوتی پریس، بنارس	1930
سمریاترا	سیتارام سکسیریا، کلکتہ	1930

مرتک بھوج	موتی لال، ہریسن روڈ، کلکتہ	1932
پریرنا	سرسوتی پریس، بنارس	1932
سروسریشٹھ کہانیاں	وشوساہتیہ گرنتھ مالا، لاہور	1933
پنچ پُرسون	ہندی پستک ایجنسی، کلکتہ	1934
نوجیون	گوپال پبلشنگ بانکی پور، پٹنہ	1935
کفن	سرسوتی پریس، بنارس	1936
مانسرور، جلد اول	سرسوتی پریس، بنارس	1936
مانسرور، جلد دوم	سرسوتی پریس، بنارس	1936
مانسرور، جلد سوم	سرسوتی پریس، بنارس	1938
مانسرور، جلد چہارم	سرسوتی پریس، بنارس	1939
مانسرور، جلد پنجم	سرسوتی پریس، بنارس	1946
مانسرور، جلد ششم	سرسوتی پریس، بنارس	1946
مانسرور، جلد ہفتم	سرسوتی پریس، بنارس	1946
مانسرور، جلد ہشتم	سرسوتی پریس، بنارس	1947
مانسرور، آٹھ جلدیں	ہنس پرکاشن، الٰہ آباد	
گپت دھن، دو جلدیں	ہنس پرکاشن الٰہ آباد	1962
اپراپیہ سولہ کہانیاں	سرسوتی پریس، بنارس	1962
کربل کتھا	گنگاپستک مالا، لکھنؤ	1924
سنگرام	ہندی پستک ایجنسی، کلکتہ	1933
پریم کی ویدی	سرسوتی پریس، بنارس	1933
آزاد کتھا	سرسوتی پریس، بنارس	1925
قلم تیاگ اور تلوار	سرسوتی پریس، بنارس	1940
کتّے کی کہانی	سرسوتی پریس، بنارس	1936
جنگل کی کہانیاں	سرسوتی پریس، بنارس	1938
شیخ سعدی	پستک ایجنسی، گورکھپور	1918

سکھ داس	سرسوتی پریس، بنارس	1926
درگاداس	سرسوتی پریس، بنارس	1938
گارلسوری کے ڈرامے	ہندوستانی اکادمی، الہ آباد	1929-30
چاندی کی ڈبیا	ہندوستانی اکادمی، الہ آباد	
ہڑتال	ہندوستانی اکادمی، الہ آباد	
نیائے	ہندوستانی اکادمی، الہ آباد	
اہنکار (اناتول فرانس کا ناول)	کلکتہ پُستک بھنڈار، کلکتہ	1923
پتا کے پتر پتری کے نام	الٰہ آباد لا جرنل پریس، الٰہ آباد	1931
سرشٹی کا آرمبھ	ہنس پرکاشن، الٰہ آباد	1938
ساہتیہ کا اُدیشہ	ہنس پرکاشن، الٰہ آباد	1954
کچھ وچار	سرسوتی پریس، بنارس	
چھٹی پتری (حصہ اول)	مدن گوپال، امرت رائے	1962
چھٹی پتری (حصہ دوم)	امرت رائے، مدن گوپال	1962
دودھ پرسنگ	ہنس پرکاشن، الٰہ آباد	
شیورانی دیوی 'پریم چند گھر میں'	سرسوتی پریس، بنارس	1945
پریم چند کا اپراپیہ ساہتیہ (دوجلدیں)	کمل کشور گوئنکا، دلی	1988
پریم چند وشوکوش (دو جلدیں)	کمل کشور گوئنکا، دلی	1981

ہنس پریم چند اسمرتی انک مئی 1937 سمپادک بابو راؤ وشنو پراڑکر

1۔ میں لٹ گئی۔ شری متی شیو رانی دیوی۔

2۔ پریم چند۔ میں نے کیا جانا اور کیا پایا۔

3۔ گن گراہکتا۔ شری اودھ اُپادھیائے۔

4۔ پریم چند جی کی کلا اور ان کا منُشیہ۔ شری ایلا چند جوشی۔

5۔ پریم چند کی یاد۔ شری رام نریش ترپاٹھی۔

6۔ مہان ساہتیہ کار کی اسمرتی میں۔ شری چندر گپت وِدیا لنکار۔
7۔ ویڈ کا ونیہ۔ شری پرکاش ایس. اے. اے..
8۔ کوی کا آنترن شری متی نلینی
9۔ شردھانجلی۔ سیٹھ جمنا لال جی بجاج
10۔ پریم چند کی دین۔ شری ہری بھاؤ اُپادھیائے
11۔ شری پریم چند کی انترہ ورشٹی۔ شری ادے شنکر بھٹ۔
12۔ پریم چند جی۔ شری اے. چندر حسن ایم. اے۔
13۔ ہندی ساہتیہ میں پریم چند کا استھان۔ شری دھیریندر ورما۔
14۔ پریم چند اور دیہات۔ شری اُپیندر ناتھ اشک۔
15۔ پریم چند: ہندی کی سروسرشٹھ رچناتمک پرتبھا۔ شری رام ناتھ سُمن۔
16۔ پریم چند زندہ باد۔ شری رام وریچھ بنی پوری۔
17۔ میرا بھی کچھ کھویا۔ ڈاکٹر دھنی رام پریم۔
18۔ سورگیہ پریم چند جی۔ شری بھگوان داس ہالنا۔
19۔ سورگیہ آتما کی اسمرتی میں۔ شری نیوا سا چاریہ۔
20۔ دکھن بھارت میں پریم چند۔ برجن چند شرما۔ ہندی پرچارک مدراس۔
21۔ پریم چند جیسا میں نے پایا۔ شری جنادھن رائے۔
22۔ کیول تین خط۔ بھدنت آنند کوشلیان۔
23۔ پریم چند۔ شری رِشبھ چارج جین۔
24۔ شری پریم چند جی کی یاد میں۔ (مہیش پرساد مولوی عالم فاضل)
25۔ پریم چند (گوری شنکر مشر دِجندر)
26۔ منشی پریم چند مرحوم (محمد عاقل جامعہ ملیہ)
27۔ منشی پریم چند میری نگاہ میں۔ (اشفاق حسین)
28۔ پریم چند جی کی کچھ اِسمرتیاں (احمد علی ---)
29۔ پریم چند جی۔ منشیہ اور لیکھک کے روپ میں (پروفیسر سنسدھیہ ایم. اے)
30۔ پریم چند بھارتیہ کرشکوں کا کنٹھ سور (پیرنجن سین)

31۔ شن اسمرتیاں (سُدرشن)
32۔ نوین بھاؤ دھارا کے پرورتک (درگا پرساد پانڈیہ۔۔۔)
33۔ پریم اسمرتی (بندے علی فاطمی)
34۔ سنسمرن (بھنورمل سندھی)
35۔ پرنام (پریہ دویودی)
36۔ پریم چند جی کی سروتم کہانیاں (آنند راؤ جوشی)
37۔ پریم چند جی کا کلا کے پرتی درشتی کونڑ (دیوی شنکر واجپئی)
38۔ پریم چند جی کو ہم نے دیکھا۔ (وبجناتھ کیڈیا)
39۔ پریم چند جی (سدگوروشرن اوستھی ایم.اے)
40۔ پریم چند کی کہانی کلا (پرکاش چند گپت)
41۔ پریم چند کا رچنا رہسیہ (جگن ناتھ پرسادشرما ایم.اے)
42۔ سنتوش جیون کا سب سے بڑا دھن (کیشری کشورشرن)
43۔ مانو ہردے کے کوی (وریشورسنگھ)
44۔ کرشک بتودھو پریم چند (گرون)
45۔ ہندی ساہتیہ کے ابھی مان پریم چند (نُسویا پرساد پاٹھک)
46۔ شری پریم چند جی (شریمتی اوشا دیوی مترا)
47۔ پریم چند جیکی کرتی شری پراڑکر
سمپادکیہ نویدن

ہنس (پریم چندسمرتی انک) 1937
اوشارانی پریم چند اور ان کے اپنیاس دلی 1972

ثانوی ماخذ

احتشام احمد ندوی، گئودان کا تنقیدی مطالعہ فیصل الحسنین
امرت رائے، قلم کا سپاہی الٰہ آباد 1962
پریم چندسمرتی الٰہ آباد 1959

چٹھی پتری	الہ آباد	1962
اندوناتھ مدان پریم چند ایک وویچن	دلی	1946
گودان اور مُولیانکن	الہ آباد	1971
پریم چند ہندی کلا کار		1949
پریم چند چنتن اور کلا		
پریم چند پرتبھا	الہ آباد	1967
آفاق احمد، پریم چند سناسی	بھوپال	1994
بھرت سنگھ پریم چند کے ناری پاتر	دلی	1973
پریم نارائن ٹنڈن پریم چند : ان کی کلا اور ان کی کرتیہ کلا		1942
پریم چند اور گرام سمسیا	آگرہ	1941
پدم سنگھ کملیش پریم چند اور ان کی ساہتیہ سادھنا دلی		1972
پرملا گپتا پریم چند اور ان کے نالوں کی تکنیک		
ترلوکی نرائن دیکشت، پریم چند	کانپور	1952
رام بلاس شرما، پریم چند آلوچناتمک پرچے بنارس		1941
بھاشا اور سماج،		
پریم چند اور ان کا یگ	دلی	1952
روی شنکر شُکل راشٹر بھاشا کی سمسیا	لکھنؤ	
رام دین گپت، پریم چند اور گاندھی واد	پٹنہ	1961
رام رتن بھٹناگر، پریم چند	الہ آباد	1998
کلاکار پریم چند	الہ آباد	1951
راج پال شرما، گودان پنر مولیانکن	دلی	1973
راجیشور گورو، پریم چند ایک ادھین	بھوپال	1961
رکشاپوری، پریم چند ساہتیہ میں ویکتی اور سماج دلی		1970
رام کرشن مشر گودان	دلی	1967
سمکشا	دلی	1970

جعفر رضا، پریم چند کہانی کا رہنما الٰہ آباد 1969

اردو ہندی کتھا کار الٰہ آباد 1983

جناردن پرساد جھا دوج، پریم چند کی اپنیاس کلا۔ چھپرا 1935

جتیندر ناتھ پاٹھک، کتھا کار پریم چند بنارس 1955

جتیندر کمار، پریم چند ایک کرتی ویکتو دلی 1967

حسام الدین غوری، پریم سوگ حیدرآباد 1937

سریش چندر، اپنیاس کا پریم چند دلی 1965

ستیندر، پریم چند اور ان کی کہانی کلا آگرہ

سبھدرا، پریم چند ساہتیہ میں گرامیہ جیون دلی 1972

ستیندر، پریم چند اور ان کی کہانی کلا آگرہ

سریندر ناتھ تواری، پریم چند اور شرد چند کے اپنیاس دلی 1967

سروج پرساد، پریم چند کے اپنیاس الٰہ آباد 1972

سریندر آنند، پریم چند کہانی کار

شمیم نکہت، پریم چند کے ناولوں میں نسوانی کردار، لکھنؤ 1975

شری پتی شرما، کہانی کار پریم چند کاشی 1948

شری نواساچاریہ، پریم چند اور ان کے اپنیاس لکھنؤ 1972

شورانی دیوی، پریم چند گھر میں بنارس 1945

شیلا گپتا، پریم چند اور ان کا ساہتیہ الٰہ آباد 1972

شیلیش زیدی، پریم چند کی اپنیاس یاترا علی گڑھ 1978

کمل کشور گوینکا، پریم چند کے اپنیاس کا شِلپ وِدھان دلی 1973

گوینکا، پریم چند کا اپراپیہ ساہتیہ دلی 1988

گوینکا، پریم چند وشوکوش دلی 1981

کمل کوٹھاری وجے دان دیتھدا، پریم چند کے پاتر دلی 1970

کرشن چندر پانڈے، پریم چند کے ہون داس کے ودھائپ تتو اکشر پرکاشن دلی 1970

گوپال رائے، گودان ادھین کی سمسیائیں پٹنہ 1958

گنگاپرساد وِمل، پریم چند	دلی	1968
گپتا لال، پریم چند کے ناری پاتر	دلی	1965
قمر رئیس، مضامین پریم چند	دلی	1960
لکشمی نرائن لال ، ہندی کہانی کے شلپ وِدھان کا وکاس		
محمد اکبر الدین صدیقی، پریم چند اور ان کی افسانہ نگاری	حیدرآباد	1946
مدن گوپال، قلم کا مزدور	مکتبہ جامعہ نئی دہلی	1966
پریم چند کے خطوط	مکتبہ جامعہ نئی دہلی	1968
چٹھی پتری (دو جلد)	ہنس پرکاشن	1962
پریم چند کی آپ بیتی	دلی	2003
مانک ٹالا، پریم چند اور تصانیف پریم چند	نئی دہلی	1985
مانک ٹالا، پریم چند کچھ نئے نکات	نئی دہلی	1988
مانک ٹالا، پریم چند حیات نو	نئی دہلی	1993
زمانہ کا پریم چند یادگار نمبر	نئی دہلی	2003
کتھا کار پریم چند	الہ آباد	1951
من متھ ناتھ گپت، پریم چند وِیکتو ساہتیہ کار	الہ آباد	1961
مہندر بھٹناگر، اتیہاس کار پریم چند	بنارس	
نریندر کوہلی، پریم چند کے ساہتیہ سدھانت	نئی دہلی	1966
نند دلارے باجپائی، ساہتک وچن	الہ آباد	1952
نلن وِلوچن شرما، ہندی اتہاس	پٹنہ	1968
وشمبھر ناتھ، پریم چند	الہ آباد	1961
ہنس راج رہبر، پریم چند جیون کلا اور کرتو		1962
ہرسروپ ماتھور، اتیہاس اور شلپ	کانپور	1952
ہمانشو شریواستو، پریم چند پیڑوں میں	بنارس	1958
یگیہ دت شرما، ہندی کے اتیہاس کار		

کانپور کے ماہوار رسالہ زمانہ کا پریم چند یادگار نمبر اور بنارس کے ہندی رسالہ ہنس کا

پریم چند سمرتی اتک میں کئی ہم عصر ادیبوں اور دانشوروں نے اپنے Impresions شائع کیے تھے۔ ان کی اہمیت کے مدنظر ادت رائے نے اپنی کتاب پریم چند سمرتی گرنتھ نے پریم چند اور گورکی اور ڈاکٹر کمل کشور گوینکا نے پریم چند کے سن سمرن میں ان کے کئی مضامین کو شامل کیا ہے۔

اردو رسائل جن سے مدد لی گئی

ادیب الٰہ آباد
آئینہ الٰہ آباد
الناظر لکھنؤ
آزاد، لاہور
آزاد کانپور
اردو ادب معلّٰی علی گڑھ
بندے ماترم، لاہور
پیغام حق
پھول، لاہور
تمدّن، لاہور
تہذیب نسواں لاہور
چاند، لاہور
رہنمائے تعلیم لاہور
جامعہ نئی دلی
ریاست نئی دلی
شباب اردو
شاہکار لاہور
صبح امید لکھنؤ
عصمت نئی دلی
فروغ اردو
فکر نظر
فلمستان
فنکار
کلیم، نئی دلی
کہکشاں، لاہور
مخزن، لاہور
معارف، لاہور
نوبہار، لاہور
نقوش، لاہور
نقاد
نگارستان
نیرنگ خیال، لاہور
وکیل نوبہار
وطن
ہزار داستاں، لاہور
ہمدرد، دلّی
ہمدم
ہمایوں، لاہور
بندے ماترم، لاہور
نکہت، الٰہ آباد
فروغ اردو، لکھنؤ
چندن، لاہور

بہارستان، لاہور
العصر، لکھنؤ
اردو، اورنگ آباد

ہندی رسائل

آج، بنارس
بھارت، الٰہ آباد
بھارت متر، کلکتہ
پربھا، کانپور
پرتاپ، کانپور
شری شاردا
سوادھینتا
سمالوچک
سدھا
سودیش، گورکھپور
سرسوتی، الٰہ آباد
مادھوری، لکھنؤ
وینا، پٹنہ
وشوامتر، کلکتہ
جاگرن، بنارس
مریادا، کاشی
وِشال بھارت، کلکتہ
ہنس، بنارس

ثانوی مآخذ (ہندی)

اردو- ساہتیہ کا آلوچناتمک اِتیہاس: پروفیسر احتشام حسین، الٰہ آباد، 1966
اردو- ساہتیہ کا اِتیہاس: برج رتن داس: کاشی، س. 2007 وی.
کتھا کے تتو: ڈاکٹر دیوراج اُپادھیائے، پٹنہ، 1957
کھڑی بولی کا آندولن: شتی کنٹھ مشر، کاشی س. 2013 وی.
کھڑی بولی کا لوک ساہتیہ: برج رتن داس، بنارس. 1968 وی.
گاندھی واد اور مارکس واد: شری کرشن دت پالی وال، پٹنہ، 1958
گرامین ہندی: ڈاکٹر دھیریندر ورما، الٰہ آباد، 1955
دکھنی ہندی: ڈاکٹر بابورام سکسینا، الٰہ آباد، 1952
نئی ہندی- ساہتیہ- ایک بھومیکا: پروفیسر پرکاش چند گپت، بنارس، 1946
پریم چند: پُورَو ہندی اپنیاس: ڈاکٹر کیلاش پرکاش، دہلی، پ.ب. 1962
پریم چند اسمرتی: امرت رائے، الٰہ آباد، 1956
بھاشا اور سماج: ڈاکٹر رام والاس شرما، نئی دہلی، 1961 دی.

راشٹریہ بھاشا کی سمسّیا: پنڈت روی شنکر شکل، لکھنؤ، س. 2002 وی.
راشٹریہ بھاشا پر وِچار: پنڈت چندر بلی پانڈے، کاشی، س. 2002 وی.
راشٹر بھاشا ہندی، سمسّیائیں اور سادھان: ڈاکٹر دِونیدر شرما، دہلی 1965
ہندی ادبھاؤ وِکاس اور روپ: ڈاکٹر ہردیو بہاری، الہ آباد، پ.ب. 1965
ہندی- ساہتیہ: ڈاکٹر ہزاری پرساد دویدی، دہلی، 1964
ہندی- ساہتیہ کا اِتیہاس: اچاریہ رام چند شُکل، وارانسی، س. 2018 وی.
ہندی ساہتیہ کی بھومیکا: ڈاکٹر ہزاری پرساد دویدی، ممبئی، 1950
ہندی اُپنیاس: ڈاکٹر شیونرائن شری واستو ج، ورانی، پ.س.س. 2016 وی.
ہندی اُپنیاس: ڈاکٹر رام درش مشر، دہلی، پ.س. 1968
ہندی اُپنیاس- ادبھاؤ وِکاس: ڈاکٹر سریندر سنہا، دہلی، پ.س. 1965
ہندی اُپنیاس ساہتیہ: برج رتن داس، بنارس، پ.س. 2013 وی.
ہندی کہانی، ادبھاؤ اور وکاس: ڈاکٹر سریش سنہا، دہلی، 1967
ہندی کہانیوں کی رچنا- وِدھی کا وِکاس: ڈاکٹر لچھمی نرائن لال الہ آباد، 1953
ہندی کہانی کی رچنا- پَرکریا: ڈاکٹر پرمانند شریواستو، کانپور، 1965
ہندی- ساہتیہ کے اسّی برس: ڈاکٹر شیودان سنگھ چوہان، دہلی، 1961
ہندی ساہتیہ کوش، بھاگ 1 اور 2: (س.) ڈاکٹر دھیریندر ورما، ورانسی، سَنوت، 2015
ہندی ساہتیہ - بیسویں شتابدی: اچاریہ نند دلارے واجپئی، الہ آباد، 1959
ہندی کے اُپنیاس کار، ڈاکٹر یکیہ دت شرما، دہلی، اکتوبر، 1951
ہندی بھاشا- آندولن: لچھمی نند، الہ آباد، س. 1885
ہندی، اُپنیاس کا اُدبھاؤ اور وِکا: ڈاکٹر پرتاپ نارائن ٹنڈن، لکھنؤ، 1960

ثانوی مآخذ (انگریزی میں)

Communalism and the Writing of India History : Dr. R. Thaper, Dr. H. Mukhia & Dr. B. Chandra, New Delhi, 1969.

Discovery of India : Jawahar Lal Nehru, Calcutta, 1945.

Hindi Prachar Movement : M.P. Desai, Ahmedabad, 1957.

(The) History of the Congress : Dr. B. Pattabhi Sitaramayya, Bombay, 1946.

History of the Freedom Movement in India, Vol. II : Dr. Tara Chand, New Delhi, 1961.
(A) History of Urdu Literature, Mohd. Sadiq, London.
Indian Divided : Dr. Rajendra Prasad, Bombay, 1947.
(The) Indian Nationalism and Hindu Reform : Charles H. Heimsmath, Princeton 1964
Indo-Aryan & Hindi : Dr. Sunit Kumar Chatterji, Firma K.L. Mukhopadhyaya, Calcutta, II Ed., 1960
Linguistic Affairs of India : Ram Gopal, Bombay, 1966.
Linguistic Survey of India, Vol. I, Part I, New Delhi 1977.
Language Conflict and National Development : Jyotirindra Das Gupta, 1970.
Lokamanya Tilak : A Biography : Ram Gopal, Bombay, 1956.
Mahatma Gandhi, The Last Phase, Vol. I & II, Pyare Lal, February, 1958.
Modern Islam in India : Wilfred Cantwell, Lahore, 1963.
National Language for India : Z.A. Ahmad, Allahabad, 1941.
Renanscent India : H.E.C. Zacharias, London, 1983.
Social Background of the Indian Nationalism : A.R. Desai, Bombay, 1959.
Survey of India History : K.M. Panikar, Bombay, 1962.
Thoughts on National Language : M.K. Gandhi, Ahmadabad, 1957.
Unity of India : Jawahar Lal Nehru, London, 1941.

ثانوی مآخذ (انگریزی)

Alok Rai Nirmala (Tr.) O.V.P., New Delhi, 2001
Amrit Rai Premchand
Inder Nath Madan Premchand, Lahore, 1946

Gurdial Malik, Short Stories of Premchand, Nalanda, Bombay, 1946

Gupta, P.C., A Handful of Wheat (Tr.) by Premchand, P.P.H. New Delhi, Premchand, Sahitya Akademi, New Delhi, 1968

Govind Narain Sharma, Premchand, Twayne Publishers, Boston, U.S.A, 1978

Jai Ratan and P. Lal, Godan, Jaico, Bombay, 1956

Lal, P. and Nopani Short Stories of Premchand Vikas, New Delhi, 1980

Madan Gopal Premchand, Bookabode, Lahore, 1944

Premchand A Literary .... , 1964

The Shroud and other stories, Sagar, Delhi, 1972

The Best of Premchand, Cosmo Publishers, New Delhi, 1998

Madan Gupta Secret of Culture, Jaico, Bombay, 1959

Narvane, V.S., Premchand Life and Work, Vikas, New Delhi, 1980

Roadarmal, The Gift of a cow, George Allen and Unwin, London, 1968

Rubin, David, The World of Premchand

Siegfrid, Schiultz, Premchand : A Western Appraisal, I.C.C.R., New Delhi, 1891.

پریم چند کے ادبی کارناموں پر تحقیقی کام کرنے والوں میں مدن گوپال کی اہمیت مسلم ہے پریم چند کے خطوط کے حوالے سے بھی انھیں اولیت حاصل ہے۔ ان کی پہلی کتاب انگریزی میں بہ عنوان "پریم چند" 1944 میں لاہور سے شائع ہوئی۔ اسی کتاب کی وجہ سے غیر ممالک میں بھی پریم چند کے بارے میں دلچسپی پیدا ہوئی۔ "ٹائمز لٹریری سپلیمنٹ لندن" نے لکھا ہے کہ مدن گوپال وہ شخصیت ہے جس نے مغربی دنیا کو پریم چند سے روشناس کرایا۔ اردو، ہندی ادیبوں کو غیر اردو ہندی حلقے سے متعارف کرانے میں مدن گوپال نے تقریباً نصف صدی صرف کی ہے۔

مدن گوپال کی پیدائش اگست 1919 میں (ہانسی) ہریانہ میں ہوئی۔ 1938 میں سینٹ اسٹیفن کالج سے گریجویشن کیا۔ انھوں نے تمام زندگی علم و ادب کی خدمت میں گزاری۔ انگریزی، اردو اور ہندی میں تقریباً 60 کتابوں کے مصنف ہیں۔ پریم چند پر اکسپرٹ کی حیثیت سے مشہور ہیں۔ ویسے پرنٹ میڈیا اور الکٹرانک میڈیا کے ماہر ہیں۔ مختلف اخبارات، سول ملیٹری گزٹ لاہور، اسٹیٹس مین اور جن ستہ میں بھی کام کیا۔ بعدازاں حکومتِ ہند کے پبلکیشن ڈویژن کے ڈائرکٹر کی حیثیت سے 1977 میں ریٹائر ہوئے اس کے علاوہ دینک ٹریبون چندی گڑھ کے ایڈیٹر کی حیثیت سے 1982 میں سبکدوش ہوئے۔

ISBN 81-7587-050-8